حدیث نمبر 15 میں ارشاد فرمایا کہ حکمران دونوں طرح کے یعنی اچھے اور برے کام کریں گے جس کو اس دور میں دیکھا جاسکتا ہے۔ اور ساتھ ارشاد فرمایا ان کے برے کام کا ناپسند کرنے والے بری الذمہ ہو جائیں۔ اور جو ان کے برے کاموں پر راضی ہوئے وہ ہلاک ہو گئے۔ یہاں ان لوگوں کو غور کرنا چاہیئے جو حکمرانوں کے ہر کام میں ان کی معاونت کرتے ہیں اور ان کے ہر اچھے برے کام میں ان کی

Marfat.com

ہاں میں ہاں ملاتے ہیں۔

اور حدیث نمبر 16 میں ایسے حکمرانوں کے بارے میں بتایا کہ سنت کو چھوڑ دیں گے' بدعت کو اختیار کریں گے' نمازوں کو دیر سے ادا کریں گے۔ یہ سب غیب کی باتیں ہیں۔

حدیث نمبر 18: تم لوگوں کو مال و دولت اور کشادگی ملے گی

حضرت عبدالرحمن بن عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ انہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے:

اِنَّکُمْ مَنْصُرُوْنَ مصِیْبُوْنَ وَمَفْتُوْحٌ لَکُمْ..... بے شک تم لوگوں کی مدد کی جائے گی تم لوگوں کو مال و دولت ملے گا تم لوگوں کے لیے کشادگی ہوگی

تخریج:

ترمذی 2/499 کتاب الفتن باب منه ماجاء فی النهی عن سب الریاح رقم 2183.

تشریح:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ظاہری دور مبارک میں اگرچہ مسلمانوں کی مالی حالت زیادہ بہتر نہ تھی لیکن نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غیب کی خبر ارشاد فرماتے ہوئے فرمایا: عنقریب مسلمانوں کی مالی حالت بہتر ہو جائے گی' انہیں کشادگی ملے گی' اور ان کی مدد کی جائے گی۔ کوئی صحابی رضی اللہ عنہ اعتراض نہیں کرتا کہ ہم تو فاقوں کے ساتھ زندگی

Marfat.com

گزار رہے ہیں ہماری حالت بہت جلد کیسے تبدیل ہو جائے گی؟ وہ اعتراض کیا کرتے صحابی رضی اللہ عنہ تھے کوئی وہابی تو نہیں تھے' ان کا عقیدہ تھا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو علم غیب عطا فرمایا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آنے والے حالات کو بخوبی جانتے ہیں۔

حدیث نمبر 19: دین پر قائم رہنا مٹھی میں انگارہ لینے کی مانند ہوگا

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْتِيْ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ الصَّابِرُ فِيْهِمْ عَلٰى دِيْنِهٖ كَالْقَابِضِ عَلَى الْجَمْرِ.

ترجمہ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لوگوں پر ایک ایسا زمانہ بھی آئے گا جب دین پر قائم رہنے والا شخص اس طرح ہوگا جس طرح اس نے اپنی مٹھی میں انگارہ رکھا ہوا ہے۔

تخریج:

ترمذی 2/499 کتاب الفتن باب منہ باب ما جآء فی النھی عن سب الریاح رقم 2186

تشریح:

یعنی دین پر چلنے والے شخص کو سخت مشکلات کا سامنا ہوگا لوگ طرح طرح کی باتیں کریں گے' دل آزاریاں کریں گے' طعنے دیں گے۔

Marfat.com

حدیث نمبر 20: بدترین لوگ بہترین لوگوں پر مسلط ہوں گے

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا مَشَتْ اُمَّتِیْ بِالْمُطَيْطِيَاءِ وَخَدَمَهَا اَبْنَاءُ الْمُلُوْكِ اَبْنَآءُ فَارِسَ وَالرُّوْمِ سُلِّطَ شِرَارُهَا عَلٰى خِيَارِهَا.

ترجمہ:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں جب میری امت کے لوگ اکڑ کر چلنا شروع کر دیں گے اور بادشاہوں کی اولاد ان کی خدمت کرے گی اور فارس اور روم کے لوگ ان کی خدمت کریں گے تو ان کے بدترین لوگ ان کے بہترین لوگوں پر مسلط کر دیئے جائیں گے۔

تخریج:

ترمذی 2/499 کتاب الفتن باب ماجاء فی النھی عن سب الریاح رقم 2187

تشریح:

اس حدیث پاک میں درج ذیل غیب کی خبریں ارشاد فرمائی گئیں ہیں:

میری امت کے لوگ اکڑ کر چلنا شروع کر دیں گے۔ بادشاہوں کی اولاد ان کی خدمت کریں گے۔ فارس اور روم کے لوگ ان کی خدمت کریں گے۔ اس وقت بدترین لوگ بہترین لوگوں پر مسلط کر دیئے جائیں گے۔

Marfat.com

حدیث نمبر 21:

ایک زمانہ آئے گا دسویں حصے پر عمل کرنے والا بھی نجات پائے گا

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّکُمْ فِیْ زَمَانٍ مَنْ تَرَكَ مِنْکُمْ عُشْرَ مَا اُمِرَ بِهٖ هَلَكَ ثُمَّ یَاْتِیْ زَمَانٌ مَنْ عَمِلَ مِنْکُمْ بِعُشْرِ مَا اُمِرَ بِهٖ نَجَا.

ترجمہ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں تم لوگ ایسے زمانے میں ہو تم میں سے جس شخص کو حکم دیا گیا ہے اگر اس کا دسواں حصہ ہی ترک کر دے تو ہلاکت کا شکار ہو جائے گا۔ پھر ایک ایسا زمانہ آئے گا جب لوگ دیئے گئے حکم کے دسویں حصے پر عمل کر لیں گے تو بھی نجات پا جائیں گے۔

تخریج:

ترمذی 2/500 کتاب الفتن باب ما جآء فی النهی عن سب الریاح رقم 2193

تشریح:

یعنی ایسا پرفتن دور ہوگا دسویں حصے پر عمل کرنے والا بھی نجات پا جائے گا اس حدیث پاک میں جہاں آنے والے دور کے فتنوں کا ذکر ہے وہاں پر لوگوں کے اعمال اور ان کی نجات کی خبر کی طرف اشارہ ہے۔

Marfat.com

حدیث نمبر 22: امت کی عمریں اوسطاً ساٹھ ستر سال ہوں گی

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عُمُرُ اُمَّتِیْ مِنْ سِتِّیْنَ سَنَةً اِلٰی سَبْعِیْنَ سَنَةً.

فی مقام الاخری: وَاَقَلُّهُمْ مَنْ یَّجُوْزُ ذٰلِكَ.

ترجمہ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (عام طور پر) میری امت کی عمریں ساٹھ سے ستر سال تک ہوں گی۔

اور دوسری روایت میں ہے: ان میں بہت کم لوگ اسے عبور کریں گے۔

تخریج:

ترمذی 2/508 کتاب الزھد باب ماجاء فی اعمار ھذہ الامة.....رقم 2253

ترمذی 2/671 کتاب الدعوات باب ماجاء جامع الدعوات عن رسول اللہ ﷺ باب منہ رقم 3473

ابن ماجہ صفحہ 449 کتاب الزھد باب الامل والاجل رقم 4236.

تشریح:

اس حدیث پاک میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آنے والے دور کے لوگوں کی زندگیوں کی خبر ارشاد فرمائی کہ ان کی عمر ساٹھ سے ستر سال تک ہوں گی اور بہت کم لوگ ایسے ہوں گے جن کی عمریں زیادہ ہوں۔ جیسا پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا فی زمانہ بالکل ایسا ہی ہو رہا ہے۔ لیکن افسوس ہے ان لوگوں پر جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی احادیث

Marfat.com

کو پڑھ سن کر اور اپنی زندگی میں تجربہ کے ساتھ دیکھ کر بجائے ماننے کے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہر چیز کا علم عطا فرمایا: خود ذاتِ محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ہی اعتراض کرتے ہیں کہ معاذ اللہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی زندگی اور موت کو نہیں جانتے۔ اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کے شر سے امت کو محفوظ فرمائے۔

حدیث نمبر 23: ایسے لوگ ہوں گے جو دین کو دنیا کے عوض بیچیں گے

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ فِيْ اٰخِرِ الزَّمَانِ رِجَالٌ يَّخْتِلُوْنَ الدُّنْيَا بِالدِّيْنِ يَلْبَسُوْنَ لِلنَّاسِ جُلُوْدَ الضَّانِ مِنَ اللِّيْنِ اَلْسِنَتُهُمْ اَحْلٰى مِنَ السُّكَّرِ وَقُلُوْبُهُمْ قُلُوْبُ الذِّئَابِ يَقُوْلُ اللهُ عَزَّوَجَلَّ اَبِيْ تَغْتَرُّوْنَ اَمْ عَلَيَّ تَجْتَرِئُوْنَ فَبِيْ حَلَفْتُ لَاَبْعَثَنَّ عَلٰى اُولٰئِكَ مِنْهُمْ فِتْنَةً تَدَعُ الْحَلِيْمَ مِنْهُمْ حَيْرَانًا.

ترجمہ:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آخری زمانے میں کچھ ایسے لوگ نکلیں گے جو دین کو دنیا کے عوض حاصل کریں گے وہ لوگوں کے سامنے دنبوں کی کھال کا لباس پہنیں گے۔ ان کی زبانیں شکر سے زیادہ میٹھی ہوں گی ان کے دل بھیڑیوں کے دلوں کی طرح ہوں گے۔ بے شک اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: کیا تم مجھے دھوکہ دینے کی

Marfat.com

کوشش کرتے ہو؟ میرے سامنے یہ جرأت کرتے ہو۔ میں اپنی ذات کی قسم اٹھاتا ہوں میں انہیں ایک ایسے فتنے میں مبتلا کردوں گا جس میں ان کا سمجھدار ترین شخص بھی حیران رہ جائے گا۔

تخریج:

ترمذی 2/516 کتاب الزھد باب ماجآء فی ذھاب البصر رقم 2328

تشریح:

نبی محترم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس حدیث مبارک میں درج ذیل غیب کی خبریں ارشاد فرمائیں ہیں:

آخری زمانے میں ایسے لوگ ہوں گے جو دنیا کو دین کے عوض حاصل کریں گے۔ دنبوں کی کھال کا لباس پہنیں گے۔ ان کی زبانیں شکر سے زیادہ میٹھی ہوں گی۔ اور دل بھیڑیوں جیسے ہوں گے۔

حدیث نمبر 24: قیامت کو مجھے تین مقامات پر تلاش کرنا

حضرت نضر بن انس رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قیامت کے دن ہماری شفاعت کیجئے گا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میں ایسا ہی کروں گا۔ میں نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کہاں تلاش کروں؟ قَالَ اطْلُبُنِیْ اَوَّلَ مَا

Marfat.com

تَطْلُبُنِیْ عَلَی الصِّرَاطِ قَالَ قُلْتُ فَاِنْ لَمْ اَلْقَكَ عَلَی الصِّرَاطِ قَالَ فَاطْلُبُنِیْ عِنْدَ الْمِیْزَانِ قُلْتُ فَاِنْ لَمْ اَلْقَكَ عِنْدَ الْمِیْزَانِ قَالَ فَاطْلُبُنِیْ عِنْدَ الْحَوْضِ فَاِنِّیْ لَا اُخْطِئُ هٰذِهِ الثَّلَاثَ الْمَوَاطِنَ.

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم سب سے پہلے مجھے پل صراط کے پاس تلاش کرنا' میں نے عرض کیا اگر پل صراط کے پاس میری آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ملاقات نہ ہوسکی؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم مجھے میزان کے قریب تلاش کرنا' میں نے عرض کیا اگر میزان کے پاس بھی میری آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملاقات نہ ہوسکی؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم مجھے حوض کے پاس تلاش کرنا کیونکہ میں ان تین جگہوں کے علاوہ کہیں نہیں ہوں گا۔

تخریج:

ترمذی 2/520 کتاب صفة القیامة باب ماجاء فی شان الصراط رقم 2357

تشریح:

اس حدیث سے ان لوگوں کو عبرت حاصل کرنی چاہیئے جو کہتے ہیں معاذ اللہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے انجام کی خبر نہیں ہے۔ یہاں پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے صحابی رضی اللہ عنہ کو فرما رہے ہیں کہ مجھے تین مقامات پر تلاش کر لینا انہیں مقامات میں سے کسی ایک مقام پر تمہیں مل جاؤں گا۔ اس حدیث پاک میں قیامت کے بعد کی باتوں کے علم کا ثبوت ہے۔

Marfat.com

شفاعت کا سوال کرنے والے کو فرمایا ہاں میں تمہاری شفاعت کروں گا جو کہ شفاعت کا واضح ثبوت ہے۔

حدیث نمبر 25: حوض کوثر پر لوگ کیسے آئیں گے

قَالَ اَبُوْ سَلَّامٍ حَدَّثَنِیْ ثَوْبَانُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ حَوْضِیْ مِنْ عَدَنٍ اِلٰی عَمَّانِ الْبَلْقَاءِ مَاؤُہٗ اَشَدُّ بَیَاضًا مِّنَ اللَّبَنِ وَاَحْلٰی مِنَ الْعَسَلِ وَاَکْوِیْبُہٗ عَدَدُ نُجُوْمِ السَّمَاءِ مَنْ شَرِبَ مِنْہُ شَرْبَۃً لَّمْ یَظْمَأْ بَعْدَھَا اَبَدًا اَوَّلَ النَّاسِ وُرُوْدًا عَلَیْہِ فُقَرَاءُ الْمُھَاجِرِیْنَ الشُّعْثُ رُؤُسًا الدُّنْسُ ثِیَابًا الَّذِیْنَ لَا یَنْکِحُوْنَ الْمُتَنَعِّمَاتِ وَلَا یُفْتَحُ لَھُمُ السُّدَدُ.....

ترجمہ:

---حضرت ابوسلام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں مجھے حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوالے سے یہ حدیث سنائی ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں:

میرا حوض عدن سے لے کر عمان بلقاء تک بڑا ہوگا اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید ہوگا شہد سے زیادہ میٹھا ہوگا اس کے برتن آسمان کے ستاروں جتنے ہوں گے جو شخص اس سے پی لے گا اس کے بعد اسے پیاس نہیں لگے گی۔

سب سے پہلے اس حوض پر غریب مہاجر آئیں گے جن کے بال بکھرے ہوئے

Marfat.com

ہوں گے کپڑے میلے کچیلے ہوں گے۔ کیونکہ وہ لوگ صاحب حیثیت عورتوں سے شادی نہیں کر سکتے اور جن کے لیے بند دروازے نہیں کھولے جاتے تھے۔

تخریج:

ترمذی 2/522 کتاب صفة القیامة باب ماجاء فی صفة اوانی الحوض رقم 2368
ابن ماجه صفحه 455'56 کتاب الزهد باب ذکر الحوض رقم 4303
مسند امام احمد 275/5.

تشریح:

اس حدیث مبارک میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے درج ذیل غیب کی خبریں فرمائی ہیں:
حوض کوثر عدن سے لے کر عمان بلقاء تک بڑا ہوگا۔ اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ میٹھا ہوگا۔ حوض کوثر پر سب سے پہلے مہاجرین آئیں گے جن کے بال بکھرے ہوئے اور کپڑے میلے ہوں گے۔

حدیث نمبر 26: کعبہ کے غلاف کی طرح پردے لٹکاؤ گے

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہم مسجد میں بیٹھے تھے حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ جو کہ اعلیٰ نعمتوں میں زندگی بسر کر رہے تھے ایک چادر میں تشریف لائے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آنکھوں میں آنسو آ گئے:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ بِكُمْ اِذَا غَدَا اَحَدُكُمْ فِيْ حُلَّةٍ وَّرَاحَ فِيْ حُلَّةٍ وَّوُضِعَتْ بَيْنَ يَدَيْهِ صَحْفَةٌ

Marfat.com

وَّرُفِعَتْ اَخْرٰ وَسَتَرْتُمْ بُيُوْتَكُمْ كَمَا تُسْتَرُ الْكَعْبَةُ قَالُوْ يَارَسُوْلَ اللهِ نَحْنُ يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ مِّنَّا الْيَوْمَ نَتَفَرَّعُ لَلْعِبَادَةِ وَنُكْفٰى الْمُؤْنَةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاَنْتُمُ الْيَوْمَ خَيْرٌ مِّنْكُمْ يَوْمَئِذٍ.

ترجمہ:

پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس وقت تمہاری کیا حالت ہوگی جب تمہیں صبح کے وقت ایک لباس پہننے کو ملے گا اور شام کو ایک اور لباس پہننے کو ملے گا۔ تمہارے سامنے ایک برتن رکھا جائے گا تو دوسرا اٹھا لیا جائے گا۔ تم اپنے گھروں میں یوں پردے لٹکاؤ گے جس طرح خانہ کعبہ پر غلاف چڑھایا جاتا ہے۔ تو انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اس وقت ہم آج کی حالت سے بہتر ہوں گے اور زیادہ توجہ کے ساتھ عبادت کر سکیں گے اور ہمیں محنت کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ آج اس سے زیادہ بہتر حالت میں ہو جس میں اس دن ہو گے۔

تخریج:

ترمذی 2/526 کتاب صفة القيامة باب ماجاء صفة اوانی الحوض باب منه رقم 2400

تشریح:

Marfat.com

اس حدیث مبارک میں مخاطب صحابہ کرام ہیں لیکن مراد آنے والی امت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اپنی ظاہری حیات مبارکہ کے بعد کے دور کی خبریں ارشاد فرمائی ہیں؛ جو اس دور میں من وعن پوری ہو رہی ہیں جیسے صبح وشام پہننے کو الگ الگ لباس ملیں گے۔ کھانے کا ایک برتن رکھا جائے دوسرا اٹھالیا جائے گا۔ گھروں میں پردے ایسے لٹکائے جائیں گے جیسے کعبہ پر غلاف چڑھایا جاتا ہے۔ اتنی آسائشیں ہوتے ہوئے بھی دینی حالت کمزور ہوگی اور ابتری کی طرف چلتی جائے گی۔ یہ ساری چیزیں من وعن اس دور میں پوری ہو رہی ہیں، لیکن نہ ماننے والے سورج کو واپس مڑتے ہوئے دیکھ کر بھی نہیں مانے تھے۔

حدیث نمبر 27: میرے بعد کے کچھ زمانوں میں حلال کھایا جائے گا

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَكَلَ طَيِّبًا وَّعَمِلَ فِیْ سُنَّةٍ وَّاَمِنَ النَّاسُ بِقَوَائِهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ فَقَالَ رَجُلٌ يَّارَسُوْلَ اللهِ اِنَّ هٰذَا الْيَوْمَ فِی النَّاسِ لَكَثِيْرٌ قَالَ وَسَيَكُوْنُ فِیْ قُرُوْنٍ بَعْدِیْ.

ترجمہ:

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص حلال کھائے اور سنت پر عمل کرے لوگ اس کے شر سے محفوظ رہیں تو وہ جنت

Marfat.com

میں داخل ہوگا۔ایک شخص نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! یہ چیز تو آج بہت سے لوگوں میں پائی جاتی ہے' تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ میرے بعد کے کچھ زمانوں میں بھی ہوگی۔

تخریج:

ترمذی 2/531 کتاب صفة القیامة باب ماجاء صفة اوانی الحوض باب منه رقم 2444

تشریح:

یعنی پھر حلال کھانا چھوڑ دیا جائے گا' سنت پر عمل کرنا چھوڑ دیا جائے گا' اور دوسروں پر ظلم ستم کے پہاڑ ڈھائے جائیں گے جیسا کہ آج کے دور میں اکثریت حرام میں پڑی ہوئی ہے۔اور سنت پر عمل کرنے والے کو مذاق کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔ کمزوروں پر ظلم ستم ڈھائے جاتے ہیں اور غریب آدمی انصاف کے لیے مارا مارا پھر رہا ہے لیکن انصاف نام کی چیز نہیں ہے۔

حدیث نمبر 28: جنت میں جانے والے گروہوں کے حالات

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَوَّلَ زُمْرَةٍ یَّدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ ضُوْءُ وُجُوْهِهِمْ عَلٰی مِثْلِ ضُوْءِ الْقَمَرِ لَیْلَةَ الْبَدْرِ وَالزُّمْرَةُ الثَّانِیَةُ عَلٰی مِثْلِ اَحْسَنِ کَوْکَبٍ دُرِّیٍّ فِی السَّمَاءِ لِکُلِّ رَجُلٍ مِّنْهُمْ زَوْجَتَانِ عَلٰی کُلِّ

Marfat.com

زَوْجَةٍ سَبْعُوْنَ حُلَّةً يُرٰى مُخُّ سَاقِهَا مِنْ وَّرَائِهَا.

ترجمہ:

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں سب سے پہلا گروہ جو جنت میں داخل ہوگا وہ چمک کے اعتبار سے چودھویں رات کے چاند کی طرح ہوگا۔ جو دوسرا گروہ ہوگا وہ آسمان میں موجود سب سے زیادہ چمکدار ستارے کی مانند ہوگا۔ ان میں ہر شخص کی دو بیویاں ہوں گی اور ہر بیوی کے ستر جوڑے ہوں گے۔ ان کے کپڑوں کے پار سے ان کی پنڈلی کا گودا نظر آئے گا۔

تخریج:

ترمذی 2/532 کتاب صفة القيامة باب فی صفة نساء اهل الجنة رقم 2457'2458

تشریح:

اس حدیث پاک میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنت میں داخل ہونے والے دو گروہوں کی نشانی بیان فرمائی ہے اور یہ کہ جنت میں ان کو کیا نعمتیں ملیں گئی ان کا مختصر بیان فرمایا ہے۔ معلوم ہوا کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر جنتی کو جانتے ہیں اور اس کے مقام و مرتبہ سے بھی بخوبی آگاہ ہیں۔ دوسری روایت میں جنتیوں کی عمر بھی بیان کی ہے جیسا کہ

جنتیوں کی عمر:

اہل جنت جب جنت میں داخل ہوں گے تو ان کے چہرے اور جسم پر بال نہیں

Marfat.com

ہوں گے ان کی آنکھیں سرمگیں ہوں گی اور عمر 32 یا 33 سال ہوگی۔

ترمذی 2/534 کتاب صفة الجنة باب ماجاء فی سن اهل الجنة رقم 2468

مسند اما احمد 243/5

حدیث نمبر 29: قیامت کو امت مسلمہ کی 80 صفیں ہوں گی

حضرت ابن بریدہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کا بیان نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اَهْلُ الْجَنَّةِ عِشْرُوْنَ وَمِائَةُ صَفٍّ ثَمَانُوْنَ مِنْهَا مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ وَاَرْبَعُوْنَ مِنْ سَائِرِ الْاُمَمِ.

ترجمہ:

اہل جنت کی 120 صفیں ہوں گی جن میں سے 80 صفیں اس امت کی ہوں گی اور باقی 40 تمام امتوں کی ہوں گی۔

تخریج:

ترمذی 2/534 کتاب صفة الجنة باب ماجاء فی صف اهل الجنة رقم 2469

ابن ماجه صفحه 454 کتاب الزهد باب صفت امة محمد صلی اللہ علیہ وسلم رقم 4289

سنن دارمی 357/2 کتاب الرقائق باب فی صفوف اهل الجنة رقم 2869.

مسند امام احمد 347/5.

تشریح:

اس حدیث مبارک سے معلوم ہوا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک ایک جنتی کو جانتے ہیں جیسا حدیث مبارک میں تمام جنتی صفوں اور اپنی امت کی جنتی صفوں اور سابقہ

Marfat.com

امم کی جنتی صفوں کی تعداد بیان فرمائی ہے۔

حدیث نمبر 30:

بہت سے لوگ دور سے تمہارے پاس علم حاصل کرنے آئیں گے

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ یَاْتِیْکُمْ رِجَالٌ مِّنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ یَتَعَلَّمُوْنَ فَاِذَا جَاءُ وْکُمْ فَاسْتَوْصُوْا بِھِمْ خَیْرًا قَالَ فَکَانَ اَبُوْ سَعِیْدٍ اِذَا رَاٰنَا قَالَ مَرْحَبًا بِوَصِیَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ.

ترجمہ:

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں مشرق کی سمت سے لوگ تمہارے پاس آئیں گے وہ علم حاصل کرنا چاہتے ہوں گے جب وہ تمہارے پاس آئیں تو ان کے بارے میں بھلائی کی تلقین کو قبول کرو۔ راوی بیان کرتے ہیں؛ جب ابوسعید رضی اللہ عنہ ہمیں دیکھتے تو فرمایا کرتے تھے ان لوگوں کے بارے میں خوش آمدید جن کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وصیت فرمائی ہے

تخریج:

ترمذی 2/550 کتاب العلم باب ماجاء ماجاء فی الاستیصاء بمن طلب العلم رقم 2574'2575

ابن ماجہ صفحہ 118 کتاب السنہ باب الوصاۃ بطلبہ العلم رقم 247'248

Marfat.com

تشریح:

اس حدیث مبارک میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غیب کی خبر دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: کہ تمہارے پاس مشرق کی سمت سے لوگ آئیں گے کسی دنیاوی غرض سے نہیں آئیں گے بلکہ ان کا مقصد علم حاصل کرنا ہوگا۔

حدیث نمبر 31: سب سے پہلے خشوع وخضوع کا علم اٹھایا جائے گا

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آسمان کی طرف نگاہ اٹھا کر فرمایا یہ وہ وقت ہے جب علم کو کھینچا جارہا ہے یہاں تک کہ لوگ کسی چیز پر قادر نہیں رہیں گے (اس کے بعد طویل حدیث مبارک ہے جس کے آخر میں حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں) بِاَوَّلِ عِلْمٍ يُرْفَعُ مِنَ النَّاسِ الْخُشُوْعُ يُوْشِكُ اَنْ تَدْخُلَ مَسْجِدَ الْجَامِعَ فَلَا تَرٰى فِيْهِ رَجُلًا خَاشِعًا.

لوگوں میں سب سے پہلے خشوع وخضوع کا علم اٹھایا جائے گا عنقریب تم جامع مسجد میں جاؤ گے لیکن تمہیں وہاں ایک بھی ایسا شخص نظر نہیں آئے گا جس میں خشوع وخضوع ہو۔

تخریج:

ترمذی 2/550 کتاب العلم باب ماجاء فی ذهاب العلم رقم 2577

دارمی 1/146 المقدمہ باب ن قال العلم الخشية و تقوى الله رقم 296.

Marfat.com

المستدرك للحاكم 338.

حدیث نمبر 32:

عنقریب لوگ قرآن پڑھیں گے اور لوگوں سے مانگیں گے

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کا گزر ایک قاری کے پاس ہوا جس نے قرأت سنا کر لوگوں سے کچھ مانگا تو حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا اور ارشاد فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: مَنْ قَرَاَ الْقُرْاٰنَ فَلْيَسْاَلِ اللهَ بِهٖ فَاِنَّهٗ سَيَجِيْءُ اَقْوَامٌ يَّقْرَئُوْنَ الْقُرْاٰنَ يَسْاَلُوْنَ بِهِ النَّاسِ. جو شخص قرآن پاک پڑھے تو وہ اس کے عوض صرف اللہ تعالیٰ سے مانگے عنقریب کچھ لوگ آئیں گے جو قرآن پاک پڑھیں گے اور قرآن کے عوض لوگوں سے مانگیں گے۔

تخریج:

ترمذی 2/584 کتاب فضائل القران باب ماجاء فیمن قرا حرفاً من القران رقم 2841

مسند امام احمد 432/4.

حدیث نمبر 33: تم پر فقر کا اندیشہ نہیں/ ہر طرف امن ہو جائے گا

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ اپنے ایمان لانے کی ایک طویل حدیث بیان کرتے ہیں جس کے آخر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

Marfat.com

فَاِنِّیْ لَا اَخَافُ عَلَیْکُمُ الْفَاقَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ نَاصِرُکُمْ وَمُعْطِیْکُمْ حَتّٰی تَسِیْرَ الظَّعِیْنَةُ فِیْمَا بَیْنَ یَثْرِبَ وَالْحِیْرَةِ اَوْ اَکْثَرَ مَا یُخَافُ عَلٰی مَطِیَّتِهَا السَّرَقَ.

بے شک مجھے تمہارے بارے میں یہ اندیشہ نہیں ہے کہ تم فقر وفاقہ کا شکار ہو جاؤ گے۔ اللہ تعالیٰ تمہارا مددگار ہے وہ تمہیں عطا کرے گا (یہاں تک کہ ایک وہ وقت آئے گا) جب کوئی عورت مدینہ منورہ سے حیرہ تک کا یا اس بھی زیادہ سفر کرے گی اور اسے یہ اندیشہ بھی نہیں ہوگا کہ اس کی سواری چوری ہو جائے گی۔

تخریج:

ترمذی 2/590 کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورۃ فاتحۃ الکتاب رقم 2878

تشریح:

اس حدیث مبارک میں نبی کریم ﷺ نے دو غیب کی خبریں ارشاد فرمائی ہیں: تم پر فقر وفاقہ نہیں رہے گا' لمبا سفر کرنے والی عورت تک کو بھی چوری کا اندیشہ نہیں ہوگا۔

حدیث نمبر 34: حضرت نوح علیہ السلام کی گواہی میری امت دے گی

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب قیامت کے دن حضرت نوح علیہ السلام کی امت ان کی تبلیغ کرنے کا انکار کر

Marfat.com

دے گی اور کہے گی کہ ہمارے پاس تو کوئی ڈرانے والا نہیں آیا:

فَيُقَالُ مَنْ شُهُوْدُكَ فَيَقُوْلُ مُحَمَّدٌ وَّاُمَّتُهٗ قَالَ فَيُؤْتَى بِكُمْ تَشْهَدُوْنَ اَنَّهٗ قَدْ بَلَّغَ فَذٰلِكَ قَوْلُ اللّٰهِ تَعَالٰى (وَ كَذٰلِكَ جَعَلْنَا كُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنُ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا) وَالْوَسْطُ الْعَدْلُ.

ترجمہ:

تو پھر (حضرت نوح علیہ السلام) سے پوچھا جائے گا تمہارا گواہ کون ہے؟ تو وہ جواب دیں گے۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی امت۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پھر تم لوگوں کو لایا جائے گا اور تم لوگ گواہی دو گے کہ حضرت نوح علیہ السلام نے تبلیغ کر دی تھی۔ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان سے یہی مراد ہے:

وَ كَذٰلِكَ جَعَلْنَا كُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنُ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا. (پارہ 2 بقرہ 143)

ترجمہ کنزالایمان: اور بات یوں ہے کہ ہم نے تمہیں کیا سب امتوں سے افضل کہ تم لوگوں پر گواہ ہو اور یہ رسول تم پر نگران و گواہ۔

یہاں وسط سے مراد ''عدل'' ہے۔

تخریج:

ترمذی 2/591 کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورۃ البقرہ رقم 2887.

Marfat.com

تشریح:

یہ سارا کچھ قیامت کے روز پیش آئے گا لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے سامنے بیان فرمادیا ہے جس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے نہ صرف اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قیامت کا علم عطا فرمایا ہے بلکہ قیامت کے بعد کا علم بھی عطا فرمایا ہے۔

حدیث نمبر 35:

ایک زمانے میں نیک عمل کرنے والے کو پچاس کا ثواب ملے گا

حضرت ابوامیہ شعبانی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوثعلبہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوکر دریافت کیا کہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کا کیا مطلب ہے:

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ

ترجمہ کنزالایمان: اے ایمان والو! تم اپنی فکر رکھو تمہارا کچھ نہ بگاڑے گا جو گمراہ ہوا جب کہ تم راہ پر ہو۔ (پارہ 7 المائدہ 105)

حضرت ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! تم نے اس کے بارے میں ایسے شخص سے سوال کیا ہے، جو اس سے واقف ہے میں نے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا:

قَالَ بَلِ ائْتَمِرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنَاهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ حَتّٰى اِذَا رَاَيْتَ شُحًّا مُطَاعًا وَّهَوًى مُتَّبَعًا وَّدُنْيَا مُؤْثَرَةً وَّاِعْجَابَ كُلِّ ذِيْ رَاْيٍ

Marfat.com

بِرَأْيِهِ فَعَلَيْكَ بِخَاصَّةِ نَفْسِكَ وَدَعِ الْعَوَامَّ فَإِنَّ مِنْ وَّرَائِكُمْ اَيَّامًا الصَّبْرُ فِيهِنَّ مِثْلُ الْقَبْضِ عَلَى الْجَمْرِ لِلْعَامِلِ فِيهِنَّ مِثْلُ اَجْرِ خَمْسِينَ رَجُلًا يَّعْمَلُونَ مِثْلَ عَمَلِكُمْ.

ترجمہ:

تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا: تم نیکی کا حکم کرتے رہو اور برائی سے روکتے رہو' یہاں تک کہ جب تم یہ صورتحال دیکھو کہ کنجوس شخص کی اطاعت کی جانے لگے' خواہش نفس کی پیروی کی جانے لگے' دنیا کو ترجیح دی جانے لگے' ہر شخص اپنی رائے کو پسند کرے' تو ایسی صورت حال میں تم صرف اپنی فکر کرو اور لوگوں کو چھوڑ دو' کیونکہ اس کے بعد جو دن آئیں گے ان میں صبر کرنا' اسی طرح ہوگا' جیسے انگارہ پر ہاتھ رکھ دینا۔ ان ایام میں عمل کرنے والے شخص کو ایسے پچاس آدمیوں جتنا اجر ملے گا' جو تمہارے عمل کے مانند عمل کرتے ہوں گے۔

تخریج:

ترمذی 2/603 کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورۃ المائدہ رقم 2984

ابن ماجہ صفحہ 426 کتاب الفتن باب قولہ (یاایھا الذین امنوا .....) رقم 4014

ابوداود 2/248 کتاب الملاحم باب فی الامر والنھی رقم 4341

تشریح:

اس حدیث پاک سے معلوم ہوا کہ

Marfat.com

کنجوس شخص کی اطاعت کی جائے گی' خواہش نفس کی پیروی کی جانے لگے گی' دنیا کو ترجیح دی جائے گی' ہر شخص اپنی رائے کو پسند کرے گا' اور فرمایا: جب یہ صورت حال پیدا ہوگی تو اس کے بعد صبر کرنا گویا انگارے پر ہاتھ رکھنا ہوگا۔ اور ان دنوں میں عمل کرنے والے کو پچاس آدمیوں کے برابر اجر ملے گا۔

حدیث نمبر 36: اللہ تمہارے لیے زمین فتح کردے گا

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منبر پر یہ آیت تلاوت کی: وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ. (پارہ 10 الانفال 60)

ترجمہ کنزالایمان: اور ان کے لیے تیار رکھو جو قوت تم سے بن پڑے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یاد رکھنا قوت سے مراد تیر اندازی ہے۔ یہ بات آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین بار ارشاد فرمائی (پھر فرمایا) اَلَا اِنَّ اللّٰهَ سَيَفْتَحُ لَكُمُ الْاَرْضَ وَسَتُكْفَوْنَ الْمُؤْنَةَ فَلَا يَعْجِزَنَّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّلْهُوَ بِاَسْهُمِهِ یاد رکھنا اللہ تعالیٰ تمہارے لیے زمین کو فتح کردے گا' اور تم لوگ محنت مشقت سے محفوظ ہو جاؤ گے اس وقت کوئی شخص تیروں سے غافل نہ ہو۔

تخریج:

ترمذی 2/607 کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورۃ الانفال رقم 3008.

تشریح:

Marfat.com

نبی اکرم نورِ مجسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس حدیث مبارک میں آنے والے دور میں ہونے والی دو چیزوں کی خبر ارشاد فرمائی ہے: یہ کہ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کے لیے زمین فتح فرمادے گا' اور وہ محنت مشقت سے محفوظ ہو جائیں گے۔

حدیث نمبر 37: قیامت کو لوگوں کو تین حالتوں میں اٹھایا جائے گا

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُحْشَرُ النَّاسُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ ثَلَاثَةَ اَصْنَافٍ صِنْفًا مُشَاةً وَّ صِنْفًا رَکْبَانًا وَصِنْفًا عَلٰی وُجُوْهِهِمْ قِیْلَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَ کَیْفَ یَمْشُوْنَ عَلٰی وُجُوْهِهِمْ قَالَ اِنَّ الَّذِیْ اَمْشَاهُمْ عَلٰی اَقْدَامِهِمْ قَادِرٌ عَلٰی اَنْ یُّمْشِیَهُمْ عَلٰی وُجُوْهِهِمْ اَمَا اِنَّهُمْ یَتَّقُوْنَ بِوُجُوْهِهِمْ کُلَّ حَدَبٍ وَّشَوْکَةٍ.

ترجمہ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: قیامت کے دن لوگوں کو تین حالتوں میں اٹھایا جائے گا' کچھ لوگ پیدل ہوں گے' کچھ لوگ سوار ہوں گے' کچھ لوگ چہروں کے بل چل رہے ہوں گے۔ عرض کی گئی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! وہ لوگ چہروں کے بل کیسے چلیں گے؟ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو ذات ان کو پاؤں کے بل چلانے پر قدرت رکھتی ہے وہ اس

Marfat.com

بات پر بھی قدرت رکھتی ہے کہ ان کو چہروں کے بل چلائے۔ یاد رکھنا! وہ لوگ اپنے چہروں سے بلندی اور کانٹوں سے بچ کر چلیں گے۔

تخریج:

ترمذی 2/615 کتاب تفسیر القران باب ومن سورۃ بنی اسرائیل رقم 3067
مسند امام احمد 354/2.

تشریح:

اس حدیث پاک میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے درج ذیل غیب کی خبریں فرمائیں ہیں: لوگوں کے تین گروہ ہوں گے' پیدل' سوار' اور چہروں کے بل چلنے والے' اور جو چہروں کے بل چلیں گے وہ کانٹوں اور بلندی سے بھی بچ کر چلیں گے۔ یہ سب کچھ بعد قیامت ہوگا لیکن نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گویا اپنی آنکھوں سے دیکھ بیان فرما رہے ہیں یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے زمانے ماضی' حال' مستقبل اور وقت کا کوئی فرق نہیں ہر چیز آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مقدس نگاہوں میں ہے۔

حدیث نمبر 38: یاجوج ماجوج کے نکلنے کا واقعہ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یاجوج ماجوج کی دیوار کے بارے میں فرمان نقل کرتے ہیں:

قَالَ يَحْفِرُوْنَهٗ كُلَّ يَوْمٍ حَتّٰى اِذَا كَادُوْا يَخْرِقُوْنَهٗ قَالَ الَّذِىْ عَلَيْهِمُ ارْجِعُوْا فَسَتَخْرِقُوْنَهٗ غَدًا قَالَ فَيُعِيْدُهُ اللّٰهُ كَاَشَدِّ

Marfat.com

مَا كَانَ حَتّٰى اِذَا بَلَغَ مُدَّتَهُمْ وَاَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَّبْعَثَهُمْ عَلَى النَّاسِ قَالَ الَّذِىْ عَلَيْهِمُ ارْجِعُوْا فَسَتَخْرِقُوْنَهٗ غَدًا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ وَاسْتَثْنٰى قَالَ فَيَرْجِعُوْنَ فَيَجِدُوْنَهٗ كَهَيْئَتِهٖ حِيْنَ تَرَكُوْهُ فَيَخْرِقُوْنَهٗ فَيَخْرُجُوْنَ عَلَى النَّاسِ فَيَسْتَقُوْنَ الْمِيَاهَ وَيَفِرُّ النَّاسُ مِنْهُمْ فَيَرْمُوْنَ بِسِهَامِهِمْ فِى السَّمَآءِ فَتَرْجِعُ مُخَضَّبَةً بِالدِّمَآءِ فَيَقُوْلُوْنَ قَهَرْنَا مَنْ فِى الْاَرْضِ وَعَلَوْنَا مَنْ فِى السَّمَآءِ قَسْوَةً وَّعُلُوًّا فَيَبْعَثُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ نَغَفًا فِىْ اَقْفَائِهِمْ فَيَهْلِكُوْنَ قَالَ فَوَالَّذِىْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ اِنَّ دَوَابَّ الْاَرْضِ تَسْمَنُ وَتَبْطَرُ وَتَشْكَرُ شَكَرًا مِّنْ لُحُوْمِهِمْ.

ترجمہ:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ (یاجوج ماجوج) اسے روزانہ کھودتے ہیں' یہاں تک کہ جب اسے توڑنے کے قریب ہوتے ہیں' تو ان کا امیر انہیں یہ کہتا ہے تم واپس چلو! کل ہم اسے توڑ دیں گے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تو اللہ تعالیٰ اگلے دن اسے پہلے سے زیادہ مضبوط کر دیتا ہے' یہاں تک کہ جب ان کی مدت پوری ہو جائے گی' اور اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو بھیجنے کا ارادہ کرے گا' تو پھر ان کا امیر ان سے کہے گا تم لوگ واپس چلو اگر اللہ نے چاہا تو کل ہم اسے توڑ دیں گے' اب

Marfat.com

یہاں اس نے انشاء اللہ کہہ دیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں پھر جب وہ لوگ آئیں گے تو اس دیوار کو اسی حالت میں پائیں گے، جس میں وہ چھوڑ کر گئے تھے اور نکل کر ان پر حملہ کر دیں گے۔ وہ سب چشموں کا پانی پی جائیں گے۔ لوگ ان سے ڈر کر بھاگیں گے۔ وہ لوگ اپنے نیزوں کا رخ آسمان کی طرف کر دیں گے۔ جب وہ نیزے واپس آئیں گے تو ان پر خون لگا ہوگا۔ وہ لوگ یہ کہیں گے کہ ہم نے زمین والوں پر قابو پا لیا ہے اور آسمان والوں پر بھی غالب آ گئے ہیں۔ ان کا یہ جملہ ان کی سختی اور غرور کی وجہ سے ہوگا پھر اللہ تعالیٰ ان کی گردنوں میں ایک کیڑا پیدا کرے گا، جس کی وجہ سے وہ ہلاکت کا شکار ہو جائیں گے۔ اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جان ہے اس کے بعد ان کا گوشت کھا کر زمین کے تمام جانور موٹے تازے ہو جائیں گے اور شکر گزار ہوں گے۔

تخریج:

ترمذی 2/618 کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورۃ الکھف رقم 3078

ابن ماجہ صفحہ 436 کتاب الفتن باب فتنۃ الدجال وخروج عیسیٰ بن مریم... رقم 4079'4080

مسند امام احمد 2/510 511.

تشریح:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس حدیث مبارک میں یاجوج ماجوج کے دیوار سے نکلنے سے لے کر مرنے تک بیان فرما دیا ہے جو کہ قرب قیامت میں واقع ہوگا، یہاں ان

Marfat.com

لوگوں کو عبرت حاصل کرنی چاہیئے جو کہتے ہیں معاذ اللہ کل کی بات نہیں جانتے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تو یہاں تک بیان فرما دیا کہ ان کا یہ کہنا ''ہم زمین والوں پر غالب آگے اور آسمان والوں پر بھی غالب آگے'' ان کے دل کی سختی اور غرور کی وجہ سے ہوگا۔ یعنی ان کے دل کی باتیں بھی بیان فرما دی۔ اللہ تعالیٰ سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

حدیث نمبر 39: کلمہ پڑھ لو عربوں کے حاکم بن جاؤ گے

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں جب ابو طالب بیمار ہوئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے پاس تشریف لائے وہاں کفار مکہ بیٹھے تھے ان لوگوں نے ابو طالب سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شکایت کی تو ابو طالب نے کہا اے میرے بھتیجے! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی قوم سے کیا چاہتے ہیں: قَالَ اُرِیْدُ مِنْهُمْ كَلِمَةً تَدِيْنُ لَهُمْ بِهَا الْعَرَبُ وَتُؤَدِّی اِلَيْهِمُ الْعَجَمُ الْجِزْيَةَ .....

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں یہ چاہتا ہوں کہ یہ کلمہ پڑھ لیں۔ یہ لوگ عربوں کے حاکم بن جائیں گے اور عجمی جزیہ لے کر ان کے پاس آیا کریں گے۔۔۔۔

تخریج:

ترمذی 2/629 کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورۃ ص رقم 3156

مسند امام احمد 1/227

تشریح:

Marfat.com

وقت نے دیکھا کہ جب قریش مکہ نے کلمہ پڑھا تو وہ عربوں کے حاکم بن گے اور عجمی ان کے پاس جزیہ لے کر حاضر ہوئے۔ لیکن میرے غیب دان نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پہلے ہی بیان فرما دیا تھا۔

حدیث نمبر 40: آسمان وزمین کی ہر چیز جان لی

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَتَانِیْ رَبِّیْ فِیْ اَحْسَنِ صُوْرَۃٍ فَقَالَ یَا مُحَمَّدُ قُلْتُ لَبَّیْکَ رَبِّ وَسَعْدَیْکَ قَالَ فِیْمَ یَخْتَصِمُ الْمَلَاُ الْاَعْلٰی قُلْتُ رَبِّ لَا اَدْرِیْ فَوَضَعَ یَدَہٗ بَیْنَ کَتِفَیَّ فَوَجَدْتُّ بَرْدَھَا بَیْنَ ثَدْیَیَّ فَعَلِمْتُ مَابَیْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ فَقَالَ یَا مُحَمَّدُ فَقُلْتُ لَبَّیْکَ وَسَعْدَیْکَ قَالَ فِیْمَ یَخْتَصِمُ الْمَلَاُ الْاَعْلٰی قُلْتُ فِی الدَّرَجَاتِ وَالْکَفَّارَاتِ وَفِیْ نَقْلِ الْاَقْدَامِ اِلَی الْجَمَاعَاتِ وَاِسْبَاغِ الْوُضُوْءِ فِی الْمَکْرُوْھَاتِ وَانْتِظَارِ بَعْدَ الصَّلٰوۃِ وَمَنْ یُّحَافِظْ عَلَیْھِنَّ عَاشَ بِخَیْرٍ وَّمَاتَ وَّکَانَ مِنْ ذُنُوْبِہٖ کَیَوْمَ وَلَدَتْہُ اُمُّہٗ.

ترجمہ:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: میرا پروردگار میرے پاس بہترین شکل میں آیا۔ اس نے فرمایا: اے محمد! میں

Marfat.com

نے عرض کی: اے میرے پروردگار! میں حاضر ہوں اور تیری فرمانبرداری کے لیے تیار ہوں۔ پروردگار نے دریافت کیا: ملا اعلیٰ کس بارے میں بحث کر رہے ہیں؟ میں نے عرض کی: اے میرے پروردگار مجھے علم نہیں ہے۔ پھر پروردگار نے اپنا دستِ قدرت میرے دونوں کندھوں کے درمیان رکھا تو میں نے اس کی ٹھنڈک کو اپنے سینے میں محسوس کیا جس سے مجھے مشرق اور مغرب میں موجود ہر چیز کا پتہ چل گیا پھر اس نے فرمایا: اے محمد! میں نے عرض کی: میں حاضر ہوں اور تیری فرمانبرداری کے لیے تیار ہوں' اے میرے پروردگار! پروردگار نے فرمایا: ملاء اعلیٰ کس چیز کے بارے میں بحث کر رہے ہیں؟ میں نے عرض کی: درجات اور کفارات کے بارے میں اور زیادہ قدموں کے ساتھ چل کر باجماعت نماز کی طرف جانے میں' ناپسندیدہ صورتحال کے وقت اچھی طرح وضو کرنے کے بارے میں' (دوسری) نماز کا انتظار کرنے کے بارے میں' بات کر رہے ہیں۔ جو شخص باقاعدگی کے ساتھ ان اعمال کو سرانجام دیتا رہے گا وہ بھلائی کے ساتھ زندہ رہے گا' اور بھلائی کے ساتھ مرے گا' اور وہ گناہوں سے اس طرح پاک ہو جائے گا' جیسے اپنی پیدائش کے دن تھا۔

تخریج:

ترمذی 2/629'30 کتاب تفسیر القرآن باب ومن صورۃ ص رقم 3157'3158'3159
مسند امام احمد 368/1. مسند حمیدی 682.

Marfat.com

تشریح:

اس حدیث پاک سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مشرق اور مغرب میں موجود ہر چیز کا علم عطا فرمایا ہے۔

ایک نکتہ:۔

ایک علامہ صاحب سے ایک بدمذہب شخص کہنے لگا کہ آپ لوگ کہتے ہو نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہر چیز کا علم ہے تمہارے پاس اس کی دلیل نہیں ہے۔ علامہ صاحب نے یہی حدیث بیان کی تو وہ کہنے لگا مشرق ومغرب میں موجود ہر چیز کا علم تو اس وقت تھا جب اللہ تعالیٰ نے اپنا دستِ قدرت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کندھوں کے درمیان رکھا تھا اب تو نہیں ہے۔ علامہ صاحب نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کندھوں کے درمیان دستِ قدرت رکھنے کا حوالہ میں نے دیا ہے اور اٹھانے کا حوالہ تم دے دو کہ اللہ تعالیٰ نے اپنا دستِ قدرت اٹھایا کب ہے؟ وہ بدمذہب اپنا سا منہ لے کر خاموش ہو گیا۔

حدیث نمبر 41: حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کا علم غیب

جب لوگوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے گھر کا محاصرہ کیا حضرت عبداللہ سلام رضی اللہ عنہ ان کی مدد کے لیے ان کے پاس تشریف لے گئے تو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جاؤ لوگوں کو مجھ سے دور رکھو۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ باہر آئے اور لوگوں کے سامنے

Marfat.com

اپنے فضائل بیان کیے اور فرمایا: اِنَّ اللّٰہَ سَیُفًا مَغْمُوْدًا عَنْکُمْ وَاِنَّ الْمَلَائِکَۃَ قَدْ جَاوَرَتْکُمْ فِیْ بَلَدِکُمْ ھٰذَا الَّذِیْ نَزَلَ فِیْہِ نَبِیُّکُمْ فَاللّٰہُ فِیْ ھٰذَا الرَّجُلِ اَنْ تَقْتُلُوْہُ فَوَاللّٰہِ اِنْ قَتَلْتُمُوْہُ لَتَطْرُدُنَّ جِیْرَانَکُمُ الْمَلَائِکَۃُ وَلَتَسُلَّنَّ سَیْفُ اللّٰہِ الْمَغْمُوْدَ عَنْکُمْ فَلَا یُغْمَدُ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ.

(حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے فرمایا) بے شک! اللہ کی تلوار میان میں ہے' اور تمہارے اس شہر میں فرشتے تمہارے ساتھ ہوتے ہیں' یہ وہ شہر ہے' جس میں تمہارے نبی تشریف لاتے تھے' تو ان صاحب کو قتل کرنے کے حوالے سے' اللہ تعالیٰ سے ڈرو' اللہ کی قسم! اگر تم نے انہیں شہید کر دیا تو فرشتے تمہارا ساتھ چھوڑ دیں گے اور اللہ تعالیٰ کی تلوار تمہارے لیے نکل آئے گی جو ابھی میان میں ہے' اور پھر اس کے بعد قیامت تک میان میں نہیں ڈالی جائے گی۔

تخریج:

ترمذی 2/632 کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورۃ الاحقاف رقم 3179.
مسند امام احمد 451/5. مسند حمیدی 498.

تشریح:

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کے فرمان کے مطابق حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد آج تک مسلمان ایک امام پر اکٹھے نہیں ہو سکے اور قتل و غارت گری ہو رہی ہے

Marfat.com

حدیث نمبر 42: عنقریب تمہیں نعمتیں مل جائیں گی

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰیَةُ (ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ یَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِیْمِ) قَالَ النَّاسُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ عَنْ اَیِّ النَّعِیْمِ نُسْاَلُ فَاِنَّمَا هُوَلَاءِ الْاَسْوَدَانِ وَالْعَدُوُّ حَاضِرٌ وَّسُیُوْفُنَا عَلٰی عَوَاتِقِنَا قَالَ اِنَّ ذٰلِكَ سَیَکُوْنُ.

ترجمہ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جب یہ آیت نازل ہوئی:

(ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ یَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِیْمِ. (پارہ 30 تکاثر 8)

ترجمہ کنزالایمان: پھر بے شک ضرور اس دن تم سے نعمتوں کی پرسش ہوگی۔

تو لوگوں نے دریافت کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! کونسی نعمتوں کے بارے میں پوچھا جائے گا؟ ہمارے پاس تو یہی دو سیاہ چیزیں (یعنی پانی اور کھجور) ہیں۔ دشمن ہمارے سر پر موجود ہیں ہماری تلواریں ہمارے کندھوں پر رکھی ہوئی ہیں۔ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عنقریب یہ تمہیں مل جائیں گی۔

تخریج:

ترمذی 2/646 کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورۃ التکاثر رقم 3279'3280

ابن ماجہ صفحہ 443 کتاب الزھد باب معشیۃ اصحاب النبی ﷺ رقم 4158

مسند امام احمد 1/164. مسند حمیدی 61.

Marfat.com

تشریح:

اس وقت مسلمانوں کے پاس نہ مال و دولت تھا نہ حکومت تھی۔ فاقوں پر فاقے تھے ہر وقت دشمن کا خوف رہتا تھا۔ جیسا کہ صحابہ کرام نے عرض کیا۔ لیکن غیب دان نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غیب کی خبر دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: کہ عنقریب نعمتیں مل جائیں گی۔ اور ایسا ہی ہوا کہ مسلمان فتح پر فتح کرتے چلے گے ڈھیروں ڈھیر مالِ غنیمت آنے لگا۔

حدیث نمبر 43: سب سے افضل آقا کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا اَوَّلُ النَّاسِ خُرُوْجًا اِذَا بُعِثُوْا وَاَنَا خَطِيْبُهُمْ اِذَا وَفَدُوْا وَاَنَا مُبَشِّرُهُمْ اِذَ اَيَسُوْا لِوَاءُ الْحَمْدِ يَوْمَئِذٍ بِيَدِيْ وَاَنَا اَكْرَمُ وَلَدِ اٰدَمُ عَلٰى رَبِّيْ وَلَا فَخْرُ.

ترجمہ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں سب سے پہلے (قیامت کو زمین سے نکلوں) گا جب لوگوں کو معبوث کیا جائے گا۔ میں ان کا خطیب ہوں گا جب وہ وفد کی شکل میں آئیں گے۔ میں ان کو خوشخبری دوں گا جب وہ مایوس ہو چکے ہوں گے اس دن لواء حمد میرے ہاتھ میں ہوگا میں

Marfat.com

اپنے رب کی بارگاہ میں آدم علیہ السلام کی اولاد میں سب سے زیادہ معزز ہوں اور یہ بات میں فخر کے طور پر نہیں کہتا۔

تخریج:

ترمذی 2/679 کتاب المناقب باب فی فضل النبی ﷺ رقم 3549'3446'3543
ابن ماجہ صفحہ 456 کتاب الزہد باب ذکر الشفاعۃ رقم 4312
مسند امام احمد 126/5. مسند حمیدی 181.

حدیث نمبر 44: میں عرش کے دائیں جانب کھڑا ہوں گا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اَنَا اَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ فَاُكْسَى حُلَّةً مِّنْ حُلَلِ الْجَنَّةِ ثُمَّ اَقُوْمُ عَنْ يَّمِيْنِ الْعَرْشِ لَيْسَ اَحَدٌ مِّنَ الْخَلَائِقِ يَقُوْمُ ذٰلِكَ الْمَقَامَ غَيْرِىْ.

ترجمہ:

سب سے پہلے میرے لیے زمین کو شق کیا جائے گا' پھر مجھے جنت کا ایک حلہ پہنایا جائے گا پھر میں عرش کے دائیں جانب کھڑا ہو جاؤں گا۔ مخلوق میں میرے علاوہ کوئی بھی وہاں کھڑا نہیں ہوگا۔

تخریج:

ترمذی 2/679 کتاب المناقب باب فی فضل النبی ﷺ رقم 3544

Marfat.com

تشریح:

ان احادیث میں نبی کریم ﷺ نے غیب کی خبر دیتے ہوئے قیامت کے دن اٹھنے اور لوگوں کی حالت کو بیان کیا ہے۔ آپ ﷺ کو جنت کا حلہ پہنایا جائے گا اور آپ ﷺ عرش کے دائیں جانب کھڑے ہوں گے اور آپ ﷺ ان کی مشکلات دور فرمائیں گے۔ اور یہ کہ آپ ﷺ کا مقام سب سے بڑھ کر ہے۔

حدیث نمبر 45: صدیق و فاروق بلند درجوں والوں میں ہیں

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

إِنَّ أَهْلَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰى لَيَرَاهُمْ مَنْ تَحْتَهُمْ كَمَا تَرَوْنَ النَّجْمَ الطَّالِعَ فِي أُفُقِ السَّمَاءِ وَإِنَّ أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ مِنْهُمْ وَأَنْعَمَا.

ترجمہ:

بلند درجات کے مالک لوگوں کو (جنت میں) نچلے درجے والے لوگ اس طرح دیکھیں گے جس طرح آسمان کے افق میں طلوع ہونے والے ستارے کو دیکھتے ہو اور حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی (بلند درجات والوں میں شامل ہوں گے) اور یہ دونوں کتنے اچھے ہیں۔

تخریج:

ترمذی 2/684 کتاب المناقب باب مناقب ابی بکر الصدیق رقم 3591

ابن ماجہ صفحہ 105 کتاب السنہ باب فضل ابی الصدیق رقم 96

Marfat.com

ابوداود 2/98 کتاب الحروف والقرأت رقم 3987.

تشریح:

اس حدیث پاک سے معلوم ہوا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جنت میں جنتی کے مقام و مرتبہ کو جانتے ہیں اور صدیق رضی اللہ عنہ و فاروق رضی اللہ عنہ کے درجات کو بھی جانتے ہیں۔ اس سے وہ لوگ عبرت حاصل کریں جو کہتے ہیں کہ معاذ اللہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے انجام کو نہیں جانتے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تو اپنے تمام غلاموں کے انجام اور مقام و مرتبہ کو بھی جانتے ہیں۔

حدیث نمبر 46: قیامت کو ہم اس طرح اٹھیں گے

عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ ذَاتَ يَوْمٍ فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ وَاَبُوْبَكْرٍ وَّعُمَرُ اَحَدُهُمَا عَنْ يَّمِيْنِهٖ وَالْاٰخَرُ عَنْ شِمَالِهٖ وَهُوَ اٰخِذٌ بِاَيْدِيْهِمَا وَقَالَ هٰكَذَا نُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

ترجمہ:

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ ایک دن نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد میں تشریف لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک جانب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور دوسری جانب حضرت عمر رضی اللہ عنہ تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان دونوں کا ہاتھ تھام رکھا تھا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہمیں قیامت کے دن اسی طرح معبوث کیا جائے گا۔

Marfat.com

تخریج:

ترمذی 2/685 کتاب المناقب باب فی مناقب ابی بکر و عمر رقم 3602

ابن ماجہ صفحہ 105 کتاب السنہ باب فضل ابی بکر الصدیق رقم 99

حدیث نمبر 47: صدیق اکبر حوض پر میرے ساتھی ہوں گے

عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَبِیْ بَکْرٍ اَنْتَ صَاحِبِیْ عَلَی الْحَوْضِ وَصَاحِبِیْ فِی الْغَارِ.

ترجمہ:

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم غار میں میرے ساتھی تھے اور حوض پر بھی میرے ساتھی ہوگے

تخریج:

ترمذی 2/686 کتاب المناقب باب فی مناقب ابی بکرٍ و عمر رقم 3603

حدیث نمبر 48: لوگوں کو کس طرح اٹھایا جائے گا

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَا اَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْہُ الْاَرْضُ ثُمَّ اَبُوْبَکْرٍ ثُمَّ عُمَرُ ثُمَّ اٰتِیْ اَھْلَ الْبَقِیْعِ فَیُحْشَرُوْنَ مَعِیْ ثُمَّ اَنْتَظِرُ اَھْلَ مَکَّۃَ حَتّٰی اُحْشَرَ بَیْنَ الْحَرَمَیْنِ.

ترجمہ:

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

Marfat.com

سب سے پہلے میرے لیے زمین کو شق کیا جائے گا' پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے لیے اور پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے لیے' پھر جنت البقیع میں دفن لوگ آئیں گے' اور ان کا حشر میرے ساتھ کیا جائے گا' پھر میں اہل مکہ کا انتظار کروں گا' یہاں تک کہ دونوں حرمین کے درمیان اکٹھ ہوگا۔

تخریج:

ترمذی 2/688 کتاب المناقب باب فی مناقب عمر بن الخطاب رقم 3625

تشریح:

ان احادیث سے معلوم ہوا کہ اس کائنات اور قیامت تو دور کی بات ہے' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تو قیامت کے بعد کی باتوں کو بھی جانتے ہیں۔ جیسا کہ لوگوں کے اٹھنے اور اکٹھا ہونے کو بیان فرمایا ہے۔

حدیث نمبر 49: جنتیوں کے آنے کی خبریں

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

قَالَ يَطَّلِعُ عَلَيْكُمْ رَجُلٌ مِّنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَاطَّلَعَ اَبُوْبَكْرٍ ثُمَّ قَالَ يَطَّلِعُ عَلَيْكُمْ رَجُلٌ مِّنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَاطَّلَعَ عُمَرُ.

ترجمہ:

ابھی تمہارے سامنے ایک جنتی شخص آئے گا' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سامنے آگئے'

Marfat.com

پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تمہارے سامنے ایک جنتی شخص آئے گا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ سامنے آ گئے۔

تخریج:

ترمذی 2/688 کتاب المناقب باب فی مناقب عمر ابن الخطاب رقم 3627

تشریح:

اس حدیث پاک سے معلوم ہوا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے غلاموں کے اعمال' اور ان کے انجام کو بخوبی جانتے ہیں۔ اور یہ بھی جانتے ہیں کہ دیوار کے پیچھے سے کون آ رہا ہے۔ اور اس حدیث پاک میں ان لوگوں کے لیے سبق ہے جو کہتے ہیں کہ معاذ اللہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دیوار کے پیچھے کا علم نہیں ہے۔

حدیث نمبر 50: آج کے بعد عثمان کو کوئی عمل نقصان نہیں دے گا

حضرت عبدالرحمن بن خباب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جیش عسرت کی مدد کی ترغیب دے رہے تھے' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے ایک سو اونٹ ساز وسامان سمیت اللہ کی راہ میں دینے کا اعلان کیا' پھر دو سو اونٹ ساز و سامان سمیت اللہ کی راہ میں دینے کا اعلان کیا' اور پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ترغیب دلائی تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے تین سو اونٹ ان کے ساز و سامان سمیت اللہ کی راہ میں دیئے :فَاَنَا رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَنْزِلُ عَنِ

Marfat.com

الْمِنْبَرِ وَ هُوَ يَقُوْلُ مَا عَلٰى عُثْمَانَ مَا عَمِلَ هٰذِهٖ مَا عَلٰى عُثْمَانَ مَا عَمِلَ هٰذِهٖ.

(راوی بیان کرتے ہیں) میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر سے نیچے تشریف لے آئے' اور ارشاد فرما رہے تھے۔ آج کے بعد عثمان رضی اللہ عنہ جو بھی عمل کرے اس پر کوئی پکڑ نہیں ہوگی آج کے بعد عثمان رضی اللہ عنہ جو بھی عمل کرے اس پر کوئی پکڑ نہیں ہوگی۔

تخریج:

ترمذی 2/689 کتاب المناقب باب فی مناقب عثمان بن عفان رقم 3633'3634

تشریح:

اس حدیث مبارک کا ایک مطلب تو یہ ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ جو بھی کریں ان کو کوئی نقصان نہیں ہوگا' اور دوسرا مطلب یہ ہے کہ وہ ایسا کام کریں گے ہی نہیں جو غلط اور ناجائز ہوگا۔

حدیث نمبر 51: فتنوں کے وقت ہدایت یافتہ کون؟

کچھ خطیب لوگ شام میں کھڑے ہوئے ان میں کچھ صحابہ کرام بھی تھے سب سے آخر میں حضرت مرہ بن کعب رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے: فَقَالَ لَوْلَا حَدِيْثٌ سَمِعْتُهٗ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قُمْتُ وَذَكَرَ

Marfat.com

الْفِتَنَ فَقَرَّبَهَا فَمَرَّ رَجُلٌ مُقَنَّعٌ فِيْ ثَوْبٍ فَقَالَ هٰذَا يَوْمَئِذٍ عَلَى الْهُدٰى فَقُمْتُ اِلَيْهِ فَاِذَا هُوَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ قَالَ فَاَقْبَلْتُ عَلَيْهِ بِوَجْهِهٖ فَقُلْتُ اِذَا قَالَ نَعَمْ.

ترجمہ:

انہوں نے فرمایا: اگر میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبانی ایک حدیث نہ سنی ہوتی تو میں اس وقت کھڑا نہ ہوتا۔ ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عنقریب ظاہر ہونے والے فتنوں کا ذکر کیا۔ اسی دوران آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سے ایک شخص گزرا جس نے اپنا منہ چادر میں لپیٹا ہوا تھا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس موقع پر یہ شخص ہدایت پر ہوگا۔ راوی بیان کرتے ہیں: میں اٹھ کر اس شخص کی طرف گیا' تو اس چادر میں حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ تھے۔ میں واپس آ کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے دریافت کیا: کیا یہ؟ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہاں یہ۔

تخریج:

ترمذی 2/690 کتاب المناقب باب فی مناقب عثمان ابن عفان رقم 3637

بن ماجہ صفحہ 106 کتاب السنہ باب فضل عثمان رقم 111

مسند امام احمد 235/4.

تشریح:

Marfat.com

اس حدیث پاک سے معلوم ہوا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جانتے ہیں عنقریب فتنے آئیں گے اوران فتنوں میں کون کون ہدایت پر ہوگا' اسی لے فرمایا کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ اس وقت ہدایت پر ہوں گے۔

حدیث نمبر 52:

اے عثمان لوگ مجبور کریں گے لیکن وہ قمیص نہ اتارنا

عَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ یَا عُثْمَانُ اِنَّہٗ لَعَلَّ اللّٰہَ یُقَمِّصُكَ قَمِیْصًا فَاِنْ اَرَادُوْكَ عَلٰی خَلْعِہٖ فَلَا تَخْلَعْہُ لَھُمْ.

ترجمہ:

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عثمان رضی اللہ عنہ! اللہ تعالیٰ تمہیں ایک قمیص پہنائے گا اور لوگ اسے اتارنے کی کوشش کریں گے لیکن تم اسے نہ اتارنا۔

تخریج:

ترمذی 2/690 کتاب المناقب باب فی مناقب عثمان ابن عفان رقم 3638

ابن ماجہ صفحہ 106 کتاب السنہ باب فضل عثمان رقم 112

تشریح:

اس حدیث پاک میں قمیص سے مراد خلافت ہے یعنی اللہ تعالیٰ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو

Marfat.com

خلافت دے گا اور لوگ چھوڑنے کے لیے مجبور کریں گے لیکن خلافت چھوڑ نا نہ' ایسا ہی ہوا لوگوں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو خلافت چھوڑنے کے لیے مجبور کیا اور پھر شہید کر دیا۔ یہ حدیث علم غیب کی واضح دلیل ہے۔

حدیث نمبر 53: خراسان سے سیاہ جھنڈے نکلیں گے

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَخْرُجُ مِنْ خُرَسَانَ رَایَاتٌ سُوْدٌ لَّا یَرُدُّهَا شَیْءٌ حَتّٰی تُنْصَبَ بِاِیْلِیَاءَ.

ترجمہ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: خراسان سے سیاہ جھنڈے نکلیں گے انہیں کوئی واپس نہیں کر سکے گا' یہاں تک کہ وہ بیت المقدس میں نصب کر دیئے جائیں گے۔

تخریج:

ترمذی 560/2 کتاب الفتن باب ما جآء فی النهی عن سب الریاح رقم 2195

تشریح:

اس حدیث پاک میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چار غیب کی باتوں کی خبر دی ہے جیسا کہ: خراسان سے جھنڈے نکلیں گے' ان کا رنگ سیاہ ہوگا' انہیں کوئی واپس نہیں کر سکے گا' اور بیت المقدس میں نصب کر دیئے جائیں گے۔

Marfat.com

حدیث نمبر 54: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ مظلوم شہید ہوں گے

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ ذَكَرَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِتْنَةً فَقَالَ يُقْتَلُ فِيْهَا هٰذَا مَظْلُوْمًا لِعُثْمَانَ.

ترجمہ:

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فتنے کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا: اس میں یہ مظلوم کے طور پر قتل کر دیا جائے گا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ بات حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمائی ہے۔

تخریج:

ترمذی 2/690 کتاب المناقب باب فی مناقب عثمان ابن عفان رقم 3641

حدیث نمبر 55: آزمائش میں صبر کرنا

حَدَّثَنِیْ اَبُوْ سَهْلَةَ قَالَ قَالَ عُثْمَانُ يَوْمَ الدَّارِ اِنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ عَهِدَ اِلَيَّ عَهْدًا فَاَنَا صَابِرٌ عَلَيْهِ.

ترجمہ:

ابو سہلہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو محصور کیا گیا تھا تو انہوں نے بتایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے عہد لیا تھا میں اس آزمائش پر صابر رہوں گا۔

تخریج:

Marfat.com

ترمذی 2/691 کتاب المناقب باب فی مناقب عثمان ابن عفان رقم 3644

ابن ماجہ صفحہ 106 کتاب السنہ باب فضل عثمان ابن عفان رقم 113.

تشریح:

ان احادیث سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب ﷺ کو ہر چیز کا علم عطا فرمایا ہے: جیسا کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ عثمان رضی اللہ عنہ کو مظلوم کے طور پر شہید کر دیا جائے گا۔ اور دوسرے موقعہ پر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو فرمایا کہ آزمائش پر صبر کرنا یعنی مصیبتوں کے آنے کی طرف اشارہ فرمایا اور وصیت بھی فرمائی کہ صبر کرنا۔

حدیث نمبر 56: زمین پر چلتا ہوا شہید دیکھنا ہو تو۔۔۔۔

قَالَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ سَرَّهٗ اَنْ يَّنْظُرَ اِلٰى شَهِيْدٍ يَّمْشِى عَلٰى وَجْهِ الْاَرْضِ فَلْيَنْظُرْ اِلٰى طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِاللّٰهِ.

ترجمہ:

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے نبی کریم ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: کہ جو شخص یہ چاہتا ہو کسی شہید کو زمین پر چلتے ہوئے دیکھے تو وہ طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ کو دیکھ لے۔

تخریج:

ترمذی 2/694 کتاب المناقب باب مناقب طلحہ بن عبیداللہ رقم 3672

Marfat.com

ابن ماجہ صفحہ 107 کتاب السنہ باب فضل طلحہ بن عبیداللہ رقم 125

تشریح:

بعض لوگ گستاخی کرتے ہوئے یہاں تک کہتے ہیں کہ معاذ اللہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے انجام کی خبر نہیں ہے۔ لیکن نبی رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تو اپنے غلاموں کے انجام کی بھی خبر دے رہے ہیں اور یہ بھی جانتے ہیں کہ کون طبعی موت سے وفات پائے گا اور کون شہادت کے مرتبے پر فائز ہوگا۔

حدیث نمبر 57: کتاب اللہ اور میری عترت جدا نہیں ہوں گے

عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ تَارِكٌ فِيْكُمْ مَا اِنْ تَمَسَّكْتُمْ بِهٖ لَنْ تَضِلُّوْا بَعْدِيْ اَحَدُهُمَا اَعْظَمُ مِنَ الْاٰخَرِ كِتَابُ اللهِ حَبْلٌ مَمْدُوْدٌ مِّنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ وَعِتْرَتِيْ اَهْلُ بَيْتِيْ وَلَنْ يَّتَفَرَّقَا حَتّٰى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ فَانْظُرُوْا كَيْفَ تَخْلُفُوْنِيْ فِيْهِمَا.

ترجمہ:

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں تمہارے درمیان وہ چیز چھوڑ رہا ہوں کہ اگر تم اسے مضبوطی سے تھامے رکھو گے تو میرے بعد گمراہ نہ ہو گے ان میں سے ایک دوسری سے زیادہ عظمت والی ہے

Marfat.com

اللہ کی کتاب جو آسمان سے زمین پر لٹکی ہوئی ایک رسی ہے' اور میری عترت یعنی اہل بیت۔ یہ دونوں ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوں گے یہاں تک کہ یہ دونوں حوض پر مجھ تک پہنچ جائیں گے تم اس بات کا خیال رکھنا! تم میرے بعد ان سے کیا برتاؤ کرتے ہو؟

تخریج:

ترمذی 2/699 کتاب المناقب باب مناقب اهل بیت النبی ﷺ رقم 3718'3720

تشریح:

اس حدیث پاک میں جہاں آل نبی ﷺ کی شان معلوم ہوئی ہے وہاں نبی کریم ﷺ نے غیب کی خبر دیتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ میری اہل بیت کبھی بھی قرآن سے جدا نہیں گے۔

اس دور میں بہت سے لوگ جب ساداتِ کرام کی تعظیم وعزت دیکھتے ہیں تو وہ خود کو سید کہلوانے لگتے ہیں ایسا کرنا بہت سخت گناہ ہے۔ اور دوسرا ہمارے معاشرے میں ذاتوں کی اونچ نیچ کا بہت رواج ہو گیا' جس کی وجہ سے لوگ اپنے آپ کو اونچی ذات میں تبدیل کرتے ہیں۔ حالانکہ ہمارے دین میں ایسی کوئی بات نہیں۔ ذاتیں اور قبیلے پہچان کے لیے بنائے گے ہیں اور اللہ کے نزدیک مقام متقین کے لیے ہے۔ اور جو اپنی ذات کو بدلنے کی کوشش کرتے ہیں وہ درج ذیل احادیث غور سے پڑیں:

Marfat.com

جیسا کہ فرمایا جس نے اپنے آپ کو اپنے باپ کے علاوہ کی طرف منسوب کیا اس پر اللہ فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہے' قیامت کو اس کے فرائض ونوافل قبول نہیں کیے جائیں گے۔

مسلم 442/1 کتاب الحج باب ب فضل المدینہ ..... رقم قدیمی کتب خانہ

جس نے اپنے آپ کو اپنے باپ کے علاوہ کی طرف منسوب کیا اس پر لگاتار قیامت کے دن تک اللہ کی لعنت ہے۔

ابوداود 2/356 کتاب الادب باب فی الرجل ینتمی الی غیر موالیہ رقم 5115

حدیث نمبر 58: سرخ اونٹ والا جنت میں نہیں جائے گا

عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيَدْخُلَنَّ الْجَنَّةَ مَنْ بَايَعَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ اِلَّا صَاحِبَ الْجَمَلِ الْاَحْمَرِ.

ترجمہ:

حضرت جابر رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: عنقریب وہ لوگ جنت میں داخل ہوں گے جنہوں نے درخت کے نیچے بیعت کی سوائے سرخ اونٹ والے شخص کے۔

تخریج:

ترمذی 2/706 کتاب المناقب باب فیمن سبّ اصحاب النبی ﷺ رقم 3798

تشریح:

Marfat.com

اس حدیث مبارک سے معلوم ہوا کہ نبی کریم ﷺ اپنے تمام غلاموں کے اعمال اوران کے انجام کوبخوبی جانتے ہیں جیسا کہ فرمایادرخت کے نیچے بیعت کرنے والے تمام جنت میں جائیں گے سوائے سرخ اونٹ والے کے۔

حدیث نمبر 59: صحابی نوراور قائد بن کراٹھیں گے

حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: مَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ اَصْحَابِیْ یَمُوْتُ بِاَرْضٍ اِلَّا بُعِثَ قَائِدًا وَّنُوْرًا لَهُمْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ. میرے ساتھیوں میں سے جوبھی شخص جس زمین پرفوت ہوگا قیامت کے دن وہاں کے لوگوں کا قائداوران کے لیے نوربن کرزندہ ہوگا۔

تشریح:

یہ حدیث پاک بتارہی ہے کہ ہرصحابی وہاں کے لوگوں کے لیے نور ہوگا لیکن لوگ توآقا صحابی کونور ماننے کے لیے تیار نہیں ہیں۔

تخریج:

ترمذی 2/706 کتاب المناقب باب فیمن ابّ اصحاب النبی ﷺ رقم 3800

حدیث نمبر 60: مدینہ سب سے آخر میں بے آباد ہوگا

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اٰخِرُ

Marfat.com

قَرْيَةٍ مِّنْ قُرَى الْاِسْلَامِ خَرَابًا الْمَدِيْنَةُ.

ترجمہ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسلامی شہروں میں سب سے آخر میں مدینہ منورہ بے آباد ہوگا۔

تخریج:

ترمذی 2/710 کتاب المناقب باب ماجاء فی فضل المدینہ رقم 3854

تشریح:

اس حدیث مبارک سے معلوم ہوا کہ ایک وقت آئے گا جب تمام شہر برباد ہو جائیں گے اور ان میں سب سے آخر میں مدینہ منورہ بے آباد ہوگا۔ جو کہ علم غیب کی واضح دلیل ہے۔

حدیث نمبر 61: عنقریب لوگ خواہش کریں گے کہ وہ یمنی ہوتے

عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْاَزْدُ اُسْدُ اللّٰهِ فِي الْاَرْضِ يُرِيْدُ النَّاسُ اَنْ يَّضَعُوْهُمْ وَيَاْبَى اللّٰهُ اِلَّا يَرْفَعَهُمْ وَلَيَاْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَّقُوْلُ الرَّجُلُ يَالَيْتَ اَبِيْ كَانَ اَزْدِيًّا يَّالَيْتَ اُمِّيْ كَانَتْ اَزْدِيَّةً.

ترجمہ:

Marfat.com

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے ازد (یعنی یمنی لوگ) زمین میں اللہ تعالیٰ کے شیر ہیں لوگ یہ چاہتے ہیں کہ انہیں پست کر دیں، جب کہ اللہ تعالیٰ یہ چاہتا ہے کہ انہیں سربلندی عطا کرے، عنقریب لوگوں پر وہ زمانہ آئے گا، جب کوئی شخص یہ کہے گا: اے کاش! میں یمنی ہوتا اے کاش میری ماں یمنی ہوتی۔

تخریج:

ترمذی 2/712 کتاب المناقب باب فی فضل یمن رقم 3872

حدیث نمبر 62: دنیا تم پر بہادی جائے گی

عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ خَرَجَ عَلَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَذْکُرُ الْفَقْرَ وَنَتَخَوَّفُہٗ فَقَالَ اَلْفَقْرَ تَخَافُوْنَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَتُصَبَّنَّ عَلَیْکُمُ الدُّنْیَا صَبًّا حَتّٰی لَایُزِیْغَ قَلْبَ اَحَدِکُمْ اِزَاغَۃً اِلَّا ھِیَہٗ وَاَیْمُ اللّٰہِ لَقَدْ تَرَکْتُکُمْ عَلٰی مِثْلِ الْبَیْضَاءِ لَیْلُھَا وَنَھَارُھَا سَوَاءٌ. قَالَ اَبُو الدَّرْدَاءِ صَدَقَ وَاللّٰہِ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَرَکَنَا وَاللّٰہِ عَلٰی مِثْلِ الْبَیْضَاءِ لَیْلُھَا وَنَھَارُھَا سَوَاءٌ.

ترجمہ:

Marfat.com

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک روز ہمارے پاس تشریف لائے اور ہم باہم فقر کے موضوع پر گفتگو کر رہے تھے اور اس سے خوف زدہ تھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم فقر سے خوف زدہ ہو؟ قسم ہے اس ذات کی! جس کے قبضہ قدرت میری جان ہے۔ تم پر دنیا اس طرح بہادی جائے گی کہ دنیا کی جانب کسی کا ذرہ بھی دل متوجہ نہیں ہوگا اور اللہ کی قسم میں تمہیں ایسی حالت میں چھوڑ کر جاؤں گا جس کے شب و روز سفیدی میں برابر ہوں گے۔

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اللہ کی قسم! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سچ فرمایا: اور اللہ کی قسم! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں اسی حالت میں چھوڑ کر تشریف لے گئے جس کی سفیدی (مالداری) میں شب و روز برابر تھے۔

تخریج:

ابن ماجہ صفحہ 96 کتاب السنہ باب اتباع سنۃ رسول اللہ ﷺ رقم 5

تشریح:

صحابہ کرام کی پریشانی دیکھ کر غیب کی خبر ارشاد فرمائی کہ تم پریشان نہ ہو تم پر دنیا بہادی جائے گی اور ایسا بہت جلد ہوگا یعنی میں تم کو اسی حالت میں چھوڑ کر جاؤں گا کہ تم پر دنیا کی کثرت ہوگی۔ راوی آج کے لوگوں کی طرح اعتراض نہیں کر رہا کہ معاذ اللہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو توکل کی بات کا بھی نہیں پتا یہ کیسے سالوں کی باتیں بیان فرما رہے ہیں بلکہ حدیث بیان کرنے کے بعد اللہ کی قسم اٹھا کر تصدیق

Marfat.com

کر رہے ہیں کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وصال فرمایا: تو دنیا میں مالداری کے لحاظ سے شب و روز برابر تھے۔

حدیث نمبر 63: ایک زمانہ آئے گا حدیث کا انکار ہوگا

عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِیْ كَرِبَ الْكِنْدِیْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُوْشِكُ الرَّجُلُ مُتَّكِئًا عَلٰى اَرِيْكَتِهٖ يُحَدَّثُ بِحَدِيْثٍ مِنْ حَدِيْثِيْ فَيَقُوْلُ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ كِتَابُ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ فَمَا وَجَدْنَا فِيْهِ مِنْ حَلَالٍ اِسْتَحْلَلْنَاهُ وَمَا وَجَدْنَا فِيْهِ مِنْ حَرَامٍ حَرَّمْنَاهُ اَلَا وَاِنَّ مَا حَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلُ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ.

ترجمہ:

حضرت مقدام بن معدیکرب الکندی رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بہت جلد ایسا زمانہ آئے گا کہ آدمی اپنے تخت پر تکیہ لگائے بیٹھا ہوگا اس کے سامنے میری حدیث بیان کی جائے گی تو جواب میں کہے گا' ہمارے اور تمہارے درمیان فیصلہ کرنے والی کتاب اللہ عزوجل کی کتاب ہے جو کچھ ہم حلال پائیں گے اسے حلال جانیں گے' جو کچھ حرام پائیں گے اسے حرام سمجھیں گے' آگاہ رہو! جو کچھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حرام فرمایا: وہ بھی ویسا ہی حرام ہے جیسے اللہ تعالیٰ نے حرام فرمایا

Marfat.com

تخریج:

ابن ماجہ صفحہ 97 کتاب السنہ باب تعظیم حدیث رسول اللہ ﷺ رقم 12'13'14

تشریح:

اس حدیث پاک میں نبی کریم ﷺ نے آنے والے وقت میں رونما ہونے والے فتنے کی خبر دی ہے کہ کس طرح حدیث کا انکار کیا جائے گا' اور ساتھ واضح بھی فرما دیا کہ رسول اللہ ﷺ کی حرام کی ہوئی چیزیں ایسی ہی ہیں جیسی اللہ نے حرام کی ہیں اس حدیث مبارک سے جہاں علم غیب کی دلیل ہے وہاں اختیارات مصطفیٰ ﷺ کا بھی ثبوت ملتا ہے۔

حدیث نمبر 64: لوگوں کے گمراہ ہونے کی وجہ

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ تَلٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ (هُوَ الَّذِیْ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ مِنْهُ اٰيَاتٌ مُّحْكَمَاتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتَابِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهَاتٌ اِلٰی قَوْلِهٖ .وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّا اُولُوا الْاَلْبَابِ)فَقَالَ يَا عَائِشَةُ اِذَا رَاَيْتُمُ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْهِ فَهُمُ الَّذِيْنَ عَنَاهُمُ اللّٰهُ فَاحْذَرُوْهُمْ.

ترجمہ:

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی:

Marfat.com

Marfat.com

ہے جس نے تم پر یہ کتاب اتاری اس کی کچھ
کتاب کی اصل ہیں دوسری وہ ہیں جن کے معنیٰ
ں میں کجی ہے وہ اشتباہ والی کے پیچھے پڑتے
ڈھونڈھنے کو اور اس کا ٹھیک پہلو اللہ ہی کو معلوم
ہم اس پر ایمان لائے سب ہمارے رب کے
مگر عقل والے۔(پارہ3 آل عمران7)

ن آیات میں اختلاف کرنے والے نظر آئیں تو
ے بارے میں اللہ نے فرمایا: ان سے بچو۔

اب اجتناب البدع والجدل رقم.47

ومتشابہات آیات پڑھ کر اور محکم آیات کے معنیٰ
وگمراہ کرنے کی کوشش میں لگے ہوئے ہیں۔ اور

خراب کر کے اپنی آخرت کو داو پر لگا لیتے ہیں' اور شیطان کا سب سے بڑا وار ان پر چل چکا ہوتا ہے کہ ''انسان غلط کر رہا ہوتا ہے لیکن اس کے دل میں شیطان یہ بات ڈال دیتا ہے کہ تم بہت اچھا کام کر رہے ہو جس کی وجہ سے وہ کبھی رجوع کی طرف مائل نہیں ہوتا''

تو ایسوں کے لیے ہم یہاں پر اپنے اکابرین یعنی صحابہ کرام اور تابعین کی چند مثالیں بیان کرتے ہیں' ہدایت تو اللہ تعالیٰ عطا فرماتا ہے' ہمارے ذمے تو کھول کر بیان کرنا ہے۔

شیخ طریقت امیر اہلسنت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری نقل فرماتے ہیں:

بدمذہبوں سے حدیث وآیت نہ سنی:۔

حضرت علامہ امام ابوبکر محمد ابن سیرین علیہ رحمۃ اللہ المبین کی خدمت میں دو بدعقیدہ آدمی حاضر ہوئے اور کہنے لگے: اے ابوبکر! ہم آپ کو ایک حدیث سناتے ہیں۔ فرمایا: میں نہیں سنوں گا۔ دونوں نے کہا: اچھا چلئے قرآنِ کریم کی ایک آیت ہی سن لیجئے۔ فرمایا: نہیں سنوں گا' تم دونوں میرے پاس سے چلے جاؤ ورنہ میں اٹھ کر چلا جاتا ہوں۔ آخر وہ چلے گئے تو بعض لوگوں نے (حیرت سے) عرض کی: اے ابوبکر! آپ اگر ان سے حدیث پاک یا آیت قرآنی سن لیتے تو اس میں آخر کیا حرج تھا؟ فرمایا: مجھے یہ خوف ہوا کہ یہ لوگ قرآن وحدیث کے ساتھ اپنی کچھ تاویل لگائیں اور وہ میرے

Marfat.com

میں قائم ہو پھر جو گمراہی کی بات کریں گے ان کا پورا اثر ہوگا لہذا ایسوں کی بدمذہبی کا اظہار فاسق کے فسق کے اظہار سے زیادہ اہم ہے اس کے بیان کرنے میں ہر گز دریغ نہ کریں۔

منحوس بدمذہبوں کی بات سننی ہی نہیں:۔

مذکورہ حکایت سے ان لوگوں کو بھی درس حاصل کرنا چاہیئے کہ جو یہ سمجھتے ہیں کہ جو بھی قرآن وحدیث بیان کرے آنکھیں بند کر کے اس سے سن لینا چاہیے اگر ایسا ہوتا تو مسلمانوں کے جلیل القدر امام حضرت سیدنا امام ابوبکر محمد ابن سرین علیہ رحمۃ اللہ المبین جیسے عالم دین نے ان بدعقیدہ آدمیوں سے قرآن وحدیث کو کیوں نہیں سنا! بس یوں سمجھو کہ انہوں نے نہ سن کر گویا ہم جیسوں کو سمجھایا ہے کہ میں بھی نہیں سنتا تم بھی مت سنو! حالانکہ آپ عربی دان اور جلیل القدر عالم ومجتہد تھے اگر وہ بدعقیدہ لوگ تاویل کرتے تو پکڑے بھی جاتے مگر ان منحوس بدمذہبوں سے سننا ہی نہیں کہ شیطان کو بہکاتے دیر نہیں لگتی۔ اگر آپ سن لیتے تو دوسروں کے لیے دلیل ہو جاتی اور وہ سن کر گمراہ ہوتے۔ اور ہاں آپ نے ان کو جو چلے جانے کا حکم فرمایا وہ کوئی بداخلاقی نہیں تھی بلکہ ایسا کرنا عین حسن اخلاق ہے اللہ ورسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دشمنوں کی خاطر تواضع نہیں کی جاسکتی۔

جو ہیں دشمن رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہم نے ان کو دل سے نکال رکھا ہے

Marfat.com

بدمذہبی کی بو:۔

دعوتِ اسلامی کے اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ 561 صفحات پر مشتمل کتاب ملفوظاتِ اعلیٰ حضرت (مکمل) صفحہ 302 پر ہے حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نماز مغرب پڑھ کر مسجد سے باہر تشریف لائے تھے کہ ایک شخص نے آواز دی کہ کون ہے جو مسافر کو کھانا دے؟ امیر المومنین نے خادم سے فرمایا: اسے ہمراہ لے آؤ وہ آیا (تو) اسے کھانا منگا کر دیا۔ مسافر نے کھانا شروع ہی کیا تھا کہ ایک لفظ اس کی زبان سے ایسا نکلا جس سے بدمذہبی کی بو آتی تھی فوراً کھانا سامنے سے اٹھوالیا اور اسے نکال دیا۔ (کنزالعمال 10/117 رقم 29384)

فارق حق و باطل امام الھدیٰ　　تیغ مسلول شدت پہ لاکھوں سلام

بدمذہبوں کے پاس بیٹھنا کیسا؟

ملفوظاتِ اعلیٰ حضرت (مکمل) صفحہ 277 سے عرض و ارشاد کا اقتباس ملاحظہ فرمایئے اور اپنی آخرت کی بہتری کی صورت بنایئے۔

عرض: اکثر لوگ بدمذہبوں کے پاس جان بوجھ کر بیٹھتے ہیں۔ ان کے لیے کیا حکم ہے؟

ارشاد: (بدمذہبوں کے پاس بیٹھنا) حرام ہے اور بدمذہب ہو جانے کا اندیشہ کامل اور دوستانہ ہو تو دین کے لیے زہر قاتل۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں:

اِیَّاکُمْ وَاِیَّاھُمْ لَایُضِلُّوْنَکُمْ وَلَا یَفْتِنُوْنَکُمْ یعنی انہیں اپنے سے

Marfat.com

دور کرو اور ان سے دور بھاگو وہ تمہیں گمراہ نہ کر دیں کہیں وہ تمہیں فتنے میں نہ ڈالیں۔ (مقدمہ صحیح مسلم ص 7 حدیث 9) اور اپنے نفس پر اعتماد کرنے والا بڑے کذاب (یعنی بہت بڑے جھوٹے) پر اعتماد کرتا ہے "اِنَّهَا اَكْذَبُ شَیْءٍ اِذَا حَلَفَتْ فَكَيْفَ اِذَا وَعَدَتْ" (نفس اگر کوئی بات قسم کھا کر کہے تو سب سے بڑھ کر جھوٹا ہے نہ کہ جب خالی وعدہ کرے) صحیح حدیث میں فرمایا: جب دجال نکلے گا' کچھ (افراد) اسے تماشے کے طور پر دیکھنے جائیں گے کہ ہم تو اپنے دین پر مستقیم (یعنی قائم) ہیں' ہمیں اس سے کیا نقصان ہوگا وہاں جا کر ویسے ہی ہو جائیں گے۔

ابو داود 244/2 کتاب الملاحم باب خروج الدجال رقم 4319.

حدیث میں ہے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو جس قوم سے دوستی رکھتا ہے اس کا حشر اسی کے ساتھ ہوگا۔ سنن دارمی 339/2 کتاب الرقائق باب المرء مع من احب رقم 2821.

(المعجم الاوسط للطبرانی 5/19 حدیث 6451)

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ط (پارہ 6 المائدہ 51)

ترجمہ کنز الایمان: تم میں سے جو کوئی ان سے دوستی رکھے گا تو وہ انہیں میں سے ہے

حدیث نمبر 65: گمراہ ہونے کی دوسری وجہ لڑائی جھگڑا

عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا

Marfat.com

ضَلَّ قَوْمٌ بَعْدَ هُدًا كَانُوْا عَلَيْهِ اِلَّا اُوْتُوا الْجَدَلَ ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ الْاٰيَةَ (بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُوْنَ)۔

ترجمہ:

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے بعد ہدایت یافتہ لوگ اس وقت گمراہ ہوجائیں گے جب ان میں جنگ وجدل شروع ہو جائے گا پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیت بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُوْنَ (پارہ 25 الزخرف 58) ''بلکہ یہ لوگ جھگڑالو ہیں'' تلاوت فرمائی۔

تخریج:

ابن ماجہ صفحہ 100 کتاب السنہ باب اتباع سنة الخفاء.....رقم 48

تشریح:

حدیث مبارک میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غیب کی خبر دیتے ہوئے امت کے گمراہ ہونے کی دوسری وجہ لڑائی جھگڑے بیان فرمائی ہے۔ جیسا کہ جب سے لڑائی جھگڑے شروع ہوئے ہیں امت کا وقار دن بدن ختم ہو رہا ہے اور امت گمراہی کی طرف جارہی ہے۔

حدیث نمبر 66: ایک زمانہ ایسا آئے گا لوگوں کو امام نہیں ملے گا

حضرت سلامہ بنت الحر حضرت خرشہ رضی اللہ عنہا کی بہن کا بیان ہے کہ میں نے نبی کریم

Marfat.com

ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَّقُوْلُوْنَ سَاعَةً لَا يَجِدُوْنَ اِمَامًا يُّصَلِّي بِهِمْ.

ترجمہ:

لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ گھڑی بھر کھڑے ہو کر انتظار کرتے رہیں گے لیکن انہیں نماز پڑھانے کے لیے امام نہیں ملے گا۔

تخریج:

ابن ماجہ صفحہ 175 کتاب اقامۃ الصلوۃ واسنہ فیھا باب ما یجب علی الامام رقم 982
ابو داود 1/96 کتاب الصلوۃ باب فی کراھیۃ التدافع عن الامامۃ رقم 581

تشریح:

موجودہ زمانے میں یہ نشانی کافی حد تک پائی جاتی ہے کیونکہ جو لوگ نماز پڑھاتے ہیں ان میں سے اکثر امامت کے اہل نہیں ہیں بلکہ محض پیشہ ور امام ہیں' اور جب وہ بھی نہ ہوں تو نماز پڑھانے کے لیے کوئی شخص نہیں ملتا یہاں تک کہ بعض جگہ جماعت ہی نہیں ہوتی۔ نبی کریم ﷺ نے اپنے ظاہری دور کے بعد کی خبر ارشاد فرمائی ہے جو من وعن پوری ہو رہی ہے لیکن بعض لوگ پھر بھی غیب پر ایمان لانے کے لیے تیار نہیں ہوتے۔

حدیث نمبر 67: ہر کوئی سود کھائے گا

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

Marfat.com

لَيَأْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ لَّا يَبْقٰى اَحَدٌ مِّنْهُمْ اِلَّا اٰكِلُ الرِّبَا فَمَنْ لَّمْ يَأْكُلْ اَصَابَهٗ مِنْ غُبَارِهٖ.

ترجمہ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عنقریب لوگوں پر وہ زمانہ آئے گا کہ کوئی شخص باقی نہ رہے گا سوائے اس کے کہ سود کھاتا ہو اور جو نہ کھاتا ہوگا اسے بھی اس کا غبار پہنچے گا۔

تخریج:

ابن ماجہ صفحہ 283 کتاب التجارت باب التغلیظ فی الربا رقم 2278

نسائی 2/211 کتاب البیوع باب اجتناب الشبہات فی الکسب رقم 4467

ابوداود 2/118 کتاب البیوع باب فی اجتناب الشبہات رقم 3330

تشریح:

سود کا غبار اور گرد پہنچے گی کا مطلب یہ ہے کہ وہ سود کے مقدموں میں گواہی اور وکالت کرے گا یا اگر خود نہیں کھائے گا تو دوسروں کو کھلائے گا۔

حدیث نمبر 68: امت میں سب سے پہلے فرائض کا علم اٹھے گا

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ تَعَلَّمُوا الْفَرَائِضَ وَعَلِّمُوْهَا فَاِنَّهٗ نِصْفُ الْعِلْمِ وَهُوَ يُنْسٰى وَهُوَ اَوَّلُ شَيْءٍ يُّنْزَعُ مِنْ اُمَّتِيْ.

Marfat.com

ترجمہ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرائض سیکھو اور سیکھاؤ کیونکہ وہ آدھا علم ہے یہ وہ علم ہے جو بھلا دیا جائے گا اور میری امت میں سب سے پہلے یہی چیز اٹھائی جائے گی۔

تخریج:

ابن ماجہ صفحہ 319 کتاب الفرائض باب الحث علی تعلیم الفرائض رقم 2719

حدیث نمبر 69:

اہل بیت کا ایک فرد دیلم اور قسطنطنیہ کا مالک بنے گا

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَوْلَمْ یَبْقَ مِنَ الدُّنْیَا اِلَّا یَوْمٌ لَطَوَّلَهُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ حَتّٰی یَمْلِكُ رَجُلٌ مِّنْ اَهْلِ بَیْتِیْ یَمْلِكُ الدَّیْلَمَ وَالْقَسْطُنْطِیْنِیَّةَ.

ترجمہ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر صرف دنیا کا ایک ہی دن باقی رہ جائے گا تو اللہ تعالیٰ اسے بھی طویل کر دے گا حتی کہ میرے اہل بیت سے ایک فرد دیلم اور قسطنطنیہ کے پہاڑوں کا مالک بن جائے گا

تخریج:

Marfat.com

ابن ماجہ صفحہ 324 کتاب الجہاد باب ذکر الدیلم وفضل قزوین رقم 2779

تشریح:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کس طرح یقین کے ساتھ آنے والے وقت کی خبر دے رہے ہیں اگر ایک دن بھی باقی رہا تو ضرور یہ ہوگا۔ لیکن نہ ماننے والوں کے لیے کوئی دلیل بھی کافی نہیں ہوتی حتی کہ سورج کو مڑتا ہوا دیکھ کر بھی نہیں مانے تھے۔

حدیث نمبر 70: قزوین شہر میں پہرہ دینے کی فضیلت

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَتُفْتَحُ عَلَيْكُمُ الْاٰفَاقُ وَسَتُفْتَحُ عَلَيْكُمْ مَدِيْنَةٌ يُّقَالُ لَهَا قَزْوِيْنُ مَنْ رَّابَطَ فِيْهَا اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا اَوْ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً كَانَ لَهٗ فِي الْجَنَّةِ عَمُوْدٌ مِّنْ ذَهَبٍ عَلَيْهِ زَبَرْ جَدَةٌ خَضْرَاءُ عَلَيْهَا قُبَّةٌ مِّنْ يَّاقُوْتَةٍ حَمْرَآءَ لَهَا سَبْعُوْنَ اَلْفَ مِصْرَاعٍ مِّنْ ذَهَبٍ عَلٰى كُلِّ مِصْرَاعٍ زَوْجَةٌ مِّنَ الْحُوْرِ الْعِيْنِ.

ترجمہ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عنقریب تم بہت سے ممالک اور شہر فتح کرو گے ان میں ایک شہر قزوین بھی ہوگا جو شخص چالیس رات یا چالیس دن وہاں مورچہ بند رہا تو اس کے لیے جنت میں سونے کا ایک

Marfat.com

ستون ہوگا۔اس کے اوپر سبز زبرجد ہوں گے اوراس ستون پر سرخ یاقوت کا ایک قبہ ہوگا جس میں سونے کے ستر ہزار دروازے ہوں گے اور ہر دروازے پر اس کی بیوی یعنی حور ہوگی۔

تخریج:

ابن ماجہ صفحہ 324 کتاب الجہاد باب ذکر الدیلم و فضل قزوین رقم 2780

تشریح:

اس حدیث پاک میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے درج ذیل غیب کی خبریں ارشاد فرمائیں بہت سے ممالک اور شہر فتح ہوں گے' ان میں ایک شہر قزوین بھی ہوگا' وہاں مورچہ بند رہنے والے کے لیے سونے کا ستون ہوگا' اس کے اوپر سبز زبرجد ہوں گے' سرخ یاقوت کا ایک قبہ ہوگا' جس میں سونے کے ستر ہزار دروازے ہوں گے' ہر دورازے پر اس کے لیے ایک حور ہوگی۔

حدیث نمبر 71: زندہ جانوروں کا گوشت کھانے والی قوم

عَنْ تَمِيْمٍ الدَّارِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكُوْنُ فِيْ اٰخِرِ الزَّمَانِ قَوْمٌ يَّجُبُوْنَ اَسْنِمَةَ الْاِبِلِ وَيَقْطَعُوْنَ اَذْنَابَ الْغَنَمِ اِلَّا فَمَا قَطَعَ مِنْ حَيٍّ فَهُوَ مَيِّتٌ.

ترجمہ:

Marfat.com

حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آخر زمانہ میں ایک قوم ہوگی جو زندہ اونٹوں کے کوہان اور بکریوں کی دمیں کاٹ لیا کریں گے تو زندہ جانور سے جو گوشت کاٹا جائے وہ مردار ہے۔

تخریج:

ابن ماجہ صفحہ 364 کتاب الصید باب ما قطع من البیھمۃ وھی حیۃ رقم 3217

تشریح:

اس حدیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غیب کی خبر دیتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں: کہ ایسی قوم بھی ہوگی جو زندہ جانوروں کا گوشت کاٹ کر کھائے گی اور ساتھ وضاحت بھی فرمادی کہ وہ گوشت حرام ہوگا۔

حدیث نمبر 72: لوگ شراب کا نام تبدیل کر کے پئیں گے

عَنْ اَبِیْ مَالِكِ الْاَشْعَرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَشْرَبَنَّ نَاسٌ مِّنْ اُمَّتِیْ الْخَمْرَ يُسَمُّوْنَهَا بِغَيْرِ اِسْمِهَا يُعْزَفُ عَلٰى رُءُوْسِهِمْ بِالْمَعَازِفِ وَالْمُغَنِّيَاتِ يَخْسِفُ اللّٰهُ بِهِمُ الْاَرْضَ وَيَجْعَلُ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيْرَ.

ترجمہ:

حضرت ابو مالک الاشعری رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری

Marfat.com

امت میں سے کچھ لوگ شراب پئیں گے اور اس کا نام تبدیل کر کے دوسرا رکھیں گے ان کے سروں پر باجے بجیں گے گانے والیاں گائیں گی تو انہیں اللہ تعالیٰ زمین میں دھنسائے گا اور انہیں بندر اور سور بنائے گا۔

تخریج:

ابن ماجه 427 کتاب الفتن باب العقوبات رقم 4020

ابن ماجه صفحه 376 کتاب الاشربه باب لحمر یسمونها بغیر اسمها رقم 3384'3385

تشریح:

اس حدیث مبارک میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے درج ذیل غیب کی خبریں ارشاد فرمائی کچھ لوگ شراب پئیں گے' اس کا نام تبدیل کر دیں گے' ان کے سروں پر باجے بجیں گے' اور گانے والیاں گائیں گی' اللہ تعالیٰ انہیں زمین میں دھنسائے گا اور انہیں بندر اور سور بنا دے گا۔

حدیث نمبر 73: مدینہ میں قتل عام ہوگا/تلوار توڑ کر گھر بیٹھ جانا

عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ اَنْتَ يَا اَبَا ذَرٍّ وَمَوْتًا يُّصِيْبُ النَّاسَ حَتّٰى يُقَوَّمَ الْبَيْتُ بِالْوَصِيْفِ يَعْنِى الْقَبْرَ قُلْتُ مَا خَارَ اللّٰهُ لِىْ وَرَسُوْلُهٗ اَوْ قَالَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ تَصَبَّرُ قَالَ كَيْفَ اَنْتَ وُجُوْعًا يُّصِيْبُ النَّاسَ حَتّٰى تَاْتِىَ مَسْجِدَكَ فَلَا تَسْتَطِيْعُ اَنْ تَرْجِعَ اِلٰى فِرَاشِكَ

Marfat.com

وَلَا تَسْتَطِيعُ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ فِرَاشِكَ اِلٰى مَسْجِدِكَ قَالَ قُلْتُ اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ اَوْ مَا خَارَ اللّٰهُ لِيْ وَرَسُوْلُهٗ قَالَ عَلَيْكَ بِالْعِفَّةِ ثُمَّ قَالَ كَيْفَ اَنْتَ وَقَتْلًا يُّصِيْبُ النَّاسَ حَتّٰى تُغْرَقَ حِجَارَةُ الزَّيْتِ بِالدَّمِ قُلْتُ مَا خَارَ اللّٰهُ لِيْ وَرَسُوْلُهٗ قَالَ اِلْحَقْ بِمَنْ اَنْتَ مِنْهُ قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَلَا اٰخُذُ سَيْفِيْ فَاَضْرِبَ بِهٖ مَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ قَالَ شَارَكْتَ الْقَوْمَ اِذًا وَلٰكِنِ ادْخُلْ بَيْتَكَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ دُخِلَ بَيْتِيْ قَالَ اِنْ خَشِيْتَ اَنْ يَّبْهَرَكَ شُعَاعُ السَّيْفِ فَاَلْقِ طَرَفَ رِدَائِكَ عَلٰى وَجْهِكَ فَيَبُوْءَ بِاِثْمِهٖ وَاِثْمِكَ فَيَكُوْنُ مِنْ اَصْحَابِ النَّارِ.

ترجمہ:

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ابوذر رضی اللہ عنہ اس وقت تمہاری کیا حالت ہوگی جس وقت لوگوں پر موت طاری ہوگی اور قبر کی قیمت ایک غلام کے برابر ہوگی میں نے عرض کیا: جو اللہ اور اس کا رسول میرے لیے پسند کریں یا عرض کیا اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اس وقت صبر سے کام لینا۔ پھر فرمایا: اس وقت کیا کرو گے جب لوگوں پر قحط شدید ہوگا اور بھوک کا غلبہ ہوگا حتیٰ تم اپنی مسجد آؤ گے اور تم میں اپنے بستر تک جانے کی

Marfat.com

قوت نہیں ہوگی میں نے عرض اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں یا فرمایا: اللہ اور اس کا رسول میرے لیے جو پسند فرمائے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس وقت ضرور بضرور حرام سے بچنا۔ پھر فرمایا: اس وقت تم کیا کرو گے جب (مدینہ میں) قتل عام ہوگا حتیٰ کہ حجارۃ الذیت خون میں ڈوب جائے گی میں نے عرض کیا: اللہ اور اس کا رسول جو میرے لیے پسند فرمائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم جن لوگوں میں سے ہو انہیں کے ساتھ وابستہ رہنا (یعنی اہل مدینہ کے ساتھ) میں نے عرض کیا۔ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میں تلوار لے کر ایسے شخص کے ساتھ جنگ کیوں نہ کروں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اگر تم ایسا کرو گے تو مفسدوں میں شمار ہوگے تمہیں چاہیے کہ چپ چاپ ہو کر اپنے گھر میں بیٹھ جاؤ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میرے گھر میں گھس آئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمہیں تلوار کی چمک کا خوف ہو تو اپنی چادر منہ پر ڈال لینا وہ قتل کرنے والا اپنا اور تیرا دونوں کا گناہ اپنے سر لے گا اور دوزخ میں جائے گا۔

تخریج:

ابن ماجہ 420'421 کتاب الفتن باب التثبت فی الفتنہ رقم 3958'3962

ابوداود 2/235 کتاب الفتن باب النہی عن اسعی فی الفتنہ رقم 4260

تشریح:

اس حدیث مبارک میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے درج ذیل غیب کی خبریں ارشاد فرمائی

Marfat.com

ایک وقت آئے گا ایک قبر کی قیمت ایک غلام کے برابر ہوگی' لوگوں پر شدید قحط آئے گا' بھوک کا شدید غلبہ ہوگا' اس وقت مسجد سے بچھونے اور بچھونے سے مسجد آنے کی بھی طاقت نہ رہے گی' مدینہ میں قتل عام ہوگا جس کی وجہ سے حجارۃ الذیت خون میں ڈوب جائے گی' اور فرمایا اگر اس وقت تم جنگ کرو گے تو مفسدوں میں شمار ہوگے' اور اس وقت تمہیں قتل کرنے والا تمہارا اور اپنا گناہ اپنے ذمے لے گا'

حدیث نمبر 74:

جب روم اور فارس کے خزانے کھول دیئے جائیں گے

عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ عَنْ رَّسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهٗ قَالَ اِذَا فُتِحَتْ عَلَيْكُمْ خَزَائِنُ فَارِسَ وَالرُّوْمِ اَيُّ قَوْمٍ اَنْتُمْ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ نَقُوْلُ كَمَا اَمَرَنَا اللهُ قَالَ رَّسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ غَيْرَ ذٰلِكَ تَتَنَافَسُوْنَ ثُمَّ تَتَحَاسَدُوْنَ ثُمَّ تَتَدَابَرُوْنَ ثُمَّ تَتَبَاغَضُوْنَ اَوْ نَحْوَ ذٰلِكَ ثُمَّ تَنْطَلِقُوْنَ فِيْ مَسٰكِيْنِ الْمُهَاجِرِيْنَ فَتَجْعَلُوْنَ بَعْضَهُمْ عَلٰى رِقَابِ بَعْضٍ.

ترجمہ:

حضرت عبدالرحمن بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Marfat.com

نے ارشاد فرمایا: جب تم پر فارس اور روم کے خزانے کھول دیئے جائیں گے اس وقت تمہاری کیا حالت ہوگی؟ حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ نے عرض کی: ہم وہی کریں گے جو ہمیں اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم ایک دوسرے کے مال سے محبت کرنے لگ جاؤ گے' اور ایک دوسرے سے حسد کرو گے' اور ایک دوسرے سے اعراض برتنے لگ جاؤ گے' اور ایک دوسرے سے بغض کرنے لگ جاؤ گے' یا اسی طرح کے دوسرے معاملات کرنے لگ جاؤ گے' پھر مسکین مہاجرین کے حقوق غصب کرو گے' اور اس طرح دوسروں کا بوجھ اپنی گردن پر لے لو گے۔

تخریج:

ابن ماجہ صفحہ 424 کتاب الفتن باب فتنة المال رقم 3996

تشریح:

اس حدیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے درج ذیل غیب کی خبریں ارشاد فرمائی ہیں: روم اور فارس کے خزانے کھول دیئے جائیں گے' لوگ ایک دوسرے کے مال سے محبت کرنے لگیں گے' حسد' بغض' اور اعراض برتنے جیسے مہلک گناہوں میں پڑھ جائیں گے' اور مسکین مہاجرین کے حقوق غصب کیے جائیں گے۔

حدیث نمبر 75: تجھے بہت سا مال ملے گا

Marfat.com

حضرت سمرہ بن سہم رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں حضرت ابو ہاشم بن عتبہ رضی اللہ عنہ جو کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے ماموں تھے نیزے سے زخمی ہو گے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ ان کی عیادت کے لیے گئے تو وہ رونے لگے استفسار پر فرمایا: درد' تکلیف یا دنیا کے چھوٹ جانے کا رونا نہیں ہے :وَلٰكِنْ رَّسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَهِدَ اِلَيَّ عَهْدًا وَدِدْتُّ اَنِّيْ كُنْتُ تَبِعْتُهٗ قَالَ اِنَّكَ لَعَلَّكَ تُدْرِكُ اَمْوَالًا تُقَسِّمُ بَيْنَ اَقْوَامٍ وَاِنَّمَا يَكْفِيْكَ مِنْ ذٰلِكَ خَادِمٌ وَّمَرْكَبٌ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ فَاَدْرَكْتُ فَجَمَعْتُ.

ترجمہ:

لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے ایک عہد لیا تھا اور میں نے چاہا تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیروی کروں گا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا: تجھے بہت سا مال ملے گا جسے تو لوگوں میں تقسیم کر دینا' اور تیرے لیے ایک خادم اور اللہ کی راہ میں لڑنے کے لیے ایک سواری کافی ہے افسوس جب میں نے مال پایا تو اسے جمع کیا۔

تخریج:

ابن ماجہ صفحہ 438 کتاب الزھد باب الزھد فی الدنیا رقم 4103.

نسائی 2/301 کتاب الزینہ من السنن باب اتخاذ الخادم والمرکب رقم 5387.

تشریح:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غیب کی خبر دیتے ہوئے فرمایا تھا: کہ تمہیں مال ملے گا اور

Marfat.com

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمانے کے مطابق ان صحابی رضی اللہ عنہ کو بہت سا مال ملا تھا۔

حدیث نمبر 76: اے عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ تمہاری عمر لمبی ہوگی

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ ساری رات عبادت کرتے اور دن کو روزہ رکھتے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں فرمایا کہ تم پر تمہارے جسم اور رشتہ داروں کا بھی حق ہے اور پھر فرمایا: اِنَّهٗ عَسٰى اَنْ يَّطُوْلَ بِكَ عُمُرٌ ..... بے شک تمہاری عمر بہت زیادہ لمبی ہوگی

تخریج:

نسائی 1/325 کتاب الصیام باب صوم یوم وافطار .....رقم 2390.

حدیث نمبر 77: حضرت رویفع رضی اللہ عنہ کی عمر لمبی ہوگی

ایک طویل حدیث ہے جس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت رویفع رضی اللہ عنہ سے فرمایا: يَا رُوَيْفِعُ لَعَلَّ الْحَيٰوةَ سَتَطُوْلُ بِكَ بَعْدِيْ ..... اے رویفع تمہاری عمر لمبی ہوگی اور میرے بعد زندہ رہو گے۔

تخریج:

ابو داود 1/17 کتاب الطھارت باب ماینھی عنہ ان یستنجی بہ رقم 36

حدیث نمبر 78: اے جابر تم اس بیماری میں وفات نہیں پاؤ گے

جب حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیمار ہوئے نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کی عیادت کے لیے تشریف لے گئے اور فرمایا: يَا جَابِرُ لَا اَرَاكَ مَيِّتًا مِنْ وَجْعِكَ ..... میرے

Marfat.com

خیال میں تم اس بیماری میں وفات نہیں پاؤ گے۔

تخریج:

ابو داود 2/51 کتاب الفرائض باب من کان لیس لہ.....رقم 2889

تشریح:

ان احادیث سے معلوم ہوا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے غلاموں کی زندگی اور موت کو جانتے ہیں۔

حدیث نمبر 79: مسلمان ہندوستان میں جہاد کریں گے

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ وَعَدَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ غَزْوَةَ الْهِنْدِ

ترجمہ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم سے وعدہ فرمایا تھا کہ مسلمان ہندوستان میں جہاد کریں گے۔۔۔۔۔۔۔۔

تخریج:

نسائی 2/63 کتاب الجہاد باب غزوۃ الہند رقم 3173

تشریح:

اس حدیث مبارک میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غیب کی خبر دی ہے کہ مسلمان ہندوستان میں جہاد کریں گے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمانے کے مطابق مسلمانوں نے ہندوستان

Marfat.com

میں جھاد کیا اور اسے فتح کرلیا۔

حدیث نمبر 80: چور کی اصلیت کا علم

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ جِیءَ بِسَارِقٍ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اُقْتُلُوْهُ فَقَالُوْا یَارَسُوْلَ اللهِ اِنَّمَا سَرَقَ قَالَ اِقْطَعُوْهُ فَقُطِعَ ثُمَّ جِیءَ بِهِ الثَّانِیَةَ فَقَالَ اُقْتُلُوْهُ فَقَالُوْا یَارَسُوْلَ اللهِ اِنَّمَا سَرَقَ قَالَ اِقْطَعُوْهُ فَقُطِعَ فَاُتِیَ بِهِ الثَّالِثَةَ فَقَالَ اُقْتُلُوْهُ قَالُوْا یَارَسُوْلَ اللهِ اِنَّمَا سَرَقَ فَقَالَ اِقْطَعُوْهُ ثُمَّ اُتِیَ بِهِ الرَّابِعَةَ فَقَالَ اُقْتُلُوْهُ فَقَالُوْا یَارَسُوْلَ اللهِ اِنَّمَا سَرَقَ قَالَ اِقْطَعُوْهُ فَاُتِیَ بِهِ الْخَامِسَةَ قَالَ اُقْتُلُوْهُ.....

ترجمہ:

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں ایک چور لایا گیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اسے قتل کردو۔ لوگوں نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس نے تو صرف چوری کی ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اس کا ہاتھ کاٹ دو اس کا ہاتھ کاٹ دیا گیا۔ وہ شخص پھر چوری کے جرم میں دوبارہ پیش کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کو قتل کردو' لوگوں نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس نے تو صرف چوری کی ہے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کا پاؤں کاٹ دو۔ اس کا

Marfat.com

پاؤں کاٹ دیا گیا۔ پھر وہ چور تیسری بار لایا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اسے مار ڈالو لوگوں نے عرض کیا اس نے صرف چوری کی ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اس کا ہاتھ کاٹ دو پھر وہ چوتھی دفعہ لایا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کو قتل کر دو لوگوں نے عرض کیا اس نے تو چوری کی ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اچھا اس کا پاؤں کاٹ دو۔ پھر وہ پانچویں دفعہ لایا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اس کو قتل کر دو۔

تخریج:

نسائی 2/261 کتاب قطع السارق باب قطع الرجل من السارق بعد الید رقم 4992.

نسائی 2/261 کتاب قطع السارق باب قطع الید ولرجلین من السارق رقم 4993.

ابوداود 2/258 کتاب الحدود باب السارق یسرق مرارًا رقم 4410.

تشریح:

چور کو کسی حال میں قتل نہیں کیا جا سکتا اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چور کو قتل کرنے کا حکم فرمانا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شریعت کے ظاہر اور حقیقت و باطن کے مطابق فیصلہ کرنے میں مختار ہیں پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پہلے بتقاضائے حقیقت اس کے قتل کا حکم فرمایا تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ظاہری حکم کے مطابق حد لگانے کی عرض کی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دوبارہ اس کے قتل کا حکم فرمایا: صحابہ کرام نے پھر وہی عرض کیا پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہاتھ کاٹنے کا حکم دے دیا پانچویں مرتبہ جب اس نے چوری کی تو پھر اس کو قتل کر دیا گیا۔

Marfat.com

حدیث نمبر 81: اس کو بھی دے دو وہ سچ کہتی ہے

عَنْ سَعْدِ بْنِ الْاَطْوَلِ اَنَّ اَخَاهُ مَاتَ وَتَرَكَ ثَلَاثَ مِائَةِ دِرْهَمٍ وَتَرَكَ عِيَالًا فَاَرَدْتُّ اَنْ اُنْفِقَهَا عَلٰى عِيَالِهٖ فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَخَاكَ مُحْتَبَسٌ بِدَيْنِهٖ فَاقْضِ عَنْهُ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ اَدَّيْتُ عَنْهُ اِلَّا دِيْنَارَيْنِ اِدَّعَتْهُمَا امْرَاَةٌ وَّلَيْسَ لَهَا بَيِّنَةٌ قَالَ فَاَعْطِهَا فَاِنَّهَا مُحِقَّةٌ.

ترجمہ:

حضرت سیدنا سعد بن اطول رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ان کا بھائی ترکے میں تین سو درہم اور اہل وعیال چھوڑ کر دنیا سے چل بسا پس میں نے وہ رقم اس کے گھر والوں پر خرچ کرنے کا ارادہ کیا تو نور کے پیکر نبیوں کے سرور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تیرا بھائی قرض میں گرفتار تھا لہذا اس کی طرف سے قرض ادا کرو (قرض ادا کرنے کے بعد) انہوں نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں نے ان کی طرف سے سارا قرض ادا کر دیا ہے سوائے ان دو دیناروں کے جن کا دعوٰی ایک عورت کرتی ہے حالانکہ اس کے پاس کوئی دلیل نہیں۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اسے دے دو وہ سچ کہتی ہے۔

تخریج:

Marfat.com

ابن ماجہ صفحہ295 کتاب الصدقات باب اداء الدین عن المیت رقم 2433

تشریح:

یہ حدیث پاک باطنی فیصلہ کے باب سے ہے۔ اس قسم کے معاملات میں ظاہری طور پر شریعت کا حکم یہ ہے کہ ایسی صورت میں گواہی کا قیام اور قسم کا پایا جانا واجب ہوتا ہے کیونکہ یہ میت کے خلاف دعوٰی ہے خصوصًا جب ورثاء نابالغ ہوں لیکن باطن اور حقیقت پر مطلع ہونے کی وجہ سے قرض کی ادائیگی کا فیصلہ صادر فرمایا۔ جس سے ثابت ہوا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مقدس نگاہوں سے بظاہر و باطن کچھ بھی پوشیدہ نہیں ہے۔

حدیث نمبر 82:

ایسے لوگ ہوں گے جو دعا و طہارت میں حد سے نکلیں گے

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ نے اپنے صاحبزادے کو جنت میں دائیں جانب کے محل کا سوال کرتے ہوئے سنا تو فرمایا ہے اے بیٹے! اللہ تعالیٰ سے جنت مانگو اور جہنم سے پناہ مانگو کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے:

اِنَّهٗ سَيَكُوْنُ فِيْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ قَوْمٌ يَّعْتَدُوْنَ فِي الطَّهُوْرِ وَالدُّعَآءِ.

بے شک عنقریب اس امت میں کچھ ایسے لوگ ہوں گے جو طہارت اور دعا میں حد سے نکلیں گے۔

Marfat.com

تخریج:

ابوداود 1/24 کتاب الطھارت باب الاسراف فی الوضوء رقم 96

حدیث نمبر 83: دعا میں گنتی کریں گے

حضرت ابن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں دعا کر رہا تھا اے اللہ! میں تجھ سے جنت اس کی رونقیں، نعمتیں، اور فلاں فلاں چیز مانگتا ہوں اور تیری پناہ پکڑتا ہوں دوزخ اس کی زنجیریں طوقوں اور فلاں فلاں چیزوں سے۔ میرے والد نے سنا تو فرمایا: اے بیٹے! میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے:

سَيَكُوْنُ قَوْمٌ يَعْتَدُوْنَ فِي الدُّعَآءِ فَإِيَّاكَ اَنْ تَكُوْنَ مِنْهُمْ اِنَّكَ اِنْ اُعْطِيْتَ الْجَنَّةَ اُعْطِيْتَهَا وَمَا فِيْهَا مِنَ الْخَيْرِ وَاِنْ اُعِذْتَ مِنَ النَّارِ اُعِذْتَ مِنْهَا مَا فِيْهَا مِنَ الشَّرِّ.

عنقریب ایسے لوگ آئیں گے کہ دعا میں چیزوں کو گنا کریں گے تم ان میں شامل ہونے سے بچو کیونکہ اگر تمہیں جنت دی گی تو اس کی ہر بھلائی تمہیں دی جائے گی تو اگر تمہیں دوزخ میں عذاب دیا گیا تو اس کی ہر برائی تمہیں پہنچ جائے گی۔

تخریج:

ابوداود 1/218 کتاب الصلوۃ باب المدعاء رقم 1479

تشریح:

ان احادیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دو غیب کی خبریں ارشاد فرمائی ہیں ایک یہ کہ

Marfat.com

لوگ دعا وطہارت میں حد سے نکلیں گے اور دوسرا یہ کہ دعا میں گنتی کریں گے۔

حدیث نمبر 84: تمہیں گھر کے اندر ہی شہادت مل جائے گی

جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غزوہ بدر کے لیے تشریف لے جانے لگے تو حضرت ام ورقہ رضی اللہ عنہا بارگاہِ محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئی اور ساتھ جانے کی اجازت مانگی کہ شاید مجھے شہادت نصیب ہو جائے فرمایا: اَنْ یَّرْزُقَنِیْ شَهَادَةً قَرِّیْ فِیْ بَیْتِكِ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ یَرْزُقُكِ الشَّهَادَةَ قَالَ فَكَانَتْ تُسَمَّی الشَّهِیْدَةَ تم اپنے گھر میں رہو اللہ تمہیں شہادت مرحمت فرمائے گا۔ راوی کا بیان ہے کہ ان کا نام شہیدہ پڑھ گیا۔

وہ گھر میں رہ کر قرآن پڑھا کرتی تھی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اجازت لے کر اس نے گھر میں ایک غلام اور ایک لونڈی کو مدبر رکھ لیا تھا۔ ایک رات ان دونوں نے اس کا گلا گھونٹ کر خود فرار ہو گے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں پکڑ کر سولی دے دیا اور مدینہ میں سب سے پہلی سولی انہیں دی گی تھی۔

تخریج:

ابو داود 1/97 کتاب الصلوۃ باب باب امامة النساء رقم 591

تشریح:

اس حدیث پاک سے معلوم ہوا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نہ صرف اپنے غلاموں کی زندگی

Marfat.com

اور موت کو جانتے ہیں بلکہ یہ بھی جانتے ہیں کہ طبعی موت ہوگی یا شہادت اور شہادت کہاں پر ہوگی۔

حدیث نمبر 85: قرآن کو سیدھا کر کے پڑھیں گے

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم قرآن پڑھ رہے تھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے اور فرمایا: الحمدللہ اللہ کی کتاب ایک ہے لیکن تم سرخ، سفید اور سیاہ ہر قسم کے لوگ ہو: اِقْرَئُوْهُ قَبْلَ اَنْ يَّقْرَأَ اَقْوَامٌ يُقِيْمُوْنَهٗ كَمَا يُقَوَّمُ السَّهْمُ يَتَعَجَّلُ اَجْرَهٗ وَلَا يَتَاَجَّلَهٗ.

اسے پڑھ لو اس سے پہلے کہ ایسی قومیں آئیں جو اسے سیدھا کریں جیسے تیر کو سیدھا کیا جاتا ہے اس کا بدلہ دنیا میں لیں گے اور آخرت پر نہیں چھوڑیں گے۔

تخریج:

ابوداود 1/128 کتاب الصلوۃ باب ما یجزئ الامی.....رقم 831" 830

تشریح:

اس حدیث پاک میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایسے لوگوں کی خبر دی ہے، جو قرآن کو سیدھا کر کے پڑھیں گے، اس کی اجرت دنیا میں وصول کریں گے، اور آخرت پر نہیں چھوڑیں گے۔

حدیث نمبر 86: چھوٹا سا آدمی نجات پا گیا

Marfat.com

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص بیان کرتے ہیں' ایک شخص نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور عرض کی مجھے قرآن سیکھا دیجئے۔ آپ ﷺ نے اسے مختلف سورتیں سیکھائی لیکن اس نے عرض کیا میں عمر رسیدہ ہوں' میرا دل سخت ہو گیا ہے' اور میری زبان موٹی ہے' نبی کریم ﷺ نے آخر میں اسے اذا زلزلت الارض والی سورت سکھا دی۔ اس سے فارغ ہونے پر وہ شخص عرض گزار ہوا:

وَالَّذِیْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا اَزِیْدُ عَلَیْهَا اَبَدًا ثُمَّ دَبَرَ الرَّجُلُ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَفْلَحَ الرُّوَیْجِلُ مَرَّتَیْنِ.

قسم ہے اس ذات کی! جس نے حق کے ساتھ آپ ﷺ کو معبوث فرمایا ہے میں کبھی اس میں اضافہ نہیں کروں گا۔ نبی کریم ﷺ نے دو مرتبہ فرمایا یہ چھوٹا سا آدمی نجات پا گیا۔

تخریج:

ابوداود 1/207 کتاب الصلوۃ ابواب شہر رمضان باب تخریب القران رقم 1339

تشریح:

اس حدیث مبارک سے معلوم ہوا کہ نبی کریم ﷺ نہ صرف اپنے غلاموں کے اعمال کو جانتے ہیں بلکہ ان کے انجام سے بھی بخوبی آگاہ ہیں جیسا کہ فرمایا کہ یہ چھوٹا سا آدمی نجات پا گیا ہے۔

Marfat.com

حدیث نمبر 87: زمین لوگوں کو الٹ پلٹ دے گی

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ سَتَكُوْنُ هِجْرَةٌ بَعْدَ هِجْرَةٍ فَخِيَارُ اَهْلِ الْاَرْضِ اَلْزَمَهُمْ مُهَاجِرَ اِبْرَاهِيْمَ وَيَبْقٰى فِي الْاَرْضِ شِرَارُ اَهْلِهَا تَلْفِظُهُمْ اَرْضُوْهُمْ تَقْذَرُهُمْ نَفْسُ اللّٰهِ وَتَحْشُرُهُمُ النَّارُ الْقِرَدَةِ وَالْخَنَازِيْرِ

ترجمہ:

حضرت عبداللہ عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ہجرت کے بعد عنقریب پھر ہجرت ہوگی پس زمین پر بسنے والوں میں بہتر وہ ہوں گے جو حضرت ابراھیم علیہ السلام کی جائے ہجرت کو اختیار کریں گے اور زمین پر وہ لوگ رہ جائیں گے، جو دنیا کے گئے گزرے ہوں گے زمین انہیں الٹ پلٹ دے گی، اللہ تعالیٰ انہیں بروں میں شمار کرے گا، اور آگ ان کا حشر بندروں اور خنزیروں جیسا کرے گی۔

تخریج:

ابوداود 1/358 کتاب الجهاد باب فی سکنی الشام رقم 2482

تشریح:

حدیث پاک میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے درج ذیل غیب کی خبریں ارشاد فرمائی ہیں:

Marfat.com

بہتر وہ لوگ ہوں گے جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کی جائے ہجرت کو اختیار کریں گے' اور وہ لوگ رہ جائیں گے جو گئے گزرے لوگ ہوں گے' زمین انہیں الٹ پلٹ کرے گی' اللہ تعالیٰ انہیں بروں میں شمار کرے گا' آگ ان کا حشر بندروں اور خنزیروں جیسا کرے گی۔

حدیث نمبر 88: عنقریب تم بہت سے شہر فتح کرو گے

عَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ سَتُفْتَحُ عَلَیْکُمُ الْاَمْصَارُ وَسَتَکُوْنُ جُنُوْدٌ مُجَنَّدَةٌ یُقْطَعُ عَلَیْکُمْ فِیْهَا بُعُوْثًا فَیَکْرَهُ الرَّجُلُ مِنْکُمُ الْبَعَثَ فِیْهَا فَیَتَخَلَّصُ مِنْ قَوْمِهٖ ثُمَّ یَتَصَفَّحُ الْقَبَائِلَ یَعْرِضُ نَفْسَهٗ عَلَیْهِمْ یَقُوْلُ مَنْ اَکْفِیْهِ بَعْثَ کَذَا اَکْفِیْهِ بَعْثَ کَذَا اَلَا وَذٰلِکَ الْاَجِیْرُ اِلَی الْاٰخِرِ قَطْرَةٌ مِنْ دَمِهٖ.

ترجمہ:

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے عنقریب تم کتنے ہی شہروں کو فتح کرو گے تو تمہارے کتنے ہی جرار لشکر ہوں گے ان لشکروں میں فوجی دستے بنائے جائیں گے تو تم میں سے آدمی ایسے فوجی دستے میں شامل ہونے کو ناپسند کرے گا اور اپنی قوم سے الگ ہو جائے گا۔ پھر

Marfat.com

دیگر قبائل میں اپنے آپ کو پیش کر کے کہے گا کہ ایسی فوج میں مجھے کون رکھتا ہے جو تنہا فوج کی جگہ کام دے۔ خبردار وہ مزدور ہے اور وہ اپنے خون کے آخری قطرے کی بھی اجرت لے رہا ہے۔

تخریج:

ابوداود 1/364 کتاب الجہاد باب فی الجعائل فی الغزو رقم 2525

تشریح:

اس حدیث پاک میں نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مستقبل میں مسلمانوں کے شہر اور ملک فتح کرنے کی خبر دی ہے کہ اور یہ کہ کس طرح لوگوں کی فوج کے دستے بنیں گے اور اپنی قوم کے دستے میں شامل ہونے سے انکار کر دے گا۔

حدیث نمبر 89: عنقریب رومیوں سے صلح پھر لڑائی ہوگی

حضرت جبیر بن نفیر رضی اللہ عنہ جو کہ صحابی رسول ہیں سے صلح کے متعلق دریافت کیا گیا:

فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ سَتُصْلِحُوْنَ الرُّوْمَ صُلْحًا اٰمِنًا فَتَغْزُوْنَ اَنْتُمْ وَهُمْ عَدُوًّا مِنْ وَرَآءِ كُمْ فَتُنْصَرُوْنَ وَتَغْنِمُوْنَ وَتَسْلِمُوْنَ ثُمَّ تُرْجِعُوْنَ حَتّٰى تَنْزِلُوْا بِمَرْجٍ ذِيْ تَلُوْلٍ فَيَرْفَعُ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ النَّصْرَانِيَّةِ الصَّلِيْبَ فَيَقُوْلُ غَلَبَ الصَّلِيْبُ فَيَغْضَبُ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَيَدُقُّهٗ فَعِنْدَ

Marfat.com

ذٰلِكَ تَغْدِرُ الرُّوْمُ وَتَجْمَعُ لِلْمَلْحَةِ.

ترجمہ:

ارشاد فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ عنقریب تم رومیوں سے امن کے ساتھ صلح کرو گے' نیز تم اور وہ اپنے پیچھے والے دشمن سے لڑو گے۔ پس تم فتح اور مال غنیمت پا کر سلامت رہو گے۔ پس لوٹتے وقت ایک ٹیلے والے میدان میں اترو گے۔ پس نصاریٰ میں سے ایک شخص صلیب اٹھا کر کہے گا کہ صلیب غالب ہوگی۔ پس مسلمانوں میں سے ایک شخص کو غصہ آجائے گا اور وہ اسے دھکا دے گا۔ اس پر رومی عہد شکنی کر کے مسلمانوں سے لڑنے کے لیے اپنی فوجوں کو جمع کر لیں گے۔

تخریج:

ابوداود 2/240 کتاب الملاحم باب مایذکر من ملاحم الرومر قم 4292

ابوداود 2/33 کتاب الجہاد باب فی الصلح العدو رقم 2767

تشریح:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تو ایک ایک چیز تفصیل کے ساتھ بیان فرما رہے ہیں لیکن کچھ لوگ ہیں کہ وہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علم کو ماننے کے لیے تیار ہی نہیں ہوتے' اللہ تعالیٰ ان کے شر سے ہمیں محفوظ فرمائے آمین۔

حدیث نمبر 90: قبر سے سونے کی سلاخ ملے گی

Marfat.com

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے جب کہ ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ طائف کی طرف نکلے ہم ایک قبر کے پاس سے گزرے:

فَقَالَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا قَبْرُ اَبِیْ رُغَالٍ وَكَانَ بِهٰذَا الْحَرَمِ يَدْفَعُ عَنْهُ فَلَمَّا خَرَجَ اَصَابَتْهُ النِّقْمَةُ الَّتِیْ اَصَابَتْ قَوْمَهٗ بِهٰذَا الْمَكَانِ فَدُفِنَ فِيْهِ وَاٰيَةُ ذٰلِكَ اَنَّهٗ دُفِنَ مَعَهٗ غُصْنٌ مِنْ ذَهَبٍ اِنْ اَنْتُمْ نَبَشْتُمْ عَنْهُ اَصَبْتُمُوْهُ مَعَهٗ فَابْتَدَرَهُ النَّاسُ فَاسْتَخْرَجُوْا الْغُصْنَ.

ترجمہ:

تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ ابو رغال کی قبر ہے جو عذاب سے بچنے کے لیے حرم کی حد میں رہتا تھا جب وہ اس سے باہر نکلا تو اسی عذاب میں گرفتار ہوا جو اس کی قوم پر آیا تھا اور اس جگہ دفن کیا گیا۔ اس کی نشانی یہ ہے کہ اس کے ساتھ سونے کی سلاخ بھی دفن کی گئی تھی اگر تم اس کی قبر کو کھودو گے تو اس کے ساتھ سلاخ پالو گے لوگ اس کی طرف دوڑے اور اس سلاخ کو نکال لیا۔

تخریج:

ابوداود 2/88 کتاب الخراج باب نبش القبور العادیہ رقم 3087

Marfat.com

تشریح:

ابورغال قوم ثمود کا ایک فرد تھا جو ثقیف کا جداعلیٰ بنا۔ اس نے اپنی قوم کے کرتوت دیکھ کر اندازہ کرلیا تھا میری قوم پر جلد یا بدیر عذاب الٰہی نازل ہوکر رہے گا۔ قوم کی طرح خود بھی وہ سرکشی سے باز نہ آیا لیکن خدا کے عذاب سے بچنے کے لیے تدبیر یہ کی کہ حرم کی حدود میں رہنے لگا اور اس سے باہر نہیں نکلتا تھا تاکہ لوگوں پر عذاب آئے اور وہ محفوظ رہے کیونکہ حرام کی حدود میں عذاب نازل نہیں ہوتا۔ آخر اس کی قوم پر عذاب آیا اور وہ ہلاک ہوگی وہ محفوظ رہا۔ کچھ عرصہ بعد ابورغال کو حرام کی حد سے باہر نکلنا پڑا اس پر بھی وہی عذاب آیا جو اس کی قوم پر آیا تھا وہ ہلاک ہوگیا۔ ابورغال کو جب دفن کیا گیا تو اس کی قبر میں ایک سونے کی سلاخ بھی گاڑی گئی تھی۔ ہزاروں سال بعد جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کرام کو ابورغال کے بارے میں بتایا تو سونے کی سلاخ کا بھی ذکر کیا اور غیب کی خبر دیتے ہوئے فرمایا کہ وہ آج بھی سونے کی سلاخ قبر کھودنے سے مل سکتی ہے۔ معلوم ہوا کہ نگاہِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کوئی شے پوشیدہ نہیں ہے۔ سبحان اللہ مازاغ البصر کے سرمے والی آنکھوں سے جب جہاں آفریں بھی نہ چھپ سکا تو دنیا کی اور کونسی چیز اتنی اہم اور محبوب سے چھپانے والی ہے جس کو پوشیدہ رکھا جاتا؟ اسی لیے ایک دانائے راز نے فرمایا ہے:۔

Marfat.com

اور کوئی غیب کیا تم سے نہاں ہو بھلا جب نہ خدا ہی چھپا تم پہ کروڑوں درود

حدیث نمبر 91: جب جہاد چھوڑو گے ذلت مسلط ہو جائے گی

عَنْ اَبْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِذَا تَبَايَعْتُمْ بِالْعِيْنَةِ وَاَخَذْتُمْ اَذْنَابَ الْبَقَرِ وَرَضِيْتُمْ بِالزَّرْعِ وَتَرَكْتُمُ الْجِهَادَ سَلَّطَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ ذِلًا لَا يَنْزَعُهُ حَتّٰى تَرْجِعُوْا اِلٰى دِيْنِكُمْ.

ترجمہ:

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جب تم بیع عینہ کرنے لگو گے اور بیل گایوں کی دمیں پکڑنے لگو گے اور کاشتکاری میں مگن ہو جاؤ گے اور جہاد کو چھوڑ بیٹھو گے تو اللہ تعالیٰ ذلت و رسوائی تم پر مسلط کر دے گا جب تک اپنے دین کی طرف نہیں لوٹو گے۔

تخریج:

ابو داود 2/134 کتاب البیوع باب فی النہی عن العینہ رقم 3462

تشریح:

بیع عینہ:

سود سے بچنے کی ایک صورت بیع عینہ ہے امام محمد نے فرمایا: بیع عینہ مکروہ ہے کیونکہ

Marfat.com

قرض کی خوبی اور حسن سلوک سے محض نفع کی خاطر بچنا چاہتا ہے اور امام ابو یوسف نے فرمایا: کہ اچھی نیت ہو تو اس میں حرج نہیں بلکہ بیع کرنے والا مستحق ثواب ہے کیونکہ وہ سود سے بچنا چاہتا ہے۔ مشائخ بلخ نے فرمایا: بیع عینہ ہمارے زمانے کی اکثر بیعوں سے بہتر ہے۔

بیع عینہ کی صورت یہ ہے کہ ایک شخص نے دوسرے سے مثلاً دس روپے قرض مانگے اس نے کہا میں قرض نہیں دونگا البتہ یہ کرسکتا ہوں کہ یہ چیز تمہارے ہاتھ بارہ روپے کی بیچتا ہوں اگر تم چاہو تو خرید لو اسے بازار میں دس روپے کو بیع کر دینا تمھیں دس روپے مل جائیں گے اور کام چل جائے گا اور اسی صورت سے بیع ہوئی۔

(بہار شریعت حصہ 11 جلد 2 صفحہ 779 مکتبۃ المدینہ)

اس حدیث پاک میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امت پر ذلت کے مسلط ہونے کی ایک وجہ جہاد کو چھوڑ دینا بیان فرمائی ہے۔

حدیث نمبر 92:

عنقریب عرب کے علاوہ دوسرے علاقے فتح کروگے

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّهَا سَتُفْتَحُ لَكُمْ اَرْضُ الْعَجَمِ وَسَتَجِدُوْنَ فِيْهَا بُيُوْتًا يُقَالُ لَهَا الْحَمَّامَاتُ فَلَا يَدْخُلَنَّهَا الرِّجَالُ اِلَّا بِالْاَزَارِ وَامْنَعُوْهَا

Marfat.com

اَلنِّسَآءَ اِلَّا مَرِيْضَةً اَوْ نُفَسَآءَ.

ترجمہ:

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عنقریب تم عرب کے علاوہ دوسرے علاقے فتح کرو گے اور وہاں ایسے مکان بھی پاؤ گے جنہیں حمام کہا جاتا ہے تو مردان میں داخل نہ ہوں مگر تہبند باندھ کر لیکن عورتوں کو ان سے روکنا سوائے بیمار اور زچہ کے۔

تخریج:

ابوداود 2/201 کتاب الحمام رقم 4011.

تشریح:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غیب کی خبر دیتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ عنقریب تم عرب کے علاوہ دوسرے علاقے بھی فتح کرو گے۔ وہاں پر حمام پاؤ گے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمانے کے مطابق مسلمانوں نے عرب کے علاوہ دوسرے علاقے فتح کیے

حدیث نمبر 93: صدیق اکبر رضی اللہ عنہ متکبر نہیں

عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ جَرَّ ثَوْبَهٗ خُيَلَاءَ لَمْ يَنْظُرِ اللهُ اِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ اِنَّ اَحَدَ جَانِبَيْ اِزَارِيْ يَسْتَرْخِيْ اِلَّا اَنْ اَتَعَاهَدَ

Marfat.com

ذٰلِكَ مِنْهُ قَالَ لَسْتُ مِمَّنْ يَفْعَلُهُ خُيَلَاءَ.

ترجمہ:

حضرت سالم بن عبداللہ رضی اللہ عنہ اپنے والد ماجد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو ازراہ تکبر اپنے کپڑے کو گھسیٹے گا قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اس کی طرف نظر بھی نہیں فرمائے گا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ عرض گزار ہوئے کہ مضبوطی سے باندھنے کے باوجود میری ازار کا ایک سرا لٹک جاتا ہے فرمایا تم ان میں سے نہیں ہو جو ازراہ تکبر ایسا کرتے ہیں۔

تخریج:

ابوداود 2/210 کتاب اللباس باب ماجاء فی اسبال الازار رقم 4085

تشریح:

اس حدیث مبارک سے معلوم ہوا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دل کی باتیں بھی جانتے ہیں تبھی تو حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ آپ تکبر کرنے والوں میں نہیں ہیں۔ کیونکہ تکبر کا تعلق دل سے ہے۔

حدیث نمبر 94: اندھا' بہرہ' گونگا فتنہ/ زبان تلوار کی طرح چلے گی

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَتَكُوْنُ فِتْنَةً صَمَّآءَ بُكْمَآءَ عُمْيَآءَ مَنْ اَشْرَفَ لَهَا اسْتَشْرَفَ لَهٗ

Marfat.com

وَاَشْرَافُ اللِّسَانِ فِيهَا كَوُقُوعِ السَّيْفِ.

ترجمہ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عنقریب ایسا فتنہ آئے گا جو بہرہ، گونگا اور اندھا ہوگا۔ جو اس کے نزدیک آجائے گا۔ اس میں زبان کھولنا تلوار چلانے کی طرح ہوگا۔

تخریج:

ابوداود 2/236 کتاب الفتن باب فی کف اللسان رقم 4263۔

حدیث نمبر 95: حضرت امام مہدی کی علامات اور خصوصیات

عَنْ عَبْدِ اللهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْلَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا اِلَّا يَوْمًا قَالَ زَائِدَةُ لَطَوَّلَ اللهُ ذٰلِكَ الْيَوْمَ حَتّٰى يَبْعَثَ رَجُلًا مِنِّي اَوْ مِنْ اَهْلِ بَيْتِي يُوَاطِئُ اسْمُهٗ اِسْمِي وَاِسْمُ اَبِيْهِ اِسْمَ اَبِي زَادَ فِي حَدِيْثِ فِطْرٍ يَمْلَاُ الْاَرْضُ قِسْطًا وَعَدْلًا كَمَا مُلِئَتْ ظُلْمًا وَجُوْرًا وَقَالَ فِي حَدِيْثِ سُفْيَانَ لَا تَذْهَبُ اَوْلَا تَنْقَضِي الدُّنْيَا حَتّٰى يَمْلِكَ الْعَرَبَ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ بَيْتِي يُوَاطِئُ اسْمُهٗ اِسْمِي.

ترجمہ:

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر دنیا کا ایک

Marfat.com

روز باقی رہ گیا۔ زائدہ کی روایت میں ہے اللہ تعالیٰ اسے لمبا کر دے گا۔ یہاں تک کہ مجھ سے یا میرے اہل بیت سے ایک آدمی کو اٹھائے گا جو میرا ہم نام ہو گا اور اس کے باپ کا نام وہی ہو گا جو میرے والد ماجد کا ہے۔ فطر کی حدیث میں یہ بھی ہے کہ وہ زمین کو عدل وانصاف سے بھر دے گا جیسے وہ ظلم وستم سے بھر گئی ہو گی۔ حدیث سفیان میں فرمایا نہیں جائے گی یا دنیا ختم نہیں ہو گی' یہاں تک کہ عرب کا مالک وہ شخص ہو گا جو میرے اہل بیت سے اور میرا ہم نام ہو گا۔

تخریج:

ابوداود 2/238'39 کتاب الفتن والملاحم باب فی ذکر المھدی رقم 4282'83'84'85'86

تشریح:

اس حدیث مبارک میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امام مہدی رضی اللہ عنہ کی علامات اور خصوصیات بیان فرمائی ہیں۔ جن سے رہنمائی لے کر آج کے پرفتن دور میں جہاں ہر سال کوئی نہ کوئی امام مہدی ہونے کا دعویٰ کر رہا ہے پرکھا جا سکتا ہے کہ یہ سب دعوے کرنے والے کذاب ہیں سچا امام مہدی رضی اللہ عنہ وہی ہو گا جس میں مندرجہ بالا خصوصیات ہوں گی۔ اللہ تعالیٰ دین کے لٹیروں سے بچائے اور صراط مستقیم پر چلنے کی توفیق دے۔ آمین۔

حدیث نمبر 96: ہر صدی میں مجدد ہو گا

Marfat.com

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ فِیْمَا اَعْلَمُ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللهَ یَبْعَثُ لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ عَلٰی رَاْسِ كُلِّ مِائَةِ سَنَةٍ مَنْ یُجَدِّدُ لَهَا دِیْنَهَا.

ترجمہ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میرے علم کے مطابق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس امت کے لیے ہر صدی کے سرے پر ایک ایسے شخص کو کھڑا کرتا رہے گا جو اس کے لیے اس کے دین کو درست کر دیا کرے گا۔

تخریج:

ابوداود 2/240 کتاب الملاحم باب ما یذکر فی قرن المائۃ رقم 4291

تشریح:

اللہ تعالیٰ ہر صدی کے آخری میں اپنا ایسا مقرب بندہ معبوث فرماتا ہے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مٹی ہوئی سنتوں کو دوبارہ زندہ کرتا ہے اور اسلام کے بھولے ہوئے اسباق کو از سرے نوع یاد کرواتا ہے۔ یہ بات یاد رکھیئے جیسے ولی صرف اور صرف اہل حق اہل سنت وجماعت میں ہوتے ہیں ایسے ہی تمام مجدد صرف اہل سنت وجماعت میں آتے ہیں اور آتے رہیں گے۔

حدیث نمبر 97: دجال کا نکلنا اور قسطنطنیہ کا فتح ہونا

Marfat.com

عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِمْرَانُ بَيْتِ الْمَقْدِسِ خَرَابُ يَثْرِبَ وَ خَرَابُ يَثْرِبَ خُرُوْجُ الْمَلْحَمَةِ وَخُرُوْجُ الْمَلْحَمَةِ فَتْحُ الْقُسْطُنْطُنِيَةِ وَ فَتْحُ الْقُسْطُنْطُنِيَةَ خُرُوْجُ الدَّجَّالِ ثُمَّ ضَرَبَ بِيَدِهٖ عَلٰى فَخِذِ الَّذِىْ حَدَّثَهٗ اَوْمَنْكِبَهٗ ثُمَّ قَالَ اِنَّ هٰذَا الْحَقَّ كَمَا اَنَّكَ هٰهُنَا اَوْ كَمَا اَنَّكَ قَاعِدٌ يَعْنِىْ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ.

ترجمہ:

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بیت المقدس کی آبادی میں یثرب کی بربادی ہے اور یثرب کی بربادی میں جھگڑوں کا پیدا ہونا ہے اور جھگڑوں کے پیدا ہونے میں قسطنطنیہ کی فتح ہے اور قسطنطنیہ کی فتح میں دجال کا نکلنا ہے پھر اپنا دستِ مبارک راوی کی ران یا کندھے پر مار کر فرمایا یہ اسی طرح یقینی ہے جیسے تمہارا یہاں ہونا یا جیسے تم بیٹھے ہو یعنی حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کا وہاں ہونا یا بیٹھنا۔

تخریج:

ابوداود 2/241 کتاب الملاحم باب فی تواتر الملاحم رقم 4295'4296

تشریح:

Marfat.com

اس حدیث پاک میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مستقبل میں یکے بعد دیگرے پیدا ہونے والے واقعات بیان فرمائے ہیں' اور راوی کو واضح کیا کہ یہ اسی طرح یقینی ہے جیسے تمہارا یہاں ہونا یقینی ہے۔ جو کہ علم غیب کے واضح دلائل ہیں۔

حدیث نمبر 98: تم کثرت کے باوجود بزدل ہوگے

عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْشِكُ الْاُمَمُ اَنْ تَدَاعٰى عَلَيْكُمْ كَمَا تَدَاعَى الْاُكَلَةُ اِلٰى قَصْعَتِهَا فَقَالَ قَائِلٌ وَمِنْ قِلَّةٍ نَحْنُ يَوْمَئِذٍ قَالَ بَلْ اَنْتُمْ يَوْمَئِذٍ كَثِيْرٌ وَلٰكِنَّكُمْ غُثَآءٌ كَغُثَآءِ السَّيْلِ وَلَيَنْزِعَنَّ اللّٰهُ مِنْ صُدُوْرِ عَدُوِّكُمُ الْمَهَابَةَ مِنْكُمْ وَلَيَقْذِفَنَّ اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِكُمُ الْوَهْنَ فَقَالَ قَائِلٌ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا الْوَهْنُ قَالَ حُبُّ الدُّنْيَا وَكَرَاهِيَةُ الْمَوْتِ.

ترجمہ:

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قریب ہے کہ دیگر اقوام تم پر یوں ٹوٹ پڑیں جیسے بھوکا کھانے کے پیالے پر ٹوٹ پڑتا ہے۔ ایک شخص عرض گزار ہوا کہ ایسا ان دنوں ہماری قلت کے باعث ہوگا؟ فرمایا نہیں بلکہ ان دنوں تم کثرت میں ہوگے لیکن ایسے بیکار ہوگے جیسے سمندر کی جھاگ۔ اللہ تعالیٰ تمہارے دشمنوں کے دلوں میں تمہارے رعب کو نکال دے گا اور تمہارے

Marfat.com

دلوں میں بزدلی ڈال دے گا سائل عرض گزار ہوا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! بزدلی کیا ہے فرمایا دنیا کی محبت اور موت کو ناپسند کرنا۔

تخریج:

ابوداود 241/2 کتاب الملاحم باب فی تداعی الامم علی الاسلام رقم 4297

تشریح:

آج ہماری حالت بالکل وہی ہے جس کی خبر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی قیامت کے واقعات کو دیکھنے والی آنکھ سے دیکھ کر دی ہے ہم اس وقت دنیا میں ایک ارب 40 کروڑ سے زائد ہیں۔ مال و دولت کے لحاظ آج مسلمان جس قدر مال دار ہیں اس سے قبل نہ تھے دنیا بھر میں مسلمانوں کی تقریباً 56 سے زیادہ حکومتیں اور مملکتیں موجود ہیں، تیل پٹرول، گیس، اور دیگر معدنیات کے وافر ذخائر موجود ہیں، مسلمانوں کا اس قدر سرمایہ غیر مسلموں کے بنکوں میں پڑھا ہے کہ وہ ان کے بنکوں سے نکال لیں تو غیر مسلم کنگال ہو جائیں۔ لیکن اپنی بے سمجھی اور بدتمیزی سے کافروں کے شکنجے میں مجبور و معذور ہوئے پڑے ہیں اسلامی ممالک کے سربراہوں نے اپنی دنیا سنوارنے اور آرام و راحت سے زندگی گزارنے کی خاطر اپنا سب کچھ غیر مسلموں کے سپرد کیا ہوا ہے جس کے باعث ساری ملت اسلامیہ بظاہر مجبور محض ہو کر رہ گی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمارے سربراہوں کو اسلام کی محبت اور ملت اسلامیہ کی خیر خواہی کے جذبات

Marfat.com

عطا فرمائے تا کہ مسلمانوں کو ان کا کھویا ہوا مقام پھر سے مل جائے:۔

ہاں دکھادے یا الٰہی پھر وہ صبح وشام تو دوڑ پیچھے کی جانب اے گردش ایام تو

حدیث نمبر 99: امت کے تین گروہوں کے حالات

مسلم بن ابوبکرہ رضی اللہ عنہ نے اپنے والد ماجد کو بیان کرتے ہوئے سنا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: يَنْزِلُ نَاسٌ مِنْ اُمَّتِیْ بِغَائِطٍ يُسَمُّوْنَهُ الْبَصْرَةَ عِنْدَ نَهْرٍ يُقَالُ لَهُ دَجْلَةٌ يَكُوْنُ عَلَيْهَا جَسْرٌ يَكْثُرُ اَهْلُهَا وَتَكُوْنُ مِنْ اَمْصَارِ الْمُهَاجِرِيْنَ قَالَ ابْنُ يَحْيٰى قَالَ اَبُوْ مَعْمَرٍ وَيَكُوْنُ مِنْ اَمْصَارِ الْمُسْلِمِيْنَ فَاِذَا كَانَ فِیْ اٰخِرِ الزَّمَانِ جَآءَ بَنُوْ قَنْطُوْرَا عِرَاضُ الْوُجُوْهِ صِغَارُ الْاَعْيُنِ حَتّٰى يَنْزِلُوْا عَلٰى شَطِّ النَّهْرِ فَيَتَفَرَّقُ اَهْلُهَا ثَلَاثَ فِرَقٍ فِرْقَةٌ يَاْخُذُوْنَ اَذْنَابَ الْبَقَرِ وَالْبِرِّيَّةِ وَهَلَكُوْ وَفِرْقَةٌ يَاْخُذُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ وَكَفَرُوْا وَفِرْقَةٌ يَجْعَلُوْنَ ذَرَارِيَهُمْ خَلْفَ ظُهُوْرِهِمْ وَيُقَاتِلُوْنَهُمْ وَهُمُ الشُّهَدَآءُ.

ترجمہ:

میری امت کے کچھ لوگ ایک نیچی جگہ اتریں گے جس کو لوگ بصرہ کہیں گے اور وہ دریائے دجلہ کے پاس ہے اس پر پل ہوگا۔ اس میں باشندوں کی کثرت ہوگی اور وہ مہاجرین کا شہر ہوگا۔ ابن یحییٰ نے ابو معمر سے روایت کرتے ہوئے کہا ہے

Marfat.com

کہ وہ مسلمانوں کے شہروں میں سے ہوگا۔آخری زمانے میں بنوقنطورآئیں گے ۔جن کے چوڑے چہرے اور چھوٹی آنکھیں ہوں گی۔وہ دریا کے کنارے خیمہ زن ہوجائیں گے۔ادھرشہر کے باشندے تین گروہوں میں بٹ جائیں گے۔ ایک گروہ بیلوں کی دموں اورزمینوں سے وابستہ ہوکر ہلاک ہوجائے گا۔دوسرا گروہ اپنی جانیں بچانے کے لیے کافر ہوجائے گا۔اورتیسرا گروہ اپنے اہل وعیال کو پیچھے رکھ کراپنی جانوں پر کھیل جائے گا اوروہ شہید ہیں۔

تخریج:

ابوداود2/242 کتاب الملاحم باب فی ذکر البصرہ رقم 4306

حدیث نمبر 100: دھنسنا' پتھر برسنا' / بندراورخنزیر بننا

عَنْ مُوْسٰی بْنِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهٗ يَا اَنَسُ اِنَّ النَّاسَ يُمَصِّرُوْنَ اَمْصَارًا وَاِنَّ مِصْرًا مِنْهَا يُقَالُ لَهَا الْبَصَرَةُ اَوِ الْبُصَيْرَةُ فَاِنْ اَنْتَ مَرَرْتَ بِهَا اَوْ دَخَلْتَهَا فَاِيَّاكَ وَسَبَاخَهَا وَكِلَاءَ هَا وَسُوْقَهَاوَبَابَ اُمَرَآءِهَا وَعَلَيْكَ بِضَوَاحِيْهَا اِنَّهٗ يَكُوْنُ بِهَا خَسْفٌ وَقَذْفٌ وَقَوْمٌ يَبِيْتُوْنَ يَصْبَحُوْنَ قِرَدَةً وَخَنَازِيْرَ.

ترجمہ:

Marfat.com

حضرت موسیٰ بن انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے انس رضی اللہ عنہ! لوگ شہر آباد کرتے رہتے ہیں اوران میں سے ایک شہر ہے جس کو بصرہ یا بصیرہ کہا جاتا ہے اگر تم وہاں سے گزرو اور اس میں داخل ہو جاؤ تو اس کے سباخ' اس کے کلا' اس کے بازار' اور اس کے دارلامراء سے بچتے رہنا۔ تم اس کے جنگل کو اختیار کرنا کیونکہ شہر میں زمین کے اندر دھنسنا' پتھروں کا برسنا' اور زلزلے آئیں گے۔ ان میں سے کچھ لوگ رات گزاریں گے اور صبح کو بندر اور خنزیر ہو جائیں گے۔

تخریج:

ابوداود 2/242 کتاب الملاحم باب فی ذکر البصرہ رقم 4307

تشریح:

اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ما کان و ما یکون کا علم عطا فرمایا ہے: تبھی تو پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک ایک چیز کو بیان فرما رہے ہیں۔ اور لوگوں کے اعمال کی وجہ سے اللہ کے عذاب کے نزول کے بارے میں بتایا' اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ بھی جانتے ہیں کہ ان پر کیسا کیسا عذاب آئے گا جیسا کہ فرمایا: دھنسنا' پتھروں کا برسنا' اور زلزلے اور یہ کہ صبح کو لوگوں کا بندر اور خنزیر بننا۔ جیسا کہ ان احادیث میں وضاحت کے ساتھ بیان کیا ہے۔

Marfat.com

حدیث نمبر 101: عالم کا فتنہ نئی چیز کا لانا

قَالَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ يَوْمًا اِنَّ مِنْ وَرَآئِكُمْ فِتَنًا يَكْثُرُ فِيْهَا الْمَالُ وَيُفْتَحُ فِيْهَا الْقُرْاٰنُ حَتّٰى يَاْخُذَهُ الْمُؤْمِنُ وَالْمُنَافِقُ وَ الرَّجُلُ وَالْمَرْأَةُ وَالْكَبِيْرُ وَالصَّغِيْرُ وَالْعَبْدُ وَالْحُرُّ فَيُوْشِكُ قَائِلٌ اَنْ يَقُوْلَ مَا لِلنَّاسِ لَا يَتَّبِعُوْنِىْ وَقَدْ قَرَأْتُ الْقُرْاٰنَ مَا هُمْ بِمُتَّبِعِىْ حَتّٰى اَبْتَدِعَ لَهُمْ غَيْرَهٗ فَاِيَّاكُمْ وَمَا ابْتُدِعَ فَاِنَّ مَا ابْتُدِعَ ضَلَالَةٌ وَاُحَذِّرُكُمْ زَيْغَةَ الْحَكِيْمِ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ قَدْ يَقُوْلُ كَلِمَةَ الضَّلَالَةِ عَلٰى لِسَانِ الْحَكِيْمِ وَقَدْ يَقُوْلُ الْمُنَافِقُ كَلِمَةَ الْحَقِّ قَالَ قُلْتُ لِمَعَاذٍ مَا يُدْرِيْنِىْ رَحِمَكَ اللّٰهُ اَنَّ الْحَكِيْمَ قَدْ يَقُوْلُ كَلِمَةَ الضَّلَالَةِ وَاِنَّ الْمُنَافِقَ قَدْ يَقُوْلُ كَلِمَةَ الْحَقِّ قَالَ بَلٰى اِجْتَنِبْ مِنْ كَلَامِ الْحَكِيْمِ الْمُشْتَهِرَاتِ الَّتِىْ يُقَالُ لَهَا مَا هٰذِهٖ لَا يَثْنِيَنَّكَ ذٰلِكَ عَنْهُ فَاِنَّهٗ لَعَلَّهٗ اَنْ يُرَاجِعَ وَتَلَقَّ الْحَقَّ اِذَا سَمِعْتَهٗ فَاِنَّ عَلَى الْحَقِّ نُوْرًا.

ترجمہ:

ایک روز حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بے شک تمہارے پیچھے ایک فتنہ ہے۔ اس میں مال کی کثرت ہوگی۔ قرآن مجید کے راستے کھل جائیں گے۔

Marfat.com

یہاں تک کہ مومن اور منافق' مرد اور عورت' بڑا اور چھوٹا' غلام اور آزاد' ہر کوئی اسے حاصل کرے گا۔ قریب ہے کہ ایک کہنے والا کہے گا۔ لوگوں کو کیا ہو گیا ہے کہ وہ میری پیروی نہیں کرتے حالانکہ میں قرآن مجید کا عالم ہوں اچھا وہ میرے پیچھے نہیں لگیں گے جب تک میں اس کے سوا کوئی نیا شوشہ کھڑا نہ کر دوں۔ تم اس شخص اور اس کے نئے شوشے سے بچتے رہنا کیونکہ جو نئی بات نکالی جائے گی وہ گمراہی ہے اور میں تمہیں عالم دین کی گمراہی سے ڈراتا ہوں کیونکہ شیطان گمراہی کی بات عالم دین کی زبان سے کہلواتا ہے اور بے شک منافق بھی سچی بات کہہ دیتا ہے۔ میں عرض گزار ہوا کہ اللہ تعالیٰ آپ پر رحم فرمائے مجھے کیسے معلوم ہو گا کہ عالم دین یہ گمراہی کی بات کہہ رہا ہے اور منافق کی یہ بات سچی ہے فرمایا: کیوں نہیں عالم دین کی غلط بات سے اجتناب کرو جس کے لیے اہل علم کہہ رہے ہوں کہ یہ کیا ہے اور اس کی وجہ سے عالم کو نہ چھوڑو کہ شاید وہ رجوع کرے اور تم سے سن کر حق کو قبول کرے کیونکہ حق میں نورانیت ہے۔

تخریج:

ابو داود 2/287'88 کتاب السنہ باب فی لزوم السنہ رقم 4605

تشریح:

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے مستقبل میں رونما ہونے والی باتیں بیان فرمائی ہیں جنہیں اس دور میں دیکھا جا سکتا ہے۔

Marfat.com

واقعی علماء کا فتنہ تمام فتنوں سے سخت اور خطرناک ہے۔شیطان اس کوشش میں رہتا ہے کہ مسلمانوں کا دین وایمان برباد کرنے والی کوئی بات کسی عالم سے کہلوادی جائے۔جب وہ اس میں کامیاب ہوتا ہے تو ایک جانب ہزاروں مسلمان اس کی تائید کرنے لگتے ہیں اور دوسری طرف حق کے علمبردار علماء سے اس کی جنگ شروع ہوجاتی ہے۔متحدہ ہندوستان کے اندر برٹش گورنمنٹ نے اپنے پرفتن دور میں بڑی رازداری کے ساتھ کتنے ہی علماء سے ایسی باتیں کہلوادی جنہیں پڑھ کر آج بھی رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں۔کہ علم وفضل کے اتنے بانگ دعوے کرنے والے بھی خوف خدا اور خطرہ روز جزا سے اس درجہ عاری ہوگے تھے؟ ان چند علماء کی تحریروں نے مسلمانوں کے اتفاق واتحاد کے خرمن میں ایسی آگ لگائی جو ڈیڑھ صدی گزرجانے کے بعد بھی آج تک بجھنے میں نہیں آتی بلکہ زیادہ ہی بڑھتی جارہی ہے۔اللہ تعالیٰ ان گمراہ گروں کے متبعین کو چشم بینا عطا کرے تاکہ وہ اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں کہ انہوں نے اپنی عاقبت کے لیے کیا سامان جمع کیا ہے؟

حدیث نمبر 102: حضرت محمد بن سلمہ فتنوں سے محفوظ رہیں گے

قَالَ حُذَيْفَةُ مَا اَحَدٌ مِنَ النَّاسِ تُدْرِكُهُ الْفِتْنَةُ اِلَّا اَنَا اَخَافُهَا عَلَيْهِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

Marfat.com

وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تَضُرُّكَ فِتْنَةٌ.

ترجمہ:

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگوں میں کوئی ایسا نہیں کہ وہ فتنے میں مبتلا ہو مگر میں اس سے ڈرتا ہوں سوائے محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ کے کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ تمہیں کوئی فتنہ ضرر نہیں پہنچائے گا۔

تخریج:

ابوداود 2/297 کتاب السنہ باب ما یدل علی ترك الکلام فی الفتنہ رقم 4663:4664

تشریح:

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ راز دار رسول ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو تمام فتنوں سے آگاہ فرمایا: یہی وجہ تھی کہ جس کے جنازے میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نہ ہوتے حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی اس میں شامل نہ ہوتے۔ آپ نے فرمایا کہ حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ کو کوئی فتنہ ضرر نہیں پہنچائے گا۔ یہ علم غیب کی انہیں باتوں میں سے ہے جو آپ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سیکھی ہیں۔ تو معلوم نہ صرف آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فیض سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہ بھی آنے والے فتنوں سے آگاہ ہیں اور جانتے ہیں کہ کون ان سے محفوظ رہے گا۔

حدیث نمبر 103: تم حوض کوثر والوں کا لاکھواں حصہ بھی نہیں ہو

Marfat.com

عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَزَلْنَا مَنْزِلًا قَالَ مَا اَنْتُمْ جُزْءً مِّنْ مِائَةِ اَلْفِ جُزْءٍ مِمَّنْ يَرِدُ عَلَى الْحَوْضِ قَالَ قُلْتُ كَمْ كُنْتُمْ يَوْمَئِذٍ قَالَ سَبْعُ مِائَةٍ اَوْ ثَمَانُ مِائَةٍ.

ترجمہ:

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ایک منزل پر اترے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جولوگ حوض کوثر پر اتریں گے تم ان کا لاکھواں حصہ بھی نہیں ہو۔ ابوحمزہ کا بیان ہے کہ میں عرض گزار ہوا آپ حضرات اس دن کتنے تھے؟ فرمایا: سات سو یا آٹھ سو افراد۔

تخریج:

ابوداود 2/309 کتاب السنہ باب ی الحوض رقم 4746'4747

تشریح:

اس حدیث مبارک سے معلوم ہوا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قیامت تک ایمان لانے والے مومنین کو جانتے ہیں کہ کون کون آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لائے گا اور کون کون حوض کوثر پر حاضر ہوگا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک ایک کو جانتے ہیں۔

حدیث نمبر 104: عنقریب نمازیں مختصر اور تقریریں لمبی ہوں گی

ایک مرتبہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو فرمایا: تم ایسے زمانے

Marfat.com

میں رہ رہے ہو جس میں بہت سے علماء ہیں قرآن کے احکام پر عمل کیا جاتا ہے' سوال کرنے والے کم اور جواب دینے والے بہت زیادہ ہیں نمازیں لمبی اور تقریریں مختصر ہیں خواہش نفس کو پس پشت ڈال دیا گیا ہے: سَيَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ قَلِيلٌ فُقَهَاؤُهُ كَثِيرٌ قُرَّاؤُهُ يُحْفَظُ فِيهِ حُرُوفُ الْقُرْاٰنِ وَ تُضَيَّعُ حُدُودُهٗ كَثِيرٌ مَّنْ يَّسْأَلُ قَلِيلٌ مَّنْ يُّعْطِي يُطِيلُونَ فِيهِ الْخُطْبَةَ وَيَقْصُرُونَ الصَّلٰوةَ يُبَدُّونَ فِيهِ اَهْوَاءَهُمْ قَبْلَ اَعْمَالِهِمْ.

عنقریب ایسا وقت آئے گا کہ اس میں علماء کم رہ جائیں گے (قرآن کے صرف) الفاظ کی قرأت کرنے والے اور صرف حروف کو یاد رکھنے والے بہت سے ہوں گے۔ اس کے احکام پر عمل کرنے والے بہت کم ہوں گے۔ تقریریں خوب لمبی ہوا کریں گی۔ اور نمازیں مختصر رہ جائیں گے۔ اور اعمالِ صالحہ کو پس پشت ڈال کر خواہش نفس کی پیروی کی جایا کرے گی۔

تخریج:

مؤطا امام مالك صفحه 160'161 كتاب قصر الصلوة فى السفر باب جامع الصلوة رقم 419.

تشریح:

صحابی رسول حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے فرمان کے مطابق آج کے دور میں نمازیں مختصر ہو گئیں' تقریریں لمبی ہو گئیں' قرآن کے الفاظ پر بحث کرنے والے

Marfat.com

بہت اور احکام پر عمل کرنے بہت کم رہ گئے ہیں۔ خواہش نفس کی پیروی کی جاتی ہے۔ یہ سب مستقبل کی خبریں ہیں جو صحابی رسول حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان فرمارہے ہیں جب غلام کا یہ مقام ہے تو پھر آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کیا مقام ہوگا۔

حدیث نمبر 105: اپنے وصال اور پیٹ میں کیا ہے کا علم

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے غابہ میں ایک باغ مجھے ہبہ کیا تھا۔ جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے وصال کا وقت قریب آیا تو فرمایا: اگر تم نے اس پر قبضہ کرلیا ہوتا تو وہ تمہارا تھا لیکن اب وہ ورثاء کا مال ہے: وَاِنَّمَا هُمَا اَخَوَاكِ وَاُخْتَاكِ فَاقْتَسِمُوْهُ عَلٰى كِتَابِ اللهِ قَالَتْ عَآئِشَةُ فَقُلْتُ يَا اَبَتِ وَاللهِ لَوْ كَانَ كَذَا وَ كَذَا لَتَرَكْتُهٗ اِنَّمَا هِيَ اَسْمَآءُ فَمَنِ الْاُخْرٰى قَالَ ذُوْ بَطْنِ بِنْتِ خَارِجَةُ اُرَاهَا جَارِيَةً.

اور بے شک جس میں تمہارے دو بھائی اور دو بہنیں شامل ہیں۔ تم اللہ کی کتاب کے حکم کے مطابق اسے تقسیم کرلینا۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں میں نے عرض کی ابا جان: اگر زیادہ بھی ہوتا تو میں اسے اپنے پاس نہ رکھتی لیکن میری (بہن) تو صرف اسماء ہے دوسری بہن کون ہے (حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے) فرمایا: (میری بیوی) بنت خارجہ کے پیٹ میں جو بچہ ہے میرا خیال ہے وہ لڑکی ہوگی۔

تخریج:

Marfat.com

موطا امام مالک صفحہ 645 کتاب الاقضیہ باب مالا یجوز من النحل رقم 1474

تشریح:

سیدہ نے کوئی اعتراض نہیں کیا جس سے معلوم ہوا کہ سیدہ کا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے پیاروں کو ایسے غیبوں پر مطلع فرما دیتا ہے۔ اس کو تو نواب وحید الزماں وہابی نے بھی تسلیم کیا ہے' جیسا کہ لکھتا ہے:

یہ کرامت ہے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی ایسا ہی ہوا ان کے پیٹ سے لڑکی پیدا ہوئی اور نام اس کا ام کلثوم رکھا گیا۔ (مؤطا امام مالک ص 528)

حدیث نمبر 106:

مدینہ منورہ میں صرف پرندے اور درندے رہ جائیں گے

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَتَتْرُکَنَّ الْمَدِیْنَةُ عَلٰی اَحْسَنِ مَا کَانَتْ حَتّٰی یَدْخُلَ الْکَلْبُ اَوِ الذِّئْبُ فَیُغَدِّیْ عَلٰی بَعْضِ سَوَارِی الْمَسْجِدِ اَوْ عَلَی الْمِنْبَرِ فَقَالُوْا یَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَلِمَنْ تَکُوْنُ الثِّمَارُ ذٰلِكَ الزَّمَانَ قَالَ لِلْعَوَافِی الطَّیْرِ وَالسِّبَاعِ.

ترجمہ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم (یعنی بعد میں آنے والے لوگ) مدینہ منورہ کو اچھے حال میں چھوڑ دو گے۔ یہاں تک

Marfat.com

کہ کوئی کتا یا بھیڑ یا مسجد کے ستونوں کے پاس یا منبر کے اوپر پیشاب کیا کرے گا۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ اس زمانے میں مدینہ کے پھلوں کا کیا حال ہوگا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: انہیں بھوکے پرندے اور درندے کھالیا کریں گے۔

تخریج:

مؤطا امام مالك صفحه 696 كتاب الجامع باب اجاء فی سكنی المدينه ولخروج منها رقم 1643.
ابن حبان 6773.

تشریح:

معلوم ہوا کہ محبوب ﷺ کی مقدس نگاہوں سے کوئی چیز پوشیدہ نہیں رکھی گئی اور آپ ﷺ وقتاً فوقتاً اپنے صحابہ کرام کو اس کی خبریں ارشاد فرماتے رہتے تھے

حدیث نمبر 107:

عنقریب بکریوں کا ریوڑ محل سے زیادہ عزیز ہوگا

حضرت حمید بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے مہمانوں کے لیے کھانا منگایا وہ کھا کر چلے گئے تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا: اے بھتیجے! بکریوں کا خیال رکھنا' ان کے سر پر ہاتھ پھیرتے رہنا' ان کے گلے کو صاف رکھنا' اور اسی جگہ کے ایک کونے میں نماز پڑھ لینا' کیونکہ یہ جنت کا جانور ہے:

Marfat.com

وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَیُوْشِكُ اَنْ یَّاْتِیَ عَلَی النَّاسِ زَمَانٌ تَكُوْنُ الثُّلَّةُ مِنَ الْغَنَمِ اَحَبَّ اِلٰی صَاحِبِهَا مِنْ دَارِ مَرْوَانَ.

اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے عنقریب ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ اس وقت بکریوں کا ایک ریوڑ انسان کے نزدیک (حاکم مدینہ) مروان کے گھر کا مالک بننے سے زیادہ عزیز ہوگا۔

تخریج:

مؤطا امام مالك صفحہ 717'18 کتاب صفة النبی باب جامع ماجآء فی الطعام..... رقم 1737

تشریح:

لوگ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے علم غیب ماننے کو تیار نہیں، لیکن اس حدیث مبارک میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لاڈلے صحابی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ قسم کے ساتھ آنے والے وقت کی خبریں دے رہے ہیں۔ معلوم ہوا کہ اعتراض کرنے لوگ کم بخت اور جھوٹے ہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو علم غیب عطا فرمایا ہے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وسیلہ سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلاموں کو بھی عطا فرمایا ہے۔

حدیث نمبر 108:

ہم میں ایسے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں جو کل کی باتیں جانتے ہیں

حضرت ربیع بن معوذ بن عفراء رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میری شادی کی اگلی صبح رسول اللہ

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس تشریف لائے اور میرے بستر پر بیٹھ گئے جیسے تم بیٹھے ہو۔ کچھ لڑکیاں دف بجا کر اپنے آباء واجداد کے کارنامے گانے لگیں جو غزہ بدر میں شہید ہو گئے تھے یہاں تک کہ ان میں سے ایک نے کہا:

وَفِيْنَا نَبِيٌّ يَعْلَمُ مَا فِيْ غَدٍ فَقَالَ دَعِيْ هٰذَا وَقُوْلِيْ الَّذِيْ كُنْتِ تَقُوْلِيْنَ.

اور ہم میں ایسے نبی جلوہ افروز ہیں جو کل کی بات بھی جانتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کہ اسے چھوڑ دو اور وہی باتیں کہو جو تم کہہ رہی تھیں۔

تخریج:

ابوداود 2/332 کتاب الادب باب فی الغناء رقم 4922

تشریح:

مدینہ طیبہ کی لڑکیاں دف بجا کر جو شہدائے بدر کے مرثیے پڑھ رہی تھیں تو یقیناً وہ مرثیے کسی صحابی رضی اللہ عنہ نے لکھے ہوں گے۔ ایک لڑکی نے مرثیہ پڑھتے ہوئے یہ مصرعہ کہا وَفِيْنَا نَبِيٌّ يَعْلَمُ مَا فِيْ غَدٍ اور ہم میں ایسے نبی جلوہ افروز ہیں جو کل کی بات بھی جانتے ہیں۔ معلوم ہوا کہ صحابہ کرام کا یہی عقیدہ تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غیوب خمسہ پر خبردار ہیں اور برملا کہتے تھے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس لڑکی کی زبان سے یہ مصرعہ سن کر آج کے نام نہاد موحدوں کی طرح یہ نہیں کہا اے لڑکی! تم مشرکہ ہو گئی ہو اور جس صحابی رضی اللہ عنہ نے یہ مصرعہ کہا ہے وہ بھی مشرک ہو گیا ہے اسے چاہیے کہ از سر نو ع ایمان لائے اور تجدید نکاح کرے۔ خبردار جو آئندہ ایسی کفر

Marfat.com

وشرک کی بات زبان پر لائے۔فرمایا تو بس اتنا اس بات کو چھوڑ دو جو تم کہہ رہی تھی وہی کہے جاؤ یعنی یہ عقائد کا معاملہ ہے مبادا الفاظ میں تم سے کمی پیشی ہو جائے یا مبالغہ آرائی سے کام لینے لگو یا آئندہ کسی غلط فہمی میں مبتلا ہو جاؤ۔لہذا اس نازک بات کو رہنے دو اور اپنے شہداء کے کارنامے ہی بیان کرو یا مقصد یہ تھا کہ میرے حضور تم میری تعریفیں بیان نہ کرو بلکہ شمع رسالت کے ان جانثاروں کی تعریفیں ہی بیان کیا کرو کہ بالواسطہ وہ میری ہی تعریف ہے کیونکہ:

خود جو نہ تھے راہ پر اوروں کے رہبر ہو گئے
کیا نظر تھی جس نے مردوں کو مسیحا کر دیا

حدیث نمبر 109: روحوں کا آپس میں تعارف

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ یَرْفَعُهٗ قَالَ الْاَرْوَاحُ جُنُوْدٌ مُجَنَّدَةٌ فَمَا تَعَارَفَ مِنْهَا ائْتَلَفَ وَمَا تَنَاکَرَ مِنْهَا اخْتَلَفَ.

ترجمہ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: روحیں جھنڈ کے جھنڈ ہیں۔جن میں وہاں تعارف ہوا تو یہاں الفت رہی اور جو وہاں انجان رہیں ان میں یہاں جدائی ہے۔

تخریج:

Marfat.com

ابوداود 2/321 کتاب الادب باب من یومئر ان یجالس رقم 4834

تشریح:

صرف یہ کائنات ہی نہیں بلکہ عالم ارواح بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مقدس نگاہوں میں ہے۔ اور یہ بھی معلوم ہوا کہ روحیں باہم ملاقات کرتی ہیں اور ان میں آپس میں تعارف ہوتا ہے۔ اور نیک روحوں میں قید و پابندی وغیرہ نہیں ہوتی جیسا کہ بعض لوگوں کا خیال ہے۔

Marfat.com

باب نمبر 2: علاماتِ قیامت

قیامت کا علم بھی ایک طرح کا علم غیب ہے اس لیے ہم نے اسے دوسرے نمبر پر رکھا کہ ایک طرف سے علم غیب کے دلائل ہیں اور دوسری طرف ان لوگوں کے اعتراض کا جواب مل جائے جو کہتے ہیں معاذ اللہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قیامت کا علم نہیں۔ اس باب میں یہ بیان ہوگا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس طرح ایک ایک کر کے قیامت کی علامات بیان فرمائی ہیں۔

حدیث نمبر 1:

قیامت سے قبل بدترین لوگ تمہارے نگران ہوں گے

عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهٖ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَقْتُلُوْا اِمَامَكُمْ وَتَجْتَلِدُوْا بِاَسْيَافِكُمْ وَيَرِثَ دُنْيَاكُمْ شِرَارُكُمْ.

ترجمہ:

حضرت حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جس وقت تک تم اپنے امام کو قتل نہیں کرو گے اور اپنی تلواروں

Marfat.com

سے لڑو گے نہیں تمہارے دنیاوی معاملات کے نگران تمہارے بدترین لوگ ہو جائیں گے۔

تخریج:

ترمذی 2/486 کتاب الفتن باب ماجاء فی الامر بالمعروف والنہی عن المنکر رقم 2096
ابن ماجہ صفحہ 430 کتاب الفتن باب اشراط الساعۃ رقم 4043

تشریح:

اس حدیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قیامت سے قبل کی تین علامتیں بیان کی ہیں: لوگ اپنے امام کو قتل کریں گے' باہم تلواروں سے لڑیں گے' اور دنیاوی معاملات کے نگران بدترین لوگ ہوں گے۔

حدیث نمبر 2: قبل قیامت ہر شے گفتگو کرے گی

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَا تَقُوْمُ السَّاعَۃُ حَتّٰی تُکَلِّمَ السِّبَاعُ الْاِنْسَ وَحَتّٰی تُکَلِّمَ الرَّجُلَ عَذَبَۃُ سَوْطِہٖ وَشِرَاکُ نَعْلِہٖ وَتُخْبِرَہٗ فَخِذُہٗ بِمَا اَحْدَثَ اَھْلُہٗ مِنْ بَعْدِہٖ.

ترجمہ:

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اس ذات کی قسم جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے قیامت اس وقت

Marfat.com

تک قائم نہیں ہوگی جب تک درندے انسانوں کے ساتھ کلام نہیں کرنے لگیں گے' یہاں تک کہ آدمی کے چابک کی رسی اور اس کے جوتے کا تسمہ بھی اس کے ساتھ کلام کریں گے' اور اسے اس کا زانو یہ بتادے گا اس کے بعد اس کی بیوی نے کیا حرکت کی ہے۔

تخریج:

ترمذی 2/488 کتاب الفتن باب ماجاء فی کلام السباع رقم 2107

تشریح:

یعنی قرب قیامت ہر شے گفتگو کرنے لگے گی۔ حدیث پاک کے آخری جملے غور سے پڑیں کہ قیامت کے قریب ایسا ہوگا کہ آدمی گھر سے باہر جائے گا اس کے زانو اس کے ساتھ ہوں گے' لیکن پھر بھی وہ اس شخص کو آگاہ کریں گے کہ اس کی غیر موجودگی میں اس کی بیوی نے کیا حرکت کی تھی۔ لوگ تو نبی پاک ﷺ کے لیے غیب نہیں مانتے لیکن یہ حدیث بتا رہی ہے کہ قرب قیامت تو آدمی کا زانو بھی غیب کی خبریں دے گا۔

حدیث نمبر 3: جب اہل شام میں خرابی آئے گی

عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا فَسَدَ اَهْلُ الشَّامِ فَلَا خَيْرَ فِيْكُمْ لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ

Marfat.com

اُمَّتِیْ مَنْصُوْرِیْنَ لَا یَضُرُّھُمْ مَنْ خَذَلَھُمْ حَتّٰی تَقُوْمَ السَّاعَۃُ.

ترجمہ:

حضرت معاویہ بن قرہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب اہل شام میں خرابی آئے گی' تو تب تمہارے درمیان بھلائی نہیں رہے گی۔ میری امت کے ایک گروہ کو ہمیشہ مدد حاصل ہوتی رہے گی اور جو شخص انہیں رسوا کرنے کی کوشش کرے گا' وہ انہیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گا' یہاں تک کہ قیامت قائم ہو جائے گی۔

تخریج:

ترمذی 2/490 کتاب الفتن باب ماجآء فی الشام رقم 2118

مسند امام احمد 436/3.

حدیث نمبر 4:

جب امت میں تلوار چلے گی قیامت تک نہیں رکے گی

عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا وُضِعَ السَّیْفُ فِیْ اُمَّتِیْ لَمْ یُرْفَعْ عَنْھَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ.

ترجمہ:

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب میری امت

Marfat.com

میں تلوار رکھ دی جائے گی، تو قیامت تک ان سے اٹھائی نہیں جائے گی (یعنی قیامت تک ان میں قتل وغارت گری ہوتی رہے گی)۔

تخریج:

ترمذی 2/490 کتاب الفتن باب ماجآء فی الهرج والعبادة فیه رقم 2128
ابن ماجه صفحه 419 کتاب الفتن باب مایکون من الفتن رقم 3952
ابوداود 2/233 کتاب الفتن باب ذکر الفتن ودلائلها رقم 4251
مسند امام احمد 278/5.

تشریح:

اس حدیث مبارک کی صداقت کس طرح ہمیں پکار پکار کر نبی رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علم غیب کی طرف دعوت دے رہی ہے۔ کہ حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی شہادت سے لے کر آج تک ہے کہ مسلمانوں کے اختلافات دن بدن بڑھتے ہی جارہے ہیں اور قتل غارت گری میں روز بروز اضافہ ہی ہوتا جارہا ہے۔

حدیث نمبر 5: خاندانی احمق سعادت مند سمجھے جائیں گے

عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَكُوْنَ اَسْعَدَ النَّاسِ بِالدُّنْيَا لُكَعُ ابْنُ لُكَعٍ.

ترجمہ:

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت اس وقت

Marfat.com

تک قائم نہیں ہوگی جب تک خاندانی احمق دنیا میں سب سے زیادہ سعادت مند نہیں سمجھے جائیں گے۔

تخریج:

ترمذی 2/491 کتاب الفتن باب ماجآء فی اشراط الساعہ باب منہ رقم 2135.

مسند امام احمد 389/5.

تشریح:

فی زمانہ معیار صرف پیسہ ہی رہ گیا ہے کوئی جتنا مرضی بیوقوف' احمق ہو لیکن اگر اس کے پاس پیسہ ہے تو وہ لوگوں کے نزدیک سعادت مند ہے۔ اور اس کے مقابل نیک' شریف النفس' خاندانی معزز کے پاس پیسہ نہیں ہے تو لوگ اس کی عزت و تعظیم کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔

حدیث نمبر 6:

بعض قبیلے مشرکین کے ساتھ مل کر بتوں کی پوجا کریں گے

عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَۃُ حَتّٰی تَلْحَقَ قَبَائِلُ مِنْ اُمَّتِیْ بِالْمُشْرِکِیْنَ وَحَتّٰی یَعْبُدُوْا الْاَوْثَانَ وَاِنَّہٗ سَیَکُوْنُ فِیْ اُمَّتِیْ ثَلَاثُوْنَ کَذَّابُوْنَ کُلُّھُمْ یَزْعُمُ اَنَّہٗ نَبِیٌّ وَّاَنَا خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ.

Marfat.com

ترجمہ:

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک میری امت کے کچھ قبائل مشرکین کے ساتھ مل نہ جائیں گے حتیٰ کہ وہ بتوں کی پوجا کریں گے اور عنقریب میری امت میں تیس جھوٹے ہوں گے، جن میں سے ہر ایک یہ کہے گا کہ وہ نبی ہے حالانکہ میں خاتم النبیین ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا۔

تخریج:

ترمذی 2/492 کتاب الفتن باب ماجاء لاتقوم الساعة ..... رقم 2145

ابن ماجہ صفحہ 419 کتاب الفتن باب مایکون من الفتن رقم 3952

ابوداود 2/233 کتاب الفتن باب ذکر الفتن ودلائلھا رقم 4251

مسند امام احمد 5/278.92/2.

تشریح:

وسوسہ:

بخاری شریف کے حوالے سے حدیث میں گزرا ہے کہ امت کا شرک میں مبتلا ہونے کا کوئی خوف نہیں، لیکن اس حدیث میں کچھ قبائل کا مشرکین کے ساتھ مل کر بتوں کی پوجا کا ذکر ہے۔ دونوں احادیث میں تطبیق کس طرح ہوگی۔

جوابِ وسوسہ:

Marfat.com

تو اس کا جواب یہ ہے کہ اجتماعی طور پر امت شرک میں مبتلا نہیں ہوگی' یا امت کی اکثریت شرک میں مبتلا نہیں ہوگی ہاں چند ایک لوگ یا چند قبائل کا اسلام سے پھر کر مشرک ہو جانا ہوگا جیسا کہ حدیث مبارک میں بیان ہوا ہے۔ یہ بات یاد رکھیں کچھ لوگ ایسی احادیث کو اہل سنت کے عقائد پر لگاتے ہیں جو کہ بہت بڑی غلطی پر ہیں کیوں کہ اہل سنت کے تمام عقائد قرآن وحدیث سے ثابت ہیں' اور امت کے تمام اکابرین اہل سنت وجماعت ہی سے تھے' اور آج تک تمام گروہان باطل اکٹھے ہو کر بھی اہل سنت کی تعداد کو نہیں پہنچ سکے۔

اور غیب کی خبر دیتے ہوئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرمایا: کہ تیس کذاب ایسے ہوں گے جو نبی ہونے کا دعوٰی کریں گے' حالانکہ پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آخری نبی ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔

حدیث نمبر 7: امام مہدی رضی اللہ عنہ خزانے عطا فرمائیں گے

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ خَشِیْنَا اَنْ یَّکُوْنَ بَعْدَ نَبِیِّنَا فَسَاَلْنَا نَبِیَّ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ فِیْ اُمَّتِیْ الْمَھْدِیَّ یَخْرُجُ یَعِیْشُ خَمْسًا اَوْ سَبْعًا اَوْ تِسْعًا زَیْدٌ الشَّاکُّ قَالَ قُلْنَا وَمَا ذَاکَ قَالَ سِنِیْنَ قَالَ فَیَجِیْءُ اِلَیْہِ رَجُلٌ فَیَقُوْلُ یَا مَھْدِیُّ اَعْطِنِیْ اَعْطِنِیْ قَالَ فَیَحْثِیْ لَہٗ فِیْ ثَوْبِہٖ مَا اسْتَطَاعَ اَنْ یَّحْمِلَہٗ.

Marfat.com

ترجمہ:

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ہمیں یہ اندیشہ ہوا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد بے دینی ہو جائے گی تو ہم نے اس بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری امت میں مہدی آئے گا وہ پانچ' یا سات' یا نو تک رہے گا۔ یہ شک زید نامی راوی کو ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں: ہم نے دریافت کیا اس سے مراد کیا ہے؟ تو فرمایا: اس سے مراد سال ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں پھر ایک شخص ان کے پاس آئے گا اور کہے گا اے مہدی! ہمیں عطا کیجئے آپ مجھے عطا کیجئے تو مہدی اس کے کپڑے میں (سازوو سامان) بھرنے کا حکم دیں گے اتنا کہ جتنا وہ شخص اٹھا سکتا ہو۔

تخریج:

ترمذی 2/494 کتاب الفتن باب ماجآء فی المھدی رقم 2158

ابن ماجہ صفحہ 436 کتاب الفتن باب خروج المھدی رقم 4083

تشریح:

حضرت سیدنا امام مہدی رضی اللہ عنہ کا ظہور قریب قیامت کو ہوگا وہ حکومت کریں گے۔ اور لوگوں کو مال و دولت عطا کریں گے جتنا کہ وہ اٹھا سکیں۔

حدیث نمبر 8: دجال مشرق کی سرزمین خراسان سے نکلے گا۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

Marfat.com

الدَّجَّالُ يَخْرُجُ مِنْ اَرْضٍ بِالْمَشْرِقِ يُقَالُ لَهَا خُرَاسَانُ يَتْبَعُهُ اَقْوَامٌ كَاَنَّ وُجُوْهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ.

ترجمہ:

دجال مشرق کی سرزمین سے نکلے گا اس جگہ کا نام خراسان ہوگا کچھ قومیں اس کے ساتھ ہوں گی جن کے چہرے چپٹی ڈھالوں کی مانند ہوں گے۔

تخریج:

ترمذی 2/495 کتاب الفتن باب ماجآء من این یخرج الدجال رقم 2163

ابن ماجہ صفحہ 432 کتاب فتن باب فتنة الدجال خروج عیسٰی ابن مریم .....رقم 4072

مسند امام احمد 7/1. مسند حمیدی 30.

تشریح:

اس حدیث پاک میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خروج دجال جو کہ قیامت کی بڑی علامتوں میں سے ہے کی علامات بیان فرمائی ہیں:

دجال مشرق کی سرزمین سے نکلے گا' اس جگہ کا نام خراسان ہوگا' اس کے ساتھ کچھ لوگ ہوں گے اور ان کا حلیہ بھی بیان فرمادیا کہ ان کے چہرے چپٹی ڈھالوں کی مانند ہوں گے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تو ایک ایک چیز بیان فرمادی ہے اب بھی اگر کوئی علم مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اعتراض کرے تو اس کے لیے یہ ہے کہ وہ اپنی عقل وسوچ اور قسمت پر ماتم کرے

Marfat.com

حدیث نمبر 9: زبردست خون ریزی/قسطنطنیہ کی فتح

عَنْ مُّعَاذِبْنِ جَبَلٍ عَنِ النَّبِيِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمَلْحَمَةُ الْعُظْمَى وَفَتْحُ الْقُسْطَنْطِيْنِيَّةِ وَخُرُوْجُ الدَّجَّالِ فِيْ سَبْعَةِ اَشْهُرٍ.

ترجمہ:

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: زبردست خون ریزی، قسطنطنیہ کی فتح، اور دجال کا خروج (یہ تینوں علامات) سات مہینوں کے اندر ظاہر ہو جائیں گی۔

تخریج:

ترمذی 2/495 کتاب الفتن باب ماجآء فی علامات خروج الدجال رقم 2164'2165.

ابن ماجہ صفحہ 437 کتاب الفتن باب الملاحم رقم 4092.

ابوداود 2/241 کتاب الملاحم باب فی توتر الملاحم رقم 4295.

مسند امام احمد 234/5.

حدیث نمبر 10:

حضرت عیسیٰ علیہ السلام باب لد کے سامنے دجال کو قتل کریں گے

حضرت مجمع بن جارجہ انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ: يَقْتُلُ ابْنِ مَسْرِيَمَ الدَّجَّالَ بِبَابِ لُدٍّ.

حضرت ابن مریم علیہ السلام دجال کو "باب لد" کے سامنے قتل کر دیں گے۔

Marfat.com

تخریج:

ترمذی 2/497 کتاب الفتن باب ماجآء فی قتل عیسٰی ابن مریم الدجال رقم 2170

ابوداود 2/244 کتاب الملاحم باب ذکر خروج الدجال رقم 4321

ابن ماجہ صفحہ 433 کتاب الفتن باب فتنة الدجال خروج عیسٰی .....رقم 4075

حدیث نمبر 11: دجال کی تفصیلات

حضرت عبدالرحمن بن ابوبکرہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کا بیان نقل کرتے ہیں کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: يَمْكُثُ اَبُو الدَّجَّالِ وَاُمُّهٗ ثَلَاثِيْنَ عَامًا لَّا يُوْلَدُ لَهُمَا وَلَدٌ فَيُوْلَدُ لَهُمَا غُلَامٌ اَعْوَرُ اَضَرُّ شَيْءٍ وَّ اَقَلُّهُ مَنْفَعَةً تَنَامُ عَيْنَاهُ وَلَا يَنَامُ قَلْبُهٗ ثُمَّ نَعَتَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَوَيْهِ فَقَالَ اَبُوْهُ طِوَالٌ ضَرَبُ اللَّحْمِ كَاَنَّ اَنْفَهٗ مِنْقَارٌ وَاُمُّهٗ اِمْرَأَتُهٗ فِرْضَاخِيَّةٌ طَوِيْلَةُ الثَّدْيَيْنِ....

ترجمہ:

دجال کے ماں باپ کے ہاں تیس سال تک اولاد نہیں ہوگی پھر ان کے ہاں ایک لڑکا ہوگا جو کانا ہوگا جو سب سے زیادہ نقصان دہ ہوگا اور سب سے کم نفع بخش ہوگا۔ اس کی آنکھیں سو جائیں گی لیکن اس کا ذہن بیدار رہے گا راوی بیان کرتے ہیں پھر نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمارے سامنے اس کے ماں باپ کا حلیہ بیان کیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کے باپ کا قد لمبا اور وہ دبلا پتلا ہوگا' اس کی ناک مرغ کی

Marfat.com

چونچ کی طرح ہوگی جبکہ اس کی ماں لمبے پستان والی عورت ہوگی۔

تخریج:

ترمذی 2/498 کتاب الفتن باب ماجآء فی ذکر ابن صائد رقم 2174.

مسند امام احمد 40/5.

حدیث نمبر 12: قرب قیامت زمانہ سمٹ جائے گا

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَتَقَارَبَ الزَّمَانُ فَتَكُوْنُ السَّنَةُ كَالشَّهْرِ وَالشَّهْرُ كَالْجُمُعَةِ وَتَكُوْنُ الْجُمُعَةُ كَالْيَوْمِ وَيَكُوْنُ الْيَوْمُ كَالسَّاعَةِ وَتَكُوْنُ السَّاعَةُ كَالضَّرَمَةِ بِالنَّارِ.

ترجمہ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک زمانہ سمٹ نہیں جائے گا سال مہینے کی طرح ہو جائے گا' مہینہ ہفتے کی طرح ہو جائے گا' ہفتہ ایک دن کی طرح ہوگا' اور ایک دن ایک گھڑی کی طرح ہوگا' اور ایک گھڑی یوں ہوگی جیسے آگ کا انگارہ ہوتا ہے۔

تخریج:

ترمذی 2/508 کتاب الزھد باب ماجآء فی التقارب الزمان.....رقم 2254

Marfat.com

تشریح:

لوگوں کی اکثریت یہ کہتی نظر آتی ہے کہ وقت کا پتا ہی نہیں چلتا بہت جلدی گزر جاتا ہے

حدیث نمبر 13: عربوں کا ہلاک ہونا قیامت کی نشانی ہے

حضرت محمد بن ابورزین رضی اللہ عنہ اپنی والدہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں سیدہ ام حریر کا یہ عالم تھا کہ جب کوئی عرب فوت ہو جاتا تھا تو انہیں بڑی تکلیف ہوتی تھی ان سے کہا گیا کہ جب بھی کوئی عرب شخص فوت ہوتا ہے تو آپ کو بڑی تکلیف ہوتی ہے تو انہوں نے جواب دیا میں نے اپنے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے:

قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنِ اقْتِرَابِ السَّاعَةِ هَلَاكُ الْعَرَبِ.

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامتوں کی نشانیوں میں سے ایک نشانی عربوں کا ہلاک ہونا ہے۔

تخریج:

ترمذی 2/711 کتاب المناقب باب فی فضل العرب رقم 3864

حدیث نمبر 14: دابۃ الارض کا مسلمان اور کافر لکھنا

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَخْرُجُ الدَّابَّةُ مَعَهَا خَاتَمُ سُلَيْمَانَ وَعَصَا مُوْسٰى فَتَجْلُوْ وَجْهَ الْمُؤْمِنِ وَتَخْتِمُ اَنْفَ الْكَافِرِ بِالْخَاتَمِ حَتّٰى اِنَّ اَهْلَ الْخِوَانِ لَيَجْتَمِعُوْنَ

Marfat.com

فَيَقُوْلُ هَاهَا يَا مُؤْمِنُ وَيُقَالُ هَاهَا يَا كَافِرُ وَيَقُوْلُ هٰذَا يَامُؤْمِنُ وَيَقُوْلُ هٰذَا يَا كَافِرُ.

ترجمہ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (قیامت سے قبل) ایک جانور نکلے گا جس کے پاس حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی ہوگی اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عصا ہوگا' وہ اس کے ذریعے سے مومن کے چہرے کو روشن کردے گا اور کافر کی ناک پر مہر لگادے گا' یہاں تک کہ لوگ ایک دسترخوان پر اکٹھے ہوں گے تو کوئی شخص کہے گا اے مومن! اور کہا جائے گا اے کافر! مومن یہ کہے گا اے کافر! اور کافر یہ کہے گا اے مومن!

تخریج:

ترمذی 2/623 کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورۃ النمل رقم 3111

ابن ماجہ صفحہ 432 کتاب الفتن باب دابۃ الارض رقم 4066

مسند امام احمد 2/491.

حدیث نمبر 15: دابۃ الارض مکہ کے قریب سے نکلے گا

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ: قَالَ ذَهَبَ بِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى مَوْضِعٍ بِالْبَادِيَةِ قَرِيْبٍ مِّنْ مَّكَّةَ فَاِذَا الْاَرْضُ يَابِسَةٌ حَوْلَهَا رَمْلٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ تَخْرُجُ الدَّابَّةُ مِنْ هٰذَا

Marfat.com

الْمَوْضِعِ فَاِذَا فِتْرٌ فِیْ شِبْرٍ قَالَ اِبْنِ بُرِیْدَۃَ فَحَجَجْتُ بَعْدَ ذٰلِكَ بِسِنِیْنَ فَاَرَنَا عَصَاۃُ فَاِذَا ھُوَ بِعَصَاءِ ھٰذِہٖ كَذَا وَ كَذَا.

ترجمہ:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ مکرمہ کے قریب مجھے ایک میدان میں لے گئے جو خشک اور ریتلی زمین تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دابۃ یہاں سے نکلے گا میں نے اس جگہ کو دیکھا وہ تقریباً ایک بالشت ہوگی۔

حضرت ابن بریدہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے کئی سال کے بعد حج کیا تو میرے والد نے مجھے اپنا عصا لے کر بتایا کہ دابۃ الارض کا عصا اتنا موٹا اور اتنا لمبا ہوگا۔

تخریج:

ابن ماجہ صفحہ 432 کتاب الفتن باب بة الارض رقم 4067

تشریح:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تو کوئی چیز باقی نہیں چھوڑی حتیٰ کہ دابۃ الارض کے نکلنے کی جگہ اور عصاء کی لمبائی موٹائی تک بیان فرمادی ہے یعنی ایک ایک چیز اپنے غلاموں کو بتادی ہے لیکن افسوس ہے ان بیوقوفوں پر جو یہ تمام احادیث پڑھ کر پھر بھی علم مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اعتراض کرتے ہیں۔

حدیث نمبر 16: قیامت کو برہنہ جسم اٹھایا جائے گا

Marfat.com

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تُحْشَرُوْنَ حُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا فَقَالَتِ امْرَاةٌ اَيُبْصِرُ اَوْ يَرٰى بَعْضُنَا عَوْرَةَ بَعْضٍ قَالَ يَا فَلَانَةُ (لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُغْنِيْهِ).

ترجمہ:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: تم لوگوں کو قیامت کے دن برہنہ پاؤں' برہنہ جسم' ختنے کے بغیر اٹھایا جائے گا۔ تو ایک خاتون نے عرض کی: تو کیا لوگ ایک دوسرے کے ستر کی طرف دیکھیں گے؟ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے فلاں عورت۔ (اللہ تعالیٰ فرماتا ہے):

لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُغْنِيْهِ. (پارہ 30 عبس 37)

ترجمہ کنزالایمان: ان میں سے ہر ایک کو اس دن ایک فکر ہے کہ وہی اسے بس کافی ہے۔

تخریج:

ترمذی 2/643 کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورۃ عبس رقم 3255

ابن ماجہ صفحہ 1/294 کتاب الجنائز باب البعث رقم 2080'2081

حدیث نمبر 17: لوگ مسجدوں کے معاملے میں فخر کریں گے

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَتَبَاهَى النَّاسُ فِي الْمَسَاجِدِ.

Marfat.com

ترجمہ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک مسجدوں کے معاملہ میں لوگ فخر نہ کرنے لگ جائیں

تخریج:

ابن ماجہ صفحہ 156 کتاب المساجد باب تشییید الماجد رقم 739.

ابوداود 1/77 کتاب الصلوۃ باب فی بناء المسجد رقم 449.

سنن نسائی 1/112 کتاب المساجد باب المباھاۃ فی المساجد رقم 688.

تشریح:

فی زمانہ مسجدیں تو ایک دوسرے سے بڑھ کر بنائی جارہی ہیں۔ اور ایک دوسرے پر فخر کیا جارہا ہے۔ لیکن شاید اخلاص اور خشوع وخضوع ڈھونڈنے سے ہی ملے گا

حدیث نمبر 18: مسلمان سات سال تیر وکمان جلائیں گے

حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

سَيُوْقِدُ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ قِسِيِّ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ وَنُشَّابِهِمْ وَأَتْرِسَتِهِمْ سَبْعَ سَنِيْنَ.

ترجمہ:

مسلمان یاجوج ماجوج کے تیر وکمان کی لکڑیاں سات سال تک جلائیں گے۔

تخریج:

Marfat.com

ابن ماجہ صفحہ434 کتاب الفتن باب فتنة الدجال و خروج عیسٰی ابن مریم.....رقم 4075'76

حدیث نمبر 19: یاجوج ماجوج کا نکلنا

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تُفْتَحُ یَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ فَیَخْرُجُوْنَ کَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی ﴿وَهُمْ مِنْ کُلِّ حَدَبٍ یَّنْسِلُوْنَ﴾ فَیَعُمُّوْنَ الْاَرْضَ وَیَنْحَازُ مِنْهُمُ الْمُسْلِمُوْنَ حَتّٰی تَصِیْرَ بَقِیَّةُ الْمُسْلِمِیْنَ فِیْ مَدَائِنِهِمْ وَحُصُوْنِهِمْ وَیَضُمُّوْنَ اِلَیْهِمْ مَوَاشِیَهُمْ حَتّٰی اَنَّهُمْ لَیَمُرُّوْنَ بِالنَّهَرِ فَیَشْرَبُوْنَهٗ حَتّٰی مَا یَذْرُوْنَ فِیْهِ شَیْئًا فَیَمُرُّ اٰخِرُهُمْ عَلٰی اَثَرِهِمْ فَیَقُوْلُ قَائِلُهُمْ لَقَدْ کَانَ بِهٰذَا الْمَکَانِ مَرَّةً مَّاءٌ وَیَظْهَرُوْنَ عَلَی الْاَرْضِ فَیَقُوْلُ قَائِلُهُمْ هٰؤُلَاءِ اَهْلُ الْاَرْضِ قَدْ فَرَغْنَا مِنْهُمْ وَلَنُنَازِلَنَّ اَهْلَ السَّمَآءِ حَتّٰی اِنَّ اَحَدَهُمْ لَیَهُزُّ حَرْبَتَهٗ اِلَی السَّمَآءِ فَتَرْجِعُ مُخَضَّبَةً بِالدَّمِ فَیَقُوْلُوْنَ قَدْ قَتَلْنَا اَهْلَ السَّمَآءِ فَبَیْنَمَا هُمْ اِذْ بَعَثَ اللّٰهُ دَوَآبَّ کَنَغَفِ الْجَرَادِ فَتَاْخُذُ بِاَعْنَاقِهِمْ فَیَمُوْتُوْنَ مَوْتَ الْجَرَادِ یَرْکَبُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا فَیُصْبِحُ الْمُسْلِمُوْنَ لَا یَسْمَعُوْنَ لَهُمْ حِسًّا فَیَقُوْلُوْنَ مَنْ رَّجُلٌ یَّشْرِیْ نَفْسَهٗ وَیَنْظُرُ مَا فَعَلُوْا فَیَنْزِلُ مِنْهُمْ رَجُلٌ قَدْ وَطَّنَ نَفْسَهٗ عَلٰی اَنْ یَّقْتُلُوْهُ فَیَجِدُهُمْ مَوْتٰی فَیُنَادِیْهِمْ اَلَا

Marfat.com

اَبْشِرُوْا فَقَدْ هَلَكَ عَدُوُّكُمْ فَيَخْرُجُ النَّاسُ وَيَخْلُوْنَ بِسَبِيْلَ مَوَاشِيْهِمْ فَمَا يَكُوْنُ لَهُمْ رَعْيٌ اِلَّا لُحُوْمُهُمْ فَتَشْكَرُ عَلَيْهَا كَاَحْسَنِ مَا شَكِرَتْ مِنْ نَّبَاتٍ اَصَابَتْهُ قَطُّ.

ترجمہ:

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یاجوج ماجوج کھول دیئے جائیں گے وہ ایسے ہی ظاہر ہوں گے جیسے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿وَهُمْ مِنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ﴾ (پارہ17 الانبیاء96)

ترجمہ کنزالایمان: اور وہ ہر بلندی سے ڈھلکتے ہوں گے۔

وہ زمین پر پھیل جائیں گے مسلمان اس سے محفوظ رہنے کے لیے اپنے مویشیوں کو لے کر شہروں اور قلعوں میں پناہ گزین ہو جائیں گے حتیٰ کہ ان کا ایک گروہ پانی پر سے گزرے گا تو سارا پانی پی کر ختم کر دے گا جب دوسرے گروہ کا وہاں سے گزر ہوگا تو وہ کہے گا کہ کسی زمانے میں یہاں پانی تھا جب وہ زمین پر غالب آجائیں گے تو کہیں گے ان اہل زمین سے ہم نمٹ چکے ہیں اب آسمان والے باقی رہ گئے ہیں تو ان میں سے ایک شخص تیر آسمان کی طرف پھینکے گا تو خون میں رنگا ہوا آئے گا تو بولیں گے ہم نے آسمان والوں کو بھی ہلاک کر دیا اسی حالت میں اللہ تعالیٰ ان پر ٹڈی کی قسم کے جانوروں کو بھیجے گا جو ان کی گردنوں میں گھس

Marfat.com

جائیں گے یہ سب کے سب ٹڈیوں کی طرح مرجائیں گے جب مسلمان اس دن صبح کو اٹھیں گے اور یاجوج ماجوج کی آواز محسوس نہ کریں گے تو کہیں گے کوئی ایسا ہے جو اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر انہیں دیکھ آئے؟ ایک شخص پہاڑ پر سے ان کا حال جاننے کے لیے نیچے اترے گا تو دل میں خیال کرے گا موت کے منہ میں جارہا ہوں وہ انہیں مردہ پائے گا تو پکار کر کہے گا خوش ہو جاؤ تمہارا دشمن ہلاک ہو گیا تو لوگ نکلیں اور اپنے جانور چرنے کے لیے چھوڑ دیں گے اور یاجوج ماجوج کے گوشت کے سوا کوئی چیز انہیں کھانے کے لیے نہیں ملے گی اس وجہ سے وہ ان کا گوشت کھا کھا کر خوب موٹے تازے ہوں گے جس طرح کبھی گھاس کھا کر موٹے ہوئے تھے۔

تخریج:

ابن ماجہ صفحہ 436 کتاب الفتن باب فتنة الدجال وخروج.....رقم 4079'4080'4081

حدیث نمبر 20: ظہورِ امام مہدی رضی اللہ عنہ

عَنْ عَبْدِ اللهِ قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ اَقْبَلَ فِتْيَةٌ مِّنْ بَنِىْ هَاشِمٍ فَلَمَّا رَاٰهُمُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِغْرَوْرَقَتْ عَيْنَاهُ وَتَغَيَّرَ لَوْنُهٗ قَالَ فَقُلْتُ مَا نَزَالُ نَرٰى فِىْ وَجْهِكَ شَيْئًا نَّكْرَهُهٗ فَقَالَ اِنَّا اَهْلُ بَيْتٍ اِخْتَارَ اللهُ لَنَا

Marfat.com

الْاٰخِرَةَ عَلَى الدُّنْيَا وَاِنَّ اَهْلَ بَيْتِىْ سَيَلْقَوْنَ بَعْدِىْ بَلَاءً وَّتَشْرِيْدًا وَّتَطْرِيْدًا حَتّٰى يَاْتِىَ قَوْمٌ مِّنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ مَعَهُمْ رَايَاتٌ سُوْدٌ فَيَسْاَلُوْنَ الْخَيْرَ فَلَا يُعْطَوْنَهٗ فَيُقَاتِلُوْنَ فَيُنْصَرُوْنَ فَيُعْطَوْنَ مَا سَاَلُوْا فَلَا يَقْبَلُوْنَهٗ حَتّٰى يَدْفَعُوْهَا اِلٰى رَجُلٌ مِّنْ اَهْلِ بَيْتِىْ فَيَمْلَؤُهَا قِسْطًا كَمَا مَلَؤُهَا جَوْرًا فَمَنْ اَدْرَكَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَلْيَاْتِهِمْ وَلَوْ حَبْوًا عَلَى الثَّلْجِ.

ترجمہ:

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں بیٹھے ہوئے تھے اتنے میں چند ہاشمی جوان آئے تھے انہیں دیکھ کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آنکھیں بھر آئیں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا رنگ بدل گیا میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ہمیشہ کوئی نہ کوئی ایسی بات دیکھتے ہیں جس سے ہمیں دکھ ہوتا ہے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہم وہ لوگ ہیں جنہیں اللہ نے دنیا کے بدلے آخرت عطا کی ہے بہت جلد ایسا وقت آنے والا ہے کہ میرے اہل بیت نہایت تکلیف اور سختی میں مبتلا ہوں گے ان پر بڑی مصیبتیں آئیں گی' حتیٰ کہ مشرق اور مغرب سے کچھ لوگ آئیں گے' جن کے ہمراہ سیاہ جھنڈے ہوں گے ان کا مقصد دنیا کے خزانوں پر قبضہ کرنا نہ ہوگا لیکن لوگ ان کی راہ روکیں گے اس لیے وہ لوگوں سے

Marfat.com

جنگ کریں گے اللہ تعالیٰ انہیں فتح عنایت فرمائے گا اور جس کام کا ارادہ کریں گے وہ پورا ہوگا اس وقت یہ لوگ اپنی حکومت کو پسند نہ کریں گے بلکہ میرے اہل بیت میں سے ایک شخص کو اپنا سردار مقرر کریں گے وہ شخص زمین کو اس طرح عدل سے بھر دے گا جس طرح لوگوں نے اسے ظلم سے بھر دیا تھا لہذا ہم میں سے جو شخص اس زمانہ کو پائے وہ ان لوگوں کا شریک ہو اگرچہ اسے گھٹنوں کے بل برف پر کیوں نہ چلنا پڑے۔

تخریج:

ابن ماجہ صفحہ 436 کتاب الفتن باب خروج المھدی رقم 4085'4084'4083'4082

حدیث نمبر 21: مال پھیل جائے گا اور بکثرت ہوگا

عَنْ عَمْرِو بْنِ تَغْلِبَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنْ اَشْرَاطِ لسَّاعَةِ اَنْ يَّفْشُوَ الْمَالُ وَيَكْثُرَ وَتَفْشُوَ التِّجَارَةُ وَيَظْهَرَ الْعِلْمُ وَيَبِيْعَ الرَّجُلُ الْبَيْعَ فَيَقُوْلَ لَا حَتّٰى اَسْتَاْمِرَ تَاجِرَ بَنِيْ فُلَانٍ وَيُلْتَمَسَ فِي الْحَيِّ الْعَظِيْمِ الْكَاتِبُ فَلَا يُوْجَدُ.

ترجمہ:

حضرت عمرو بن تغلب رضی اللہ عنہ کا بیان ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت کی نشانیوں میں سے ایک نشانی یہ ہے کہ مال پھیل جائے گا' اور بکثرت ہوگا' تجارت

Marfat.com

عام ہو جائے گی' جہالت ظاہر ہو جائے گی' اور ایک شخص فروخت کرے گا' پھر کہے گا: نہیں جب تک میں فلاں قبیلہ کے سوداگر سے مشورہ نہ کرلوں اور ایک بڑے محلے میں لکھنے والے کو ڈھونڈیں گے کوئی نہ ملے گا۔

تخریج:

نسائی 2/211 کتاب البیوع باب التجارۃ رقم 4468

حدیث نمبر 22: اللہ تین قسم کے لوگوں سے گفتگو نہیں فرمائے گا

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ رَجُلٌ مَنَعَ ابْنَ السَّبِيْلِ فَضْلَ مَآءٍ عِنْدَهٗ وَرَجُلٌ حَلَفَ عَلٰى سِلْعَةٍ بَعْدَ الْعَصْرِ يَعْنِىْ اِذِبًا وَرَجُلٌ بَايَعَ اِمَامًا فَاِنْ اَعْطَاهُ وَفٰى لَهٗ وَاِنْ لَمْ يُعْطِهٖ لَمْ يَفِ لَهٗ.

ترجمہ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تین آدمی ایسے ہیں جن سے اللہ تعالیٰ قیامت کے روز کلام نہیں فرمائے گا' ایک وہ جس کے پاس زائد پانی ہو اور مسافر کو اس سے روکے۔ دوسرا وہ جو اپنا مال بیچنے کے لیے عصر کے بعد جھوٹی قسم کھائے۔ تیسرا وہ جس نے کسی امام کے ہاتھ پر بیعت کی اگر امام نے اسے کچھ دیا تو وعدہ پورا کرے اور نہ دے تو وعدہ پورا نہ کرے۔

Marfat.com

تخریج:

ابوداود 2/136 کتاب البیوع باب فی منع الماء رقم 3476

حدیث نمبر 23: چار فتنوں کے بعد قیامت آئے گی

عَنْ عَبْدِ اللهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَكُوْنُ فِيْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اَرْبَعُ فِتَنٍ فِيْ اٰخِرِهَا الْفِنَآءُ.

ترجمہ:

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس امت میں چار فتنے ہوں گے جن کے بعد قیامت ہے۔

تخریج:

ابوداود 2/231 کتاب الفتن باب ذکر الفتن ودلائلها رقم 4242

حدیث نمبر 24: خطرناک فتنے ہوں گے

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا بیان ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں بیٹھے ہوئے تھے: فَذَكَرَ الْفِتَنَ فَاَكْثَرَ فِيْ ذِكْرِهَا حَتّٰى ذَكَرَ فِتْنَةَ الْاَحْلَاسِ فَقَالَ قَائِلٌ يَارَسُوْلَ اللهِ وَمَا فِتْنَةُ الْاَحْلَاسِ قَالَ هَرَبٌ وَحَرْبٌ ثُمَّ فِتْنَةُ السَّرَّآءِ دَخَنُهَا مِنْ تَحْتِ قَدَمِيْ رَجُلٍ مِنْ اَهْلِ بَيْتِيْ يَزْعَمُ اَنَّهٗ مِنِّيْ وَلَيْسَ مِنِّيْ وَاِنَّمَا اَوْلِيَآئِيَ الْمُتَّقُوْنَ

Marfat.com

ثُمَّ يَصْطَلِحُ النَّاسُ عَلٰى رَجُلٍ كَوَرِكٍ عَلٰى ضِلْعٍ ثُمَّ فِتْنَةُ الدُّهَيْمَآءِ لَا تَدَعُ اَحَدًا مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اِلَّا لَطَمَتْهُ لَطْمَةً فَاِذَا قِيْلَ انْقَضَّتْ تَمَادَتْ يُصْبِحُ الرَّجُلُ فِيْهَا مُؤْمِنًا وَيُمْسِيْ كَافِرًا حَتّٰى يَصِيْرَ النَّاسُ اِلٰى قُسْطَاطَيْنِ قُسْطَاطُ اِيْمَانٍ لَا نِفَاقَ فِيْهِ وَقُسْطَاطُ نِفَاقٍ لَا اِيْمَانَ فِيْهِ فَاَذَا كَانَ ذَاكُمْ فَانْتَظِرِ الدَّجَّالَ مِنْ يَوْمِهٖ اَوْ مِنْ غَدِهٖ.

ترجمہ:

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فتنوں کا ذکر فرمایا: پس کثرت سے ان کا ذکر کرتے ہوئے فتنۂ احلاس کا ذکر فرمایا۔ بتایا گیا کہ وہ لڑائی جھگڑا اور بھاگ دوڑ ہے۔ پھر فتنۂ سراء ہے جو ایسے شخص کے قدموں کے نیچے سے نکلے گا جو گمان کرے گا کہ وہ میرا اہل بیت ہے حالانکہ وہ میرا نہیں ہے کیونکہ میرے دوست تو پرہیزگار ہیں پھر لوگ ایسے شخص پر اتفاق کریں گے جس کے سرین پسلی کے اوپر ہوں گے۔ پھر فتنۂ دہیما ہے جو میری امت میں سے کسی کو کم از کم ایک طمانچہ مارے بغیر نہیں چھوڑے گا۔ جب کہا جائے گا کہ اب فتنہ ختم ہو گیا تو اور بھڑکے گا۔ صبح کے وقت ایک آدمی صاحب ایمان ہوگا شام کو کافر ہو جائے گا۔ یہاں تک کہ لوگ دو کیمپوں میں بٹ جائیں گے ایک کیمپ میں بغیر ایمان کے نفاق ہوگا' اور دوسرے کیمپ میں بغیر نفاق کے ایمان ہوگا۔ جب یہ ہو جائے تو اس روز یا اس کے اگلے دن دجال کا انتظار کرنا۔

Marfat.com

تخریج:

ابوداود 2/231 کتاب الفتن باب ذکر الفتن ودلائلھا رقم 4243

حدیث نمبر 25: آنے والا فتنہ جس نے ہاتھ روک لیا نجات پا گیا

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَیْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ اَفْلَحَ مَنْ كَفَّ یَدَهٗ.

ترجمہ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عرب کی خرابی ہے اس فتنے سے جو نزدیک آ گیا ہے جس نے اپنے ہاتھ کو روک لیا وہ نجات پا گیا۔

تخریج:

ابوداود 2/232 کتاب الفتن باب ذکر الفتن ودلائلھا رقم 4249

حدیث نمبر 26: مسلمانوں کو مدینہ میں محصور کر دیا جائے گا

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُوْشِكُ الْمُسْلِمُوْنَ اَنْ یُحَاصِرُوا الْمَدِیْنَةَ حَتّٰی یَكُوْنَ اَبْعَدَ مَسَالِحِهِمْ سَلَاحٌ.

ترجمہ:

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کہ مسلمانوں کو

Marfat.com

مدینہ منورہ میں محصور کرلیا جائے گا اور سلاح سے آگے ان کی حکومت نہیں رہے گی

تخریج:

ابوداود 2/232 کتاب الفتن باب ذکر الفتن ودلائلھا رقم 4249

حدیث نمبر 27: دجال پست قد اور ٹیڑھی ٹانگوں والا ہوگا

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

قَالَ اِنِّیْ حَدَّثْتُکُمْ عَنِ الدَّجَّالِ حَتّٰی خَشِیْتُ اَنْ لَا تَعْقِلُوْا اَنَّ الْمَسِیْحَ الدَّجَّالَ رَجُلٌ قَصِیْرٌ اَفْحَجُ جُعْدٌ اَعْوَرُ مَطْمُوْسُ الْعَیْنِ لَیْسَ بِنَاتِیَةٍ وَلَا حَجْرَاءَ فَاِنْ اُلْبِسَ عَلَیْکُمْ فَاعْلَمُوْا اَنَّ رَبَّکُمْ لَیْسَ بِاَعْوَرَ۔

ترجمہ:

میں نے تمہیں دجال کے بارے میں اتنی باتیں بتائی ہیں کہ کہ تمہاری عقل میں نہ سمانے کا خدشہ لاحق ہونے لگا ہے بے شک دجال پست قد' ٹیڑھی ٹانگوں والا' گھنگریالے بالوں والا' کانا اور برابر آنکھوں والا ہوگا۔ نہ اس کی آنکھیں باہر نکلی ہوئی ہوں گی اور نہ اندر دھنسی ہوئی۔ اگر تمہیں ان باتوں میں شک رہے تو خوب یاد رکھنا کہ تمہارا رب کانا نہیں ہے (جب کہ دجال کانا ہے)۔

تخریج:

ابوداود 2/244 کتاب الملاحم باب خروج الدجال رقم 4320

Marfat.com

حدیث نمبر 28: دجال کے خروج کا پہلا دن سال دوسرا مہینہ کا ہوگا

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دجال کے بارے میں فرماتے ہوئے اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم کو بتایا کہ سورہ کہف کی ابتدائی آیتیں پڑھے گا وہ اس کے فتنے سے محفوظ رہے گا صحابہ کرام نے عرض کیا وہ زمین میں کتنی دیر رہے گا:

قَالَ اَرْبَعُوْنَ یَوْمًا یَوْمٌ کَسَنَةٍ وَیَوْمٌ کَشَهْرٍ وَیَوْمٌ کَجُمُعَةٍ وَسَائِرُ اَیَّامِهٖ کَاَیَّامِکُمْ ..... تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: چالیس روز ۔پہلا دن سال کی طرح' دوسرا مہینے کی طرح اور تیسرا ہفتے کی طرح ہو گا۔باقی دن تمہارے ہی دنوں جیسے ہوں گے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تخریج:

ابوداود 2/244 کتاب الملاحم باب خروج الدجال رقم 4321'4322'4323

تشریح:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی امت کو دجال کی تمام نشانیاں بتادی تھیں اور اس زمانے کے تمام حالات وواقعات کا پورا نقشہ صحابہ کرام کے سامنے کھینچ کر رکھ دیا جیسا کہ کتب احادیث وسیر میں وضاحت کے ساتھ ہے اور ہم نے بھی عقائد اہلسنت من الصحاح ستہ ﴿الجز الاول، الجز الثانی، الجز الثالث﴾ میں وضاحت کے ساتھ بیان کیا ہے۔جس طرح قیامت کی

Marfat.com

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے صحابہ کرام کو حتمی تاریخ نہیں بتائی کیونکہ اللہ تعالیٰ قرآنِ کریم میں فرماتا ہے:

لَا تَاْتِیْکُمْ اِلَّا بَغْتَۃً (پارہ 9 الاعراف 187) (قیامت) تم پر نہ آئے گی مگر اچانک

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قرآن کے مکذب نہیں مصدق ہیں اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قرآن مجید کے صدق کو قائم رکھنے کے لیے سن نہیں بتایا اور اپنا علم ظاہر کرنے کے لیے باقی سب کچھ حتی کہ دن تاریخ وقت اور مہینہ بتا دیا ہے۔

اسی طرح خروج دجال کی حتمی تاریخ کا تعین بھی نہیں فرمایا گیا' ہاں قیامت کی اس سے پہلی اور پچھلی تمام نشانیوں کا ذکر فرما دیا گیا ہے۔ اس کے باوجود ابن صیاد وغیرہ پر دجال ہونے کا شبہ ظاہر کرنا عدم علم کی بنا پر نہ تھا کیونکہ وہ بڑے دجال کی طرح کانا نہیں تھا اور نہ ہی اس کے فریب دینے کے وہ ذرائع واسباب تھے جن کے متعلق آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بتا دیا تھا کہ دجال کے پاس یہ کچھ ہوگا بلکہ یہ شبہ اپنی امت کے ہر چھوٹے بڑے دجال سے خبردار رہنے اور اس کے مکر وفریب سے بچانے کی غرض سے تھا کیونکہ امت محمدیہ کو گمراہ کرنے کے لیے کم وبیش تیس دجال ہوں گے جن میں ہر ایک نبوت کا دعویٰ کرے گا۔

مرزا غلام احمد قادیانی بھی انہیں تیس دجالوں میں سے ایک دجال وکذاب ہے۔ موصوف نے اتنی بڑی لعنت کا طوق برضا رغبت برٹش گورنمنٹ کی اسلام دشمنی

Marfat.com

اور شرارت کے تحت زیب گلو کیا تھا۔ اللہ تعالیٰ سارے دجالوں اور گمراہ گروں کے شر سے ہر مسلمان کو محفوظ و مامون رکھے آمین۔

حدیث نمبر 29:

حضرت عیسیٰ علیہ السلام 40 سال زمین پر رہنے کے بعد وصال فرمائیں گے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی خصوصیات بیان کرتے ہوئے فرمایا:۔

۔۔۔ فَيُقَاتِلُ النَّاسَ عَلَى الْاِسْلَامِ فَيَدُقُّ الصَّلِيْبَ وَيَقْتُلُ الْخِنْزِيْرَ وَيَضَعُ الْجِزْيَةَ وَيُهْلِكُ اللهُ فِيْ زَمَانِهِ الْمِلَلَ كُلَّهَا اِلَّا الْاِسْلَامَ وَيُهْلِكُ الْمَسِيْحَ الدَّجَّالَ فَيَمْكُثُ فِي الْاَرْضِ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ثُمَّ يُتَوَفّٰى فَيُصَلِّيْ اِلَيْهِ الْمُسْلِمُوْنَ.

ترجمہ:

۔۔۔۔۔ وہ لوگوں سے اسلام کے لیے لڑیں گے۔ صلیب کو توڑیں گے، خنزیر کو قتل کریں گے، اور جزیہ موقوف کر دیں گے۔ اللہ تعالیٰ ان کے زمانے میں ملت اسلامیہ کے سوا تمام ملتوں کو ختم کر دے گا۔ وہ دجال کو قتل کریں گے اور چالیس سال زمین میں رہنے کے بعد وفات پائیں گے۔ پس مسلمان ان پر نماز پڑھیں گے۔

تخریج:

سنن ابی داؤد 2/245 کتاب الملاحم باب خروج الدجال رقم 4324

Marfat.com

تشریح:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق درج ذیل غیب کی خبریں ارشاد فرمائی ہیں: اسلام کے لیے لڑیں گے' صلیب توڑ دیں گے' خنزیر کو قتل کر دیں گے' جزیہ اٹھا دیں گے' ملت اسلامیہ کے علاوہ تمام ملتوں کو ختم کر دیں گے' اور آخر میں ان کی وفات کی خبر بھی دی کہ 40 سال بعد وفات پا جائیں گے۔ اور مسلمان ان کی نماز جنازہ ادا کریں گے۔

حدیث نمبر 30:

جب لوگ لڑیں گے تو ان سب کی فکر چھوڑ دینا

عَنْ عَبْدُاللهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَيْفَ بِكُمْ وَبِزَمَانٍ اَوْ يُوْشِكُ اَنْ يَاْتِيَ زَمَانٌ يُغَرْبِلُ النَّاسَ فِيْهِ غَرْبَلَةً تَبْقٰى حُثَالَةً مِنَ النَّاسِ قَدْ مَرَجَتْ عُهُوْدُ هُمْ وَاَمَا نَاتُهُمْ وَاخْتَلَفُوْا فَكَانُوْا هٰكَذَا وَشَبَّكَ بَيْنَ اَصَابِعِهٖ فَقَالُوْا كَيْفَ بِنَا يَارَسُوْلَ اللهِ فَقَالَ تَاْخُذُوْنَ مَا تَعْرِفُوْنَ وَتَذَرُوْنَ مَا تُنْكِرُوْنَ وَ تَقْبَلُوْنَ عَلٰى اَمْرِ خَاصَّتِكُمْ وَتَذَرُوْنَ اَمْرَ عَامَّتِكُمْ.

ترجمہ:

Marfat.com

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس زمانے میں تمہارا کیا حال ہوگا یا عنقریب ایسا زمانہ آئے گا کہ اچھے لوگوں کا اس میں قحط پڑ جائے گا اور لوگوں کا کوڑا کرکٹ رہ جائے گا جو نہ عہد پورا کریں گے' اور نہ امانت دار ہوں گے' بلکہ اختلاف کریں گے' اور ان انگلیوں کی طرح دست گریبان رہیں گے۔ لوگ عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اس وقت ہم کیا کریں؟ فرمایا جنہیں تم اچھے جانتے ہو انہیں اختیار کرنا' اور جنہیں ناپسند کرتے ہو انہیں چھوڑ دینا۔ خاص لوگوں کے معاملے کو قبول کرنا اور عام لوگوں کے معاملے کو چھوڑ دینا۔

دوسری روایت میں ہے کہ اپنے گھر میں بند رہنا' اپنی زبان کو قابو میں رکھنا' اچھی بات اختیار کرنا' بری چھوڑ دینا' اپنی فکر کرنا اور عام لوگوں کی فکر چھوڑ دینا۔

تخریج:

ابوداود 2/248 کتاب الملاحم باب الامر والنہی رقم 4342'4343

حدیث نمبر 31:

قرب قیامت راست باز مومن کے خواب سچے ہوں گے

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اقْتَرَبَ الزَّمَانُ لَمْ تَكَدْ رُؤْیَا الْمُسْلِمِ اَنْ تَكْذِبَ وَاَصْدَقُهُمْ حَدِیْثًا .....

Marfat.com

ترجمہ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب قربِ قیامت کا زمانہ ہوگا تو مسلمان کا خواب جھوٹا نہیں ہوگا اور سب سے زیادہ سچا خواب اس کا ہوگا جو سب سے زیادہ راست باز ہوگا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تخریج:

ابوداود 2/343 کتاب الادب باب ماجاء فی الرویا رقم 5019

Marfat.com

باب نمبر 3:

علامات فتنہ عظیم

چونکہ اس باب میں بھی ایک عظیم فتنہ برپا کرنے والے گروہ کی علامات بیان کی گئی ہیں جو علم غیب ہی ہے اس لیے اس باب کو تیسرے نمبر پر رکھا ہے۔

حدیث نمبر 1:

میری امت میں 73 فرقے ہوں گے

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَفَرَّقَتِ الْیَهُوْدُ عَلٰی اِحْدٰی وَسَبْعِیْنَ اَوِ اثْنَتَیْنِ وَ سَبْعِیْنَ فِرْقَةً وَّالنَّصَارٰی مِثْلَ ذٰلِكَ وَتَفْتَرِقُ اُمَّتِیْ عَلٰی ثَلَاثٍ وَّ سَبْعِیْنَ فِرْقَةٍ.

ترجمہ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہودی 71 فرقوں میں تقسیم ہوئے تھے (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) 72 فرقوں میں تقسیم ہوئے تھے۔ عیسائی بھی اسی کی مانند (اتنے ہی فرقوں میں تقسیم ہوئے) اور میری امت 73 فرقوں میں تقسیم ہوگی۔

تخریج:

Marfat.com

ترمذی 2/548 کتاب الایمان باب افتراق دورہ الامۃ رقم 2564

ابو داود 2/286 کتاب السنہ باب فی شرح السنہ رقم۔4596

ابن ماجہ صفحہ 424 کتاب الفتن باب افتراق الامم رقم.3992:3991

مسند امام احمد 332/2۔مسند ابو یعلی 5910۔

حدیث نمبر 2:

72 فرقے جہنم میں جائیں گے

عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَأْتِيَنَّ عَلٰى أُمَّتِيْ مَا أَتَى عَلٰى بَنِيْ إِسْرَآئِيْلَ حَذْوَ النَّعْلِ بِالنَّعْلِ حَتّٰى إِنْ كَانَ مِنْهُمْ مَنْ أَتَى أُمَّهٗ عَلَانِيَةً لَّكَانَ فِيْ أُمَّتِيْ مَنْ يَّصْنَعُ ذٰلِكَ وَإِنَّ بَنِيْ إِسْرَآئِيْلَ تَفَرَّقَتْ عَلٰى ثِنْتَيْنِ وَسَبْعِيْنَ مِلَّةً وَّتَفْتَرِقُ أُمَّتِيْ عَلٰى ثَلَاثٍ وَّسَبْعِيْنَ مِلَّةً كُلُّهُمْ فِي النَّارِ إِلَّا مِلَّةً وَّاحِدَةً قَالُوْا وَمَنْ هِيَ يَا رَسُوْلَ اللهِ قَالَ مَا أَنَا عَلَيْهِ وَأَصْحَابِيْ.

ترجمہ:

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: میری امت کے ساتھ بھی وہی کچھ پیش آئے گا جو بنی اسرائیل کے ساتھ پیش آیا تھا۔ بالکل اسی طرح جیسے ایک جوتا دوسرے جوتے کے برابر ہوتا ہے یہاں تک کہ ان میں اگر کسی شخص نے اپنی ماں کے ساتھ علانیہ طور پر زنا کیا تھا تو

Marfat.com

میری امت میں بھی کوئی ایسا شخص ہوگا' جو ایسا کرے گا۔ اور بنی اسرائیل 72 فرقوں میں تقسیم ہوئے تھے اور میری امت 73 فرقوں میں تقسیم ہوگی ایک گروہ کے علاوہ باقی سب جہنم میں جائیں گے لوگوں نے دریافت کیا وہ کون لوگ ہوں گے؟ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! (جو جنت میں جائیں گے) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو اس راستے پر چلیں گے جس پر میں اور میرے صحابہ رضی اللہ عنہم ہیں۔

تخریج:

ترمذی 2/548'549 کتاب الایمان باب ماجاء فیمن یموت وھو یشھد۔۔۔رقم۔2565

ابو داود 2/286 کتاب السنہ باب فی شرح السنہ رقم۔4597

تشریح:

اس حدیث مبارک سے معلوم ہوا کہ امت گروہوں میں بٹے گی' صرف ایک جماعت حق پر ہوگی جو سواد اعظم کی جماعت ہے' باقی سب فرقے بدعتی' گمراہ' بدمذہب' اور جہنمی ہوں گے۔ نجات یافتہ صرف اور صرف اہلسنت و جماعت ہے جیسا کہ حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ نے فرقوں کے نام گنواتے ہوئے آخر میں ارشاد فرمایا واما الفرقة النّاجية فهى اهل السنة والجماعة۔ اور ان میں نجات پانے والا فرقہ اہلسنت و جماعت ہے۔

اور مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ ناجی جماعت کی نشاندہی کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

نجات کا راستہ اہل سنت و جماعت کی پیروی میں ہے اللہ تعالیٰ ان کے اقوال و

Marfat.com

افعال اور اصول وفروع میں برکت مرحمت فرمائے کیونکہ نجات والی جماعت یہی ہے اس کے سوا باقی سب فرقے خرابی اور ہلاکت میں پڑے ہوئے ہیں آج خواہ کسی کو اس بات کا علم نہ لیکن کل ہر ایک جان لے گا جب کہ وہ جاننا فائدہ نہ دے گا
(مکتوبات دفتر اول مکتوب نمبر 49)

معلوم ہوا کہ صرف اور صرف اہلسنت وجماعت ہی راہ راست پر ہے باقی سب فرقے باطل ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہر فرقہ دیوانہ وار اہلسنت وجماعت کو مٹانے اس کے بھولے بھالے عوام کو اپنے پیچھے لگانے اور حق کو مٹا کر باطل کا سکہ جمانے میں شب وروز کوشاں ہے۔

یہ زندہ حقیقت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تیار کردہ جماعت وہی ہے جو مختلف فرقہ باطلہ کے ظہور میں آنے پر اہلسنت وجماعت کے نام سے موسوم ہوئی تا کہ گمراہ فرقوں سے ممتاز رہے۔ اس جماعت سے نکلنا قرآن وحدیث کی رو سے مخالفت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے جیسا کہ کہ پروردگار عالم نے اس بارے میں تصریحاً فرمایا ہے

وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا

ترجمہ کنزالایمان: اور جو رسول کا خلاف کرے بعد اس کے کہ حق راستہ اس پر کھل چکا اور مسلمانوں کی راہ سے جدا راہ چلے ہم اسے اس کے حال پر چھوڑ دیں گے اور اسے دوزخ میں داخل کریں گے کیا بری جگہ پلٹنے۔ (پارہ 5 النساء 115)

Marfat.com

حدیث نمبر 3:

متشابہ آیات میں پڑھنے والے لوگ

عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ قَرَاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ (هُوَالَّذِىْ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ مِنْهُ اٰيٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ) اِلٰى اُوْلِى الْبَابِ قَالَتْ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا رَاَيْتُمُ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ سَمَّى اللّٰهُ فَاحْذَرُوْهُمْ۔

ترجمہ:

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیت مبارک تلاوت فرمائی:

هُوَالَّذِىْ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ مِنْهُ اٰيٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ۔ (پارہ 3 آل عمران 7)

ترجمہ کنزالایمان: وہی ہے جس نے تم پر یہ کتاب اتاری اس کی کچھ آیتیں صاف معنی رکھتی ہیں وہ کتاب کی اصل ہیں اور دوسری وہ ہیں جن کے معنی میں اشتباہ ہے

سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم ان لوگوں کو دیکھو جو متشابہ آیتوں کی پیروی کرتے ہیں تو یہ وہی لوگ ہیں جن کا اللہ تعالیٰ نے

Marfat.com

(قرآن مجید میں) نام لیا ہے ان سے بچ کر رہو۔

تخریج:

ابو داود 2/286 کتاب السنہ باب النہی عن الجدال ـــــــ رقم۔4598

تشریح:

ایک گروہ ایسا ہے جس کا دھندہ ہی متشابہات کی پیروی پر چل رہا ہے اور وہ لوگوں کو متشابہات آیات پڑھ کر گمراہ کرنے کی کوشش میں برسر پیکار ہیں اور جب کبھی ضرورت پڑھے تو کفار اور بتوں کے بارے میں نازل ہونے والی آیات کو انبیاء اور اولیاء پر چسپاں کرنے سے بھی گریز نہیں کرتے لہذا ہمارے لیے ضروری ہے کہ ایسے لوگوں کی خبر رکھیں اور ان سے خود بھی محفوظ رہیں اور دوسروں کو بھی بچانے کی کوشش کریں۔

حدیث نمبر 4:

جو جماعت سے الگ ہوا اس نے اسلام کا پٹا گلے سے اتار دیا

وَالْجَمَاعَةُ فَإِنَّهُ مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ قَيْدَ شِبْرٍ فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الْإِسْلَامِ مِنْ عُنُقِهِ إِلَّا أَنْ يَرْجِعَ ----

اور (مسلمانوں) کی جماعت کے ساتھ رہنا کیونکہ جو شخص جماعت سے بالشت بھر الگ ہوگا وہ اپنی گردن سے اسلام کے پٹے کو اتار دے گا تاوقتیکہ وہ اس میں

Marfat.com

واپس آجائے۔۔۔۔۔

ترمذی 2/576 کتاب الامثال باب ماجاء فی مثل الصلوۃ والصیام والصدقہ رقم۔2790

صحیح ابن خزیمہ 930.1890۔مسند امام احمد 130/4۔

اور دوسری راویت میں ہے:

عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَۃَ قِیْدَ شِبْرٍ فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَۃَ الْاِسْلَامِ مِنْ عُنُقِہٖ۔

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو جماعت سے ایک بالشت کے برابر بھی جدا ہوا تو اس نے اسلام کے پٹے کو اپنی گردن سے نکال دیا

تخریج:

ابو داود 2/311 کتاب السنہ باب فی قتل الخوارج رقم۔4758

تشریح:

ان احادیث میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سواد اعظم کی پیروی کی ترغیب دلائی ہے اور فرمایا جو جماعت سے الگ ہوا وہ الگ ہی جہنم گیا' اس وقت ہر طرف فتنے ہی فتنے اٹھ رہے ہیں نت نئے فرقے بن رہے ہیں' لیکن الحمد للہ تمام فرقوں کا مجموعہ بھی اہلسنت و جماعت کی تعداد کو نہیں پہنچ سکتا۔ تو معلوم ہوا کہ ناجی جماعت سواد اعظم اہلسنت و جماعت ہے۔

حدیث نمبر 5: جو امت میں پھوٹ ڈالے

Marfat.com

عَنْ عَرْفَجَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ سَيَكُوْنُ فِيْ اُمَّتِيْ هَنَاتٌ وَهَنَاتٌ فَمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّفَرِّقَ اَمْرَ الْمُسْلِمِيْنَ وَهُمْ جَمِيْعٌ فَاضْرِبُوْهُ بِالسَّيْفِ كَائِنًا مَنْ كَانَ۔

ترجمہ:

حضرت عرفجہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے: عنقریب میری امت میں فساد ہوں گے' فساد ہوں گے' فساد ہوں گے' جو مسلمانوں میں پھوٹ ڈالنے کی کوشش کرے جب کہ وہ اکٹھے ہوں تو اسے تلوار سے مار ڈالو خواہ وہ کوئی ہو۔

تخریج:

ابو داود 2/312 کتاب السنہ باب فی قتل الخوارج رقم۔4762

حدیث نمبر 6:

مخلوق میں بدترین لوگ

حَدَّثَنِيْ قَتَادَةُ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ وَاَنَسُ بْنِ مَالِكٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَيَكُوْنُ فِيْ اُمَّتِيْ اخْتِلَافٌ وَفُرْقَةٌ قَوْمٌ يُحْسِنُوْنَ الْقِيْلَ وَيُسِيْئُوْنَ الْفِعْلَ يَقْرَءُوْنَ الْقُرْاٰنَ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ مُرُوْقَ

Marfat.com

السَّهْمِ مِنَ الرَّمِيَّةِ لَا يَرْجِعُوْنَ حَتّٰى يَرْتَدَّ عَلٰى فُوْقِهٖ هُمْ شَرُّ الْخَلْقِ وَالْخَلِيْقَةِ طُوْبٰى لِمَنْ قَتَلَهُمْ وَقَتَلُوْهُ يَدْعُوْنَ اِلٰى كِتَابِ اللّٰهِ وَلَيْسُوْا مِنْهُ فِيْ شَيْءٍ مَنْ قَاتَلَهُمْ كَانَ اَوْلٰى بِاللّٰهِ تَعَالٰى مِنْهُمْ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَا سِيْمَاهُمْ قَالَ التَّحْلِيْقُ۔

ترجمہ:

قتادہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عنقریب میری امت میں اختلاف ہوگا اور مخالفت۔ ایک ایسی قوم ہوگی جو گفتار کے اچھے اور کردار کے برے ہوں گے۔ قرآن مجید پڑھیں گے جو ان کی ہنسلی سے آگے نہیں جائے گا۔ دین سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر کمان سے نکل جاتے ہیں اور واپس نہیں آتے یہاں تک کہ سوفار پر واپس نہ پھریں۔ وہ ساری مخلوق میں سب سے برے ہوں گے بشارت ہے اسے جو انہیں قتل کرے اور جس کو وہ قتل کریں۔ وہ اللہ کی کتاب کی طرف بلائیں گے لیکن اس کے ساتھ ان کا تعلق کوئی نہیں ہوگا ان کا قاتل ان کی نسبت اللہ تعالیٰ کے زیادہ قریب ہوگا لوگ عرض گزار ہوئے یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! ان کی نشانی کیا ہوگی؟ فرمایا کہ سر منڈانا۔

تخریج:

ابوداود 2/312'313 کتاب السنہ باب فی قتل الخوارج رقم 4765'4766

Marfat.com

ابن ماجہ صفحہ 111 کتاب السنہ باب فی ذکر الخوارج رقم۔175

تشریح:

اس حدیث پاک کی رو سے بھی اہل حق کا پتہ لگایا جاسکتا ہے کہ باطل فرقوں کے لوگ باتیں تو بڑی بڑی کر رہے ہیں لیکن عمل و کردور کے گندے ہیں کھانا پینا شادی بیاہ سب غیروں کے طریقوں کے مطابق ہیں حتی کہ خود دین کی تبلیغ کے دعوے دار ہیں اور گھر والوں کی بالکل خبر ہی نہیں ہے' جیسا کہ اخبارات میں بڑی تفصیل کے ساتھ آیا تھا' میاں تبلیغ پر بیگم بیوٹی پارلر۔لہذا عوام کے لیے ضروری ہے کہ جس کے پیچھے لگ رہے ہیں ان کے کردار کو ضرور دیکھ لیں۔اور آخر میں ان کی علامت بھی بیان فرمادی کہ وہ سر منڈائیں گے' اب تو کسی قسم کا ابہام رہ ہی نہیں گیا ہم بآسانی دیکھ سکتے ہیں کہ حدیث پاک میں بیان کی گئیں علامتیں کن میں پائی جاتی ہیں' ان سے بچنے کی کوشش کی جائے۔

حدیث نمبر 7:

خوارج جہنم کے کتے ہیں

عَنِ ابْنِ اَوْفٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْخَوَارِجُ کِلَابُ النَّارِ۔

ترجمہ:

Marfat.com

حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا خوارج جہنم کے کتے ہیں۔

تخریج:

ابن ماجہ صفحہ 111 کتاب السنہ باب فی ذکر الخوارج رقم۔173

حدیث نمبر 8:

بدترین مخلوق کون؟

كَانَ ابْنُ عُمَرَ يَرَاهُمْ شِرَارَ خَلْقِ اللهِ وَقَالَ اِنَّهُمُ انْطَلَقُوْا اِلٰى اٰيَاتٍ نَزَلَتْ فِي الْكُفَّارِ فَجَعَلُوْهَا عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ۔

ترجمہ:

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ان لوگوں (خوارج) کو اللہ تعالیٰ کی بدترین مخلوق سمجھتے تھے (جو کفار والی آیات مسلمانوں پر چسپاں کرتے ہیں) وہ یہ فرماتے تھے اب ان لوگوں نے ان آیات کو جو کفار کے بارے میں نازل ہوئیں ہیں اہل ایمان پر چسپاں کرنا شروع کر دیا۔

تخریج:

بخاری جلد 2 صفحہ 561 کتاب اسْتِتَابَةِ الْمُرْتَدِيْنَ۔۔۔۔تحت باب قتل الخوارج

تشریح:

Marfat.com

امام بخاری نے ''کتابُ اسْتِتَابَةِ الْمُرْتَدِّیْن ---- ''میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا قول نقل کیا ہے کہ خوارج کفار والی آیات اہل ایمان پر چسپاں کرتے ہیں اس لیے یہ بدترین مخلوق ہیں۔اس دور میں بھی خوارج کی ایک ایسی قسم ہے جو بڑے زور وشور کے ساتھ بتوں اور کفار والی آیات انبیاء اولیاء اور اہلسنت پر چسپاں کرتے ہیں لہذا ہم نے ان کی پہچان کر کے ان سے خود کو بھی بچانا ہے اور امت مسلمہ کو بھی۔اوران کی واضح نشانی سر منڈانا اور یہ کہ وہ گفتار کے تیز اور کردار کے گندے ہونا بیان فرمائی گی ہے۔

حدیث نمبر 9:

جو جس کی مشابہت اختیار کرے گا اسی سے ہوگا

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ.

ترجمہ:

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو جس قوم کی مشابہت اختیار کرے وہ اسی میں شمار ہوگا۔

تخریج:

ابوداود کتاب اللباس باب ماجاء فی الاقبیۃ رقم۔4031

Marfat.com

حدیث نمبر 10:

آدمی اپنے دوست کے مذہب پر ہوتا ہے

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الرَّجُلُ عَلٰی دِیْنِ خَلِیْلِهٖ فَلْیَنْظُرْ اَحَدُکُمْ مَنْ یُخَالِلُ۔

ترجمہ:

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آدمی اپنے دوست کے مذہب پر ہوتا ہے لہذا تم دیکھ لیا کرو کہ کس کو دوست بنا رہے ہو۔

تخریج: ابو داود 1/321 کتاب الادب باب من یؤمر ان یجالس رقم۔4833

ترمذی 2/513 کتاب الزھد باب ماجاء فی اخذ المال بحقه باب منه رقم۔4654

مسند حمد 1431۔ مسند امام احمد 441/1۔

تشریح:

آج کل لوگ دین کے میں معاملے میں بالکل ہی بے حس ہوتے جا رہے ہیں' رشتے کرتے وقت اور دوستیاں کرتے وقت صرف دنیا ہی کو دیکھا جاتا ہے۔ لیکن یہ حدیث پاک ہمیں اعلان کر رہی ہے کہ دوستیاں کرنے سے پہلے اچھی طرح غور کر لو کہیں کسی بد مذہب کو دوست تو نہیں بنا لیا' اگر اب غور نہیں کریں گے تو ایمان کے ضائع ہونے کی بالکل خبر بھی نہیں ہو گی۔ لہذا لازم ہے کہ عاشقانِ رسول کی دوستی اختیار کی جائے۔

Marfat.com

باب نمبر 4: بے مثل بشریت

ضروری وضاحت:

بعض لوگ اہلسنت پر بہتان تراشی کرتے ہوئے کہتے ہیں اہلسنت حضور اکرم ﷺ کی بشریت کے منکر ہیں جبکہ اہلسنت وجماعت کے نزدیک آپ ﷺ نورانیت اور بشریت کے جامع ہیں یعنی آپ ﷺ نوری بشر ہیں آپ ﷺ کی نورانیت وبشریت دونوں بے مثل وبے مثال ہیں۔ اور اہلسنت ان لوگوں کا رد بلیغ کرتے ہیں جو نبی اکرم ﷺ کو اپنی مثل بشر کہتے ہیں۔

حدیث نمبر 1: مجھ جیسا پیشوا نہیں ملے گا

جب نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جس کے دو بچے فوت ہوئے اللہ تعالیٰ اس کو جنت عطا فرمائے گا سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا جس کا ایک بیٹا فوت ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا اس کے لیے بھی یہی ثواب ہے پھر عرض کیا گیا اگر کسی کا کوئی بچہ نہ ہو تو: قَالَ فَاَنَا فَرَطُ اُمَّتِیْ لَنْ یُّصَابُوْا بِمِثْلِی۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں اس کا پیشوا ہوں گا اور انہیں مجھ جیسا پیشوا نہیں ملے گا۔

تخریج:

ترمذی 1/330 کتاب الجنائز باب ماجاء فی ثواب من قدم ولدا رقم۔982

مسند امام احمد 1/334۔

Marfat.com

تشریح:

اس حدیث پاک سے معلوم ہوا کہ کائنات میں نبی اکرم نورِ مجسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مثل کوئی نہیں، ہو بھی کیسے سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کائنات میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ثانی پیدا کیا ہی نہیں۔

حدیث نمبر 2: میں تمہاری مانند نہیں ہوں

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک جگہ پڑاؤ کیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں کھانا پیش کیا گیا جس میں کچھ سبزیاں ڈالی گئیں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے کھانے کو ناپسند کیا اور اپنے ساتھیوں کو ارشاد فرمایا تم کھالو:

فَاِنِّیْ لَسْتُ کَاَحَدٍ کُمْ کیونکہ میں تمہاری مانند نہیں ہوں۔

تخریج:

ترمذی 2/444 کتاب الاطعمہ باب ماجاء فی الرخصۃ ۔۔۔۔۔۔۔رقم۔ 1732

دارمی 833/1 کتاب الاطعمہ باب فی اکل الثوم رقم 1732۔

مسند امام احمد 27482۔ ابن حبان 2093۔ صحیح ابن خزیمہ 1671۔ مسند حمیدی 339۔

حدیث نمبر 3: جو میں دیکھتا ہوں تم نہیں دیکھ سکتے

عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنِّیْ اَرٰی مَالَا تَرَوْنَ وَ اَسْمَعُ مَالَا تَسْمَعُوْنَ۔۔۔۔

ترجمہ:

Marfat.com

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں وہ چیز دیکھ لیتا ہوں جسے تم نہیں دیکھ سکتے اور میں وہ چیز سن لیتا ہوں جسے تم نہیں سن سکتے ۔۔۔۔۔۔۔

تخریج:

ترمذی 2/506س کتاب الزھد باب فی قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم لو تعلمون ۔۔۔ رقم۔2234

ابن ماجہ 446صفحہ کتاب الزھد باب الحزن والبکای رقم۔4190

مسند امام احمد 173/5۔

حدیث نمبر 4:

شیطان کو صفوں میں گھستا ہوا دیکھتا ہوں

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رُصُّوْ صُفُوْفَكُمْ وَقَارِبُوْ بَيْنَهَا وَحَاذُوْ بِالْاَعْنَاقِ فَوَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهٖ اِنِّیْ لَاَرَی الشَّيْطَانَ يَدْخُلُ مِنْ خَلَلِ الصَّفِّ كَاَنَّهَا الْحَذَفُ

ترجمہ:

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: صفوں میں مل کر کھڑے ہوا کرو اور ان میں فاصلہ کم رکھو اور گردنیں برابر رکھا کرو کیونکہ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے میں شیطان کو دیکھتا ہوں کہ وہ بکری کے بچے کی طرح صفوں کے اندر خالی جگہ میں گھستا ہے۔

Marfat.com

تخریج:

ابو داود 1/107 کتاب الصلوۃ باب تسویۃ الصفوف رقم۔667

نسائی 1/131 کتاب الامامۃ باب حث الامام علی رص الصفوف۔۔۔۔رقم۔814

حدیث نمبر 5: شیطان کو کھانا اگلتے ہوئے ملاحظہ فرمایا

مُثَنَّى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْخُزَاعِيُّ عَنْ عَمِّهِ اُمَيَّةَ بْنِ مَخْشِيٍّ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا وَرَجُلٌ يَاْكُلُ فَلَمْ يُسَمِّ حَتّٰى لَمْ يَبْقَ مِنْ طَعَامِهِ اِلَّا لُقْمَةٌ فَلَمَّا رَفَعَهَا اِلٰى فِيْهِ قَالَ بِسْمِ اللهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ فَضَحِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ مَا زَالَ الشَّيْطٰنُ يَاْكُلُ مَعَهٗ فَلَمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللهِ اسْتَقَاءَ مَا فِيْ بَطْنِهٖ۔

ترجمہ:

مثنی بن عبدالرحمان خزاعی رضی اللہ عنہ نے اپنے چچا حضرت امیہ بن مخشی رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابی رضی اللہ عنہ ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے اور ایک آدمی کھانا کھا رہا تھا جس نے بسم اللہ نہیں پڑھی تھی۔ وہ کھاتا رہا یہاں تک کہ ایک ہی لقمہ باقی رہ گیا جب اسے اٹھا کر منہ میں ڈالنے لگا تو کہا ''بسم اللہ اولہ واخرہ'' پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہنس پڑے پھر فرمایا: شیطان اس کے ساتھ برابر کھا رہا تھا۔ جب اس نے اللہ کا نام لیا تو جو

Marfat.com

کچھ اس (شیطان) کے پیٹ میں تھا قے کردی۔

تخریج:

ابو داود 2/173 کتاب الطعمہ باب التسمیہ علی الطعام رقم۔ 3767

تشریح:

جب کھانے پر اللہ کا نام نہیں لیا جاتا شیطان کھانے میں شامل ہو جاتا ہے بظاہر کھانے سے کچھ کم نہیں ہوتا لیکن شیطان کی وجہ سے کھانے سے برکت اڑ جاتی ہے۔ اگر کھانے کے شروع میں بسم اللہ نہیں پڑھ سکا تو جب بھی یاد آئے پڑھ لے اس سے کھانے کی برکت واپس آجائے گی اور شیطان قے کردے گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان تمام حقائق کو ملاحظہ فرما رہے تھے۔ اس لیے شیطان کے حربوں سے محفوظ رہنے کے طریقے بھی تعلیم فرما دیئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شیطان کو کھانے میں شریک ہوتے ہوئے اور قے کرتے ہوئے ملاحظہ فرمایا اس کی شمولیت کی وجہ سے کھانے سے برکت اڑتی ہوئی ملاحظہ فرمائی۔ معلوم ہوا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آنکھیں وہ کچھ ملاحظہ فرماتی جو دوسروں کی آنکھیں نہیں دیکھ سکتی جیسا کہ خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حدیث نمبر 3 میں ارشاد فرمایا' تو پھر باقی لوگ بے مثل محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مثل کیسے ہو سکتے ہیں؟

حدیث نمبر 6:

Marfat.com

مکھی کے ایک پر میں شفاء دوسرے میں بیماری

حَدَّثَنِیْ اَبُوْسَعِیْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ فِیْ اَحَدِ جَنَاحَیِ الذُّبَابِ سَمٌّ وَفِی الْاٰخَرِ شِفَاءٌ فَاِذَا وَقَعَ فِی الطَّعَامِ فَامْقُلُوْہُ فِیْہِ فَاِنَّہٗ یُقَدِّمُ السَّمَّ وَیُؤَخِّرُ الشِّفَاءَ۔

ترجمہ:

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مکھی کے ایک پر میں زہر اور ایک پر میں شفاء ہے تو جب کھانے میں مکھی گر پڑے اسے اس میں ڈبو دیا کرو۔ کیونکہ وہ پہلے زہر والا پر ڈالتی ہے بعد میں شفاء والا۔

تخریج:

ابن ماجہ صفحہ 385 کتاب الطب باب الذباب فی الاناء رقم۔3504

حدیث نمبر 7: آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شانِ بے مثال

عَنْ رِفَاعَۃَ بْنِ رَافِعِ الزُّرَقِیِّ قَالَ کُنَّا یَوْمًا نُصَلِّیْ وَرَآءَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا رَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَاْسَہٗ مِنَ الرُّکُوْعِ قَالَ سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ قَالَ رَجُلٌ وَرَآءَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَلَکَ الْحَمْدُ حَمْدًا کَثِیْرًا طَیِّبًا مُّبَارَکًا فِیْہِ فَلَمَّا انْصَرَفَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ الْمُتَكَلِّمُ بِهَا اٰنِفًا قَالَ الرَّجُلُ اَنَايَا رَسُوْلَ اللهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ رَاَيْتُ بِضْعَةً وَّثَلَاثِيْنَ مَلَكًا يَبْتَدِرُوْنَهَا اَيُّهُمْ يَكْتُبُهَا اَوَّلُ۔

ترجمہ:

علی بن یحی زرق رضی اللہ عنہ سے ان کے والد حضرت رفاعہ بن رافع زرقی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کہ ایک روز ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھ رہے تھے۔ پس جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رکوع سے سر اٹھایا تو کہا سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَه۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے والوں میں سے ایک آدمی نے کہا اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فارغ ہوئے تو فرمایا ابھی ابھی یہ کلمات کس نے کہے ہیں؟ اس آدمی نے کہا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں نے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے تیس سے اوپر فرشتوں کو لپکتے دیکھا کہ کون انہیں سب سے پہلے لکھتا ہے۔

تخریج:

ابو داود 1/120 کتاب الصلوۃ باب مایستفتح بہ الصلوۃ من الدعاء رقم۔ 770

تشریح:

حدیث نمبر 6 سے معلوم ہوا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مقدس نگاہیں وہ کچھ ملاحظہ فرماتی

Marfat.com

ہیں جو کچھ اوروں کو نظر نہیں آتا تو پھر دوسرے لوگ نبی اکرم ﷺ کی مثل کیسے ہو سکتے ہیں۔

حدیث نمبر 7 سے نبی اکرم ﷺ کی معجزہ نما حالت کا پتہ لگتا ہے (۱) آپ ﷺ نے صحابی رضی اللہ عنہ کی زبان سے نکلے ہوئے کلمے بھی نماز کی حالت میں سن لیے۔ (۲) ان کا ثواب لکھنے کے لیے جو فرشتے آئے انہیں بھی دیکھ لیا (۳) فرشتوں کی تعداد بھی نماز کی حالت میں معلوم کر لی (۴) فرشتوں کا مقصد بھی جان لیا کہ ان کلمات کو لکھنے کے لیے دوڑ رہے ہیں (۵) یہ بھی معلوم کر لیا کہ ہر فرشتہ دوسروں سے سبقت لیے جانے میں کوشاں ہے۔

سبحان اللہ کیا شان ہے محبوب ﷺ کی۔ اگر ہم نماز کی حالت میں دیگر امور کی جانب توجہ کریں تو ہماری نماز میں خلل واقع ہوتا ہے لیکن حبیب ﷺ کی نماز پر کوئی اثر نہیں پڑتا تھا اور نہ توجہ الی اللہ میں کوئی فرق آتا تھا معلوم ہوا کہ حبیب خدا ﷺ کی حالت دوسروں سے بالکل مختلف تھی اور انہیں دوسروں پر قیاس نہیں کیا جا سکتا کیونکہ وہ تو خالق اور مخلوق کے درمیان رابطہ اور برزخ کبریٰ تھے۔ اسی لیے عارف رومی نے کہا تھا۔

کارِ پاکاں را قیاس از خود مگیر — آنچہ آمد در نوشتن شیر و شیر

حدیث نمبر 8: چاند سے زیادہ خوبصورت

Marfat.com

عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ لَيْلَةٍ اِضْحِيَانٍ فَجَعَلْتُ اَنْظُرُ اِلٰى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِلَى الْقَمَرِ وَعَلَيْهِ حُلَّةٌ حَمْرَاءُ فَاِذَا هُوَ عِنْدِيْ اَحْسَنُ مِنَ الْقَمَرِ

ترجمہ:

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے ایک مرتبہ چاندنی رات نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کی تو میں کبھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف دیکھتا اور کبھی چاند کی طرف دیکھتا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سرخ حلہ پہنا ہوا تھا۔ اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے چاند سے بھی زیادہ خوبصورت لگ رہے تھے۔

تخریج:

ترمذی 2/569 کتاب الادب باب ماجاء فی الرخصة فی لبس الحمراء للرجال رقم 2735۔
دارمی 1/71 المقدمہ باب فی حسن النبی صلی اللہ علیہ وسلم رقم 58۔
مسند امام احمد 20209۔ ابن حبان 6529۔ السنن الکبریٰ للنسائی 6740۔ المعجم الکبیر للطبرانی 6987۔ مصنف ابن ابی شیبہ 31708۔ المستدرک للحاکم 4233۔

حدیث نمبر 9: چہرہ مبارک جیسے سورج طلوع ہو رہا ہو

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ مَا رَاَيْتُ شَيْئًا اَحْسَنَ مِنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَاَنَّمَا الْاَرْضُ تُطْوٰى لَهٗ اِنَّا لَنُجْهِدُ اَنْفُسَنَا وَاِنَّهٗ لَغَيْرُ مُكْتَرِثٍ

ترجمہ:

Marfat.com

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے زیادہ خوبصورت کسی کو نہیں دیکھا۔ گویا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرہ مبارک میں سورج چلتا تھا اور میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے زیادہ تیز رفتار کسی کو نہیں دیکھا گویا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے زمین لپیٹ دی جاتی تھی ہم کوشش کر کے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ چلتے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی تکلف کے بغیر چلا کرتے تھے۔

تخریج:

ترمذی 2/684 کتاب المناقب باب ماجاء ختم النبوت رقم۔ 3581

دارمی 1/73 المقدمہ باب فی حسن النبی صلی اللہ علیہ وسلم رقم۔ 61

مسند امام احمد 2/350۔ المعجم الکبیر للطبرانی 696۔

حدیث نمبر 10:

ہاتھ مبارک پھیرنے کی وجہ سے بڑھاپے میں بھی بال سیاہ۔

حَدَّثَنَا اَبُوْزَيْدِ بْنُ اَخْطَبَ قَالَ مَسَحَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهٗ عَلٰى وَجْهِىْ وَدَعَا لِىْ قَالَ عَزْرَةُ اِنَّهٗ عَاشَ مِائَةً وَّ عِشْرِيْنَ سَنَةً وَّلَيْسَ فِىْ رَاْسِهٖ اِلَّا شَعَرَاتٌ بِيْضٌ۔

ترجمہ:

حضرت ابوزید بن اخطب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا دستِ مبارک میرے چہرے پر پھیرا اور میرے لیے دعا کی۔

Marfat.com

عزرہ نامی راوی بیان کرتے ہیں وہ صحابی 120 سال کی عمر تک زندہ رہے اور اس وقت بھی ان کے سر میں صرف چند بال سفید تھے۔

تخریج:

ترمذی 2/681 کتاب المناقب باب فی آیات اثبات نبوۃ النبی ﷺ ۔۔۔۔۔۔ رقم 3562س

مسند امام احمد 5/341۔

حدیث نمبر 11: میرے ماموں جیسا کوئی ماموں دکھائے

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدُ اللهِ قَالَ اَقْبَلَ سَعْدٌ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا خَالِیْ فَلْیُرِنِیْ امْرُؤٌ خَالَهٗ۔

ترجمہ:

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت سعد رضی اللہ عنہ آئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ میرے ماموں ہیں۔ کوئی آدمی اپنا ماموں دکھائے جو (ان جیسا ہو)۔

تخریج:

ترمذی 2/695 کتاب المناقب باب سعد بن ابی وقاص رقم 3685

حدیث نمبر 12: خود وصال کے روزے رکھتے دوسروں کو منع فرمایا

عَنْ ذَکْوَانَ مَوْلٰی عَائِشَةَ اَنَّهَا حَدَّثَتْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ یُصَلِّیْ بَعْدَ الْعَصْرِ وَیَنْهٰی عَنْهَا وَیُوَاصِلُ وَیَنْهٰی

Marfat.com

عَنِ الْوِصَالِ۔

ترجمہ:

ذکوان مولیٰ عائشہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راویت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عصر کے بعد دو رکعتیں پڑھتے اور دوسروں کو ان سے منع کرتے اور وصال کے روزے رکھتے اور دوسروں کو ان سے روکتے۔

تخریج:

ابو داود 1/190 کتاب النوافل باب من رخص فیھا اذا کانت ۔۔۔۔رقم۔1280س

تشریح:

ان احادیث سے معلوم ہوا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دوسرے لوگوں کی مثل نہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بات تو اور ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ماموں کی مثل کوئی نہیں ہے اور کائنات میں کوئی بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مثل ہو بھی نہیں سکتا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے مثل تو دور کی بات ہے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سایہ بھی نہیں بنایا۔

اور یہ بھی معلوم ہوا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اختیار حاصل ہے جسے چاہیں جس سے چاہیں منع فرمادیں، جیسے خود وصال کے روزے رکھتے اور عصر کے بعد نماز پڑھتے لیکن دوسروں کو منع فرماتے۔

Marfat.com

باب نمبر 5:

میلادِ مصطفٰی صلی اللہ علیہ آلہ وسلم

حدیث نمبر 1:

نورِ مقدس بہتر گروہ اور بہتر قبیلوں سے منتقل ہوتا رہا

عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ اَبِیْ وَدَاعَةَ قَالَ جَآءَ الْعَبَّاسُ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَکَاَنَّهٗ سَمِعَ شَیْئًا فَقَامَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلَی الْمِنْبَرِ فَقَالَ مَنْ اَنَا فَقَالُوْا اَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ عَلَیْكَ السَّلَامُ قَالَ اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ الْخَلْقَ فَجَعَلَنِیْ فِیْ خَیْرِهِمْ فِرْقَةً ثُمَّ جَعَلَهُمْ فِرْقَتَیْنِ فَجَعَلَنِیْ فِیْ خَیْرِهِمْ فِرْقَةً ثُمَّ جَعَلَهُمْ قَبَائِلَ فَجَعَلَنِیْ فِیْ خَیْرِهِمْ قَبِیْلَةً ثُمَّ جَعَلَهُمْ بُیُوْتًا فَجَعَلَنِیْ فِیْ خَیْرِهِمْ بَیْتًا وَّخَیْرِهِمْ نَسَبًا۔

ترجمہ:

مطلب بن ابووداعہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں حضرت عباس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' یوں ظاہر ہو رہا تھا' جیسے انہوں نے کوئی ناگوار بات سنی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پر کھڑے ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں کون ہوں؟

Marfat.com

لوگوں نے کہا: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلامتی ہو' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں عبداللہ بن عبدالمطلب کا بیٹا محمد ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا فرمایا' تو مجھے ان میں سب سے بہترین حصے میں رکھا پھر اس نے اسے دو بڑے گروہوں میں تقسیم کیا' تو مجھے سب سے بہتر گروہ میں رکھا' پھر اس نے اس کے قبائل بنائے تو مجھے سب سے بہتر قبیلے میں رکھا' پھر اس نے ان قبیلوں کے مختلف گھرانے بنائے تو مجھے سب سے بہترین گھرانے اور سب سے بہترین نسل میں رکھا۔

تخریج:

ترمذی 2/670 کتاب الدعوات باب ماجاء فی عقد التسبیح بالید باب منہ رقم۔3455

ترمذی 2/678 کتاب المناقب باب فی فضل النبی صلی اللہ علیہ وسلم رقم۔3540

مسند امام احمد 1/210۔

حدیث نمبر 2:

تمام گھرانوں سے بہتر گھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا

عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللهِ اِنَّ قُرَيْشًا جَلَسُوْا فَتَذَ كَرُوْا اَحْسَابَهُمْ بَيْنَهُمْ فَجَعَلُوْا مَثَلَكَ مَثَلَ نَخْلَةٍ فِيْ كَبْوَةٍ مِّنَ الْاَرْضِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللهَ خَلَقَ الْخَلْقَ فَجَعَلَنِيْ مِنْ خَيْرِ هِمْ مِنْ خَيْرِ فِرْقِهِمْ وَخَيْرِ الْفَرِيْقَيْنِ

Marfat.com

ثُمَّ تَخَيَّرَ الْقَبَائِلَ فَجَعَلَنِيْ مِنْ خَيْرِ قَبِيْلَةٍ ثُمَ تَخَيَّرَ الْبُيُوْتَ فَجَعَلَنِيْ مِنْ خَيْرِ بُيُوْتِهِمْ فَاَنَا خَيْرُهُمْ نَفْسًا وَّ خَيْرُهُمْ بَيْتًا

ترجمہ:

حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قریش بیٹھے۔ انہوں نے اپنے نسب کا ذکر کیا' تو انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مثال کھجور کے ایسے درخت کے ساتھ دی جو کسی ٹیلے پر ہو' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا کیا' تو مجھے ان میں سب سے بہترین گروہ میں پیدا کیا' جو دونوں گروہوں میں سے بہتر ہوتا' پھر اس نے قبائل کو بہتر قرار دیا۔ ان میں سے مجھے بہترین قبیلے میں رکھا پھر ان گھرانوں کو بہتر قرار دیا تو مجھے ان سے بہترین گھر میں رکھا۔ میں شخصیت کے اعتبار سے ان میں سب سے بہتر ہوں اور گھرانوں کے اعتبار سے بھی سب سے بہتر ہوں۔

تخریج:

ترمذی 2/678 کتاب المناقب باب فی فضل النبی صلی اللہ علیہ وسلم رقم 3541

مسند امام احمد 1788۔

تشریح:

بعض لوگوں کو جیسے ہر چیز میں شرک و بدعت نظر آتی ہے ایسے ہی میلاد شریف میں بھی ان کو شرک و بدعت ہی نظر آتا ہے۔

Marfat.com

حالانکہ افسوس ہے ان لوگوں کی عقلوں پر کہ میلاد سے تو شرک کی جڑ کٹ جاتی ہے کہ معبود اور الہ وہ ذات ہے جو پیدا ہونے سے پاک ہے اور اللہ جل شانہ کی ذات ہے۔ اور جو پیدا ہوا وہ نہ معبود ہے نہ معبود کا بیٹا ہے نہ اس کا شریک ہے بلکہ وہ تو خالق کائنات کا محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

ان بے وقوفوں سے کوئی پوچھے میلاد منانے سے شرک تو تب ہو جب میلاد منانا صرف اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہو اور کسی کے لیے نہ ہو۔ یہاں تو اللہ کا میلاد منانے سے آدمی کافر ہو جاتا ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ پیدا ہونے سے پاک ہے نہ اس کی ابتداء ہے نہ اس کی انتہا ہے۔ نہ اس کو کسی نے جنا ہے اور اس نے کسی کو جنا ہے۔ وہ ہمیشہ ہمیشہ ہے اور ہمیشہ ہمیشہ رہے گا۔

تو ثابت ہوا کہ میلاد منانے سے شرک نہیں ہوتا بلکہ اس محبوب کی شان بیان کی جاتی ہے جس کے صدقے توحید کی معرفت حاصل ہوئی ہے۔

بلکہ امام ترمذی نے تو کتاب المناقب کے دوسرے باب کا نام ہی "میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رکھا ہے۔

دوسرا اعتراض یہ کیا جاتا ہے کہ میلاد شریف منانا بدعت ہے تو سوال یہ ہے کہ میلاد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر مبارک کیا جاتا ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت سعادت کے معجزے بیان کیے جاتے ہیں۔ کھانا کھلایا جاتا ہے۔ جھنڈے

Marfat.com

لہرائے جاتے ہیں۔آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد کی دھومیں مچائی جاتی ہیں۔جلوس نکالے جاتے ہیں۔

کیا ذکر محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بدعت ہے؟ اگر ہاں میں جواب ہوگا تو ہم صرف یہی کہیں گے کہ لعنت ہو ایسے مذہب پر جس میں ذکر محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بدعت ہے۔

شرک ٹھہرے جس میں تعظیم حبیب　　اس برے مذہب پہ لعنت کیجیے

اگر کہا جائے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت باسعادت اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خاندان کی شان وعظمت بیان کرنا بدعت ہے تو پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اوپر والی احادیث میں خود بیان فرمایا ہے تو معلوم ہوا جو کام آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا ہو وہ بدعت نہیں ہے بلکہ آج کے بدبخت لوگ جو بدعت کے فتوے لگاتے ہیں وہ خود بے عقل اور بدعتی ہیں۔

اگر یہ کہا جائے کہ میلاد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر لوگوں کو کھانا کھلانا بدعت ہے تو ان سے سوال ہے کہ جب ان کے ہاں بیٹا پیدا ہوتا ہے خوشیاں مناتے ہیں اور دعوتیں کرتے ہیں وہ بدعت نہیں ہے؟

اگر کہا جائے کہ جھنڈے لہرانا اور جلوس نکالنا بدعت ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ ان لوگوں کا اپنی اپنی پارٹی کے جھنڈے لہرانا کیوں بدعت نہیں ہے؟ اور اپنے مطالبات کے لیے جلوس نکالنا کیوں بدعت نہیں ہے؟ اور سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ

Marfat.com

کی شان میں جلوس نکالنا جائز ہے تو میلاد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جلوس نکالنا کیوں جائز نہیں ہے؟ ان تمام چیزوں کا ذکر صرف سمجھانے کے لیے کیا گیا ورنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات بابرکت کے ساتھ ان کی کوئی مماثلت نہیں اور کبھی ہو بھی نہیں سکتی کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بے مثل و بے مثال ہیں کائنات میں کوئی بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مثل نہیں ہے۔

حدیث نمبر 3:

عرفہ، تشریق اور قربانی کے دن عید کے دن ہیں

عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمُ عَرَفَةَ وَيَوْمُ النَّحْرِ وَاَيَّامُ التَّشْرِيْقِ عِيْدُنَا اَهْلَ الْاِسْلَامِ۔

ترجمہ:

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عرفہ کا دن، قربانی کے دن، اور ایام تشریق ہماری اہلِ اسلام کی عید کے دن ہیں۔۔۔۔

تخریج:

ترمذی 1/281 کتاب الصوم باب ماجاء فی کراھیۃ الصوم فی ایام التشریق رقم۔704

حدیث نمبر 4:

جمعہ عید کا دن ہے

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ

Marfat.com

هٰذَا يَوْمُ عِيْدٍ جَعَلَهُ اللهُ لِلْمُسْلِمِيْنَ فَمَنْ جَآءَ اِلَى الْجُمُعَةِ فَلْيَغْتَسِلْ وَاِنْ كَانَ طِيْبٌ فَلْيَمَسَّ مِنْهُ وَعَلَيْكُمْ بِالسِّوَاكِ۔

ترجمہ:

حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ (جمعہ) اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے لیے عید کا روز بنایا ہے' تو جو شخص جمعہ میں آئے وہ غسل کرے اور جس کے پاس خوشبو ہو وہ خوشبو لگائے اور مسواک کرے۔

تخریج:

ابن ماجہ صفحہ 184 کتاب اقامۃ الصلوۃ والسنہ فیھا باب ماجاء فی الزینۃ یوم الجمعہ رقم۔1098

مؤطا امام مالک صفحہ 50 کتاب الطھارت باب ماجاء فی السواک رقم 146۔

حدیث نمبر 5:

ایک دن میں دو عیدیں

عَنْ اِيَاسِ بْنِ اَبِىْ رَمْلَةَ الشَّامِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَجُلًا سَاَلَ زَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ هَلْ شَهِدْتَّ مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِيْدَيْنِ فِىْ يَوْمٍ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَكَيْفَ كَانَ يَصْنَعُ قَالَ صَلَّى الْعِيْدَ ثُمَّ رَجَعَ ثُمَّ رَخَّصَ فِى الْجُمُعَةِ ثُمَّ قَالَ مَنْ شَآءَ اَنْ يُّصَلِّىَ فَلْيُصَلِّ۔

ترجمہ:

Marfat.com

حضرت ایاس بن ابی رملہ الشامی رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے ایک شخص کو حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے یہ دریافت کرتے ہوئے سنا: کیا تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ایک دن میں دو عیدوں میں حاضر ہوئے ہو؟ انہوں نے فرمایا ہاں سائل نے دریافت کیا پھر آپ کیا کرتے تھے؟ انہوں نے فرمایا عید کی نماز پڑھتے تھے پھر لوٹ جاتے تھے اور جمعہ کے لیے اجازت دیتے پھر فرماتے: جو پڑھنا چاہے پڑھ لے۔

تخریج:

ابن ماجه صفحه 202 كتاب اقامة الصلاة۔۔۔۔باب ماجاء فيما اذا اجتمع۔۔۔رقم1310'11'12'13

نسائی 1/235 كتاب صلوة العيدين باب الرخصة فى التخلف عن الجمعه۔۔۔۔۔رقم۔1590

ابو داود 1/161 كتاب الجمعه باب اذا وافق يوم الجمعه۔۔۔۔رقم1057.1058.1059.1060۔

تشریح:

بعض لوگ کہتے ہیں اسلام میں صرف دو عیدیں ہیں تم نے اپنے پاس سے تیسری عید بنالی ہے حالانکہ اہل علم و عقل جانتے ہیں کہ خوشی کے دن کو عید کہتے ہیں جیسا احادیث مبارک میں جمعہ کو عید کہا گیا اور عرفہ' ایام تشریق' اور قربانی کے دنوں کو عید کہا گیا اور قرآنِ کریم میں آسمان سے کھانے کے نازل ہونے کے دن کو عید کہا گیا ہے جیسا کہ:

Marfat.com

نعمت ملنے کا دن عید ہے:

حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا کی:

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا

ترجمہ کنز الایمان: اے اللہ! اے رب! ہمارے ہم پر آسمان سے ایک خوان اتار کہ وہ ہمارے لیے عید ہو ہمارے اگلے پچھلوں کی (پارہ نمبر 7 سورۃ المائدہ آیت نمبر 114)

معلوم ہوا کہ جس دن آسمان سے کھانے کی شکل میں نعمت ملی تو وہ عید کا دن ہے جب کھانے کی شکل میں نعمت ملے تو وہ عید کا دن اور جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نعمت خدا تعالیٰ بن کر تشریف لائیں جیسا کہ بخاری شریف میں ہے وَمُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نِعْمَةُ اللّٰهِ۔ اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کی نعمت ہیں۔

بخاری جلد 2 صفحہ 41 کتاب المغازی باب قتل ابی جہل حدیث نمبر 3977۔

تو وہ دن عید (خوشی) کا دن کیوں نہیں؟ معجم الاوسط میں ہے کعب احبار رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے کہا میں ایک ایسی قوم کو پہچانتا ہوں کہ اگر ان میں یہ آیت نازل ہوتی تو وہ اس دن میں غور کرتے اور اس دن کو عید بنا لیتے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا وہ کونسی آیت ہے؟ انہوں نے کہا:

اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ (پارہ 6 المائدہ نمبر 3) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا مجھے معلوم ہے یہ آیت کون سے دن نازل ہوئی تھی وہ جمعہ کا دن تھا عرفہ کا

Marfat.com

دن تھا اور یہ دونوں ہمارے لیے عیدیں ہیں۔ (المعجم الاوسط حدیث نمبر 834)

اور جامع ترمذی میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے بھی ایک یہودی نے ایسا ہی کہا تو آپ نے فرمایا جس روز یہ آیت نازل ہوئی تھی اس دن دو عیدیں تھی، جمعہ اور عرفہ۔

ترمذی جلد 2 صفحہ 601 کتاب تفسیر القرآن باب و من سورۃ المائدہ حدیث نمبر 3002.

جس دن آسمان سے کھانے کا دسترخوان اترے وہ دن عید ہوسکتا ہے کیونکہ وہ اللہ کی نعمت ہے اور جس دن قرآن پاک کی صورت میں اللہ تعالیٰ کی نعمت پوری ہو وہ بھی عید کا دن ہوسکتا تو جس دن اللہ تعالیٰ اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کائنات میں اپنی رحمت اور نعمت بنا کر معبوث فرمائے اور فرمائے کہ ہم نے مؤمنین پر احسان کیا ہے جیسا کہ فرمایا:

لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ۔

ترجمہ کنز الایمان: بے شک اللہ کا بڑا احسان ہوا مسلمانوں پر کہ ان میں انہیں میں سے ایک رسول بھیجا۔ (پارہ نمبر 4 سورۃ ال عمران آیت نمبر 164)

اس دن کو عید کا دن کیوں نہیں کہہ سکتے بلکہ ساری خوشیاں اور عیدیں اسی محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے طفیل عطا ہوئی ہیں اور عطا ہوں گی۔

Marfat.com

باب نمبر 6:

اختیاراتِ مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم

حدیث نمبر 1:

درختوں پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تصرف

عَنْ يَّعْلَى بْنِ مُرَّةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ اَرَادَاَنْ يُّقْضِيَ حَاجَتَهٗ فَقَالَ لِيْ اِئْتِ تِلْكَ الْاَشَاءَ تَيْنِ قَالَ وَكِيْعٌ يَّعْنِيْ النَّخْلَ الصِّغَارَ فَقُلْ لَّهُمَا اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُكُمَا اَنْ تَجْتَمِعَا فَاجْتَمَعْتَا فَاسْتَتَرَبِهِمَا فَقَضٰى حَاجَتَهٗ ثُمَّ قَالَ لِيْ اِئْتِهِمَا فَقُلْ لَّهُمَا لِتَرْجِعْ كُلُّ وَاحِدَةٍ مِّنْكُمَا اِلٰى مَكَانِهَا فَقُلْتُ لَهُمَا فَرَجَعَتَا۔

ترجمہ:

حضرت یعلی بن مرہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک سفر کے دوران میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حاجت کے لیے جانے کا ارداہ ظاہر کیا تو مجھ سے فرمایا: ان دو درختوں کو بلا لاؤ وکیع کا بیان ہے کہ چھوٹے کھجور

Marfat.com

کے درختوں کو ان سے کہو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حکم دیتے ہیں کہ ایک جگہ جمع ہو جاؤ تو وہ دونوں جمع ہو گئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے ذریعے پردہ فرمایا' جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حاجت سے فارغ ہوئے تو مجھ سے فرمایا: جاؤ! ان دونوں سے کہو کہ ہر ایک اپنی جگہ پر لوٹ جائے میں نے ان سے جا کر کہا تو وہ اپنی جگہ واپس چلے گئے۔

تخریج:

ابن ماجہ صفحہ 126 کتاب الطہارۃ وسننہا باب الارتیاد للغائط والبول رقم۔339

مسلم 18'17'16'415/2 کتاب الزھد والرقائق باب حدیث جابر الطویل وقصۃ ابی الیسر رقم۔قدیمی کتب خانہ۔ابن حبان 5044۔المستدرک للحاکم 224۔السنن الکبری للبیھقی 10757۔المعجم الکبیر للطبرانی 379۔

حدیث نمبر 2: درختوں کے خوشے پر آقا کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تصرف

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَآءَ اَعْرَابِیٌّ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ بِمَ اَعْرِفُ اَنَّکَ نَبِیٌّ قَالَ اِنْ دَعَوْتُ ھٰذَا الْعِذْقَ مِنْ ھٰذِہِ النَّخْلَۃِ اَتَشْھَدُ اَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ فَدَعَاہُ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ یَنْزِلُ مِنَ النَّخْلَۃِ حَتّٰی سَقَطَ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ ارْجِعْ فَعَادَ فَاَسْلَمَ الْاَعْرَابِیُّ۔

ترجمہ:

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک دیہاتی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت

Marfat.com

میں حاضر ہوا اور بولا: مجھے کیسے پتا چلے گا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نبی ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر میں کھجور کے اس درخت کی شاخ کو بلاؤں اور وہ گواہی دے کہ میں (اللہ کا رسول) ہوں، تو کیا تم مان لو گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے بلایا تو وہ اپنے درخت سے ٹوٹ کر آیا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے آ کر گر گیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: واپس چلے جاؤ! تو وہ واپس چلا گیا تو وہ دیہاتی مسلمان ہو گیا۔

تخریج:

ترمذی 2/681 کتاب المناقب باب فی آیات اثبات النبوۃ۔۔۔۔رقم۔3561۔مسند امام احمد 1953۔

تشریح:

ان احادیث سے معلوم ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے صرف شریعت کے احکام کا ہی اختیار دے معبوث نہیں فرمایا، بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حکم تمام مخلوقات پر چلتا ہے اور ہر چیز کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تابع بنایا ہے۔

حدیث نمبر 3: چرواہوں کو ایک دن رمی کی اجازت

عَنْ اَبِی الْبَدَّاحِ بْنِ عَاصِمِ بْنِ عَدِیٍّ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ رَخَّصَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِرِعَاءِ الْاِبِلِ فِی الْبَیْتُوْتَةِ اَنْ یَّرْمُوْا یَوْمَ النَّحْرِ ثُمَّ یَجْمَعُوْا رَمْیَ یَوْمَیْنِ بَعْدَ یَوْمِ النَّحْرِ فَیَرْمُوْنَهُ فِیْ اَحَدِهِمَا

ترجمہ:

Marfat.com

ابو البداح بن عاصم رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اونٹوں کے چرواہوں کو رات کے وقت کی رخصت دی ہے وہ قربانی کے دن رمی کریں پھر قربانی کے دن کے بعد دو دن کی رمی کسی بھی ایک دن کرلیں۔

تخریج:

ترمذی 1/314 کتاب الحج باب ماجاء فی الرخصة للرعاء ـــــ رقم 877'878

تشریح:

حضرت مفتی امجد علی اعظمی صاحب لکھتے ہیں:

اس رمی کا وقت آج کی فجر سے گیاریں کی فجر تک ہے مگر مسنون یہ ہے کہ طلوع آفتاب سے زوال تک ہو اور زوال سے غروب تک مباح اور غروب سے فجر تک مکروہ۔ یوہیں دسویں کی فجر سے طلوع آفتاب مکروہ اور اگر کسی عذر کے سبب ہو مثلاً اچرواہوں نے رات میں رمی کی تو کراہت نہیں۔

(الدر المختار وردالمختار 3/610 کتاب الحج' مطلب فی رمی الجمرة العقبی۔ بہار شریعت 1/1140)

رات کو رمی کرنے کی کسی اور کو اجازت نہیں ہے لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چرواہوں کو رات کے وقت رمی کرنے کی اجازت عطا فرمادی ہے جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اختیار کی واضح دلیل ہے۔

حدیث نمبر 4:

Marfat.com

رسول اللہ کی حرام کردہ اشیاء اللہ کی حرام کردہ اشیاء کی طرح ہیں

عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِیْ كَرِبَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا هَلْ عَسَى رَجُلٌ يَّبْلُغُهُ الْحَدِيْثُ عَنِّيْ وَهُوَ مُتَّكِئٌ عَلٰى اَرِيْكَتِهٖ فَيَقُوْلُ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ كِتَابُ اللهِ فَمَا وَجَدْنَا فِيْهِ حَلَالًا اسْتَحْلَلْنَاهُ وَمَا وَجَدْنَا فِيْهِ حَرَامًا حَرَّمْنَاهُ وَاِنَّ مَا حَرَّمَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا حَرَّمَ اللهُ۔

ترجمہ:

حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ عنہ نقل کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: خبردار عنقریب کسی شخص تک ہمارے حوالے سے کوئی حدیث پہنچے گی اس نے اپنے تکیے کے ساتھ ٹیک لگائی ہوگی اور وہ یہ کہے گا: ہمارے اور تمہارے درمیان اللہ تعالیٰ کی کتاب (فیصلہ کرنے کے لیے موجود ہے) ہمیں اس میں جو چیز حلال ملے گی ہم اس کو حلال سمجھیں گے اور جو چیز اس میں حرام ملے گی ہم اسے حرام قرار دیں گے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا) جسے اللہ کا رسول حرام قرار دے وہ اسی طرح ہے جسے اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہو۔

تخریج:

ترمذی 2/512 کتاب العلم باب ما نهی عنه ان یقال عند حدیث النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رقم۔ 2588

ابن ماجہ صفحہ 97 کتاب السنہ باب تعظیم حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۔۔۔۔۔ رقم۔ 12

Marfat.com

ابو داود 2/81 کتاب الخراج باب فی تعشیر اھل الذمہ ـــــــ رقم 3049

ابو داود 2/287 کتاب السنہ باب فی لزوم السنہ رقم 4604

دارمی 1/215 المقدمہ باب السنہ قافیۃ علی کتاب اللہ رقم 605 ۔ مسند امام احمد 17233 ۔ مسند ابو یعلی 1813 ۔ المعجم الکبیر للطبرانی 670 ۔

تشریح:

اس حدیث مبارک میں جہاں نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غیب کی خبر ارشاد فرمائی ہے، وہاں معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کسی بھی چیز کے حرام وحلال کا اختیار عطا فرمایا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جس چیز کو بھی حرام یا حلال قرار دیتے ہیں تو وہ بالکل اسی طرح حرام یا حلال ہے جس طرح اللہ تعالیٰ کی حرام یا حلال کی ہوئی چیزیں ہیں

حدیث نمبر 5:

جنابت کی حالت میں کوئی مسجد میں نہ آئے مگر ـــــــ

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِعَلِیٍّ یَا عَلِیُّ لَا یَحِلُّ لِاَحَدٍ اَنْ یُّجْنِبَ فِیْ ھٰذَا الْمَسْجِدِ غَیْرِیْ وَ غَیْرُكَ۔

ترجمہ:

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ارشاد فرمایا: اے علی رضی اللہ عنہ! میرے اور تمہارے علاوہ اور کسی بھی شخص کے لیے یہ بات جائز نہیں ہے کہ وہ مسجد میں جنابت کی حالت میں (داخل) ہو۔

Marfat.com

تخریج:

ترمذی2/693 کتاب المناقب باب مناقب علی بن ابی طالب رقم۔3661

کنز العمال33052۔

تشریح:

اس حدیث پاک سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اختیارات عطا فرمائے ہیں کہ جس کے لیے جو چیز چاہیں جائز قرار دیں۔

حدیث نمبر 6: میں خازن ہوں

حَدَّثَنَا اَبُوْ هَرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اُوْتِيْتُمْ مِنْ شَيْءٍ وَمَا اَمْنَعُكُمُوْهُ اِنْ اَنَا اِلَّا خَازِنٌ اَضَعُ حَيْثُ اُمِرْتُ

ترجمہ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں تمہیں جو چیز دیتا ہوں اور اور جس چیز سے منع کر دیتا ہوں یونہی نہیں بلکہ میں خازن ہوں۔ رکھتا ہوں جہاں کے لیے حکم فرما دیا جاتا ہے۔

تخریج:

ابو داود 2/61 کتاب الخراج باب فی مایلزم الامام۔۔۔۔۔۔۔رقم۔2915

تشریح:

اس حدیث میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خصائص میں سے ایک خصوصیت کا بیان ہے

Marfat.com

کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خزائن الٰہیہ کے خازن ہونے کی حیثیت سے مخلوق خدا میں بانٹنے پر مامور ہیں۔ پروردگار عالم کے قبضے میں تو دنیا آخرت کی ہر خیر و برکت اور کائنات کی ہر چیز ہے اس سے معلوم ہوا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی ہر نعمت الٰہی کے خازن اور تقسیم کرنے والے ہیں اس لیے تو پروردگارِ عالم نے فرمایا ہے:

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ۔ (پارہ 17 الانبیاء 107)

ترجمہ کنز الایمان: اور ہم نے تمہیں نہ بھیجا مگر رحمت سارے جہان کے لیے۔

معلوم ہوا کہ اہل جہان کو جو رحمت و نعمت ملتی ہے وہ رحمت دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھوں ملتی ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود ارشاد فرمایا ہے:

وَاِنَّمَا اَنَا قَاسِمٌ وَاللّٰهُ يُعْطِيْ۔ اللہ عطا فرماتا ہے اور میں بانٹنے والا ہوں۔

بخاری جلد 1 صفحہ 74 کتاب العلم باب من یرد اللہ بہ خیر ۔۔۔۔ حدیث نمبر 72۔

بخاری جلد 1 صفحہ 550 کتاب فرض الخمس باب قولہ (فان للہ خمسہ ۔۔۔ نمبر 3116.3117۔

بخاری جلد 2 صفحہ 637 کتاب الاعتصام ۔۔۔۔۔ باب و قول النبی لاتزال ۔۔۔ حدیث نمبر 7312۔

مسلم جلد 1 صفحہ 390 کتاب الزکوۃ باب النہی عن المسئلہ حدیث نمبر 2392۔

مسند امام احمد بن حنبل 7193۔ المعجم الکبیر للطبرانی 915۔ المعجم الاوسط للطبرانی 9158۔

السنن الکبریٰ للنسائی 5839۔ مسند ابو یعلیٰ 5855۔

میں تو مالک ہی کہوں گا کہ ہو مالک کے حبیب
کیونکہ محبوب و محب میں نہیں ہے میرا تیرا

حدیث نمبر 7: پانچ نمازیں، زکوۃ اور حج

Marfat.com

عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ اَنَّ اَعْرَابِيًّا جَآءَ اِلٰى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَائِرَ الرَّأْسِ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللهِ اَخْبِرْنِىْ مَاذَا فَرَضَ اللهُ عَلَىَّ مِنَ الصَّلٰوةِ فَقَالَ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ اِلَّا اَنْ تَطَّوَّعَ شَيْئًا فَقَالَ اَخْبِرْنِىْ مَا فَرَضَ اللهُ عَلَىَّ مِنَ الصِّيَامِ فَقَالَ شَهْرَ رَمَضَانَ اِلَّا اَنْ تَطَّوَّعَ شَيْئًا فَقَالَ اَخْبِرْنِىْ بِمَا فَرَضَ اللهُ عَلَىَّ مِنَ الزَّكٰوةِ فَقَالَ فَاَخْبَرَهٗ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَرَائِعَ الْاِسْلَامِ ----

ترجمہ:

حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک دیہاتی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آیا۔ وہ بکھرے ہوئے بالوں کا مالک تھا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے بتایئے کہ اللہ تعالیٰ نے میرے اوپر کتنی نمازیں فرض کی ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پانچ نمازیں فرض کی ہیں۔ البتہ اگر تم چاہو تو نفلی نمازیں بھی ادا کر سکتے ہو۔ اس نے درخواست کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے بتایئے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ پر کتنے روزے فرض کیے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: رمضان کے روزے البتہ نفلی بھی ہو سکتے ہیں تو اس نے عرض کی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے بتایئے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ پر کتنی زکوۃ فرض کی ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے اس

Marfat.com

بارے میں اسلامی احکام سے آگاہ کیا۔۔۔۔

تخریج:

بخاری 1/11 کتاب الایمان باب الزکوۃ من الاسلام رقم 46 ایچ۔ایم سعید کپمنی۔

بخاری 1/254 کتاب الصوم باب وجوب صوم رمضان رقم 1792۔ ۔ج۔ایم سعید کپمنی۔

بخاری 1/368 کتاب الشہادت باب کیف یستخلف رقم 2532۔ایچ۔ایم سعید کپمنی۔

بخاری 2/1029 کتاب الحیل باب فی الزکوۃ ولا یغرق۔۔۔۔۔رقم 6556۔ایچ۔ایم سعید کپمنی۔

مسلم 1/91 کتاب الایمان باب بیان الصلوات التی۔۔۔۔۔۔رقم۔قدیمی کتب خانہ۔

ابو داود 1/67 کتاب الصلوۃ باب فرض الصلوۃ رقم 391۔

نسائی 1/79'80 کتاب الصلوۃ باب کم فرضت فی الیوم والیلۃ رقم 457.458.459.460۔

نسائی 1/279 کتاب الصیام باب وجوب الصیام رقم 2089۔

نسائی 2/271 کتاب الصلوۃ باب کتاب الایمان وشرائعہ باب الزکوۃ رقم 5043۔

مؤطا مالک صفحہ 162 کتاب قصر الصلوۃ فی السفر باب جامع الترغیب فی الصلوۃ رقم 425۔

دارمی 1/519 کتاب الصلوۃ باب فی الوتر رقم 1614.1615۔

ابن حبان 3262.724۔ابن خزیمہ 306۔السنن الکبری للبیہقی 4235.4237.1572۔مسند امام احمد 1390۔السنن الکبری للنسائی 319۔

حدیث نمبر 8: تین نمازیں معاف فرمادی

عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ فُضَالَۃَ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ عَلَّمَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَکَانَ فِیْمَا عَلَّمَنِیْ وَحَافِظْ عَلَی الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ قَالَ قُلْتُ اِنَّ ھٰذِہٖ سَاعَاتٌ لِّیْ فِیْھَا اَشْغَالٌ فَمُرْنِیْ بِاَمْرٍ جَامِعٍ اِذَا اَنَا فَعَلْتُہٗ اَجْزَاَعَنِّیْ فَقَالَ حَافِظْ عَلَی الْعَصْرَیْنِ وَمَا کَانَتْ مِنْ

Marfat.com

لُّغَتِنَا فَقُلْتُ وَمَا الْعَصْرَانِ فَقَالَ صَلٰوةٌ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَصَلٰوةٌ قَبْلَ غُرُوْبِهَا۔

ترجمہ:

حضرت عبداللہ بن فضالہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ان کے والد نے فرمایا: کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے جن باتوں کی تعلیم دی ان میں یہ بھی سکھایا کہ پانچوں نمازوں کی محافظت کرنا۔ میں عرض گزار ہوا کہ ان اوقات میں مجھے مشغولیت بہت ہوتی ہے لہذا مجھے ایسا جامع فارمولا بتایئے اس پر عمل کروں تو مجھے کفایت کرے۔ فرمایا عصرین کی دونوں نمازوں کی حفاظت کرو۔ چونکہ عصرین کا لفظ ہماری بول چال میں نہ تھا اس لیے میں عرض گزار ہوا کہ دو عصریں کیا ہیں؟ فرمایا صبح کی نماز جو سورج طلوع ہونے سے پہلے ہے اور (عصر) جو سورج غروب ہونے سے پہلے کی ہے

تخریج:

ابو داود 1/73 کتاب الصلوۃ باب المحافظۃ علی الصلوات رقم 427۔

حدیث نمبر 9: جہاد اور زکواۃ کا حکم

عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَشْهَدُوْا اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللهِ وَيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ۔۔۔۔۔

Marfat.com

ترجمہ:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں بے شک مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں لوگوں سے اس وقت تک جہاد کروں جب تک وہ گواہی نہ دیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے اور بے شک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں نماز قائم کریں اور زکوۃ ادا کریں۔۔۔۔۔۔

تخریج:

مسلم 1/37 کتاب الایمان باب الامر بقتال الناس۔۔۔۔رقم قدیمی کتب خانہ

حدیث نمبر 10:

زکواۃ اور جہاد کے ترک پر قبول اسلام

عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِی الْعَاصِ اَنَّ وَفْدَ ثَقِیْفٍ لَمَّا قَدِمُوْا عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْزَلَھُمَ الْمَسْجِدَ لِیَکُوْنَ اَرَقَّ لِقُلُوْبِھِمْ فَاشْتَرَطُوْا عَلَیْہِ اَنْ لَّا یُحْشَرُوْا وَلَا یُعْشَرُوْا وَلَا یُجَبُّوْا فَقَالَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَکُمْ اَنْ لَّا تُحْشَرُوْا وَلَا تُعْشَرُوْا وَلَا خَیْرَ فِیْ دِیْنٍ لَیْسَ فِیْہِ رُکُوْعٌ۔

ترجمہ:

حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب قبیلہ ثقیف کا وفد رسول

Marfat.com

اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو مسجد میں ٹھہرایا تا کہ ان کے دل نرم ہوں انہوں نے اسلام لانے کے لیے یہ شرط رکھی کہ وہ جہاد میں شامل نہیں ہوں گے زکواۃ نہیں دیں نماز نہیں پڑھیں گے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جہاد میں شریک نہ ہونے اور زکواۃ نہ دینے کی تمہیں رخصت ہے لیکن اس دین میں کوئی خیر نہیں جس میں رکوع (نماز) نہیں۔ (یعنی نماز معاف نہ فرمائی)۔

تخریج:

ابو داود 2/78 کتاب الخراج باب ماجاء فی خبر الطائف رقم 3050۔

تشریح 10 تا 7:

حدیث نمبر 7 اور 9 سے معلوم ہوا کہ نماز، روزہ، زکواۃ اور جہاد ارکان اسلام سے ہیں۔ جب یہ فرض ہو جائیں ان کی ادائیگی ضروری ہے۔

لیکن حدیث نمبر 10 اور 8 سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اختیارات عطا فرمائے ہیں جیسا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت عبداللہ بن فضالہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد کو دو نمازوں کی محافظت کا حکم ارشاد فرمایا اور قبیلہ ثقیف کے لوگوں کو زکواۃ اور جہاد کی معافی عطا فرما دی۔

یاد رکھیئے! اگر فی زمانہ کافر مسلمان ہونا چاہے اور یہ شرط رکھے کہ نماز نہیں پڑھوں گا جہاد فرض ہونے کے باوجود جہاد نہیں کروں گا یا مالک نصاب ہونے کے باوجود زکواۃ نہیں دوں گا تو کسی بڑے سے بڑے قاضی اسلام یا خلیفہ وقت یا پیر مفتی کو

Marfat.com

یہ اختیار حاصل نہیں کہ وہ اس سے ارکان اسلام ساقط کردے۔ یہ تو صرف زمانہ نبوی میں ممکن تھا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جس شخص کو چاہیں کسی حکم شرعی سے مستثنیٰ فرمادیں کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالیٰ کے نائب اکبر اور شارع اسلام ہیں۔ حلال و حرام کے سب اختیارات آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ہیں۔

حدیث نمبر 11:

نہ مانگنے پر جنت کی ضمانت

عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَنْ يَّتَقَبَّلُ لِيْ بِوَاحِدَةٍ وَّ اَتَقَبَّلُ لَهٗ بِالْجَنَّةِ قُلْتُ اَنَا قَالَ لَا تَسْاَلِ النَّاسَ شَيْئًا۔

ترجمہ:

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو میری ایک بات قبول کرے گا میں اس کے لیے جنت کا ذمہ دار ہوں میں نے عرض کیا میں قبول کروں گا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: لوگوں سے کچھ نہ مانگو۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تخریج:

ابن ماجہ صفحہ 247 کتاب الزکوۃ باب کراھیۃ المسئلۃ رقم 1837۔

ابو داود 1/243 کتاب الزکوۃ باب کراھیۃ المسالۃ رقم 1643

نسائی 1/362 کتاب الزکوۃ باب فضل من لا یسال الناس شیئا رقم 2589۔

Marfat.com

حدیث نمبر 12:

جنت کے درمیان میں مکان کی ضمانت

عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَا زَعِیْمٌ بِبَیْتٍ فِیْ رَبَضِ الْجَنَّةِ لِمَنْ تَرَكَ الْمِرَاءَ وَاِنْ كَانَ مُحِقًّا۔۔۔

ترجمہ:

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو جھگڑنا چھوڑ دے گا اس کے لیے جنت کے اندر ایک مکان کا ضامن ہوں اگرچہ حق پر ہو۔

تخریج:

ابو داود 2/318 کتاب الادب باب فی حسن الخلق رقم 4800۔

تشریح:

ان احادیث سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نہ صرف اس دنیا میں اختیارات عطا فرمائے ہیں بلکہ جنت بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قبضہ و اختیار میں دی ہے جس کو چاہیں جنت کی سرداری عطا فرمادیں اور جس کو چاہیں جس شرط پر چاہیں جنت عطا فرمادیں۔

حدیث نمبر 13:

تین موقعوں پر جھوٹ بولنے کی اجازت

Marfat.com

عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ الْكَذِبُ اِلَّا فِيْ ثَلَاثٍ يُحَدِّثُ الرَّجُلُ امْرَاَتَهٗ لِيُرْضِيَهَا وَالْكَذِبُ فِي الْحَرْبِ وَالْكَذِبُ لِيُصْلِحَ بَيْنَ النَّاسِ۔

ترجمہ:

سیدہ اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے جھوٹ بولنا صرف تین صورتوں میں جائز ہے۔آدمی اپنی بیوی کو راضی کرنے کے لیے اس کے ساتھ (کوئی بے ضرر) جھوٹ بول دے۔ جنگ کے دوران جھوٹ بولنا' اور لوگوں کے درمیان صلح کروانے کے لیے جھوٹ بولنا۔

تخریج:

ترمذی 2/458 کتاب البر و الصلہ باب ماجاء فی اصلاح ذات البین رقم 1862'1861۔

مسند امام احمد 460/6۔

تشریح:

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ۔ (پارہ 17 الحج 30)

ترجمہ کنزالایمان: اور بچو جھوٹی بات سے

اس آیت مبارکہ میں اللہ تعالیٰ نے مکمل طور پر جھوٹ سے بچنے کا حکم دیا ہے کسی قسم کا استثناء نہیں فرمایا اور کذب بالاجماع حرام ہے۔لیکن چونکہ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اختیارات عطا کر مبعوث فرمایا اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین مقامات پر

Marfat.com

کذب کی اجازت عطا فرمائی ہے جیسا کہ حدیث مبارک میں بیان ہوا ہے۔

باب نمبر 7:

تبرکاتِ مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حدیث نمبر 1: تبرک کے لیے روزہ توڑ دیا

عَنْ اُمِّ هَانِئٍ قَالَتْ كُنْتُ قَاعِدَةً عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاُتِيَ بِشَرَابٍ فَشَرِبَ مِنْهُ ثُمَّ نَاوَلَنِيْ فَشَرِبْتُ مِنْهُ فَقُلْتُ اِنِّيْ اَذْنَبْتُ فَاسْتَغْفِرْلِيْ فَقَالَ وَمَاذَاكَ قَالَتْ كُنْتُ صَائِمَةً فَاَفْطَرْتُ فَقَالَ اَمِنْ قَضَاءٍ كُنْتُ تَقْضِيْنَهُ قَالَتْ لَا قَالَ يَضُرُّكِ

ترجمہ:

سیدہ ام ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بیٹھی ہوئی تھی ایک مشروب لایا گیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس میں سے پی لیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میری طرف بڑھایا میں نے بھی اس میں سے پی لیا' میں نے عرض کی میں نے گناہ کیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے لیے دعا مغفرت کیجئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کیا گناہ کیا ہے؟ انہوں نے عرض کیا میں نے روزہ رکھا ہوا تھا اور اب میں نے روزہ توڑ لیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ قضاء کا روزہ تھا جو تم نے ادا کرنی تھی؟ انہوں نے عرض کیا

Marfat.com

نہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پھر تمہیں کوئی نقصان نہیں ہوا۔

تخریج:

ترمذی 2/274 کتاب الصوم باب ماجاء فی افطار الصائم المتطوع رقم۔663'664

مسند امام احمد 341/6۔ السنن الکبریٰ للنسائی 3304.3309۔

تشریح:

سیدہ ام ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملنے والا تبرک دیکھا تو فوراً پی لیا اور بعد میں عرض کیا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں نے گناہ کیا ہے۔ یہاں یہ بات بھی یاد رکھیئے! آپ نے بھول کر وہ مشروب نہیں پیا تھا اگر بھول کر پیا ہوتا تو نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرما دیتے کہ کوئی بات نہیں بھول کر پینے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ تو ثابت ہوا کہ تبرک محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے انہوں فوراً مشروب پی لیا۔ میرا عشق کہتا ہے کہ سیدہ ام ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے سوچا ہوگا آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تبرک مل رہا ہے پی لو کہیں محروم نہ رہ جاؤں۔ مختار آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم موجود ہیں بعد میں عرض کر لینا۔ اور ان کے عشق رسول کی وجہ سے امت کو ایک مسئلہ بھی معلوم ہو گیا کہ اگر نفلی روز ٹوٹ جائے تو بعد میں ایک روزہ رکھ سکتے ہیں۔

حدیث نمبر 2: اے حجرِ اسود تمہیں بوسہ نہ دیتا

عَنْ عَبِسْ بْنِ رَبِيْعَةَ قَالَ رَاَيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يُقَبِّلُ الْحَجَرَ وَيَقُوْلُ اِنِّيْ اُقَبِّلُكَ وَاَعْلَمُ اَنَّكَ حَجَرٌ وَّلَوْلَا اَنِّيْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ

Marfat.com

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُكَ لَمْ اُقَبِّلْكَ۔

ترجمہ:

عابس بن ربیعہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو دیکھا انہوں نے حجرِ اسود کو بوسہ دیا اور بولے: میں نے تمہیں بوسہ دیا ہے میں جانتا ہوں کہ تم ایک پتھر ہو اگر میں نے تمہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بوسہ دیتے ہوئے نہ دیکھا ہوتا تو میں تمہیں بوسہ نہ دیتا۔

تخریج:

ترمذی 1/298 کتاب الحج باب ماجاء فی تقبیل الحجر رقم۔788

تشریح:

سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے واضح فرمادیا کہ اس لیے بوسہ نہیں دیا کہ جنتی پتھر ہے بلکہ اس لیے بوسہ دیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بوسہ دیا یعنی ادائے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ادا کررہا ہوں۔ اور دوسرا مطلب یہ ہے اے حجرِ اسود تجھ پر محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لب لگے ہیں اس لیے تجھے بوسہ دے رہا ہوں۔ اندازِ عشق میں یوں کہنے دیجئے۔ محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لبوں کی برکت حاصل کرنے کے لیے بوسہ دیا تھا۔

حدیث نمبر 3: مشکیزے کا منہ کاٹ کر محفوظ کرلیا

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ عَمْرَةَ عَنْ جَدَّةٍ لَّهٗ يُقَالُ لَهَا كَبْشَةُ

Marfat.com

الْاَنْصَارِيَّةُ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا وَعِنْدَهَا قِرْبَةٌ مُّعَلَّقَةٌ فَشَرِبَ مِنْهَا وَهُوَ قَائِمٌ فَقَطَعَتْ فَمَ الْقِرْبَةِ تَبْتَغِيْ بَرَكَةَ مَوْضِعِ فِيْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

ترجمہ:

حضرت کبشہ الانصاریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے پاس تشریف لائے ان کے پاس ایک مشک لٹکی ہوئی تھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کھڑے ہو کر اس سے پانی پیا۔ چنانچہ انہوں (حضرت کبشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا) نے مشک کا منہ برکت کے باعث کاٹ کر رکھ لیا۔ چونکہ اس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دہن مبارک لگا تھا۔

تخریج:

ابن ماجہ صفحہ 378 کتاب الاشربہ باب الشرب قائمًا رقم۔3423

ترمذی 2/453 کتاب الاشربہ باب ماجآء فی الرخصۃ فی ذلک رقم۔1814

تشریح:

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا عشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ جس مشکیزے کے منہ پر سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے لب مبارک لگائے اس مشکیزے کے منہ کو کاٹ کر محفوظ کر لیا کیوں برکت کے لیے۔ اس پرفتن دور میں لوگ حد سے گزر کر بڑی بڑی باتیں کرتے ہیں یہاں تک کہ بے مثل محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مثل ہونے کا دعوٰی کرتے ہیں لیکن ان بے وقوفوں کو غور کرنا چاہیئے اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی زندگیوں ں کا مطالعہ کرنا چاہیئے

Marfat.com

جن کے ایمان کی طرح ایمان لانے کا حکم دیا گیا ہے کہ ان کا عقیدہ بارگاہِ محبوب ﷺ میں کیسا تھا۔ حضور اکرم ﷺ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا عشق ومحبت والا عقیدہ دیکھتے ہیں لیکن منع نہیں فرماتے۔ لیکن آج کے بدقسمت ملاں کو سرکار ﷺ سے محبت والا عقیدہ رکھنے میں شرک نظر آتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ان ملاں کے شر سے محفوظ فرمائے اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے عشق ومحبت والا عقیدہ عطا فرمائے۔

سرکار ﷺ کا کھڑے ہو کر پانی پینا کسی حکمت کی وجہ سے ہے۔ دوسرے مقام پر سرکار ﷺ نے کھڑے ہو کر پانی پینے سے منع فرمایا۔

حدیث نمبر 4: حضرت طلحہ نے اپنے لیے جنت واجب کر لی

عَنِ الزُّبَيْرِ قَالَ كَانَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ دِرْعَانِ فَنَهَضَ اِلٰى صَخْرَةٍ فَلَمْ يَسْتَطِعْ فَاَقْعَدَ تَحْتَهٗ طَلْحَةَ فَصَعِدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اسْتَوٰى عَلَى الصَّخْرَةِ قَالَ فَسَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ وَاجَبَ طَلْحَةُ۔

ترجمہ:

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے غزوہ احد کے دن دو زرہیں پہنی ہوئی تھیں آپ ﷺ ایک چٹان پر چڑھنے لگے تو چڑھ نہیں پائے تو آپ ﷺ نے حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کو اپنے نیچے بٹھایا اور پھر اس پر چڑھے جب آپ ﷺ چٹان

Marfat.com

پر پہنچ گئے تو راوی بیان کرتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: طلحہ رضی اللہ عنہ نے (اپنے لیے جنت) واجب کر لی ہے۔

تخریج:

ترمذی 2/694 کتاب المناقب باب مناقب طلحۃ بن عبید اللہ رقم۔ 3671

تشریح:

سبحان اللہ! کیا شان ہے قدم مبارک کی کہ جب حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کی پیٹھ پر لگا تو ان کو جنتی کر دیا۔ تو جس مبارک ہستی کے قدم کی یہ شان ہے تو ان کی ذاتِ بابرکت کی کیا شان ہوگی۔ اسی لیے امام عشق و محبت یوں لکھتے ہیں:

سب سے اولیٰ اعلیٰ ہمارا نبی — سب سے بالا و اعلیٰ ہمارا نبی
خلق سے اولیاء' اولیاء سے رسل — اور رسولوں سے اعلیٰ ہمارا نبی

حدیث نمبر 5: ہر اونٹ پہلے ذبح ہونے کی کوشش کرتا

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُرْطٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَعْظَمَ الْاَيَّامِ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمُ النَّحْرِ ثُمَّ يَوْمُ الْقَرِّ وَهُوَ الْيَوْمُ الثَّانِيْ قَالَ قُرِّبَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَدَنَاتٌ خَمْسٌ اَوْ سِتٌّ فَطَفِقْنَ يَزْدَلِفْنَ اِلَيْهِ بِاَيَّتِهِنَّ يَبْدَأُ فَلَمَّا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا قَالَ فَتَكَلَّمَ بِكَلِمَةٍ خَفِيَّةٍ لَمْ اَفْهَمْهَا فَقُلْتُ مَا قَالَ قَالَ مَنْ شَآءَ اقْتَطَعَ۔

Marfat.com

ترجمہ:

حضرت عبداللہ بن قرط رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی پاک صاحب لولاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے بڑا دن یوم النحر (دس ذوالحجہ) ہے پھر یوم القرّ ہے یعنی اگلا روز۔ اور فرمایا پانچ یا چھ اونٹ نبی رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیے گئے۔ ہر اونٹ دوسروں سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نزدیک تر ہو جاتا کہ ابتداء اس سے فرمائی جائے۔ جب وہ اپنی کروٹوں پر لیٹ گئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آہستہ سے کچھ ارشاد فرمایا جو میں نہ سمجھ سکا میں عرض گزار ہوا کیا ارشاد فرمایا ہے؟ فرمایا جو چاہے (ان کا گوشت) کاٹ کر لے جائے۔

تخریج:

ابو داود 1/258 کتاب الحج باب الھدی اذا عطبت ـــــ رقم ـ 1765

تشریح:

رحمتِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں چھ سات اونٹوں کا پیش کیا جانا۔ نحر ہونے سے پہلے ہر اونٹ کا یہ کوشش کرنا کہ حبیب خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھوں نحر ہونے کا سب سے پہلے شرف مجھے حاصل ہو اس لیے ہر اونٹ کا دوسرے سے آگے ہونے کی کوشش کرنا واضح کر رہا ہے کہ وہ جانور بھی دستِ اقدس کی برکت اور مقامِ مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کس قدر آگاہ تھے۔ لیکن افسوس آج کے نام نہاد مسلمان پر کہ وہ شانِ محبوب

Marfat.com

ﷺ سمجھنے سے عاری ہے' کاش یہ لوگ ان جانوروں سے عشق مصطفی ﷺ سمجھ کر دامنِ محبوب ﷺ سے وابستہ ہو جائیں:

بمصطفے برساں خویش را کہ دیں ہمہ اوست اگر بہ او نرسیدی تمام بولہبی است

اے مخاطب! اپنے آپ کو تو بارگاہ مصطفی ﷺ میں پہنچا دے کیونکہ وہی ذات باکمال تمام تر دین ہے۔ اگر تو ان کی خدمت میں نہیں پہنچے گا تو یہی تمام تر ابولہبی ہے

حدیث نمبر 6: تبرک کے لیے پانی مانگا

عَنْ قَیْسِ بْنِ طَلْقٍ عَنْ اَبِیْهِ طَلْقِ بْنِ عَلِیٍّ قَالَ خَرَجْنَا وَفْدًا اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَبَایَعْنَاهُ وَصَلَّیْنَا مَعَهٗ وَاَخْبَرْنَاهُ اَنَّ بِاَرْضِنَا بِیْعَةً لَنَا فَاسْتَوْهَبْنَاهُ مِنْ فَضْلِ طَهُوْرِهٖ فَدَعَا بِمَاءٍ فَتَوَضَّاَ وَتَمَضْمَضَ ثُمَّ صَبَّهٗ فِیْ اِدَاوَةٍ وَاَمَرَنَا .....

ترجمہ:

حضرت قیس بن طلق رضی اللہ عنہ اپنے والد طلق بن علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ہم ایک وفد کی صورت میں نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے آپ ﷺ کی بیعت کی اور آپ ﷺ کے پیچھے نماز پڑھی' اور ہم نے آپ ﷺ سے عرض کیا کہ ہماری بستی میں ایک گرجا ہے پھر ہم نے آپ ﷺ کے وضو کا بچا ہوا پانی (برکت کے لیے) مانگا آپ ﷺ نے پانی طلب کر کے ہاتھ دھوئے کلی کی پھر

Marfat.com

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پانی کو ایک ڈول میں ڈال دیا اور حکم فرمایا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تخریج:

نسائی 1/114 کتاب المساجد باب اتخاذ البیع مساجد رقم 700۔

تشریح:

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نئے نئے مسلمان ہوئے ہیں اور برکت کے لیے وضو کا پانی مانگتے ہیں تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آج کے ملاں کی طرح شرک کا فتویٰ نہیں لگاتے کہ ابھی ابھی تم مسلمان ہوئے ہو اور پھر شرک والی باتیں کرنے لگے ہو بلکہ ہاتھ دھو کر اور کلی فرما کر اپنا تبرک عطا فرماتے ہیں۔ جس سے ثابت ہوا کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بے مثل و بے مثال ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مسح کی ہوئی چیزوں سے برکت لینا باعث اجر اور دنیا و آخرت کی مصیبتوں سے نجات کا باعث ہیں۔ جیسا کہ

حدیث نمبر 7: کلی کے پانی کی برکت سے بچہ تندرست ہو گیا

عَنْ اُمِّ جُنْدُبٍ قَالَتْ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَمٰی جَمْرَۃَ الْعَقَبَۃِ مِنْ بَطْنِ الْوَادِیْ یَوْمَ النَّحْرِ ثُمَّ انْصَرَفَ وَتَبِعَتْہُ امْرَاَۃٌ مِّنْ خَثْعَمٍ وَمَعَھَا صَبِیٌّ لَّھَا بِہٖ بَلَاءٌ لَّا یَتَکَلَّمُ فَقَالَتْ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ ھٰذَا ابْنِیْ وَبَقِیَّۃُ اَھْلِیْ وَاِنَّ بِہٖ بَلَاءً لَا یَتَکَلَّمُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

Marfat.com

وَسَلَّمَ اِئْتُوْنِیْ بِشَیْءٍ مِّنْ مَّاءٍ فَاُتِیَ بِمَاءٍ فَغَسَلَ یَدَیْهِ وَمَضْمَضَ فَاهُ ثُمَّ اَعْطَاهَا فَقَالَ اِسْقِیْهِ مِنْهُ وَصُبِّیْ عَلَیْهِ مِنْهُ وَاسْتَشْفِی اللّٰهُ لَهٗ ۔ قَالَتْ فَلَقِیْتُ الْمَرْاَةَ فَقُلْتُ لَوْ وَهَبْتِ لِیْ مِنْهُ فَقَالَتْ اِنَّمَا هُوَ لِهٰذَا الْمُبْتَلٰی قَالَتْ فَلَقِیْتُ الْمَرْاَةَ مِنَ الْحَوْلِ فَسَاَلْتُهَا عَنِ الْغُلَامِ فَقَالَتْ بَرَا وَعَقَلَ عَقْلًا لَّیْسَ کَعُقُوْلِ النَّاسِ۔

ترجمہ:

حضرت ام جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قربانی کے دن بطن وادی کی جانب سے جمرۃ العقبہ کی رمی کی پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم واپس لوٹے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے بنو خشعم کی ایک عورت ہو لی۔ اس کی گود میں ایک بچہ تھا۔ اس نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میرے گھرانے میں یک ہی بچہ باقی رہ گیا ہے۔ اس پر بھی کچھ اثر ہے جس کی وجہ سے یہ بولتا نہیں یہ ن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تھوڑا سا پانی لاؤ۔ لوگوں نے پانی حاضر کیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دونوں ہاتھوں کو دھویا اور منہ میں پانی لے کر کلی کی اور عورت سے فرمایا: یہ پانی اس بچہ کو پلا دیا کرو اور کچھ اس پر چھڑک دیا کرو اور اللہ سے اس کے لیے شفاء مانگو۔ حضرت ام جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں میں نے اس عورت سے مل کر کہا تھوڑا سا پانی مجھے دے دو اس نے کہا یہ اس بیمار کے لیے ہے۔ الغرض

Marfat.com

جب دوسرے سال میں نے اس عورت سے ملاقات کی تو میں نے اس سے بچے کا حال دریافت کیا اس نے کہا وہ بچہ نہایت تندرست ہے اور بہت ذہین ہے اور لوگوں کی طرح عقل مند ہو گیا ہے۔

تخریج:

ابن ماجہ صفحہ 387 کتاب الطب باب النشرۃ رقم 3532۔

تشریح:

اس حدیث مبارک سے معلوم ہوا کہ نبی اکرم ﷺ سے برکت حاصل کرنا اور اپنی پریشانی بیان کرنا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے ثابت ہے اور نبی اکرم ﷺ منع نہیں فرماتے کہ اللہ سے سوال کرو وہ تمہاری نہیں سنتا بلکہ اپنے مبارک ہاتھ دھو کر اور کلی فرما پانی دے دیتے ہیں جن کی برکت سے اللہ تعالیٰ شفاء عطا فرماتا ہے۔ اور یہ بھی ثابت ہوا کہ آقا ﷺ بے مثل و بے مثال ہیں کیونکہ آقا ﷺ کے کلی والے پانی کو حاصل کرنا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اپنے لیے باعث برکت سمجھتے ہیں اور اس پرفتن دور میں جو مثل رسول اللہ ﷺ ہونے کا دعوٰی کرتے ہیں ان کے کلی کیے ہوئے پانی کو ان کے بیوی بچے تک بھی قریب نہیں لائیں گے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جیسا عقیدہ اور عشق رسول عطا فرمائے آمین۔

حدیث نمبر 8: نہ بال کبھی کاٹے نہ منڈائے

Marfat.com

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ کو اذان پڑھنا سکھائی اس کے بعد طویل روایت ہے جس کے آخر میں ہے :قَالَ فَكَانَ اَبُوْ مَحْذُوْرَةَ لَا يَجُزُّ نَاصِيَتَهٗ وَلَا يُفْرِقُهَا لِاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ عَلَيْهَا۔

ترجمہ:

پس فرمایا حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ نہ کبھی اپنی پیشانی کے بال کتراتے اور منڈاتے کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان پر اپنا دستِ مبارک پھیرا تھا۔

تخریج:

ابو داود 1/84 کتاب الصلوۃ باب کیف الاذان رقم۔ 501

تشریح:

سبحان اللہ! کیسا عقیدہ ہے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا کہ جہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا دستِ مبارک پھیرا پیشانی کے اس سمت والے بال ہی منڈانے اور کٹوانے چھوڑ دیئے اللہ تعالیٰ ہمیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے صدقے میں عشق مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک بوند عطا فرمادے آمین۔

حدیث نمبر 9:

اہل مکہ برکت کے لیے اپنے بچوں کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لاتے

عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ عُقْبَةَ قَالَ لَمَّا فَتَحَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

Marfat.com

وَسَلَّمَ مَكَّةَ جَعَلَ اَهْلُ مَكَّةَ يَاْتُوْنَهٗ بِصِبْيَانِهِمْ فَيَدْعُوْلَهُمْ بِالْبَرَكَةِ وَيَمْسَحُ رُؤُسَهُمْ قَالَ فَجِئْتُ بِيْ اِلَيْهِ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ترجمہ:

حضرت ولید بن عقبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکہ مکرمہ کو فتح فرمایا: تو اہل مکہ اپنے بچوں کو لے کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خدمت میں حاضر ہوتے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے لیے برکت کی دعا کرتے اور ان کے سروں پر دستِ مبارک پھیرتے

تخریج:

ابو داود 2/223 کتاب الترجل باب فی الخلوق للرجال رقم 4181۔

تشریح:

اس حدیث مبارک سے معلوم ہوا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دستِ مبارک سے برکت لینا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا طریقہ ہے۔ اور یہ بھی پتا چلا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا یہ عقیدہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بے مثل بے مثال ہیں، اگر وہ معاذ اللہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنی مثل سمجھتے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مس کی جانے والی اشیاء اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دستِ مبارک سے برکت لینے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جیسا عقیدہ عطا فرمائے آمین۔

Marfat.com

باب نمبر 8:

نماز میں خیالِ محبوب صلی اللہ علیہ وسلم

ضروری وضاحت:

اس دور میں جہاں ہر طرف فتنے ہی فتنے ہیں وہاں نماز میں خیال محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی منافی نماز بتایا جاتا ہے بلکہ ایک بدبخت نے تو یہاں تک لکھا ہے:

ظُلُمٰتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ زنا کے وسوسے اپنی بی بی کی مجامعت کا خیال بہتر ہے اور شیخ یا اسی جیسے اور بزرگوں کی طرف خواہ جناب مآب ہی ہوں۔ اپنی ہمت کو لگا دینا اپنے بیل اور گدھے کی صورت میں مستغرق ہونے سے بُرا ہے کیونکہ شیخ کا خیال تو تعظیم اور بزرگی کے ساتھ انسان کے دل میں چمٹ جاتا ہے اور بیل اور گدھے کے خیال کو نہ تو اس قدر چپیدگی ہوتی ہے اور نہ تعظیم بلکہ حقیر اور ذلیل ہوتا ہے اور غیر کی یہ تعظیم اور بزرگی جو نماز میں ملحوظ ہو وہ شرک کی طرف کھینچ کر لے جاتی ہے (صراط مستقیم مترجم ص 118 طبع ادارہ نشریات۔ صراط مستقیم فارسی ص 86)

جب کہ ہم کہتے ہیں خیال محبوب کے بغیر نماز پڑھی ہی نہیں جا سکتی جب ایک مسلمان نماز کے لیے آئے گا تو نماز کا ہر رکن ادا کرتے وقت دل میں یہ خیال آئے گا کہ

Marfat.com

میرے محبوب ﷺ کیسے ادا فرماتے جیسے کھڑے ہوتے وقت' ہاتھ باندھتے وقت قیام رکوع' سجود' قومہ' جلسہ' تشہد اور سلام وغیرہ۔ اور سب سے بڑھ کر جب محبوب ﷺ کو مخاطب کر کے آپ ﷺ کی بارگاہ بے کس پناہ میں عرض میں کرے گا اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ تو پھر تو ضرور محبوب ﷺ کے نورانی چہرے اور کالی زلفوں کا تصور ہوگا۔

تو معلوم ہوا کہ اگر ان لوگوں کو نماز میں حضور اکرم ﷺ کا خیال آئے گا تو شرک ہوگا اور اگر سلام نہ پڑھیں تو نماز نہیں ہوگی۔ اگر نماز پڑھیں تو شرک۔ چھوڑیں تو دوزخ اپنی اپنی قسمت۔ ہم نے اس باب کے تحت بخاری کے حوالے سے 5 احادیث 'بخاری شریف اور عقائد اہلسنت کے باب نمبر 10' میں نقل کی ہیں اور مسلم کے حوالے سے 4 احادیث 'مسلم شریف اور عقائد اہلسنت کے باب نمبر 8' میں نقل کی ہیں اور کچھ احادیث یہاں نقل کریں گے کہ صحابہ کرام علیہم الرضوان کی نماز کیسی ہوتی تھی۔

حدیث نمبر 1:

نماز میں سرکار ﷺ کی بغلوں کی سفیدی دیکھ لیتا

عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ ابْنِ اَقْرَمَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكُنْتُ اَرٰى عُفْرَةَ اِبْطَيْهِ اِذَا سَجَدَ

ترجمہ:

Marfat.com

حضرت عبداللہ بن اقرم رضی اللہ عنہ اپنے والد کا بیان نقل کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ نماز پڑھی اور میں سجدہ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بغلوں کی سفیدی دیکھ لیتا تھے۔

تخریج:

نسائی 1/166 کتاب التطبیق باب صفۃ السجود رقم 1107۔

ابن ماجہ صفحہ 167 کتاب اقامۃ الصلوۃ والسنۃ فیھا باب السجود رقم۔ 881

ترمذی 1/167 کتاب الصلوۃ باب ماجاء فی التجافہ السجود رقم۔ 254

مسند امام احمد 35/4۔ مسند حمیدی 923۔

تشریح:

اس حدیث مبارک سے معلوم ہوا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے دلوں میں نہ صرف نماز کی حالت میں خیالِ محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آتا تھا' بلکہ وہ تو نماز کی حالت میں حضور اکرم نورِ مجسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کرتے تھے۔

لیکن افسوس ہے ان عقل کے اندھوں اور دین کے قوروں پر کہ ان کو عشق مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہر بات شرک ہی نظر آتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان شرک کی مشینوں سے امت کو محفوظ فرمائے آمین۔

Marfat.com

باب نمبر 9: اللہ ورسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اکٹھا ذکر کرنا

ضروری وضاحت:

اس پرفتن دور میں جہاں ہر بات پر شرک وبدعت کے فتوے لگائے جاتے اور اہلسنت کے معمولات کو مشرکانہ افعال قرار دیا جاتا ہے وہاں اللہ عزوجل اور اس کے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اکٹھا ذکر کرنے کو بھی شرک کہا جاتا ہے۔ حالانکہ ان فتوا بازوں کو اتنا بھی معلوم نہیں کہ آدمی جو کلمہ پڑھ کر مسلمان ہوتا ہے اس میں اللہ جل شانہٗ کی واحدنیت کے ساتھ ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کی گواہی دی جاتی ہے بلکہ اسلامی عبادات میں جہاں بھی غور کیا جائے اللہ جل شانہٗ کے ذکر کے ساتھ نہ صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر مبارک ہے بلکہ اہل اللہ کے افعال کی یاد بھی تازہ ہوتی ہے۔ جیسا کہ حج کے ارکان پر ہی غور کر لیا جائے تو پتا چلتا ہے کہ انبیاء اور اولیاء کی مقدس اداؤں کو ارکان حج میں شامل کیا گیا ہے اس سے پہلے ہم بخاری شریف کے حوالے سے 'بخاری شریف اور عقائد اہلسنت' میں اور مسلم شریف کے حوالے سے مسلم شریف اور عقائد اہلسنت' میں وہ احادیث نقل کر چکے ہیں جن اللہ کے ساتھ نبی رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر مبارک ہے اس کتاب کے درج ذیل باب میں ہم باقی صحاح ستہ سے چند ایسی احادیث کا ذکر کریں گے جن میں اللہ عزوجل کے ذکر کے ساتھ محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر مبارک بھی ہے۔

Marfat.com

حدیث نمبر 1: اللہ ورسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم پر بہت مہربان ہیں

عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ سَمِعَ اُمَيْمَةَ بِنْتِ رُقِيْقَةَ تَقُوْلُ بَا يَعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ نِسْوَةٍ فَقَالَ لَنَا فِيْمَا اسْتَطَعْتُنَّ وَاَطَقْتُنَّ قُلْتُ اللهُ وَرَسُوْلُهٗ اَرْحَمُ بِنَا مِنَّا بِاَنْفُسِنَا قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللهِ بَايِعْنَا۔

ترجمہ:

سیدہ امیمہ بنت رقیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں: ہم خواتین نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیعت کی تھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم سے ارشاد فرمایا: یہ بیعت اس حد تک ہوگی جس کی تم میں استطاعت ہو جس کی تم طاقت رکھتی ہو تو میں نے عرض کیا: اللہ جل جلالہ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے بارے میں ہم سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم سے بیعت لیں۔

تخریج:

ترمذی 1/421 کتاب السیر باب ماجاء فی بیعۃ النساء رقم۔1523

نسائی 2/183 کتاب البیعہ بقاب بیعۃ النساء رقم4192۔

موطا امام مالک صفحہ کتاب البیعۃ باب ماجاء فی البیعۃ رقم1842۔

مسند حمیدی 241۔ مسند امام احمد 357/6۔

حدیث نمبر 2: اللہ جل جلالہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غضب سے پناہ

Marfat.com

عَنِ الْبَرَاءِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَعَثَ جَیْشَیْنِ وَاَمَّرَ عَلٰی اَحَدِھِمَا عَلِیَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ وَّ عَلَی الْاٰخَرِ خَالِدَ بْنَ الْوَلِیْدِ فَقَالَ اِذَا کَانَ الْقِتَالُ فَعَلِیٌّ قَالَ فَافْتَتَحَ عَلِیٌّ حِصْنًا فَاَخَذَ مِنْہُ جَارِیَۃً فَکَتَبَ مَعِیَ خَالِدُ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم بَشِی بِہٖ فَقَدِمْتُ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَرَاَ الْکِتَابَ فَتَغَیَّرَ لَوْنُہٗ ثُمَّ قَالَ مَا تَرٰی فِیْ رَجُلٍ یُحِبُّ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ وَیُحِبُّہُ اللّٰہُ وَرَسُوْلَہٗ قَالَ قُلْتُ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ غَضَبِ اللّٰہِ وَغَضَبِ رَسُوْلِہٖ وَاِنَّمَا اَنَا رَسُوْلٌ فَسَکَتَ۔

ترجمہ:

حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دو لشکر روانہ کیے ان میں سے ایک کا امیر حضرت علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہ کو مقرر کیا اور دوسرے کا امیر حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو مقرر کیا اور ارشاد فرمایا: جب جنگ شروع ہو تو علی رضی اللہ عنہ (دونوں لشکروں) کے امیر ہوں گے۔

راوی بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک قلعے کو فتح کیا انہوں نے وہاں سے ایک کنیز کو لیا۔ تو حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے میرے ہاتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خط بھیجا جس میں اس بات کا تذکرہ تھا میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا

Marfat.com

آپ ﷺ نے اس خط کو پڑھا' تو آپ ﷺ کا رنگ تبدیل ہو گیا پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

ایسے شخص کے بارے میں تم لوگ کیا سمجھتے ہو جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ اس سے محبت کرتے ہیں تو میں نے عرض کی: میں اللہ تعالیٰ کے غضب اور اس کے رسول ﷺ کے غضب سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں میں صرف ایک قاصد ہوں نبی اکرم ﷺ خاموش ہو گئے۔

تخریج:

ترمذی 1/432 کتاب الجهاد باب ماجاء من یستعمل علی الحرب رقم۔1626

ترمذی 2/693 کتاب المناقب باب مناقب علی بن ابی طالب رقم۔3658'3659

ابو داود 1/350 کتاب الصوم باب فی صوم الذهر تطوعا رقم 2425۔ (بالفاظ اختلاف)

حدیث نمبر 3: اللہ ﷻ اور اس کے رسول ﷺ کا مال

سَمِعْتُ خَوْلَةَ بِنْتِ قَيْسٍ وَّ كَانَتْ تَحْتَ حَمْزَةَ ابْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ تَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ مَنْ اَصَابَهٗ بِحَقِّهٖ بُوْرِكَ لَهٗ فِيْهِ وَرُبَّ مُتَخَوِّضٍ فِيْمَا شَائَتْ بِهٖ نَفْسُهٗ مِنْ مَالِ اللهِ وَرَسُوْلِهٖ لَيْسَ لَهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِلَّا النَّارُ۔

Marfat.com

ترجمہ:

سیدہ خولہ بنت قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا جو حضرت حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کی اہلیہ ہیں وہ بیان کرتی ہیں میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے یہ مال سرسبز اور مزیدار ہے جو شخص اس مال کو اس کے حق کے ہمراہ حاصل کرے گا اس کے لیے اس میں برکت رکھی جائے گی کچھ ایسے لوگ بھی ہیں جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مال سے اپنی نفسانی خواہشات پوری کرتے ہیں ان کے لیے قیامت کے دن صرف آگ ہوگی۔

تخریج:

ترمذی 2/215 کتاب الزھد باب ماجاء فی اخذ المال بحقہ رقم 2296۔

مسند امام احمد 364/6۔ مسند حمیدی 353۔

حدیث نمبر 4: اللہ جل جلالہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت رکھتا ہوں

عَنْ اَنَسٍ اَنَّهٗ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَتٰى قِيَامُ السَّاعَةِ فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الصَّلٰوةِ فَلَمَّا قَضٰى صَلَاتَهٗ قَالَ اَيْنَ السَّائِلُ عَنْ قِيَامِ السَّاعَةِ فَقَالَ الرَّجُلُ اَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَافَعَالَ اَعْدَدْتَّ لَهَا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا اَعْدَدْتُّ لَهَا كَبِيْرَ صَلٰوةٍ وَّلَا صَوْمٍ اِلَّا اَنِّيْ اُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

Marfat.com

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ وَاَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ فَمَا رَاَيْتُ فَرِحَ الْمُسْلِمُوْنَ بَعْدَ الْاِسْلَامِ فَرَحَهُمْ بِهٰذَا۔

ترجمہ:

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قیامت کب قائم ہوگی؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز کے لیے کھڑے ہوئے جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز مکمل کی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دریافت کیا: قیامت کے بارے میں سوال کرنے والا شخص کہاں ہے؟ اس نے عرض کی میں ہوں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (حاضر ہوں)! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دریافت کیا: تم نے اس کے لیے کیا تیاری کی ہے؟ اس نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں نے اس کے لیے زیادہ نمازیں اور روزے تو تیار نہیں کیے لیکن میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت رکھتا ہوں تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آدمی اس کے ساتھ ہوگا جس سے وہ محبت رکھے گا اور تم اس کے ساتھ ہو گے جس سے تم محبت رکھتے ہو۔ (راوی بیان کرتے ہیں) میں مسلمانوں کو اسلام کے بعد کبھی اتنا خوش نہیں دیکھا جتنا اس وقت دیکھا تھا۔

تخریج:

ترمذی 2/514 کتاب الزھد باب ماجاء ان المراء مع من احب رقم۔ 2307

Marfat.com

ترمذی 2/638 کتاب تفسیر القرآن باب و من سورۃ الممتحنہ رقم۔3230

حدیث نمبر 5: اللہ جل جلالہ ورسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم راضی نہ ہوں

-------وَمَنِ ابْتَدَعَ بِدْعَةَ ضَلَالَةٍ لَّا تُرْضِی اللّٰہَ وَرَسُوْلَہ---

ترجمہ:

----------فرمایا جو شخص گمراہی والی کسی بدعت کا آغاز کرے جس اللہ جل جلالہ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم راضی نہ ہوں----------

تخریج:

ترمذی 2/553 کتاب العلم باب ماجآء فی اخذ بالسنۃ رقم۔2601

ابن ماجہ صفحہ 115 کتاب السنہ باب من احیا السنۃ امیتت رقم۔210

عبد بن حمید 289۔

حدیث نمبر 6: مشرک سے اللہ جل جلالہ ورسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بری الذمہ ہیں

حج کے موقعہ پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو امیر حج بنا کر بھیجا اور بعد میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یہ پیغام دے کر بھیجا:

فَقَامَ عَلِیٌّ اَیَّامَ التَّشْرِیْقِ فَنَادٰی ذِمَّةُ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ کَبْرِیْئَةٌ مِّنْ کُلِّ مُشْرِکٍ.

ترجمہ:

-------تو ایام تشریق میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور انہوں نے یہ

Marfat.com

اعلان کیا: اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ ہر مشرک سے بری الذمہ ہیں۔۔۔۔

تخریج:

ترمذی 2/608 کتاب تفسیر القرآن باب و من سورۃ التوبہ رقم 3016۔

حدیث نمبر 7: گھر اللہ جل جلالہ اور رسول ﷺ کو چھوڑ کر آیا ہوں

حضور نبی کریم ﷺ نے چندے کا اعلان کیا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اپنا اپنا حصہ لانے لگے سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ اپنے گھر کا آدھا سامان لے آئے اور سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اپنے گھر کا سارا سامان لے آئے نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا کہ گھر والوں کے لیے کیا چھوڑ آئے ہو تو "قَالَ اَبْقَیْتُ لَھُمُ اللّٰہُ وَرَسُوْلَہ"۔ عرض کی گھر میں اللہ جل جلالہ اور اس کا رسول ﷺ چھوڑ کر آیا ہوں۔

تخریج:

ترمذی 2/685 کتاب المناقب باب فی مناقب ابی بکر و عمر رقم 3608۔

ابو داود 1/284 کتاب الزکوۃ باب الرخصۃ فی ذلک رقم 1678

دارمی 1/631 کتاب الزکوۃ باب الرجل یتصدق بجمع ماعنہ رقم 1996۔

حلیۃ الاولیا ج 1 ص 83۔ سبل الھدی و الرشاد العباد ج 5 ص 435۔

حدیث نمبر 8: جس پر اللہ جل جلالہ نے انعام کیا اور ہم نے انعام کیا

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں میں نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں موجود تھا حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ حاضر ہوئے انہوں نے اجازت

Marfat.com

کے لیے مجھ سے کہا میں نے بارگاہِ محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں عرض کی تو سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا تم جانتے ہو وہ کیوں آئے ہیں؟ فرماتے ہیں میں نے عرض کیا نہیں سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا میں جانتا ہوں۔ پھر ان کو اجازت عطا فرمائی: تو انہوں نے سوال کیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سب سے زیادہ محبوب کون ہے؟ فرمایا فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا عرض کیا گیا اولاد کے علاوہ: قَالَ اَحَبُّ اَهْلِیْ اِلَیَّ مَنْ قَدْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاَنْعَمْتُ عَلَیْهِ اُسَامَةُ بْنُ زَیْدٍ ــــــــــــــــــ

ترجمہ:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے گھر والوں میں میرے نزدیک سب سے زیادہ محبوب وہ ہے جس پر اللہ تعالیٰ نے انعام فرمایا اور ہم نے بھی انعام فرمایا ہے وہ اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہیں ــــــــــــــــ

تخریج:

ترمذی 2/702 کتاب المناقب باب مناقب اسامہ بن زید رقم۔ 3755

حدیث نمبر 9:

حضرت عثمان اللہ جل جلالہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کام سے گئے ہیں

جب صلح حدیبیہ کے موقعہ پر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نمائندے کے طور پر مکہ گئے تو ان کو روک لیا گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے بیعت لی:

Marfat.com

فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ عُثْمَانَ فِيْ حَاجَةِ اللهِ وَحَاجَةِ رَسُوْلِهٖ.....

ترجمہ:

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عثمان رضی اللہ عنہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کام سے گیا ہوا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور ابوداود میں غزوہ بدر کے موقعہ کا ذکر ہے' جب حضرت سیدنا عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شہزادی اور اپنی زوجہ کی بیماری کی وجہ سے رک گئے تھے۔

تخریج:

ترمذی 2/689 کتاب المناقب باب فی مناقب عثمان ابن عفان رقم۔3635

ابو داود 2/26 کتاب الجهاد باب فی من جاء بعد الغنیمة۔۔۔رقم۔2726

حدیث نمبر 10:

کامل ایمان کے لیے اللہ جل جلالہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرح محبت کرو

حضرت عباس رضی اللہ عنہ غصے کی حالت میں بارگاہِ محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ لوگ آپس میں خوش ہو کر ملتے ہیں اور ہم سے دوسری حالت میں ملتے ہیں راوی بیان کرتے ہیں:

فَغَضِبَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى احْمَرَّ وَجْهُهٗ ثُمَّ

Marfat.com

قَالَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَا یَدْخُلُ قَلْبَ رَجُلِ الْاِیْمَانِ حَتّٰی یُحِبَّکُمْ لِلّٰہِ وَلِرَسُوْلِہٖ ثُمَّ قَالَ یَا اَیُّھَا النَّاسُ مَنْ اٰذٰی عَمِّیْ فَقَدْ اٰذَانِیْ فَاِنَّمَا عَمُّ الرَّجُلِ صِنْوُ اَبِیْہِ۔

ترجمہ:

نبی اکرم ﷺ غصے میں آ گئے اور آپ ﷺ کا چہرہ مبارک سرخ ہو گیا پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے کسی بھی شخص میں ایمان اس وقت تک داخل نہیں ہو سکتا جب تک وہ آپ لوگوں کے ساتھ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرح محبت نہیں کرے گا پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے لوگو! جس نے میرے چچا کو اذیت پہنچائی اس نے مجھے اذیت پہنچائی کیونکہ چچا باپ کی طرح ہوتا ہے۔

تخریج:

ترمذی 2/296 کتاب المناقب باب مناقب عباس بن عبدالمطلب رقم۔ 3691

مسند امام احمد۔ 165/4

تشریح:

اس حدیث مبارک میں نبی کریم ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی محبت کے ساتھ اپنی محبت کا ذکر فرمایا ہے۔ اور حضرت سیدنا عباس رضی اللہ عنہ کے مقام کا بھی پتا چلا ہے۔ یہاں مقام غور ہے کہ اگر لوگ حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے صحیح طریقے سے نہ ملیں تو سرکار ﷺ

Marfat.com

کا چہرہ مبارک غصے سے سرخ ہو جاتا ہے تو ان لوگوں کا کیا انجام ہوگا جنہوں نے حسنین کریمین رضی اللہ تعالیٰ عنہما پر ظلم ڈھائے اور اب جو لوگ ان ظالموں کی وکالت کرتے ہیں اور حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی شان میں گستاخی کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم کو گستاخ خدا، گستاخ انبیاء، گستاخ صحابہ، گستاخ اہلبیت اور گستاخ اولیاء کرام سے محفوظ فرمائے اور ہمارا حشر عاشقانِ اہل اللہ کے ساتھ کرے۔ آمین۔

حدیث نمبر 11:

یہ دونوں اللہ جل جلالہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کرتی ہوں

ایک عورت نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئی اس کے ساتھ اس کی بیٹی تھی جس کے ہاتھوں میں کنگن تھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دریافت کیا ان کی زکوٰۃ دیتی ہو اس نے کہا نہیں تو سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تم پسند کرتی ہو کہ تمہیں آگ کے کنگن پہنائے جائیں تو اس نے کنگن اتارے اور ''قَالَتْ هُمَا لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ کہا یہ دونوں اللہ جل جلالہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کرتی ہوں۔

تخریج:

ابو داود 1/228 کتاب الزکوۃ باب الکنز ما ھو زکوۃ الحلی رقم۔1563

نسائی 1/343 کتاب الزکوۃ باب زکوۃ الحلی رقم۔2478

حدیث نمبر 12: اللہ جل جلالہ ورسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرتا ہے

Marfat.com

عَنِ الْاَدْرَعِ السُّلَمِیِّ قَالَ جِئْتُ لَیْلَةَ اَحْرُسُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا رَجُلٌ قِرَاءَتُهٗ عَالِیَةٌ فَخَرَجَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا مُرَاءٍ قَالَ فَمَاتَ بِالْمَدِیْنَةِ فَفَرَغُوْا مِنْ جِهَازِهٖ فَحَمَلُوْا نَعْشَهٗ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اُرْفُقُوْا بِهٖ رَفَقَ اللّٰهُ بِهٖ اِنَّهٗ کَانَ یُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ قَالَ وَحَفَرَ حُفْرَتَهٗ فَقَالَ اَوْسِعُوْا لَهٗ اَوْسَعَ اللّٰهُ عَلَیْهِ فَقَالَ بَعْضُ اَصْحَابِهٖ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَقَدْ حَزِنْتَ عَلَیْهِ فَقَالَ اَجَلْ اِنَّهٗ کَانَ یُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ۔

ترجمہ:

حضرت ادرع اسلمی رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ میں ایک رات نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نگہبانی کے لیے آیا تو ایک شخص بلند آواز سے قرآن پڑھ رہا تھا اتنے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم باہر تشریف لائے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! یہ ریا کار معلوم ہوتا ہے اس کے چند روز بعد اس کا مدینہ میں انتقال ہو گیا جب لوگ اس کی تکفین سے فارغ ہوئے اور اس کا جنازہ اٹھایا گیا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنے بھائی کے ساتھ نرمی کرنا اللہ تعالیٰ بھی اس کے ساتھ نرمی کرے گا کیونکہ وہ اللہ جل جلالہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت رکھتا ہے لوگوں نے اس کی قبر کھودی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قبر کشادہ کرو اللہ جل جلالہ اس پر کشادگی کرے گا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم!

Marfat.com

آپ ﷺ کو اس کا بہت غم ہے آپ ﷺ نے فرمایا: یہ اللہ ﷻ اور اس کے رسول ﷺ کے ساتھ محبت رکھتا تھا۔

تخریج:

ابن ماجہ صفحہ 224 کتاب الجنائز باب ماجاء فی حفر القبر رقم۔1559

تشریح:

نبی اکرم ﷺ کے ظاہری دور مبارک میں بہت سارے لوگ ایسے تھے جو منہ سے تو محبت رسول ﷺ کا دعوٰی کرتے تھے لیکن دل میں منافق تھے۔لیکن نبی اکرم ﷺ نے واضح الفاظ میں فرمایا: کہ اللہ ﷻ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت کرتا ہے' جس سے ثابت ہوا کہ محبوب خدا ﷺ دل کے رازوں کو جانتے ہیں۔اور ساتھ اللہ ﷻ اور رسول ﷺ کی محبت کا اکٹھا ذکر فرمایا۔

حدیث نمبر 13: جو قرض چھوڑے اللہ ﷻ و رسول ﷺ کے سپرد

عَنِ الْمِقْدَامِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَرَكَ كَلًّا فَاِلَيَّ وَرُبَمَا قَالَ اِلَى اللهِ وَاِلٰى رَسُوْلِهٖ ------

ترجمہ:

حضرت مقدام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو صرف

Marfat.com

اولاد یا قرضہ چھوڑے تو وہ میری ذمہ داری ہے۔ کبھی فرمایا کہ وہ اللہ جل جلالہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سپرد۔۔۔۔۔۔۔

تخریج:

ابوداود 2/53 کتاب الفرائض باب فی میراث ذوی الارحام رقم۔2899

حدیث نمبر 14: جو اللہ جل جلالہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے لڑے قتل کیا جائے گا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قتل کیے جانے کی وجوہات بیان کرتے ہوئے تین باتیں ارشاد فرمائیں' ان میں ایک یہ ہے کہ وَرَجُلٌ خَرَجَ مُحَارِبًا بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ

ترجمہ:

اور وہ آدمی جو اللہ جل جلالہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے لڑنے کے لیے نکلے۔۔۔

تخریج:

ابوداود 2/250 کتاب الحدود باب الحکمہ فیمن ارتد رقم۔4353

ابوداود 2/128 کتاب البیوع باب فی المخابرہ رقم۔3405

حدیث نمبر 15:

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے میں نے نہیں اللہ جل جلالہ نے سرگوشی کی ہے

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے جنگ طائف کے دن سرگوشی فرمائی' لوگوں نے کہا نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے چچازاد سے سرگوشی کی ہے:

Marfat.com

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا نُنْتَجَيْتُهُ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ انْتَجَاهُ

ترجمہ:

تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں نے اس کے ساتھ سرگوشی نہیں کی بلکہ اللہ ﷻ نے اس کے ساتھ سرگوشی کی ہے۔

تخریج:

ترمذی 2/692 کتاب المناقب باب مناقب علی بن علی طالب رقم۔3660

تشریح:

کچھ بدبخت لوگوں کو اللہ تعالیٰ کے ذکر کے ساتھ نبی اکرم ﷺ کا ذکر شرک نظر آتا ہے۔لیکن اس حدیث مبارک میں اللہ ﷻ کے حبیب ﷺ نے خود حضرت علی رضی اللہ عنہ سے سرگوشی کی ہے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کہتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے سرگوشی کی ہے لیکن پیارے آقا ﷺ فرماتے ہیں میں نے سرگوشی نہیں کی بلکہ اللہ ﷻ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے سرگوشی کی ہے، یعنی آقا ﷺ نے اپنے فعل کو اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب فرمایا پھر بھی شرک نہیں ہوا تو جب اللہ تعالیٰ کے ذکر کے ساتھ محبوب ﷺ کا ذکر کیا جائے تو شرک کیسے ہو سکتا ہے؟

حدیث نمبر 16: جس خطبے میں اللہ اور رسول کی گواہی نہ دی جائے

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُلُّ خُطْبَةٍ

Marfat.com

لَيْسَ فِيهَا تَشَهُّدٌ فَهِيَ كَالْيَدِ الْجَذْمَاءِ۔

ترجمہ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس خطبے میں اللہ جل جلالہ ورسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق گواہی نہ دی جائے وہ کٹے ہوئے ہاتھ کی طرح ہے۔

تخریج:

ابوداود 2/332 کتاب الادب باب فی الضبطہ رقم 4841.

حدیث نمبر 17: جو اللہ جل جلالہ چاہے اور پھر جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چاہیں

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا حَلَفَ اَحَدُكُمْ فَلَايَقُلْ مَا شَآءَ اللهُ وَشِئْتَ وَلٰكِنْ لِّيَقُلْ مَاشَآءَ اللهُ ثُمَّ شِئْتَ

ترجمہ:

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی قسم کھائے تو یہ نہ کہے کہ جو اللہ جل جلالہ چاہے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چاہیں بلکہ یوں کہیں جو اللہ جل جلالہ چاہے پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چاہیں۔

تخریج:

ابن ماجہ صفحہ 271 کتاب الکفارات باب النھی ان یقال۔۔۔۔رقم۔ 2117

Marfat.com

حدیث نمبر 18: اللہ جل جلالہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پسند کرتے ہیں

حَدَّثَنِیْ اُمُّ اَبَانَ بِنْتِ الْوَازِعِ بْنِ زَارِعٍ عَنْ جَدِّهَا زَارِعٍ وَكَانَ فِیْ وَفْدِ عَبْدِ الْقَيْسِ قَالَ لَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ فَجَعَلْنَا نَتَبَادَرُ مِنْ رَوَاحِلِنَا فَنُقَبِّلُ يَدَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرِجْلَهٗ وَانْتَظَرَ الْمُنْذِرُ الْاَشَجُّ حَتّٰى اَتٰى عَيْبَتَهٗ فَلَبِسَ ثَوْبَيْهِ ثُمَّ اَتَى النَّبِیُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهٗ اِنَّ فِيْكَ خُلَّتَيْنِ يُحِبُّهُمَا اللهُ الْحِلْمُ وَالْاِنَاءَةُ قَالَ يَارَسُوْلَ اللهِ اَنَا اَتَخَلَّقُ بِهِمَا اَمِ اللهُ جَبَلَنِیْ عَلَيْهِمَا قَالَ بَلِ اللهُ جَبَلَكَ عَلَيْهِمَا قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَبَلَنِیْ عَلٰى خُلَّتَيْنِ يُحِبُّهُمَا اللهُ وَرَسُوْلُهٗ۔

ترجمہ:

حضرت ابوزراع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جو عبدالقیس کے وفد میں شامل تھے۔ انہوں نے فرمایا: کہ جب ہم مدینہ منورہ میں حاضر ہوئے تو تیزی سے اپنی سواریوں سے اتر کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دستِ مبارک اور پائے اقدس کو چومنے لگے۔ منذر بن اشج رضی اللہ عنہ رکے رہے یہاں تک کہ اپنی گٹھڑی سے دو کپڑے نکالے انہیں پہنا پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے فرمایا: کہ تمہاری دو عادتوں کو اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے بردباری اور تسلی سے کام کرنا۔ عرض

Marfat.com

گزار ہوئے یارسول اللہ ﷺ! کیا وہ میں نے پیدا کی ہیں یا اللہ تعالیٰ نے میری فطرت میں رکھی ہیں؟ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہاری فطرت میں رکھی ہیں عرض کی کہ سب تعریفیں اللہ ﷻ کے لیے ہیں جس نے دو عادتیں میرے اندر ایسی رکھی ہیں جنہیں اللہ ﷻ اور اس کا رسول ﷺ پسند فرماتے ہیں۔

تخریج:

ابو داود 2/368 کتاب السلام باب فی قبلہ الجسد رقم۔5224

تشریح:

یہ چند احادیث مبارکہ ہم نے ان لوگوں کے جواب میں نقل کی ہیں جو کہتے ہیں اللہ ﷻ ورسول ﷺ کا اکٹھا ذکر کرنے سے شرک ہوتا ہے۔ان احادیث سے ثابت ہوا کہ شرع میں ایسا کوئی قانون نہیں ہے کہ اللہ ﷻ ورسول ﷺ کا اکٹھا ذکر کرنے سے شرک ہو صرف ان بدبخت لوگوں کے خبیث ذہن کی پیداوار ہے اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کے شر سے ہمیں محفوظ فرمائے آمین۔

حدیث نمبر 19: اللہ ﷻ ورسول مولیٰ ہیں

عَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ بْنِ سَھْلِ بْنِ حُنَیْفٍ قَالَ کَتَبَ مَعِیَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اِلٰی اَبِیْ عُبَیْدَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ مَوْلٰی مَنْ لَّا مَوْلٰی لَہٗ۔۔۔۔۔۔

Marfat.com

ترجمہ:

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کو خط میں لکھا تھا: کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اللہ اور اس کے رسول اس شخص کے مولیٰ ہیں جس کا کوئی مولیٰ نہ ہو۔۔۔۔

تخریج:

ترمذی 2/475 کتاب الفرائض باب ماجاء فی المیراث الخال رقم۔2029

ابن ماجہ صفحہ 321 کتاب الفرائض باب ذوی الارحام رقم۔2737

Marfat.com

باب نمبر 10:

حاضر وناضر رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حدیث نمبر 1: گھر اللہ جل جلالہ اور رسول ﷺ کو چھوڑ کر آیا ہوں

حضور نبی کریم ﷺ نے چندے کا اعلان کیا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اپنا اپنا حصہ لانے لگے سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ اپنے گھر کا آدھا سامان لے آئے اور سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اپنے گھر کا سارا سامان لے آئے نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا کہ گھر والوں کے لیے کیا چھوڑ آئے ہو تو "قَالَ اَبَقَیْتُ لَھُمُ اللہَ وَرَسُوْلَہ"۔ عرض کی گھر میں اللہ جل جلالہ اور اس کا رسول ﷺ چھوڑ کر آیا ہوں۔

تخریج:

ترمذی 2/685 کتاب المناقب باب فی مناقب ابی بکر و عمر رقم۔3608

ابو داود 1/284 کتاب الزکوۃ باب الرخصة فی ذلک رقم 1678

دارمی 1/631 کتاب الزکوۃ باب الرجل یتصدق بجمع ماعنہ رقم 1996۔

حلیۃ الاولیا ج 1 ص 83۔ سبل الھدی والرشاد العباد ج 5 ص 435۔

تشریح:

ہر چیز کو احادیث میں واضح الفاظ میں دکھانے کا مطالبہ کرنے والے اس حدیث پاک کا مطلب یہ بیان کرتے ہیں کہ گھر میں اللہ جل جلالہ اور رسول کا نام چھوڑ کر آیا ہوں، حالانکہ حدیث مبارک میں کہیں بھی نام کا ذکر نہیں ہے۔ اس سے ثابت ہوا

Marfat.com

کہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا عقیدہ یہ ہے کہ اللہ کے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک وقت میں ایک سے زیادہ جگہ پر ہو سکتے ہیں۔ ایک عجیب بات یہ ہے کہ یہ لوگ جب کسی بات کو ماننا چاہیں جیسی بھی ہو مان لیتے ہیں لیکن جب ایک بات کا انکار کرنا چاہیں تو جتنے مرضی دلائل دو نہیں مانیں گے۔

جس کی ایک مثال یہ ہے کہ اگر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روحانی طور پر حاضر و ناضر ہونے کی بات کی جائے تو فوراً شرک کا فتوٰی لگائیں گے۔ اگر ماننا چاہیں تو اپنے شرک کے سب فتووں کو بھول جائیں گے اور ایک ولی کے لیے ایک وقت میں جسمانی طور پر کئی جگہ ہونے کو مان لیں گے۔

مولوی اشرفعلی تھانوی دیوبندی نقل کرتا ہے:

ایک وقت میں تیس مقامات پر حاضر ناظر:

محمد الحضرمی مجذوب: چلانے والے عجیب وغریب حالات وکرامات ومناقب والے تھے۔ کبھی کبھی چلاتے ہوئے عجیب عجیب علوم ومعارف پر کلام کر جاتے اور کبھی کبھی استغراق کی حالت میں زمین وآسمان کے اکابر کی شان پر ایسی گفتگو فرماتے کہ اس کے سننے کی تاب نہ ہوتی تھی۔ آپ ابدال میں سے تھے۔ آپ کی کرامتوں میں سے یہ ہے کہ آپ نے ایک دفعہ تیس شہروں میں خطبہ اور نماز جمعہ بیک وقت پڑھا ہے اور کئی کئی شہروں میں ایک ہی شب میں شب باش ہوتے

Marfat.com

تھے ---------- (جمال الاولیاء ص 253 اسلامی کتب خانہ لاہور)

جب ایک ولی اللہ جسمانی طور پر تیس تیس مقامات پر بیک وقت جمعہ پڑھیں اور تیس تیس مقامات پر شب باشی کریں شرک نہیں ہوتا! تو نبی پاک ﷺ کو روحانی طور پر حاضر ناظر ماننے سے کیسے شرک ہو جاتا ہے؟

ان لوگوں نے دین کو مذاق بنایا ہوا ہے جب جس بات کو جی چاہا شرک قرار دے دیا اور جب جی چاہا اسی چیز کو جائز اور ایمان بنا لیا جیسا کہ نبی ﷺ کے روحانی طور پر حاضر و ناظر ماننے والوں پر شرک کا فتوٰی لگاتے ہیں اور خود جب ماننے پر آئے تو جسمانی طور پر امتی کو تیس تیس مقامات پر حاضر و ناظر مان لیا۔

اللہ تعالیٰ ان کے الٹے دماغ اور الٹی سوچ سے امت کو محفوظ فرمائے۔ آمین۔

حدیث نمبر 2:

ابھی حسین رضی اللہ عنہ کی قتل گاہ سے آرہا ہوں

حَدَّثَتْنِیْ سَلْمٰی قَالَتْ دَخَلْتُ عَلٰی اُمِّ سَلْمَةَ وَھِیَ تَبْکِیْ فَقُلْتُ مَا یُبْکِیْكَ قَالَتْ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَعْنِیْ فِی الْمَنَامِ وَعَلٰی رَاْسِہٖ وَلِحْیَتِہِ التُّرَابُ فَقُلْتُ مَالَكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ شَھِدْتُّ قَتْلَ الْحُسَیْنِ اٰنِفًا۔

ترجمہ:

Marfat.com

سلمیٰ نامی خاتون بیان کرتی ہیں میں (ام المؤمنین) سیدہ ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئی تو وہ رو رہی تھیں میں نے پوچھا: آپ کیوں رو رہی ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: میں نے ابھی نبی کریم ﷺ کو دیکھا یعنی خواب میں دیکھا ہے آپ ﷺ کے سر مبارک اور داڑھی مبارک پر مٹی تھی میں نے دریافت کیا یارسول اللہ ﷺ یہ کس وجہ سے ہے؟ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ابھی ابھی حسین رضی اللہ عنہ کی قتل گاہ سے آرہا ہوں۔

تخریج:

ترمذی 2/697 کتاب المناقب باب مناقب الحسن والحسین رقم 3704

تشریح:

اس حدیث پاک سے معلوم ہوا کہ نبی اکرم ﷺ اس دنیا سے پردہ فرمانے بعد بھی جانتے ہیں کہ اس کائنات میں کیا ہو رہا ہے۔ اور آپ ﷺ کو یہ اختیارات حاصل ہیں کہ جب چاہیں جہاں چاہیں تصرف فرما سکتے ہیں۔

اور آپ ﷺ ایک ہی وقت میں درود وسلام عرض کرنے والوں کو جواب بھی ارشاد فرما رہے ہیں اور اپنے پیارے نواسے کی قتل گاہ پر بھی تشریف لے گئے ہیں ہو سکتا ہے کسی کے ذہن میں آئے کہ یہ تو خواب کی بات ہے لیکن یاد رکھیئے! نبی اکرم ﷺ کا فرمانِ ذیشان ہے:

Marfat.com

جس نے خواب میں میری زیارت کی اس نے میری ہی زیارت کی

عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ رَاٰنِیْ فِی الْمَنَامِ فَقَدْ رَاٰنِیْ فَاِنَّ الشَّیْطَانَ لَا یَتَخَیَّلُ بِیْ وَرُؤْیَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّۃٍ وَّاَرْبَعِیْنَ جُزْئًا مِّنَ النُّبُوَّۃِ۔

ترجمہ:

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے مجھے ہی دیکھا کیونکہ شیطان میری صورت اختیار نہیں کر سکتا اور مومن کا خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔

تخریج:

بخاری جلد2 صفحہ575 کتاب التعبیر باب من رأی النبی فی المنام نمبر 6994.6996.6997۔

بخاری جلد1 صفحہ81 کتاب العلم باب اثمہ من کذب علی النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حدیث نمبر 109۔

مسلم جلد2 صفحہ249 کتاب الرؤیا باب نمبر 805 حدیث نمبر 5917.5919.5920.5921۔

جامع ترمذی جلد2 صفحہ501 کتاب الرؤیا باب ماجاء فی قول النبی من ۔۔۔۔۔۔۔ نمبر 2236۔

جامع ترمذی جلد2 صفحہ502 کتاب الرؤیا باب فی تاویل الرؤیا مایستحب ۔۔۔۔۔ نمبر 2240۔

ابن ماجہ صفحہ414 کتاب تعبیر الرؤیا باب رؤیۃ النبی فی المنام نمبر .3900.3901.3902 3903.3904.3905۔

مسند امام احمد بن حنبل 3559۔سنن دارمی 2139۔المستدرک للحاکم 8186۔مسند ابو داود للطیالسی 2420۔المعجم الکبیر للطبرانی 8180۔المعجم الاوسط للطبرانی 954۔مسند ابو یعلی 3285۔مصنف ابن ابی شیبہ 30466۔السنن الکبریٰ للنسائی 7629۔الادب المفرد 1046

Marfat.com

باب نمبر 11:

اہل اللہ قبروں میں زندہ جاوید ہیں

حدیث نمبر 1: زمین پر انبیاء کے اجسام کھانا حرام ہے

حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جمعہ کے فضائل بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

فَاَكْثِرُوْا عَلَيَّ مِنَ الصَّلٰوةِ فَاِنَّ صَلٰوتَكُمْ مَعْرُوْضَةٌ عَلَيَّ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللهِ وَ كَيْفَ تُعْرَضُ صَلٰوتُنَا عَلَيْكَ وَقَدْ اَرَمْتَ اَیْ يَقُوْلُوْنَ قَدْ بَلِيْتَ قَالَ اِنَّ اللهَ عَزَّوَجَلَّ قَدْ حَرَّمَ عَلَى الْاَرْضِ اَنْ تَاْكُلَ اَجْسَادَ الْاَنْبِيَآءِ عَلَيْهِمُ السَّلَامَ۔

ترجمہ:

۔۔۔۔۔اس (جمعہ) کے دن مجھ پر کثرت سے درود بھیجو کیونکہ تمہارا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ہمارا درود کس طرح پیش ہوگا' حالانکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وصال فرما چکے ہوں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے زمین پر انبیاء علیہم السلام کے جسموں کو کھانا حرام کر دیا ہے (لہذا انبیاء کرام علیہم السلام اپنی اپنی قبروں میں زندہ ہیں) اور ابن

Marfat.com

ماجہ کی روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں:

فَنَبِیُّ اللهِ حَیٌّ یُرْزَقُ۔ اللہ تعالیٰ کے نبی زندہ ہوتے ہیں اور انہیں رزق دیا جاتا ہے

تخریج:

نسائی 1/203 کتاب الجمعہ باب اکثار صلوۃ النبی ﷺ یوم الجمعہ رقم۔1373

ابن ماجہ صفحہ 183 کتاب اقامۃ الصلوۃ باب فی فضل الجمعہ رقم۔1085

ابن ماجہ صفحہ 230'31 کتاب الجنائز باب ذکر وفاتہ ودفنہ ﷺ رقم 1636'1637

ابو داود 1/158 کتاب الصلوۃ باب تفریع ابواب الجمعہ زقم۔1047

ابو داود 1/224 کتاب الصلوۃ باب فی الاستغفار رقم۔1531

تشریح:

اہل سنت وجماعت کا عقیدہ ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ جاوید ہیں اس عقیدے پر بے شمار ادلہ کتب میں موجود ہیں ایک تو یہ حدیث پاک ہے اور اس کے علاوہ مسلم شریف میں ہے:

حضرت موسیٰ علیہ السلام کا قبر میں نماز ادا کرنا:

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللهُ تَعَالٰی عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَتَیْتُ وَفِیْ رِوَایَةٍ هَذَا بِ مَرَرْتُ عَلٰی مُوْسٰی عَلَیْهِ السَّلَام لَیْلَةَ اُسْرِیَ بِیْ عِنْدَ الْكَثِیْبِ الْاَحْمَرِ وَهُوَ قَائِمٌ یُّصَلِّیْ فِیْ قَبْرِهٖ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان نقل کرتے ہیں: معراج کی رات

Marfat.com

میرا گزر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس سے ہوا جو سرخ ٹیلے کے پاس اپنی قبر میں کھڑے ہو کر نماز پڑھ رہے تھے۔

مسلم جلد2 صفحہ274 کتاب الفضائل باب من فضائل موسی علیہ السلام نمبر 6157.6158۔
نسائی جلد1 صفحہ242 کتاب قیام اللیل۔۔۔باب ذکر صلوۃ نبی اللہ موسی۔نمبر 36تا1631۔مسند امام احمد بن حنبل 12526۔صحیح ابن حبان 50۔مسند ابو یعلی 332۔المعجم الکبیر للطبرانی1632.1633.1634.1635.1636۔

دوسری روایت میں ہے: الانبیاء احیاء فی قبورھم یصلون۔
انبیاء علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں اور نمازیں ادا کرتے ہیں۔

امام زرقانی کا نظریہ:

فرماتے ہیں: الانبیاء والشھداء یاکلون فی قبورھم ویشربون و یصلون ویصومون ویحجون۔
یعنی انبیاء کرام علیہم السلام اور شہداء اپنی قبروں میں کھاتے اور پیتے ہیں نمازیں پڑھتے ہیں روزے رکھتے ہیں اور حج کرتے ہیں۔(زرقانی علی المواھب5/333)

شاہ عبدالحق محدث دہلوی نے 'جذب القلوب' اشعۃ اللمعات اور شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی نے تفسیر عزیزی میں وضاحت کے ساتھ بیان کیا ہے۔

تمام علماء و محدثین کا یہی عقیدہ ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام خصوصاً ہمارے پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی اپنی قبر میں زندہ ہیں جب کہ وہابیوں کا عقیدہ اس کے برعکس ہے اللہ

Marfat.com

تعالیٰ ہم سب کو وہابیوں کے گستاخانہ شر سے محفوظ فرمائے۔آمین۔

انبیاء کی حیات کے بارے میں امام احمد رضا خان کیا خوب فرماتے ہیں:

انبیاء کو بھی اجل آنی ہے　　مگر ایسی کہ فقط آنی ہے
پھر اسی آن کے ساتھ ان کی حیات　　مثل سابق وہی جسمانی ہے
اس کی ازواج کو جائز ہے نکاح　　اس کا ترکہ جو فانی ہے
یہ ہیں حی ابدی ان کو رضاؔ　　صدقِ وعدہ کی قضا مانی ہے

حدیث نمبر 2: میری قبر کو عید گاہ نہ بنانا

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا تَجْعَلُوْا بُیُوْتَكُمْ قُبُوْرًا وَلَا تَجْعَلُوْا قَبْرِیْ عِیْدًا وَصَلُّوْا عَلَیَّ فَاِنَّ صَلٰوتَكُمْ تَبْلُغُنِیْ حَیْثُ كُنْتُمْ۔

ترجمہ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنے گھروں کو قبریں نہ بناؤ اور میری قبر کو عید کی طرح نہ بنالینا اور مجھ پر درود بھیجتے رہنا کیونکہ تمہارا درود مجھ تک پہنچا دیا جاتا ہے خواہ تم کسی جگہ ہو۔

تخریج:

ابو داود 1/295 کتاب الحج باب زیارۃ القبور رقم۔2024

Marfat.com

تشریح:

وَلَا تَجْعَلُوْا قَبْرِیْ عِیْدًا سے مراد یہ ہے کہ میری قبر پر عید کی طرح سال میں ایک دو مرتبہ ہی آنے کی کوشش نہیں کرنا بلکہ اکثر و بیشتر آتے رہنا کیونکہ مخلوق میں مجھ سے بڑھ کر تمہارا خیر خواہ کون ہے؟ میرے پاس آتے رہو گے تو تمہارے شکستہ اور غمگین دلوں کو مسرت و شادمانی ملتی رہے گی۔ نیز میری قبر کو عید کی طرح اظہار مسرت کی جگہ نہ بنالینا کیونکہ میں جس جگہ جلوہ افروز ہوتا ہوں وہ تماشا گاہ نہیں بلکہ عرش آستاں اور قبلہ دین و ایمان بن جاتی ہے پوری کائنات کی نگاہیں ادھر اٹھنے لگتی ہیں بلکہ رب کائنات بھی ادھر متوجہ ہو جاتا ہے لہذا میری قبر کو عید کی طرح نہ بنالینا۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روضہ مبارک کی کیا شان ہے کہ ہر صبح و شام ستر ستر ہزار فرشتے حاضر ہوتے ہیں درود و سلام پڑھتے ہیں اور برکتیں حاصل کرتے ہیں۔ جو فرشتہ ایک بار حاضر ہوگا پھر اس کی باری نہیں آئے گی۔ لیکن بندہ مومن کی کیا قسمت ہے کہ بار بار حاضری کا شرف حاصل کرتا ہے اور برکتیں لیتا ہے۔

فرشتوں کی روضہ رسول پر حاضری:۔

فَقَالَ كَعْبٌ مَّا مِنْ يَّوْمٍ يَّطْلُعُ اِلَّا نَزَلَ سَبْعُوْنَ اَلْفًا مِّنَ الْمَلَائِكَةِ حَتّٰى يَحُفُّوْا بِقَبْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضْرِبُوْنَ بِاَجْنِحَتِهِمْ وَيُصَلُّوْنَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اِذَا

Marfat.com

اَمْسَوْا عَرَجُوْا وَهَبَطَ مِثْلُهُمْ فَصَنَعُوْا مِثْلَ ذٰلِكَ حَتّٰى اِذَا انْشَقَّتْ عَنْهُ الْاَرْضُ خَرَجَ فِيْ سَبْعِيْنَ اَلْفًا مِّنَ الْمَلَائِكَةِ يَزِفُّوْنَهٗ

حضرت کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں روزانہ ستر ہزار فرشتے نیچے اترتے ہیں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر مبارک کو گھیر لیتے ہیں اور اپنے پر (برکت) کے لیے اس کے ساتھ مس کرتے ہیں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجتے ہیں۔ یہاں تک کہ شام کے وقت وہ اوپر چلے جاتے ہیں ہیں اور اتنے ہی فرشتے نیچے اترتے ہیں اور وہ بھی یہی عمل کرتے ہیں یہاں تک کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر مبارک کھلے گی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ستر ہزار فرشتوں کے جلو میں باہر تشریف لائیں گے۔

دارمی 1/91 المقدمہ باب ما اکرم اللہ نبیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بعد موتہ رقم 95۔

اس سماں کو امام اہلسنت یوں بیان کرتے ہیں:

کاش محشر میں جب ان کی آمد ہو اور بھیجیں سب ان کی شوکت پہ لاکھوں سلام
مجھ سے خدمت کہ قدسی کہیں ہاں رضاؔ مصطفی جان رحمت پہ لاکھوں سلام

حدیث نمبر 3: قبر سے سورہ ملک کی تلاوت کی آواز

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ضَرَبَ بَعْضُ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خِبَائَهٗ عَلٰى قَبْرٍ وَّهُوَ لَا يَحْسِبُ اَنَّهٗ قَبْرٌ فَاِذَا فِيْهِ اِنْسَانٌ يَّقْرَاُ سُوْرَةَ تَبَارَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ حَتّٰى خَتَمَهَا فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ ضَرَبْتُ خِبَائِيْ عَلٰى

Marfat.com

قَبْرٍ وَّاَنَا لَا اَحْسِبُ اَنَّهٗ قَبْرٌ فَاِذَا فِيْهِ اِنْسَانٌ يَّقْرَاُ سُوْرَةَ تَبَارَكَ الْمُلْكِ حَتّٰى خَتَمَهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هِيَ الْمَانِعَةُ هِيَ الْمُنْجِيَةُ تُنْجِيْهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ۔

ترجمہ:

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے قبر پر خیمہ لگالیا۔ انہیں یہ پتہ نہیں تھا: یہاں پر ایک قبر موجود ہے لیکن وہاں ایک قبر موجود تھی۔ اس میں ایک شخص سورہ ملک کی تلاوت کر رہا تھا۔ اس نے اس سورہ کو پورا پڑھ لیا۔ بعد وہ صحابی رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور یہ واقعہ سنایا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ روکنے والی ہے' یہ سورۃ نجات دلانے والی ہے یہ اس شخص کو قبر کے عذاب سے نجات دلائے گی۔

تخریج:

ترمذی 2/642 کتاب فضائل القرآن باب ماجاء فی فضل سورۃ الملک رقم۔ 2815

تشریح:

اس حدیث مبارک سے معلوم ہوا کہ اہل اللہ اپنی قبروں میں زندہ ہوتے ہیں اور تلاوت قرآن بھی کرتے ہیں۔ اور یہ بھی معلوم ہوا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم برزخ کے حالات کو بخوبی جانتے ہیں۔

Marfat.com

باب نمبر 12: اہل اللہ جل جلالہ کا مدد فرمانا

حدیث نمبر 1: اونٹ کا بارگاہِ محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں فریاد کرنا

حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:۔۔۔۔۔قَالَ فَدَخَلَ حَآئِطًا لِرَجُلٍ مِنَ الْاَنْصَارِ فَاِذَا جَمَلٌ فَلَمَّا رَاٰی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَنَّ وَذَرَفَتْ عَیْنَاہُ فَاَتَاہُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَمَسَحَ ذَفْرَاہُ فَسَکَتَ فَقَالَ مَنْ رَبُّ ھٰذَا الْجَمَلِ لِمَنْ ھٰذَا الْجَمَلِ فَجَآءَ فَتًی مِنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ لِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ فَقَالَ اَفَلَا تَتَّقِی اللّٰہَ فِیْ ھٰذِہِ الْبَھِیْمَۃِ الَّتِیْ مَلَّکَکَ اللّٰہُ اِیَّاھَا فَاِنَّہٗ شَکَا اِلَیَّ اَنَّکَ تُجِیْعُہٗ وَتُدْئِبُہٗ۔

ترجمہ:

ان کا بیان ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک انصاری کے باغ میں داخل ہوئے تو وہاں ایک اونٹ تھا۔ جب اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا تو وہ رویا اور اس کی آنکھوں سے آنسوں بہہ نکلے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے پاس تشریف لے گئے اس کے سر پر دستِ شفقت پھیرا تو وہ خاموش ہو گیا۔ فرمایا اس اونٹ کا مالک کون ہے اور یہ کس کا ہے؟ پس انصار سے ایک نوجوان آ کر عرض گزار ہوا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرا ہے فرمایا تم اس بے زبان کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے نہیں ڈرتے جس کا

Marfat.com

خدا نے تمہیں مالک بنایا ہے؟ اس نے مجھ سے شکایت کی ہے کہ تم اسے بھوکا رکھتے ہو اور بہت زیادہ کام لیتے ہو۔

تخریج:

ابو داود 1/368 کتاب الجهاد باب مایؤمر به من القیام ـــــ رقم 2549

تشریح:

کس قدر قسمت والا اونٹ ہے جو بارگاہِ محبوب ﷺ میں اپنی مشکلات بیان کر رہا ہے۔ اور سرکار ﷺ شفقت کے ساتھ اس کے سر پر دستِ مبارک پھیر رہے ہیں یہاں ان بدقسمت لوگوں کو اس اونٹ سے سبق حاصل کرنا چاہیئے جو محبوب ﷺ کی بارگاہ میں التجاء و عرض کو شرک سے تعبیر کرتے ہیں۔ اور یہ بھی معلوم ہوا کہ جو بھی سرکار ﷺ کی بارگاہ میں التجاء کرتا ہے اس کی مشکل حل ہو جاتی ہے۔

بعض لوگ کہتے ہیں کہ سرکار ﷺ کا حاجت روائی فرمانا آپ ﷺ کی ظاہری حیات کے ساتھ متصف ہے اب نہیں کر سکتے تو ان کے لیے حضرت سیدنا شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کا نقل کردہ واقعہ پیش خدمت ہے:

مشکل میں حضور ﷺ کی دستگیری:

(حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں کہ) والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ ماہِ رمضان میں ایک دن میری نکسیر پھوٹ پڑی تو مجھ پر ضعف طاری ہو گیا۔

Marfat.com

قریب تھا کہ کمزوری کی بنا پر روزہ افطار کرلوں کہ صوم رمضان کی فضیلت کے ضائع ہونے کا غم لاحق ہوا۔ اسی غم میں قدرے غنودگی طاری ہوئی تو حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے لذیذ اور خوشبودار زردہ مرحمت فرمایا ہے۔ پھر انتہائی خوشگوار پانی بھی عطا فرمایا جو میں نے سیر ہو کر پیا۔ میں اس عالم غنودگی سے نکلا تو بھوک اور پیاس بالکل ختم ہو چکی تھی اور میرے ہاتھوں میں ابھی تک زردہ کے زعفران کی خوشبو موجود تھی۔ عقیدت مندوں نے احتیاطاً میرے ہاتھ دھو کر پانی محفوظ کرلیا اور تبرکاً اس سے روزہ افطار کیا۔ (انفاس العارفین مترجم ص 112)

تو ثابت ہوا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صرف ظاہری حیاتِ طیبہ میں ہی مدد نہیں فرماتے تھے بلکہ وصال کے بعد بھی اپنے غلاموں کے حالات سے بخوبی آگاہ ہیں اور مدد بھی فرماتے ہیں۔

حدیث نمبر 2: میں مسلمانوں کی پناہ گاہ ہوں

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ایک سریا کا واقعہ بیان کرتے ہیں کہ لوگ وہاں سے بھاگے اور ہم بھی بھاگے بعد میں ہم نے سوچا کہ ہم نے کیا کیا ہم مدینہ منورہ آئے اور نمازِ فجر سے پہلے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتظار کرنے لگے جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم باہر تشریف لائے تو ہم کھڑے ہو گئے اور فَقُلْنَا نَحْنُ الْفَرَّارُوْنَ فَاَقْبَلَ اِلَيْنَا فَقَالَ لَابَلْ اَنْتُمُ الْعَكَّارُوْنَ قَالَ فَدَنَوْنَا فَقَبَّلْنَا يَدَهٗ فَقَالَ اَنَا

Marfat.com

فِئَةَ الْمُسْلِمِيْنَ.

ہم نے عرض کیا: ہم فرار ہونے والے ہیں' آپ ﷺ نے ہماری جانب متوجہ ہو کر فرمایا: بلکہ تم جہاد کرنے والے ہو۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ہم نزدیک ہوئے اور ہم نے آپ ﷺ کے دستِ اقدس کو بوسہ دیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: میں مسلمانوں کی پناہ گاہ ہوں۔

تخریج:

ابو داود 1/380 کتاب الجهاد باب فی التولی یوم الزحف رقم۔ 2647

تشریح:

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ ﷺ مسلمانوں کے ملجا و ماوٰی ہیں اور سب مسلمان آپ ﷺ کی پناہ میں ہیں۔ عجیب بات ہے کہ کچھ لوگوں کو ہر بات شرک ہی نظر آتی ہے لیکن آقا ﷺ کے اس فرمان سے غلامانِ مصطفی کے دل کو کس قدر سکون میسر آتا ہے کہ ہم اپنے آقا محبوب خدا ﷺ کی پناہ میں ہیں ساتھ ہی یہ بھی پتہ چلا کہ بزرگوں کے از راہِ عقیدت ہاتھ چومنے جائز ہیں۔ جیسے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اور ان کے ساتھیوں نے نبی اکرم ﷺ کے ہاتھوں کو چوما اور فخریہ بیان کیا فَقَبَّلْنَا يَدَهٗ پس ہم نے آپ ﷺ کے دستِ مبارک کو بوسہ دیا

Marfat.com

حدیث نمبر 3: اللہ جل جلالہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مولیٰ ہیں

عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَیْفٍ قَالَ کَتَبَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اِلٰی اَبِیْ عُبَیْدَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللهُ وَرَسُوْلُهٗ مَوْلٰی مَنْ لَّا مَوْلٰی لَهٗ۔۔۔۔۔۔

ترجمہ:

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کو خط میں لکھا تھا: کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اللہ اور اس کے رسول اس شخص کے مولیٰ ہیں جس کا کوئی مولیٰ نہ ہو۔۔۔۔

تخریج:

ترمذی 2/475 کتاب الفرائض باب ماجاء فی المیراث الخال رقم۔2029

ابن ماجہ صفحہ 321 کتاب الفرائض باب ذوی الارحام رقم۔2737

حدیث نمبر 4: جس کا میں مولا اس کا علی رضی اللہ عنہ مولا

عَنْ اَبِیْ سَرِیْحَةَ اَوْزَیْدِ بْنِ اَرْقَمَ شَكَّ شُعْبَةُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ کُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاهُ۔

ترجمہ:

حضرت ابوسریحہ یا شاید حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ یہ شعبہ نامی راوی کو شک ہے

Marfat.com

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان نقل کرتے ہیں: میں جس کا مولیٰ ہوں علی اس کا مولیٰ ہے

تخریج:

ترمذی 2/691 کتاب المناقب باب مناقب علی بن ابی طالب رقم۔3646

ابن ماجہ صفحہ 107 کتاب السنہ باب فضل علی بن ابی طالب رقم۔116'121

حدیث نمبر 5: مولا علی مومنوں کے ولی ہیں

حضرت سیدنا عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اِنَّ عَلِیًّا مِّنِّیْ وَاَنَا مِنْهُ وَهُوَ وَلِیُّ کُلِّ مُؤْمِنٍ۔ علی مجھ سے ہیں میں علی سے ہوں اور وہ ہر مومن کے ولی ہیں۔

تخریج:

ترمذی 2/691 کتاب المناقب باب مناقب علی بن ابی طالب رقم۔3645

مسند امام احمد 437/4۔

تشریح:

حدیث نمبر 3 سے معلوم ہوا کہ جس کا کوئی مولیٰ (مددگار) نہیں اس کے کے مدد گار اللہ اور اس کے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔ اور حدیث نمبر 4 سے معلوم ہوا کہ جس کے مولیٰ نبی رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں اس کے مولیٰ (مددگار) حضرت علی رضی اللہ عنہ ہیں۔ یعنی جو مولیٰ علی رضی اللہ عنہ کا انکار کرتا ہے اور دراصل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انکار کرتا ہے۔

بعض لوگوں کو مولا علی کہنے سے بڑی تکلیف ہوتی ہے جب دلیل کے طور پر یہ

Marfat.com

حدیث مبارک بیان کی جاتی ہے تو وہ لوگ جان چھڑانے کے لیے معنوں میں الجھانے کی کوشش کرتے ہیں نہیں جناب مولا کا معنیٰ دوست ہے، لیکن ان کی عقل کام نہیں کرتی یہ معنیٰ کرنے سے بھی ان کا کام نہیں بنتا کیونکہ دوست بھی تو مددگار ہی ہوتا ہے۔

حدیث نمبر 5 کے تحت مفسر شہیر حکیم الامت حضرت مفتی احمد یار خان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہاں ولی بمعنی خلیفہ نہیں بلکہ بمعنی دوست یا بمعنی مددگار ہے جیسے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا۔ (پ6 المائدہ55)

ترجمۂ کنز الایمان: تمہارے دوست نہیں مگر اللہ اور اس کا رسول اور ایمان والے

وہاں بھی ولی بمعنی مددگار ہے۔ اس فرمان سے دو مسئلے معلوم ہوئے ایک یہ کہ مصیبت میں 'یا علی مدد' کہنا جائز ہے کیونکہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ہر مومن کے مددگار ہیں تا قیامت دوسرے یہ کہ آپ کو 'مولیٰ علی' کہنا جائز ہے کہ آپ ہر مسلمان کے ولی اور مولیٰ ہیں۔ (مراۃ المناجیح 8/417)

حدیث نمبر 6: سیدہ فاطمہ کا حضرت جبرائیل سے فریاد کرنا

عَنْ اَنَسٍ اَنَّ فَاطِمَۃَ قَالَتْ حِیْنَ قُبِضَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَبْتَاہُ اِلٰی جِبْرَئِیْلَ اَنْعَاہُ وَاَبْتَاہُ مِنْ رَّبِّہٖ مَا اَدْنَاہُ وَاَبْتَاہُ جَنَّۃُ الْفِرْدَوْسِ مَاْوَاہُ وَاَبْتَاہُ اَجَابَ رَبًّا دَعَاہُ۔

Marfat.com

ترجمہ:

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جب رسول اللہ رضی اللہ عنہ کا وصال مبارک ہو گیا تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے میرے ابا! میں جبرئیل علیہ السلام سے فریاد کرتی ہوں' اے میرے ابا! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے رب سے کس قدر قریب ہیں' اے میرے ابا! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جگہ جنت ہے اے میرے ابا! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کے بلاوے کو قبول کیا ہے۔

تخریج:

ابن ماجہ صفحہ 230 کتاب الجنائز باب ذکر وفاتہ و دفنہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رقم۔ 1630

تشریح:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال باکمال کے وقت جہاں ہر مسلمان کے دل پر غم کے پہاڑ ٹوٹ پڑے وہاں سیدہ کے غم کی انتہا نہ رہی' اور سیدہ فرماتی ہیں میں حضرت جبرائیل علیہ السلام سے فریاد کرتی ہوں' تو معلوم ہوا کہ اللہ جل شانہ کے علاوہ کسی بھی عظیم ہستی سے فریاد کرنا اور مشکل کے وقت پکارنا جائز ہے' کوئی بھی سیدہ کو منع نہیں کرتا کہ آپ اللہ تعالیٰ سے فریاد کریں' ہوسکتا ہے کوئی کہے کہ غم کی وجہ سے آپ یہ فریاد کرتی رہیں' تو جواب یہ ہے کہ جب حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات پر فرمایا تھا جس نے یہ کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فوت ہوئے ہیں میں اس کی گردن اتار

Marfat.com

دوں گا تو حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے قرآن کی آیت مبارک پڑھ کر کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وصال فرما گئے ہیں تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سمجھ گئے' اسی طرح سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی یا مولا کائنات علی المرتضی رضی اللہ عنہ فرما دیتے کہ ایسا نہ کہو لیکن کسی نے منع نہیں کیا تو معلوم ہوا کہ سیدہ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام سے فریاد کر کے بتا دیا کہ اہل اللہ سے مدد مانگ سکتے ہیں.

حدیث نمبر 7: مسلمان اپنے بھائی کا مددگار ہے

حضرت بہز بن حکیم کے دادا جان جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں جو ارشاد فرمایا اس میں یہ بھی ہے: كُلُّ مُسْلِمٍ عَلٰى مُسْلِمٍ مُحَرَّمٌ اَخْوَانِ نَصِيْرَانِ۔ ہر مسلمان کا خون دوسرے مسلمان پر حرام ہے دو مسلمان ایک دوسرے کے بھائی اور مددگار ہیں۔

تخریج:

نسائی 1/358 کتاب الزکوۃ باب من سال بوجہ اللہ رقم۔ 2567

حدیث نمبر 8:

اللہ تعالیٰ سے ایمان والوں کے لیے جھگڑا کریں گے

عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا خَلَّصَ اللهُ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنَ النَّارِ وَاَمِنُوْا فَمَا مُجَادَلَةُ

Marfat.com

اَحَدِ كُمْ لِصَاحِبِهٖ فِيْ الْحَقِّ يَكُوْنُ لَهٗ فِي الدُّنْيَا اَشَدَّ مُجَادَلَةً مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لِرَبِّهِمْ فِيْ اِخْوَانِهِمْ ----------

ترجمہ:

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب اللہ تعالیٰ قیامت والے دن ایمان والوں کو دوزخ سے نجات عطا فرمائے گا اور وہ محفوظ ہو جائیں گے تو وہ ان ایمان والوں کے لیے جو دوزخ میں ہیں اللہ جل شانہٗ سے اس شخص سے بھی زیادہ جھگڑا کریں گے جو دنیا میں اپنے ساتھی کے لیے اس کے حق پر جھگڑتا ہے۔۔۔۔پھر اللہ تعالیٰ ان کی شفاعت پر دوزخ میں موجود ایمان والوں میں جن کے حق میں وہ سفارش کریں گے ان کو نکال دے گا۔

تخریج:

ابن ماجہ صفحہ 101 کتاب السنہ باب فی الایمان رقم۔60

تشریح:

حدیث نمبر 6 سے معلوم ہوا کہ نہ صرف انبیاء اور اولیاء نہیں بلکہ ہر مومن اپنے مسلمان بھائی کا مددگار رہوتا ہے اور مشکل کے وقت اس کی مدد کرتا ہے۔

اور حدیث نمبر 7 سے معلوم ہوا کہ مسلمان اپنے مسلمان بھائیوں کے لیے اس قدر سفارش کریں گے اللہ کی بارگاہ میں جھگڑا کریں گے اللہ تعالیٰ ان کی سفارش قبول

Marfat.com

فرمائے گا' اوران کودوزخ سے نجات عطا فرمائے گا۔

باب نمبر 13: وسیلہ/ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہنے کا ثبوت

حدیث نمبر 1: السلام علیک یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ فَخَرَجْنَا فِيْ بَعْضِ نَوَاحِيْهَا فَمَا اسْتَقْبَلَهٗ جَبَلٌ وَّلَا شَجَرٌ اِلَّا وَهُوَ يَقُوْلُ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللهِ۔

ترجمہ:

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ مکہ میں ایک مرتبہ ہم کسی گلی میں نکلے تو جو بھی پہاڑ اور جو بھی درخت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے راستے میں آرہا تھا۔ یہی کہہ رہا تھا اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللهِ۔ اے اللہ کے رسول آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام ہو۔

تخریج:

ترمذی 2/681 کتاب المناقب باب فی آیات اثبات النبوۃ ـــــــ رقم۔3559

دارمی 1/46 المقدمہ باب ما اکرم اللہ بہ نبیہ من الایمان ـــــــ رقم 21۔

المستدرک للحاکم 4238۔

تشریح:

Marfat.com

اس حدیث مبارک سے معلوم ہوا کہ نہ صرف انسان بلکہ پہاڑ اور درخت بھی بارگاہ محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں پیار اور محبت سے درود وسلام کا نذرانہ پیش کرتے ہیں۔ بعض لوگوں کو یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہنے سے بڑی تکلیف ہوتی ہے اور جل کر کہتے ہیں کہ صلوۃ کہاں لکھی ہوئی ہے' تو ایسوں سے عرض ہے کہ صلوۃ کا ثبوت اس حدیث مبارک میں اور ''بخاری شریف اور عقائد اہلسنت کے باب نمبر 15' میں ہے۔ لیکن نہ ماننے والوں کے لیے دلائل کے دفتر بھی ناکافی ہیں۔

حدیث نمبر 2: وسیلہ کی دعا / یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہنا

عَنْ عُثْمَانَ بْنِ حُنَيْفٍ اَنَّ رَجُلًا ضَرِيْرَ الْبَصَرِ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اُدْعُ اللّٰهَ لِيْ اَنْ يُّعَافِيَنِيْ فَقَالَ اِنْ شِئْتَ اَخَّرْتُ لَكَ وَهُوَ خَيْرٌ وَاِنْ شِئْتَ دَعَوْتُ فَقَالَ اُدْعُهُ فَاَمَرَهُ اَنْ يَّتَوَضَّاَ فَيُحْسِنَ وُضُوْئَهُ وَيُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ وَيَدْعُوْ بِهٰذَا الدُّعَاءِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ يَا مُحَمَّدُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ قَدْ تَوَجَّهْتُ بِكَ اِلٰى رَبِّيْ فِيْ حَاجَتِيْ هٰذِهٖ لِتُقْضٰى اَللّٰهُمَّ فَشَفِّعْهُ فِيَّ قَالَ اَبُوْ اِسْحَاقَ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ۔

ترجمہ:

Marfat.com

حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص جس کی نگاہ کمزور تھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آیا اور عرض کیا (یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) میرے لیے خیر وعافیت کی دعا کیجئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اگر تو چاہے تو تیرے لیے دعا کو موخر کردوں جو تیرے لیے بہتر ہے اگر تو چاہے تو تیرے لیے دعا کردوں۔ اس نے عرض کیا دعا فرما دیجئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے اچھی طرح وضو کرنے اور دو رکعت نماز پڑھنے کا حکم ارشاد فرمایا اور فرمایا یہ دعا کرنا:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ يَا مُحَمَّدُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ !اِنِّیْ قَدْ تَوَجَّهْتُ بِكَ اِلٰى رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ هٰذِهٖ لِتُقْضٰى اَللّٰهُمَّ فَشَفِّعْهُ فِیَّ۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری طرف محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو رحمت والے نبی ہیں کے وسیلہ سے متوجہ ہوتا ہوں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وسیلہ سے اپنے رب کی طرف اس حاجت میں متوجہ ہوتا ہوں تاکہ پوری کر دی جائے۔ اے اللہ! نبی رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سفارش میرے حق میں قبول فرما۔ حضرت ابو اسحاق کہتے ہیں کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

تخریج:

ابن ماجہ صفحہ 208 کتاب اقامۃ الصلوۃ والسنۃ فیہا باب ماجاء فی صلوۃ الحاجۃ 1385۔

ترمذی 2/672 کتاب الدعوات باب فی دعا الضیف رقم 3502۔ (بالفاظ اختلاف)

Marfat.com

الترغیب والترھیب جلد 1 صفحہ 272 کتاب النوافل باب الترغیب فی صلوۃ الحاجۃ ودعائھا 424
ابن خزیمہ 1219۔ عبد بن حمید 389۔ مسند امام احمد 138/4۔ المستدرک للحاکم 1930۔
عمل الیوم واللیۃ للنسائی 660۔ التاریخ الکبیر للبخاری 209۔ دلائل النبوۃ 166/6۔

حضرت علامہ غلام رسول سعیدی صاحب یہ حدیث نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں

'امام ابن ماجہ' امام ترمذی' امام احمد' اور امام حاکم نے اس حدیث کو عمارہ بن خزیمہ بن ثابت کی سند سے روایت کیا ہے اور امام بیہقی نے اس حدیث کو اس سند کے علاوہ ابوامامہ بن سہل بن حنیف کی سند سے بھی روایت کیا ہے' امام ابن سنی نے بھی اس روایت کو ابوامامہ بن سہل بن حنیف کی سند سے نقل کیا ہے۔

ابن تیمیہ' قاضی شوکانی' علامہ نووی' امام محمد جزری وغیرہم نے اس حدیث کو امام ترمذی کے حوالے سے نقل کیا ہے اور اس میں یا محمد کے الفاظ ہیں۔۔۔۔۔۔۔

(مختصا شرح صحیح مسلم ج 7 ص 63 تا 66)

حضرت علامہ مولانا غلام رسول رضوی صاحب اس حدیث کے تحت لکھتے ہیں:

۔۔۔۔صحابہ کرام آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے توسل کرتے تھے اور ان کا مقصد پورا ہو جاتا تھا چنانچہ امام بخاری نے اپنی تاریخ میں' بیہقی نے دلائل ودعوات میں صحیح حدیث ذکر کی' اس کو حافظ ابونعیم نے بھی معرفت میں ابو امامہ بن سہل بن حنیف سے روایت کیا کہ ایک شخص حضرت عثمان کے پاس اپنی حاجت لے کر جاتا اور وہ اس کی طرف قطعاً متوجہ نہ ہوتے تھے وہ شخص عثمان بن حنیف سے ملے اور ان سے یہ شکایت کی' عثمان بن حنیف نے کہا کوزے میں

Marfat.com

پانی لے کر وضو کر کے مسجد میں آؤ اور دو رکعتیں پڑھنے کے بعد یہ دعا کرو۔

اے اللہ میں تیرے نبی محمد کی رحمت ﷺ کے وسیلہ سے تجھ سے سوال کرتا ہوں یا محمد ﷺ میں آپ ﷺ کے وسیلہ سے اپنے رب کی طرف متوجہ ہوتا ہوں تا کہ میری حاجت پوری ہو۔

اور اپنی حاجت کا نام لو پھر حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے پاس جاؤ اس شخص نے اسی طرح کیا پھر حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے دروازہ پر آیا تو دربان فوراً باہر آیا اس کا ہاتھ پکڑ کر اس کو حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے پاس لے گیا پھر حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے اس کو باعزت بٹھایا اور اس سے کہا اپنی حاجت بیان کرو اور اس کی حاجت پوری کر دی' معلوم ہوا کہ سرور کائنات ﷺ کی بظاہر وفات کے بعد بھی آپ ﷺ سے توسل جائز ہے اور یہ عمل امت میں جاری ہے۔ (تفہیم البخاری 2/51)

اور علامہ غلام رسول سعیدی صاحب نے یہ حدیث نقل کرنے کے بعد لکھا ہے:

حافظ زکی الدین عبدالعظیم بن عبدالقوی منذری متوفی ۶۵۶ھ نے الترغیب والترغیب ج 1 ص 474 تا 476' مطبوعہ دارالحدیث قاہرہ ۱۴۰۷ھ میں اور حافظ الہیثمی نے مجمع الزوائد ج 2 ص 279' مطبوعہ بیروت اور حافظ ابوالقاسم سلیمان بن احمد طبرانی' معجم الکبیر ج 1 ص 184_183 مطبوعہ مکتبہ سلفیہ مدینہ منورہ) میں اس حدیث کو بیان کر کے لکھا ہے کہ یہ حدیث صحیح ہے۔ ابن تیمیہ اس

Marfat.com

حدیث کی اسناد پر تبصرہ کرنے کے بعد لکھتے ہیں ''اور یہ اسناد صحیح ہیں''۔

(فتاوٰی ابن تیمیہ ج 1 ص 273 تا 274۔ شرح صحیح مسلم ج 7 ص 69 مختصرا)

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا بارگاہ محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں استغاثہ:

وَصَلّٰی عَلَیْكَ اللّٰه یَا خَیْرَ خَلْقِهٖ وَیَا خَیْرَ مَامُوْلٍ وَیَا خَیْرَ وَاهِبِ

ترجمہ: اے اللہ کی ساری کائنات سے بزرگ ترین رسول! اور اے تمام ان لوگوں سے بہتر جن سے خیر کی امید رکھی جاسکتی ہے اور اے تمام جود وعطا کرنے والوں سے زیادہ سخی! آپ پر اللہ تعالیٰ کے درود ہوں۔

وَیَا خَیْرَ مَنْ یُرْجٰی لِکَشْفِ رَزِیَّةٍ وَمَنْ جُوْدُهٗ قَدْ فَاقَ جَوْدَ السَّحَائِبِ

اے! ان تمام لوگوں سے افضل جن سے مصائب دور کرنے کی امید کی جاسکتی ہے اور اے وہ نبی! جس کی سخاوت بادلوں کی موسلا دھار بارش پہ بھی فوقیت رکھتی ہے

وَاَنْتَ مُجِیْرِیْ مِنْ هُجُوْمِ مُلِمَّةٍ اِذَا اَنْشَبَتْ فِی الْقَلْبِ شَرَّ الْمَخَالِبِ

یارسول اللہ! آپ مجھے پناہ دینے والے ہیں جب مصیبت ہجوم کر کے آجائے اور اپنے اذیت ناک تیز پنجے میرے دل میں گاڑ دے۔

(قصیدہ اطیب الغنم فی مدح سید العرب والعجم فصل یازدہم مترجم ص 156 اور 162)

یَارَسُوْلَ اللّٰهِ یَا خَیْرَ الْبَرَایَا نِوَالُكَ اَبْتَغِیْ یَوْمَ الْقَضَاءِ

ترجمہ: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اے اللہ کی ساری مخلوق سے بہتر! ہم قیامت کے دن حضور کی عطا کے خواستگار ہیں۔

Marfat.com

اِذَا مَا حَلَّ خَطْبٌ مُدْلَهِمٌّ فَاَنْتَ الْحِصْنُ مِنْ كُلِّ الْبَلَاءِ

ترجمہ: (یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) جب آپ کے اس غلام پر بڑی تاریک مصیبت نازل ہوجائے اے میرے حبیب! آپ ہی میرے لیے قلعہ پناہ ہیں ہر مصیبت سے

اِلَيْكَ تُوَجُّهِيْ وَبِكَ اسْتِنَادِيْ وَفِيْكَ مَطَامِعِيْ وَبِكَ اِرْتِجَائِيْ

ترجمہ: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! ان مصیبتوں کے لمحوں میں میں اپنا رخ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات کی طرف کرتا ہوں اور حضور کی ذات کے دامن ہی میں پناہ لیتا ہوں اور میری ساری امیدیں حضور کی ذات سے ہی وابستہ ہیں (قصیدہ ہمزیہ فصل ششم ص220)

حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ کا بارگاہِ محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں استغاثہ:

یا رسولِ کبریا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فریاد ہے یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فریاد ہے

سخت مشکل میں پھنسا ہوں آج کل اے میرے مشکل کشا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فریاد ہے

چہرہ تاباں کو دکھلا دو مجھے تم سے اے نورِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فریاد ہے

قیدِ غم سے اب چھڑا دیجئے مجھے یا شہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر دو سرا فریاد ہے

(کلیاتِ امدادیہ نالہ امداد غریب ص90 دارالاشاعت کراچی)

جہاز امت کا حق نے کر دیا آپ کے ہاتھوں

بس اب چاہو ڈباؤ یا تراؤ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

پھنسا ہوں بے طرح گردابِ غم میں ناخدا ہو کر

Marfat.com

میری کشتی کنارے لگاؤ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اگرچہ ہوں نہ لائق ان کے پر امید ہے تم سے

کہ پھر مجھ کو مدینے میں بلاؤ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مشرف کر کے دیدار مبارک سے مجھے اک دم

میرے غم دین و دنیا کے بہلاؤ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

پھنسا کر اپنے دامن عشق میں امداد عاجز کو

بس اب قید دو عالم سے چھڑاؤ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(گلزارِ معرفت' نالہ امداد غریب ص 205 دارالاشاعت کراچی)

سفید لباس اور سبز عمامہ کا تصور:

اور حضور اکرم نورِ مجسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کا طریقہ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

'دل کو تمام خیالات سے خالی کر کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صورت کا سفید شفاف کپڑے اور سبز پگڑی اور منور چہرے کے ساتھ تصور کرے اور الصلوۃ والسلام علیك یارسول اللہ کی داہنے اور الصلوۃ والسلام علیك یانبی اللہ کی بائیں اور الصلوۃ والسلام علیك یاحبیب اللہ کی ضرب دل پر لگائے۔ (ضیاء القلوب' نالہ امداد غریب ص 61)

اور دوسرے مقام پر بیان کرتے ہیں:

Marfat.com

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صورت مثالیہ کا تصور کر کے درود شریف پڑھے اور داہنی طرف یا احمد اور بائیں طرف یا محمد اور یا رسول اللہ ایک ہزار بار پڑھے انشاء اللہ بیداری یا خواب میں زیارت ہوگی۔ (گلزارِ معرفت' نالہ امداد غریب ص 45 دارالاشاعت کراچی)

حدیث نمبر 3: میرے لیے وسیلہ کی دعا مانگو

حَدَّثَنِیْ اَبُوْهُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سَلُوا اللّٰهَ لِیَ الْوَسِیْلَةَ قَالُوْا یَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا الْوَسِیْلَةُ قَالَ اَعْلٰی دَرَجَةٍ فِی الْجَنَّةِ لَا یَنَالُهَا اِلَّا رَجُلٌ وَّاحِدٌ اَرْجُوْ اَنْ اَکُوْنَ اَنَا هُوَ۔

ترجمہ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ سے میرے لیے وسیلہ کی دعا مانگو' لوگوں نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وسیلے سے کیا مراد ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنت میں موجود ایک درجہ ہے' جس تک کوئی ایک ہی شخص پہنچے گا مجھے امید ہے کہ وہ شخص میں ہی ہوں۔

تخریج:

ترمذی 2/678 کتاب المناقب باب فی فضل النبی صلی اللہ علیہ وسلم رقم۔3545

مسند امام احمد 265/2۔

حدیث نمبر 4: چالیس لوگوں کی شفاعت میت کے حق میں

Marfat.com

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَا مِنْ مُسْلِمٍ یَمُوْتُ فَیَقُوْمُ عَلٰی جَنَازَتِہٖ اَرْبَعُوْنَ رَجُلًا لَا یُشْرِکُوْنَ بِاللّٰہِ شَیْئًا اِلَّا شَفَّعُوْا فِیْہِ۔

ترجمہ:

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کوئی مسلمان ایسا نہیں جو فوت ہو جائے اور اس کی نماز جنازہ چالیس آدمی پڑھیں جو اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرتے ہوں ان کی شفاعت قبول فرمالی جاتی ہے

تخریج:

ابو داود 2/98 کتاب الجنائز باب فضل الصلوۃ علی الجنازہ۔۔۔رقم۔3120

تشریح:

یہاں تو لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہی شفاعت کا انکار کرتے ہیں اور شرک تک قرار دیتے ہیں۔لیکن یہ حدیث پاک ہمیں بتا رہی ہے کہ چالیس عام مسلمان میت کے حق میں شفاعت کریں تو اللہ تعالیٰ ان کی شفاعت قبول فرمالیتا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تو شان ہی بے مثال ہے معلوم ہوا کہ یہ لوگ غلط ہیں اور ان کا عقیدہ بھی غلط ہے۔اہلسنت کا عقیدہ عین قرآن وحدیث کے مطابق ہے۔

حدیث نمبر 5: خود اپنا وسیلہ سکھایا

Marfat.com

عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ كُنَّا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ اَتَتْهُ وَفْدُ هَوَازِنَ فَقَالُوْا يَا مُحَمَّدُ اِنَّا اَصْلٌ وَّعَشِيْرَةٌ وَقَدْ نَزَلَ بِنَا مِنَ الْبَلَاءِ مَا لَا يَخْفٰى عَلَيْكَ فَامْنُنْ عَلَيْنَا مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكَ فَقَالَ اِخْتَارُوْا مِنْ اَمْوَالِكُمْ اَوْ مِنْ نِّسَائِكُمْ وَاَبْنَائِكُمْ فَقَالُوْا قَدْ خَيَّرْتَنَا بَيْنَ اَحْسَابِنَا وَاَمْوَالِنَا بَلْ نَخْتَارُ نِسَاءَنَا وَاَبْنَاءَنَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَّا مَا كَانَ لِيْ وَلِبَنِيْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَهُوَ لَكُمْ فَاِذَا صَلَّيْتُ الظُّهْرَ فَقُوْمُوْا فَقُوْلُوْا اِنَّا نَسْتَعِيْنُ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَوِ الْمُسْلِمِيْنَ فِيْ نِسَائِنَا وَاَبْنَائِنَا فَلَمَّا صَلُّوا الظُّهْرَ قَامُوْا فَقَالُوْا ذٰلِكَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا كَانَ لِيْ وَلِبَنِيْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَهُوَ لَكُمْ فَقَالَ الْمُهَاجِرُوْنَ وَمَا كَانَ لَنَا فَهُوَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَتِ الْاَنْصَارُ مَا كَانَ لَنَا فَهُوَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

ترجمہ:

حضرت عمرو بن شعیب رضی اللہ عنہ اپنے والد سے وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے جب قبیلہ ہوازن کے ایلچی

Marfat.com

آئے اور کہنے لگے اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم لوگ سب ایک اصل اور ایک قبیلہ کے ہیں اور جو مصیبت ہم پر ٹوٹی ہے وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوشیدہ نہیں ہے لہذا ہم پر نظر کرم فرمایئے۔ اللہ تعالیٰ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کرم فرماتا رہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دو چیزوں میں سے ایک کو اختیار کرلو یا اپنا مال و دولت لے لو یا اپنی عورتیں اور بچے آزاد کرا لو؟ انہوں نے کہا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں ہمارے رشتوں اور مال و دولت میں اختیار دیا ہے ہم دونوں میں سے عورتوں اور بچوں کو اختیار کرتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس قدر میرا اور عبدالمطلب کی اولاد کا (مالِ غنیمت) میں حصہ ہے وہ تمہارے لیے ہے جب میں ظہر کی نماز پڑھوں تو تم سب کھڑے ہو جانا اور کہنا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وسیلہ جلیلہ سے مسلمانوں سے اپنی عورتوں اور مالوں میں مدد چاہتے ہیں جب لوگ نماز ظہر سے فارغ ہو چکے تو وہ لوگ کھڑے ہوئے اور انہوں نے ایسے ہی کہا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کہ جو کچھ میرا اور عبدالمطلب کی اولاد کا حصہ ہے وہ تمہارے لیے ہے۔ یہ بات سن کر مہاجرین نے کہا کہ جو کچھ ہمارا حصہ ہے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے ہے۔ اور پھر انصار نے کہا جو ہمارا حصہ ہے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہے۔

تخریج: نسائی 2/136 کتاب الھبۃ باب ھبۃ المشاع رقم 3690۔

تشریح:

Marfat.com

اس حدیث پاک میں خود نبی اکرم ﷺ نے وسیلہ سکھایا ہے' تو معلوم ہوا جو کوئی وسیلہ کا انکار کرتا ہے وہ دراصل تعلیماتِ مصطفی ﷺ کا انکار کرتا ہے۔ یہ حدیث مبارک وسیلہ کی واضح دلیل ہے۔

باب نمبر 14: زندہ اور فوت شدگان کو بوسہ دینا

اس پرفتن دور جہاں بات بات پر شرک و بدعت کے فتوے گائے جاتے ہیں۔ وہاں بزگان دین کے ہاتھوں اور پاؤں کو بوسہ دینے کو بھی شرک قرار دیا جاتا ہے تو ہم اس باب میں فوت ہونے والوں کو بوسہ دینا' ادبًا بوسہ دینا' پیار اور شفقت سے بوسہ دینے کے متعلق احادیث نقل کریں گے۔ اس سے قبل بخاری شریف اور عقائد اہلسنت کے باب نمبر 18 کے تحت بخاری کے حوالے سے حضرت سیدنا صدیق اکبر والی روایت نقل کر چکے ہیں۔

حدیث نمبر 1:

حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کو بعد از وفات بوسہ دیا

عَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَبَّلَ عُثْمَانَ بْنَ مَظْعُوْنَ وَّهُوَ مَیِّتٌ وَّهُوَ یَبْکِیْ۔

ترجمہ:

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم ﷺ نے حضرت عثمان بن

Marfat.com

مظعون رضی اللہ عنہ کو بوسہ دیا وہ اس وقت فوت ہو چکے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رو رہے تھے۔

تخریج:

ترمذی 1/318 کتاب الجنائز باب ماجاء فی تقبیل المیت رقم۔910

ابن ماجہ صفحہ 216 کتاب الجنائز باب ماجاء فی تقبیل المیت رقم۔1456

ابو داود 2/97 کتاب الجنائز باب فی تقبیل المیت رقم۔3163

مسند امام احمد 206/6۔ عبد بن حمید 1526۔

تشریح:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بعد از وفات حضرت سیدنا عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کو بوسہ دیا جس سے ثابت ہوا کہ نہ صرف زندہ کو بوسہ دے سکتے ہیں بلکہ مرنے کے بعد میت کو بھی بوسہ دے سکتے ہیں۔ جب کہ کسی قسم کے فتنے کا اندیشہ نہ ہو۔

حدیث نمبر 2: حضرت زید رضی اللہ عنہ کو بوسہ دیا

عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ قَدِمَ زَيْدُ بْنُ حَارَثَةَ الْمَدِيْنَةَ وَرَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَيْتِيْ فَاَتَاهُ فَقَرَعَ الْبَابَ فَقَامَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُرْيَانًا يَّجُرُّ ثَوْبَهٗ وَاللهِ لَا رَاَيْتُهٗ عُرْيَانًا قَبْلَهٗ وَلَا بَعْدَهٗ فَاعْتَنَقَهٗ وَقَبَّلَهٗ۔

ترجمہ:

حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ آئے

Marfat.com

تو نبی اکرم ﷺ میرے گھر میں موجود تھے زید آپ ﷺ کے پاس آئے' انہوں نے دروازہ کھٹکھٹایا تو نبی اکرم ﷺ اٹھ کر اوپری جسم پر کچھ اوڑھے بغیر ان کی طرف لپکے۔ آپ ﷺ اپنا تہبند کھینچ رہے تھے۔ اللہ کی قسم! اس سے پہلے یا اس کے بعد میں نے نبی اکرم ﷺ کو (اوپری جسم) اوڑھے بغیر کسی سے ملتے نہیں دیکھا نبی اکرم ﷺ نے انہیں گلے لگایا اور بوسہ دیا۔

تخریج:

ترمذی 2/561 کتاب الاستیذان باب ماجاء فی المعانقة والقبلة رقم۔2656

حدیث نمبر 3: حضور ﷺ کا سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو بوسہ دینا

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

-----كَانَتْ اِذَا دَخَلَتْ عَلَيْهِ قَامَ اِلَيْهَا فَاَخَذَ بِيَدِهَا فَقَبَّلَهَا وَ اَجْلَسَهَا فِيْ مَجْلِسِهٖ وَكَانَ اِذَا دَخَلَ عَلَيْهَا قَامَتْ اِلَيْهِ فَاَخَذَتْ بِيَدِهٖ فَقَبَّلَتْهُ وَاَجْلَسَتْهُ فِيْ مَجْلِسِهَا۔

ترجمہ:

جب وہ (سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا) حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوتی تو آپ ﷺ ان کے لیے کھڑے ہوتے' ان کے ہاتھ کو بوسہ دیتے اور اپنے پاس بٹھاتے جب حضور ان کے پاس تشریف لے جاتے تو وہ آپ ﷺ کے لیے

Marfat.com

کھڑی ہو جاتیں۔ دست اقدس کو پکڑ کر اسے بوسے دیتیں اور اپنے پاس بٹھاتیں

تخریج:

ابو داؤد 2/368 کتاب السلام باب فی القیام رقم 5217۔

حدیث نمبر 4: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا امام حسن رضی اللہ عنہ کو بوسہ دیا

عَنْ اِیَاسِ بْنِ دِعْفَلٍ قَالَ رَاَیْتُ اَبَا نَضْرَۃَ قَبَّلَ خَدَّ الْحَسَنِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

ترجمہ:

ایاس بن دعفل رضی اللہ عنہ کا بیان ہے میں نے حضرت ابونضرہ رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ انہوں نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے رخسار پر بوسہ دیا۔

حدیث نمبر 5: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو بوسہ دینا

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ الْاَقْرَعَ بْنَ حَابِسٍ اَبْصَرَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَھُوَ یُقَبِّلُ حُسَیْنًا فَقَالَ اِنَّ لِیْ عَشَرَۃً مِنَ الْوَلَدِ مَا فَعَلْتُ ھٰذَا بِوَاحِدٍ مِنْھُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ لَّا یَرْحَمْ لَا یُرْحَمْ

ترجمہ:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ اقرع بن حابس نے دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت حسین کو بوسہ دے رہے ہیں تو اس نے کہا میرے دس بیٹے ہیں

Marfat.com

لیکن میں ان میں سے کسی کے ساتھ بھی ایسا نہیں کرتا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا۔

تخریج:

ابو داود 2/368 کتاب السلام باب فی قبلۃ الرجل ولدہ رقم۔5218

حدیث نمبر 6: آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا

عَنِ الشَّعْبِیِّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَلَقّٰی جَعْفَرَ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ فَالْتَزَمَہٗ وَقَبَّلَ مَابَیْنَ عَیْنَیْہِ۔

ترجمہ:

شعبی سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت جعفر بن ابو طالب رضی اللہ عنہ سے ملے تو ان سے معانقہ فرمایا اور ان کی دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا۔

تخریج:

ابو داود 2/368 کتاب السلام باب فی قبلۃ مابین العینین رقم۔5220

حدیث نمبر 7: صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا سیدہ عائشہ کو بوسہ دینا

عَنِ الْبَرَآءِ قَالَ دَخَلْتُ مَعَ اَبِیْ بَکْرٍ اَوَّلَ مَا قَدِمَ الْمَدِیْنَۃَ فَاِذَا عَائِشَۃُ اِبْنَتُہٗ مُضْطَجِعَۃٌ قَدْ اَصَابَتْھَا حُمّٰی فَاَتَاھَا اَبُوْ بَکْرٍ فَقَالَ لَھَا اَنْتَ کَیْفَ یَا بَنَیَّۃُ وَقَبَّلَ خَدَّھَا۔

Marfat.com

ترجمہ:

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ پہلی دفعہ مدینہ منورہ میں داخل ہوا تو ان کی صاحبزادی حضرت عائشہ لیٹی ہوئی تھی انہیں بخار تھا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ان کے پاس گئے اور فرمایا: بیٹی تمہارا کیا حال ہے اور ان کے رخسار پر بوسہ دیا۔

تخریج:

ابو داود 2/368 کتاب السلام باب فی قبلۃ الخدر قم۔5222

ان احادیث میں پیار اور شفقت پدری کے ساتھ بوسہ دینے کا ذکر ہے تو ثابت ہوا کہ پیار اور شفقت کے ساتھ بوسہ دینے میں کوئی حرج نہیں ہے اور از روع شرح جائز ہے۔

حدیث نمبر 8: ہاتھوں اور پاؤں کو بوسہ دیا

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں دو یہودی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور انہوں نے واضح نو نشانیوں کے بارے میں سوال کیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے سوال کا جواب ارشاد فرمایا: تو راوی بیان کرتے ہیں: فَقَبَّلُوْا يَدَهٗ وَرِجْلَهٗ فَقَالَا نَشْهَدُ اَنَّكَ نَبِيٌّ۔ ان لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دونوں ہاتھوں اور دونوں پاؤں کو بوسہ دیا اور بولے: ہم گواہی

Marfat.com

دیتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے نبی ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تخریج:

ترمذی 2/561 کتاب الاستذان والادب باب ماجاء فی قبلہ الید والرجل رقم۔2657

ترمذی 2/616 کتاب تفسیر القرآن باب وسورۃ بنی اسرئیل رقم۔3069

ابن ماجہ صفحہ 398 کتاب المحاربہ باب الرجل یقبل ید الرجل رقم۔3705

نسائی کتاب تحریم الدم باب السحر رقم 4089۔

مسند امام احمد 240/4۔ السنن الکبری للنسائی 4951۔

حدیث نمبر 9:

میں مسلمانوں کی پناہ گاہ ہوں

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ایک سریا کا واقعہ بیان کرتے ہیں کہ لوگ وہاں سے بھاگے اور ہم بھی بھاگے بعد میں ہم نے سوچا کہ ہم نے کیا کیا ہم مدینہ منورہ آئے اور نمازِ فجر سے پہلے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتظار کرنے لگے جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم باہر تشریف لائے تو ہم کھڑے ہو گئے اور فَقُلْنَا نَحْنُ الْفَرَّارُوْنَ فَاَقْبَلَ اِلَیْنَا فَقَالَ لَابَلْ اَنْتُمُ الْعَکَّارُوْنَ قَالَ فَدَنَوْنَا فَقَبَّلْنَا یَدَہٗ ہم نے عرض کیا: ہم فرار ہونے والے ہیں' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہماری جانب متوجہ ہو کر فرمایا: بلکہ تم جہاد کرنے والے ہو۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ہم نزدیک ہوئے اور ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دستِ اقدس کو بوسہ دیا۔۔۔۔۔

Marfat.com

تخریج:

ابو داود 1/380 کتاب الجهاد باب فی الثولی یوم الزحف رقم۔ 2647

ابو داود 368/2 کتاب اسلام باب فی قبلة الید رقم۔ 5223

تشریح:

پتہ چلا کہ بزرگوں کے از راہِ عقیدت ہاتھ چومنے جائز ہیں۔ جیسے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اور ان کے ساتھیوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھوں کو چوما اور فخریہ بیان کیا فَقَبَّلْنَا يَدَهٗ پس ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دستِ مبارک کو بوسہ دیا۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع نہیں فرمایا، معلوم ہوا کہ بزرگوں کے ہاتھ چومنا جائز بلکہ سنت ہے

حدیث نمبر 10: آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھوں اور پاؤں کو بوسہ دیا

حَدَّثَنِیْ اُمُّ اَبَانَ بِنْتِ الْوَازِعِ بْنِ زَارِعٍ عَنْ جَدِّهَا زَارِعٍ وَكَانَ فِیْ وَفْدِ عَبْدِ الْقَيْسِ قَالَ لَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ فَجَعَلْنَا نَتَبَادَرُ مِنْ رَوَاحِلِنَا فَنُقَبِّلُ يَدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرِجْلَهٗ۔

ترجمہ:

حضرت ابو زراع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جو عبدالقیس کے وفد میں شامل تھے۔ انہوں نے فرمایا: کہ جب ہم مدینہ منورہ میں حاضر ہوئے تو تیزی سے اپنی سواریوں سے اتر کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دستِ مبارک اور پائے اقدس کو چومنے لگے۔۔۔

Marfat.com

تخریج:

ابو داود 2/369 کتاب السلام باب قبلہ الرجل رقم۔5225

حدیث نمبر 11: بہانہ قصاص کا مقصد بوسہ دینا

عَنْ اُسَیْدِ بْنِ حُضَیْرٍ رَجُلٍ مِنَ الْاَنْصَارِ قَالَ بَیْنَمَا یُحَدِّثُ الْقَوْمَ وَکَانَ فِیْهِ مِزَاحٌ بَیْنَا یُضْحِکُمْ فَطَعَنَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ خَاصِرَتِهٖ بِعُوْدٍ فَقَالَ اَصْبِرْنِیْ قَالَ اصْطَبِرْ قَالَ اِنَّ عَلَیْكَ قَمِیْصًا وَلَیْسَ عَلَیَّ قَمِیْصٌ فَرَفَعَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَمِیْصِهٖ فَاحْتَضَنَهٗ وَجَعَلَ یُقَبِّلُ کَشْحَهٗ قَالَ اِنَّمَا اَرَدْتُ هٰذَا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ۔

ترجمہ:

حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ جو انصار کے ایک فرد تھے وہ لوگوں سے باتیں کر رہے تھے اور مزاحیہ باتیں سنا کر لوگوں کو ہنسا رہے تھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں ایک لکڑی سے کونچا دیا۔ عرض کی مجھے قصاص دیجئے فرمایا کہ قصاص لے لو عرض گزار ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اوپر قمیص ہے جب کہ میرے اوپر قمیص نہ تھی پس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا کرتا مبارک اٹھا دیا تو وہ لپٹ گئے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پہلو کو بوسے دینے لگے عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرا مقصد صرف یہی تھا۔

تخریج:

ابو داود 2/368 کتاب السلام باب فی قبلۃ الجسد رقم۔5224

Marfat.com

حدیث نمبر 12:

کرتے میں منہ ڈال کر بوسے دیئے اور لپٹ گئے

بہیسہ نامی عورت اپنے والد سے روایت کرتی ہے:

قَالَتِ اسْتَأْذَنَ اَبِیَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَدَخَلَ بَیْنَہٗ وَبَیْنَ قَمِیْصِہٖ فَجَعَلَ یُقَبِّلُ وَیَلْتَزِمُ ــــــــــ

ترجمہ:

کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اجازت طلب کی پس اپنا منہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کرتہ مبارک کے اندر داخل کر کے بوسے دینے اور لپٹنے لگے ــــــــــ

تخریج:

ابو داود 2/136 کتاب البیوع باب فی منع الماء رقم۔3476

تشریح:

یہ مبارک احادیث غور طلب ہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کس طرح بہانوں سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسم اقدس کو بوسے دیتے ہیں اس سے جہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسم مبارک سے برکت لینے کا جواز ہے وہاں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے پیارے عشق و محبت والے عقیدے کا بھی پتا چلتا ہے۔ اور یہ بھی ثابت ہوا کہ تعظیم اور برکت کے لیے بزرگان دین کے ہاتھ اور پاؤں کو بوسہ دینا جائز ہے۔

Marfat.com

باب نمبر 15: سماع موتیٰ

حدیث نمبر 1:

حضرت صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنے بھائی کی قبر سے باتیں کی

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ مُلَیْكَةَ قَالَ تُوُفِّیَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ بَكْرٍ بِالْحُبْشِیِّ قَالَ فَحُمِلَ اِلٰی مَكَّةَ فَدُفِنَ فِیْهَا فَلَمَّا قَدِمَتْ عَآئِشَةُ اَتَتْ قَبْرَ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ بَكْرٍ فَقَالَتْ وَكُنَّا كَنَدْمَانَیْ جَذِیْمَةَ حِقْبَةً مِّنَ الدَّهْرِ حَتّٰی قِیْلَ لَنْ یَّتَصَدَّعَا فَلَمَّا تَفَرَّقْنَا كَاَنِّیْ وَمَالِكًا لِطُوْلِ اجْتِمَاعٍ لَّمْ نَبِتْ لَیْلَةً مَّعَا ثُمَّ قَالَتْ وَاللّٰهِ لَوْ حَضَرْتُكَ مَا دُفِنْتَ اِلَّا حَیْثُ مُتَّ وَلَوْ شَهِدْتُّكَ مَا زُرْتُكَ۔

ترجمہ:

عبداللہ بن ابی ملیکہ رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: حضرت عبدالرحمن بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا حبشہ میں انتقال ہوگیا' ان کی میت کو مکہ لاکر وہاں دفن کیا گیا جب حضرت عائشہ

Marfat.com

رضی اللہ تعالیٰ عنہا مکہ آئیں تو وہ حضرت عبدالرحمن بن ابی بکر رضی اللہ عنہما کی قبر پر آئیں اور بولیں ہم جزیمہ بادشاہ کے دو وزیروں کی طرح ایک عرصے تک ایک ساتھ رہے یہاں تک کہ یہ کہا جانے لگا کہ ہم کبھی ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوں گے لیکن جب ہم جدا ہوئے تو یوں محسوس ہوا کہ ایک طویل عرصے تک ساتھ رہنے کے باوجود میں نے اور مالک نے کبھی ایک رات بھی بسر نہیں کی۔

پھر سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اللہ کی قسم اگر میں وہاں ہوتی تو تمہیں وہیں دفن کیا جاتا جہاں تمہارا انتقال ہوا تھا اور اگر میں (تمہاری وفات کے وقت موجود) تو تمہاری (قبر تک) نہ آتی۔

تخریج:

ترمذی 1/329 کتاب الجنائز باب ماجآء فی النسائ زیارۃ القبور رقم۔975

حدیث نمبر 2:

سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مخاطب کر کے باتیں کی

عَنْ اَنَسٍ اَنَّ فَاطِمَةَ قَالَتْ حِيْنَ قُبِضَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبْتَاهُ اِلٰى جِبْرَئِيْلَ اَنْعَاهُ وَااَبْتَاهُ مِنْ رَّبِّهٖ مَا اَدْنَاهُ وَااَبْتَاهُ جَنَّةُ الْفِرْدَوْسِ مَاْوَاهُ وَااَبْتَاهُ اَجَابَ رَبًّا دَعَاهُ۔

ترجمہ:

Marfat.com

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جب رسول اللہ ﷺ کا وصال مبارک ہو گیا تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے میرے ابا! میں جبرئیل علیہ السلام سے فریاد کرتی ہوں' اے میرے ابا! آپ ﷺ اپنے رب سے کس قدر قریب ہیں' اے میرے ابا! آپ ﷺ کی جگہ جنت ہے اے میرے ابا! آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ کے بلاوے کو قبول کیا ہے۔

تخریج:

ابن ماجہ صفحہ 230 کتاب الجنائز باب ذکر وفاتہ و دفنہ ﷺ رقم 1630۔

حدیث نمبر 3: تم بہت نرم دل تھے

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ دَخَلَ قَبْرًا لَیْلًا فَاُسْرِجَ لَہٗ سِرَاجٌ فَاَخَذَہٗ مِنْ قِبَلِ الْقِبْلَۃِ وَقَالَ رَحِمَکَ اِنْ کُنْتُ لَاَوَّاھًا تَلَّاءً لِّلْقُرْاٰنِ۔

ترجمہ:

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں نبی کریم ﷺ رات کے وقت قبر میں اترے تو آپ ﷺ کے لیے چراغ کو روشن کر دیا گیا۔ آپ ﷺ نے میت کو قبلہ کی سمت سے پکڑا (اور قبر میں اتارا) اور ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ تم پر رحم کرے تم بہت نرم دل اور قرآن کی بکثرت تلاوت کرنے والے تھے۔

Marfat.com

تخریج:

ترمذی 1/330 کتاب الجنائز باب ماجاء فی الدفن باللیل رقم۔ 977

تشریح:

ان احادیث سے معلوم ہوا کہ سیدہ عائشہ اور سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہما کا عقیدہ ہے کہ فوت ہونے والے سنتے ہیں تبھی تو سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اپنے بھائی کو وفات کے بعد ان کی قبر پر آ کر مخاطب کر کے باتیں کر رہی ہیں۔ اور سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اپنے بابا جان جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مخاطب کر کے باتیں کر رہیں ہیں۔ ہو سکتا ہے کسی بد باطن کے ذہن میں سوال آئے کہ یہ تو موقوف احادیث ہیں مرفوع نہیں ہیں تو اسی لیے ہم نے ان کے بعد مرفوع حدیث نقل کر دی ہے میں خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان صحابی رضی اللہ عنہ کو مخاطب کر کے باتیں کر رہے ہیں اور ان کی خوبیاں ان کو مخاطب کر کے بیان فرما رہے ہیں۔

حدیث نمبر 4: بارگاہِ محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں سلام عرض کرنا

مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَهُوَ يَمُوْتُ فَقُلْتُ اِقْرَأْ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّلَامَ۔

ترجمہ:

حضرت محمد بن المنکدر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت جابر بن عبداللہ کے

Marfat.com

پاس ان کی وفات کے وقت گیا میں عرض نے کیا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے میرا سلام عرض کرنا۔

تخریج:

ابن ماجہ 215 صفحہ کتاب الجنائز باب ماجاء فیما یقال عند المریض رقم۔1450

حدیث نمبر 5: اگر تم فلاں سے ملو تو میرا سلام کہنا

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ لَمَّا حَضَرَتْ كَعْبًا الْوَفَاةُ اَتَتْهُ اُمُّ بِشْرٍ بِنْتُ الْبَرَاءِ بْنِ مَعْرُوْرٍ فَقَالَتْ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اِنْ لَّقِيْتَ فُلَانًا فَاقْرَاْ عَلَيْهِ مِنِّى السَّلَامَ قَالَ غَفَرَ اللّٰهُ لَكِ يَا اُمَّ بِشْرٍ نَحْنُ اَشْغَلُ مِنْ ذٰلِكَ قَالَتْ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَمَا سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اَرْوَاحَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِىْ طَيْرٍ خُضْرٍ تُعَلَّقُ بِشَجَرِ الْجَنَّةِ قَالَ بَلٰى قَالَتْ فَهُوَ ذَاكَ۔

ترجمہ:

حضرت عبدالرحمن بن کعب بن مالک رضی اللہ عنہ اپنے والد سے بیان کرتے ہیں کہ حضرت کعب رضی اللہ عنہ کی وفات کا وقت ہوا تو حضرت ام بشر البراء بن معرور رضی اللہ تعالیٰ عنہا ان کے پاس گئیں اور کہنے لگیں اے ابو عبدالرحمن رضی اللہ عنہ! اگر تم فلاں سے ملو تو میرا سلام کہنا انہوں نے فرمایا اے ام بشر! اللہ تیری مغفرت کرے کیا ہم ان سے مل

Marfat.com

سکیں گے؟ وہ بولیں: اے ابوعبدالرحمن رضی اللہ عنہ! کیا تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نہیں سنا کہ مومنین کی روحیں سبز پرندوں کی شکل میں جنت کے درختوں کے ساتھ لٹکی ہوں گی۔ انہوں نے جواب: ہاں! وہ بولیں تو یہی بات ہے۔

تخریج:

ابن ماجہ صفحہ 215 کتاب الجنائز باب ماجاء فیما یقال عند المریض رقم۔ 1449

ابن ماجہ صفحہ 452 کتاب الزھد باب ذکر القبر والبلی رقم۔ 4270

نسائی 1/292 کتاب الجنائز باب ارواح المومنین رقم۔ 2072

تشریح:

ان احادیث سے معلوم ہوا کہ فوت ہونے والے کسی پابندی یا قید میں نہیں ہوتے بلکہ باہم آپس میں ملاقات کرتے ہیں جیسا کہ فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں میرا اسلام عرض کرنا' اور دوسری حدیث میں کہا کہ فلاں کو میرا اسلام کہنا۔

حدیث نمبر 6: مردہ کہتا ہے مجھے نماز پڑھنے دو

عَنْ اَبِیْ سُفْیَانَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا دَخَلَ الْمَیِّتُ الْقَبْرَ مُثِّلَتْ لَہُ الشَّمْسُ عِنْدَ غُرُوْبِہَا فَیَجْلِسُ یَمْسَحُ عَیْنَیْہِ وَیَقُوْلُ دَعُوْنِیْ اُصَلِّیْ۔

ترجمہ:

حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب مردہ قبر میں

Marfat.com

داخل ہوتا ہے تو اسے آفتاب غروب ہونے کے قریب معلوم ہوتا ہے وہ اپنی آنکھوں کو ملتا ہوا اٹھتا ہے اور کہتا ہے ذرا ٹھہرو مجھے نماز تو پڑھنے دو۔

تخریج:

ابن ماجہ صفحہ 452 کتاب الزھد باب ذکر القبر والبلی رقم۔4272

تشریح:

اس حدیث مبارک سے معلوم ہوا کہ مردہ نہ صرف سنتا ہے بلکہ بولتا بھی ہے۔ جیسا کہ ہم نے بخاری شریف اور عقائد اہلسنت کے باب نمبر 19 میں بھی احادیث نقل کی ہیں اور تشریح میں امام الوہابیہ نواب وحید الزماں کی کی ہوئی وضاحت بھی نقل کی ہے۔

حدیث نمبر 7: ہر خشک وتر اذان کی آواز سنتا ہے

عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ اَنَّ نَبِیَّ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰہَ وَمَلَائِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی الصَّفِّ الْمُقَدَّمِ وَالْمُؤَذِّنُ یُغْفَرُلَہٗ بِمَدِّ صَوْتِہٖ وَیُصَدِّقُہٗ مَنْ سَمِعَہٗ مِنْ رَّطْبٍ وَّیَابِسٍ وَلَہٗ مِثْلُ اَجْرِ مَنْ صَلّٰی مَعَہٗ۔

ترجمہ:

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بلا شک

Marfat.com

وشبہہ پہلی صف میں کھڑے ہونے والوں پر اللہ تعالیٰ رحمت بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے دعا کرتے ہیں اور مؤذن کی بخشش ہوتی ہے جہاں تک اس کی آواز پہنچتی ہے اور اس کی اذان کو تر اور خشک (زندہ اور مردہ) سننے والے سچا کہتے ہیں اور اس کو ساتھ نماز پڑھنے والے ہر نمازی کی نماز کے برابر ثواب ملتا ہے۔

تخریج:

نسائی 1/106 کتاب الاذان باب رفع الصوت بالاذان رقم 645۔

تشریح:

اس حدیث مبارکہ سے یہ مسئلہ بالکل واضح ہو رہا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تمام مذکورہ بالا احادیث میں رطب ویابس' کے الفاظ استعمال کیے ہیں جن کا مطلب خشک وتر' خشک سے مراد مردہ اشیاء ہیں جیسے درخت' پتھر' اور آدمی وغیرہ شامل ہیں' اور تر سے مراد نباتات وانسان ہیں تو معلوم کہ مردہ اشیاء بھی سنتی ہیں اور پھر گواہی بھی دیں گی تو ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو سب سے اعلیٰ اور ارفع ہیں ان کی کیا بات! غلط نظریہ رکھنے والوں کے لیے غور وفکر کا مقام ہے۔

Marfat.com

باب نمبر 16: ایصالِ ثواب

حدیث نمبر 1: یہ کنواں ام سعد کے لیے ہے

عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ اَنَّهٗ قَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اُمَّ سَعْدٍ مَاتَتْ فَاَيُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ قَالَ الْمَآءُ قَالَ فَحَفَرَ بِيْرًا وَقَالَ هٰذِهٖ لِاُمِّ سَعْدٍ۔

ترجمہ:

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں عرض گزار ہوئے یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! ام سعد کا انتقال ہو گیا ہے پس کونسا صدقہ افضل ہے فرمایا: پانی۔ پس انہوں نے کنواں کھدایا اور کہا کہ یہ ام سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی طرف سے ہے۔

تخریج:

ابو داود 1/248 کتاب الزکوۃ باب فی فضل سقی الماء رقم۔ 1671

تشریح:

Marfat.com

یہ حدیث ایصالِ ثواب کا بہت بڑا ثبوت ہے یعنی زندوں کی نیکیوں اور صدقہ و خیرات وغیرہ کا ثواب مردوں کو پہنچ جاتا ہے لہذا جس طرح اپنے لواحقین کے ساتھ دنیا میں حسن سلوک کیا جاتا تھا مرنے کے بعد ایصالِ ثواب کے ذریعے ان کی امداد جاری رکھنی چاہیئے۔ آج اگر ہم بھلائیں گے تو مرنے کے بعد ہمارے لواحقین بھی ہمیں فراموش کر دیں گے۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ ایصال ثواب کی کسی بھی چیز پر کسی بزرگ یا جس کو ایصالِ ثواب کر رہے ہیں اس کا نام لینے میں کوئی حرج نہیں اور جانور وغیرہ جو بزرگوں کے ایصالِ ثواب کے لیے رکھے ان پر ان بزرگوں کے نام لیے جاتے ہیں اس میں کوئی حرج نہیں' کیونکہ نام لینے کا مطلب یہ ہے کہ ان کے ایصالِ ثواب کے لیے ہیں اور ذبح تو اللہ ہی کا نام لے کر کیا جاتا ہے' جیسا آئندہ احادیث میں آئے گا قربانی کے جانوروں پر نام امت کے لیے اور مولیٰ علی رضی اللہ عنہ نے نام سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لیا' لیکن ذبح اللہ تعالیٰ کا نام لے کر کیا۔

حدیث نمبر 2: ثواب مسلمان ہی کو پہنچتا ہے

عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ الْعَاصَ بْنَ وَائِلٍ اَوْصٰى اَنْ يُعْتِقَ عَنْهُ مِائَةَ رَقَبَةٍ فَاَعْتَقَ اِبْنُهٗ هِشَامٌ خَمْسِيْنَ رَقَبَةً فَاَرَادَ ابْنُهٗ عَمْرٌو اَنْ يُعْتِقَ عَنْهُ الْخَمْسِيْنَ الْبَاقِيَةَ فَقَالَ حَتّٰى اَسْاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللهِ اِنَّ اَبِیْ اَوْطٰی بِعِتْقِ مِائَةِ رَقَبَةٍ وَاِنَّ هِشَامًا اَعْتَقَ عَنْهُ خَمْسِيْنَ وَبَقِيَتْ عَلَيْهِ خَمْسُوْنَ رَقَبَةً اَفَاُعْتِقُ عَنْهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهٗ لَوْ كَانَ مُسْلِمًا فَاَعْتَقْتُمْ عَنْهُ اَوْ تَصَدَّقْتُمْ عَنْهُ بَلَغَهٗ ذٰلِكَ.

ترجمہ:

حضرت عمرو بن شعیب رضی اللہ عنہ کے والد ماجد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ عاص بن وائل نے وصیت کی کہ اس کی طرف سے سو گردنیں آزاد کی جائیں پس اس کے بیٹے ہشام نے پچاس گردنیں آزاد کر دیں۔ پھر اس کے بیٹے حضرت عمرو رضی اللہ عنہ نے پچاس گرنیں آزاد کرنے کا ارادہ کیا۔ پس دل میں کہا کیوں نہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کرلوں۔ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئے یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میرے باپ نے سو گردنیں آزاد کرنے کی وصیت کی تو ہشام نے ان کی طرف سے پچاس آزاد کر دیں اور پچاس گردنیں ان کی طرف سے باقی رہ گئیں۔ کیا میں ان کی طرف سے آزاد کر دوں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر وہ مسلمان ہوتا اور تم ان کی طرف سے غلام آزاد کرتے یا صدقہ دیتے یا حج کرتے تو اس کا ثواب انہیں پہنچ جاتا۔

تخریج:

ابو داود 2/51 س کتاب الوصیۃ باب ماجاء فی وصیۃ الحربی۔۔۔رقم۔2883

Marfat.com

تشریح:

اگر ایسے شخص کے لیے ثواب بھیجا جائے جو مسلمان ہو اور ایمان پر اس کا خاتمہ ہوا ہو تو ثواب اسے ضرور پہنچتا ہے لیکن جو مسلمان نہیں یا اس کا ایمان پر خاتمہ نہیں ہوا تو اس کے وہ اعمال جو بظاہر نیک نظر آئیں وہ بھی ضائع ہو گئے۔ آخرت میں ان کا اسے کوئی اجر نہیں ملے گا اور نہ کسی کا ایصالِ ثواب کرنا اسے پہنچے گا۔ کافر کے لیے ایصالِ ثواب کرنا بے سود اور دانستہ ایسا کرنا سخت گناہ اور جہالت ہے۔ بعض مسلمان کہلوانے والے بھی کافروں کی طرح اپنے مردوں کو ایصالِ ثواب کرنے سے پرہیز کرتے ہیں بلکہ چڑتے ہیں۔ معلوم نہیں کفار کی طرح كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحَابِ الْقُبُوْرِ کیا وہ بھی اپنے مردوں تک ثواب کے پہنچنے سے ناامید ہو گئے ہیں؟ آخر اپنے ہی عزیز و اقارب سے اتنا لاتعلق ہو جانے کی کوئی وجہ تو ضرور ہو گئی کہ انہیں ثواب سے محروم رکھنے کی کیوں سر توڑ کوشش کی جاتی ہے۔ وہ حضرات بتائیں یا نہ بتائیں لیکن

کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے!

حدیث نمبر 3:

حضرت علی رضی اللہ عنہ محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے قربانی کرتے

عَنْ خَنَشٍ قَالَ رَاَيْتُ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُضَحِّيْ بِكَبْشَيْنِ

Marfat.com

فَقُلْتُ لَهٗ مَا هٰذَا فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ اَوْصَانِیْ اَنْ اُضَحِّیَ عَنْهُ فَاَنَا اُضَحِّیْ عَنْهُ۔

ترجمہ:

حضرت حنش رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دو دنبے قربانی کرتے دیکھا تو عرض گزار ہوا کہ یہ کیا بات ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے اپنی طرف سے قربانی کرنے کی وصیت فرمائی تھی چنانچہ (ارشاد عالیٰ کے تحت) ایک قربانی میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے پیش کر رہا ہوں۔

تخریج:

ابو داود 2/37 کتاب الضحایا باب الاضحیۃ عن المیت رقم۔2790

تشریح:

ایصالِ ثواب کی اقسام اور وضاحت:

ایصالِ ثواب 2 قسم کا ہوتا ہے ایک وہ جو بزرگانِ دین کے لیے کہا جاتا ہے اور دوسرا جو عام مسلمانوں کے لیے کیا جاتا ہے کہ دعاؤں اور ایصالِ ثواب کے ذریعے ان کی نیکیوں میں اضافہ ہو اور ان کی اخروی زندگی سنور جائے جب کہ بزرگانِ دین کے لیے ایصالِ ثواب کرنے کا مقصد یہ نہیں ہوتا بلکہ اس بزرگ سے اپنی نسبت ثابت کرنا زیادہ مقصود ہوتا ہے کیونکہ وہ دوسروں کی طرح اس بات کے

Marfat.com

محتاج نہیں ہوتے کہ کوئی دعا اور ایصالِ ثواب کر کے ان کی عاقبت سنوارنے کی کوشش کرے۔

نبی اکرم ﷺ کا حضرت علی رضی اللہ عنہ کو قربانی کی وصیت کرنا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کا نبی اکرم ﷺ کی طرف سے بھی قربانی کیا کرنا ایصالِ ثواب کی اسی پہلی قسم سے ہے۔

بعض حضرات جن کے دل مقربین بارگاہِ الٰہیہ کی کدورت سے بھرے رہتے ہیں وہ کہا کرتے ہیں کہ ''بزرگوں کے لیے ایصالِ ثواب کرنے والے ان کو اَرْبَابًا مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ بنائے بیٹھے ہیں ورنہ بزرگوں کو تو ثواب کی ضرورت نہیں اور یہ آئے دن بزرگوں کو ثواب پہنچانے کی کوشش کرتے رہتے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ ایسے لوگ ایصالِ ثواب کے پردے میں بزرگوں کی پوجا پاٹ کرتے ہیں'' ایسی ذہنیت رکھنے والے خارجیت زدہ حضرات کو اس حدیث سے سبق حاصل کرنا چاہیئے کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنی طرف سے قربانی کرنے کی وصیت کیوں فرمائی تھی؟ فافہم۔

حدیث نمبر 4:

آلِ محمد ﷺ اور امت محمد ﷺ کی طرف سے قربانی

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ایک مینڈھا لانے کے لیے کہا جس کے تمام اعضاء سیاہ ہوں اور پھر چھری تیز کرنے کے بعد ذبح کرنے لگے

Marfat.com

قَالَ بِسْمِ اللهِ اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنْ مُحَمَّدٍ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ وَمِنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ ثُمَّ ضَحّٰى بِهٖ

تو کہا اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں' اے اللہ! اسے قبول فرما محمد کی طرف سے ' آل محمد کی طرف سے اور امت محمد کی طرف سے پھر اس کی قربانی کر دی۔

اور دوسری روایت میں ہے: اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ عَنْ مُحَمَّدٍ وَّاُمَّتِهٖ بِسْمِ اللهِ وَاللهُ اَكْبَرُ ثُمَّ ذَبَحَ۔ اے اللہ! یہ مجھ سے تیری طرف اور تیرے لیے ہے' محمد اور اس کی امت کی جانب سے اللہ کے نام سے شروع اور اللہ بہت بڑا ہے پھر ذبح فرمایا۔

تخریج:

ابو داود 2/38 کتاب الضحایا باب مایستحب من الضحایا رقم 2792'2795

ابو داود 1/256 کتاب مناسک الحج باب فی ھدی البقر رقم۔ 1750

ترمذی 1/410 کتاب الاضاحی باب العقیقة بشاة رقم۔ 1441

تشریح:

بزرگوں کے نام جانور رکھنے کا ثبوت:

نبی اکرم ﷺ قربانی کے جانور کو ذبح کرتے ہوئے بھی آلِ محمد ﷺ کی جانب منسوب فرما دیا کرتے تھے اور اللہ تعالیٰ کا نام لے کر ذبح کرتے۔ معلوم ہوا جو جانور اللہ تعالیٰ کا نام لے کر ذبح کیا جائے تو ثواب میں شریک کرنے یا ایصال

Marfat.com

ثواب کی غرض سے اللہ والوں کی جانب منسوب کر دینے سے مَا اُھِلَّ بِہٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ میں شمار نہیں ہوتا۔ جو جانور بزرگوں کی جانب منسوب کیا جائے کہ ان کے لیے ایصال ثواب کرنا ہے اور اسے اللہ تعالیٰ کا نام لے کر ذبح کیا جائے تو اسے حرام مردار ٹھہرانے والے شریعت پر ظلم کرتے اور بزرگوں سے دشمنی رکھنے کا ثبوت دیتے ہیں۔

اس حدیث کے مطابق آپ بسم اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہنے سے پہلے متصلاً ہی کہا کرتے تھی: اَللّٰھُمَّ مِنْكَ وَلَكَ عَنْ مُحَمَّدٍ وَّاُمَّتِہٖ امت کی جانب منسوب کرنے سے معلوم ہوا کہ بوقت ذبح اگر جانور کو کسی اللہ والے کی طرف منسوب کیا جائے تو اس کی حلت میں کوئی فرق نہیں آتا جب کہ اللہ کا نام لے کر اللہ کے لیے ذبح کیا جائے ایسی نسبت کو حرام بتانے والے اپنے فیصلوں پر نظرِ ثانی کریں اور قرآن وحدیث کی واضح نصوص کی مخالفت نہ کریں تو ان کا اپنا ہی بھلا ہے۔ وَاللّٰہُ یَھْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُسْتَقِیْمٍ۔

آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا امت پر کرم:

یہ رحمت دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اپنی امت پر لطف وکرم تھا کہ اپنی قربانی میں امت کو بھی شامل فرمالیا کرتے تھے۔ ایک اور روایت جس کے الفاظ کچھ یوں ہیں: مینڈھا لایا گیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے دستِ مبارک سے ذبح کیا:

Marfat.com

وَقَالَ بِسْمِ اللّٰہِ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ھٰذَا عَنِّیْ وَعَمَّنْ لَمْ یُضَحِّ عَنْ اُمَّتِیْ۔

اور کہا اللہ کے نام سے شروع اور اللہ بہت بڑا ہے یہ میری طرف سے ہے اور میرے ہر اس امتی کی طرف سے جو قربانی نہ کر سکے۔

ابو داود 2/40 کتاب الضحایا باب فی لشاۃ یضحی بھا۔۔۔رقم۔ 2810

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اپنی امت پر جو بے پایاں شفقت اور خاص لطف و کرم ہے یہ بھی اس کا ایک کرشمہ ہے کہ اپنی قربانی میں امت کے ناداروں کو بھی شامل فرما لیا کرتے تھے۔ اسی خاص محبت کے باعث تو خدائے علیم و خبیر نے اپنے کلام معجزہ نظام میں اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس خوبی کو یوں بیان فرمایا ہے:

لَقَدْ جَآئَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْہِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ۔(پارہ 11 التوبہ 128)

ترجمۂ کنز الایمان: بے شک تمہارے پاس تشریف لائے تم میں سے وہ رسول جن پر تمہارا مشقت میں پڑنا گراں ہے تمہاری بھلائی کے نہایت چاہنے والے مسلمانوں پر کمال مہربان مہربان۔

Marfat.com

باب نمبر 17: بدعت کی حقیقت

حدیث نمبر 1:

سنت زندہ کرنے کا ثواب اور گمراہی والی بدعت پھیلانے کا گناہ

کثیر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں

اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لِبَلَالِ بْنِ الْحَارِثِ اعْلَمْ قَالَ مَا اَعْلَمُ یَارَسُوْلَ قَالَاَعْلَمُ یَابِلَالُ قَالَ مَا اَعْلَمُ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ اِنَّہٗ مَنْ اَحْیَا سُنَّۃً مِّنْ سُنَّتِیْ قَدْاُمِیْتَ بَعْدِیْ فَاِنَّ لَہٗ مِنَ الْاَجْرِ مِثْلَ مَنْ عَمِلَ بِہَا مِنْ غَیْرِ اَنْ یَّنْقُصَ مِنْ اُجُوْرِھِمْ شَیْئًا وَّمَنِ ابْتَدَعَ بِدْعَۃَ ضَلَالَۃٍ لَّا یَرْضِھَا اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ کَانَ عَلَیْہِ مِثْلُ اٰثَامِ مَنْ عَمِلَ بِہَا لَا یَنْقُصُ ذٰلِکَ مِنْ اَوْزَارِ النَّاسِ

Marfat.com

شَيْئًا۔

ترجمہ:

نبی اکرم ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے فرمایا: یہ بات جان لو! انہوں نے عرض کی یارسول اللہ ﷺ میں کیا بات جان لوں! نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص میری سنت کو اس وقت زندہ کرے گا جب وہ ختم ہو چکی ہوگی تو اس شخص کو اس سنت پر عمل کرنے والوں کے اجر جتنا اجر ملے گا حالانکہ ان لوگوں کے اجر میں کوئی کمی نہیں ہوگی۔ اور جو شخص گمراہی والی کسی بدعت کا آغاز کرے جس سے اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ راضی نہ ہوں تو اس شخص کو ان تمام لوگوں جتنا گناہ ہو گا' جو اس پر عمل کریں اور ان لوگوں کے گناہ میں کوئی کمی نہیں ہوگی۔

تخریج:

ترمذی 2/553 کتاب العلم باب ماجاء فی الاخذ بالسنة ۔۔۔۔ رقم۔ 2601

ابن ماجہ صفحہ 114'115 کتاب السنہ باب من احیا سنة قد امتت رقم 209'210

ابو داود 2/290 کتاب السنہ باب من دعا الی لزوم السنة رقم۔ 4625

عبد بن حمید 289۔

حدیث نمبر 2: تلبیہ میں الفاظ کے اضافہ کو منع نہ کیا

عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ تَلْبِيَةَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

Marfat.com

لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبِيَّكَ لَبِيَّكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنَّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ قَالَ وَكَانَ عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ يَزِيْدُ فِيْ تَلْبِيَّتِهٖ لَبِيَّكَ لَبِيَّكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ بِيَدَيْكَ وَالرَّغْبَآءُ اِلَيْكَ وَالْعَمَلُ

ترجمہ:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تلبیہ یہ تھا۔ لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبِيَّكَ لَبِيَّكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنَّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ۔ میں حاضر ہوں' اے اللہ! میں حاضر ہوں' میں حاضر ہوں۔ تیرا کوئی شریک نہیں میں حاضر ہوں بے شک تعریف' نعمت' اور بادشاہی تیری ہے تیرا کوئی شریک نہیں۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اپنے تلبیہ میں یہ اضافہ کرتے تھے۔ لَبَّيْكَ لَبِيَّكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ بِيَدَيْكَ وَالرَّغْبَآءُ اِلَيْكَ وَالْعَمَلُ میں حاضر ہوں' میں حاضر ہوں' میں حاضر ہوں' اور تیرے حضور مستعد ہوں بھلائی تیرے ہاتھ میں ہے رغبت اور عمل تیری طرف سے ہے۔

تخریج:

Marfat.com

ابو داود 1/265 کتاب الحج باب کیف التلبیۃ رقم۔1812

تشریح:

نبی کریم ﷺ کے بتائے اور سکھائے ہوئے الفاظ تلبیہ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا اپنی جانب سے اضافہ کر لینا اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا ان پر قطعاً معترض نہ ہونا واضح کر رہا ہے کہ سنت پر ہر اضافہ بدعت یا ناپسندیدہ نہیں ہے ورنہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تو ہرگز ایسی جرأت نہ کرتے اور نہ اپنے میں سے کسی کو ایسا کرنے دیتے۔ اضافہ وہی ناپسندیدہ ہے اور بدعت ہے جو خلاف سنت ہو اور سنت کو مٹائے۔ ایسے اضافے اور ایجاد کے بدعت ہونے میں کلام نہیں۔

حدیث نمبر 3: الفاظ کے اضافے پر کچھ نہ فرماتے

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ اَهَلَّ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ التَّلْبِيَّةَ مِثْلَ حَدِيْثِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ وَالنَّاسُ يَزِيْدُوْنَ ذَا الْمَعَارِجِ وَنَحْوَهٗ مِنَ الْكَلَامِ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْمَعُ فَلَا يَقُوْلُ لَهُمْ شَيْئًا۔

ترجمہ:

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کا بیان ہے پھر حدیث ابن عمر رضی اللہ عنہما (اوپر والی

Marfat.com

حدیث) کی طرح تلبیہ کا ذکر کر کے فرمایا: لوگ اس میں ذوالمعارج وغیرہ الفاظ کا اضافہ کیا کرتے تھے۔ نبی کریم ﷺ سنتے اور ان سے کچھ نہ فرماتے۔

تخریج:

ابو داود 1/265 کتاب الحج باب کیف التلبیۃ رقم 1813

تشریح:

نبی اکرم ﷺ کے تعلیم فرمودہ الفاظ پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اضافہ کرنا۔ رسول اللہ ﷺ کا خود ملاحظہ فرمانا اور ایسا کرنے سے انہیں منع نہ کرنا صورت حال کو واضح کر رہا ہے کہ اضافے کے الفاظ چونکہ بہتر تھے اور ان پر ثواب کی امید کی جا سکتی ہے لہذا ممانعت کی ضرورت محسوس نہ فرمائی گئی۔ لہذا جو امور شرعاً قابلِ اعتراض نہ ہوں بلکہ باعث ثواب و رحمت ہوں وہ اگر رسول اللہ ﷺ نے تعلیم نہ بھی فرمائے ہوں۔ تب بھی انہیں ناجائز اور بدعت نہیں کہہ سکتے۔ اضافے وہی ناپسندیدہ ہیں جن کی اصل شریعت مطہرہ میں موجود نہ ہو اور وہ کسی سنت کو مٹاتے ہوں۔ جب یہ صورت ہوگی تو ایسے امور کا بدعت ہونا سب کے نزدیک مسلم ہے ہاں ہر اضافے اور نئے کام کو خواہ وہ شرعاً کتنا ہی مفید کیوں نہ ہو اور صدیوں سے اہل اسلام کی نظروں میں مقبول و محمود ہو بلکہ جید اساطین علم کا معمول رہا ہو۔ اسے بدعت بتانا سینہ زوری اور ستم ظریفی ہے۔

Marfat.com

حدیث نمبر 4: سنت خلفاء پر عمل کرنا

حضرت عرباض رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں ایسی نصیحتیں فرمائیں جن سے دل کانپ اٹھے اور آنسو بہنے لگے۔ ایک شخص نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! یہ تو رخصتی والی نصیحت معلوم ہوتی ہے لہذا ہمیں کوئی وصیت فرمایئے: فَقَالَ اُوْصِیْکُمْ بِتَقْوَی اللّٰہِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَۃِ وَاِنَّ کَانَ عَبْدًا حَبْشِیًا فَاِنَّہٗ مَنْ یَعِشْ مِنْکُمْ بَعْدِیْ فَسَیَرٰی اخْتِلَافًا کَثِیْرًا فَعَلَیْکُمْ بِسُنَّتِیْ وَسُنَّۃِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِیْنَ الْمَھْدِیِّیْنَ تَمَسَّکُوْ بِھَا وَعَضُّوْا عَلَیْھَا بِالنَّوَاجِذِ وَاِیَّاکُمْ وَمُحْدَثَاتِ الْاُمُوْرِ فَاِنَّ کُلَّ مُحْدَثَۃٍ بِدْعَۃٍ وَکُلَّ بِدْعَۃٍ ضَلَالَۃٌ۔

ترجمہ:

(تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے فرمایا میں تمہیں تقوٰی اختیار کرنے کی وصیت کرتا ہوں اور حاکم وقت کے فرماں بردار رہنے کی خواہ وہ حبشی غلام ہی کیوں نہ ہو۔ کیونکہ جو تم میں سے میرے بعد زندہ رہا وہ بڑا اختلاف دیکھے گا تو تم پر لازم ہے میری سنت اور میرے خلفاء کی سنت جو رشد و ہدایت والے ہیں۔ اسے دانتوں کے ساتھ مضبوطی سے پکڑ لینا اور دین میں جو نئے کام جاری کیے جائیں ان سے بچتے رہنا کیونکہ ہر نیا کام بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے۔

Marfat.com

تخریج:

ابوداود 290/2 کتاب السنہ باب فی لزوم السنہ رقم۔4623

ترمذی 2/553 کتاب العلم باب ماجاء فی الاقتدا بالسنہ۔۔۔۔۔رقم۔ 2600

ابن ماجہ صفحہ 99 کتاب السنہ باب اتباع سنۃ الخلفاء الراشدین۔۔۔۔رقم۔42

دارمی 1/92 المقدمہ باب اتباع السنہ رقم 96۔

تشریح:

ان احادیث سے معلوم ہوا کہ نیا کام اسلام کے کسی اصول کے خلاف ہو یا کسی سنت کو مٹائے وہ ناجائز اور بری بدعت ہے اس سے بچنا ضروری ہے۔ اگر ہر نیا کام خواہ کیسا ہی ہو کو بری بدعت کہا جائے جیسا کہ وہابیہ کہتے ہیں تو بہت سارے ایسے کام ہیں جن کو اس دور میں دین کی بنیادی حیثیت حاصل ہے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ظاہری دور مبارک میں نہ تھے تو کیا ان کو بھی بدعت ضلالہ کہا جائے گا؟ اگر ایسا ہے تو دین کو فی زمانہ جدید سمجھنا نہ صرف مشکل بلکہ ناممکن ہو جائے گا جیسا کہ قرآن پاک پر نقطے اور اعراب لگانا' مسجد میں امام کے کھڑے ہونے کے لیے طاق نما محراب اور مسجدوں کے مینار کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دور میں نہ تھے لیکن اب مسجدوں کی پہچان ہیں کوئی بھی ان کو بدعت نہیں کہتا' علم صرف ونحو' علم حدیث اور احادیث کی اقسام' احادیث کی مشہور کتب میں سے کوئی بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ظاہری دور مبارک میں نہ تھی اگر ان کتب کو چھاپنا اور شائع کرنا چھوڑ دیا جائے کہ یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دور میں نہ تھی تو اس سے تو معاذ اللہ علم حدیث

Marfat.com

ہی اٹھ جائے گا' ہوائی جہاز کے ذریعے سفر حج' جدید ہتھیاروں سے جہاد کرنا' اب قرآن کریم اور احادیث کی کتب کا مختلف زبانوں میں ترجمہ کیا جاتا ہے تا کہ جو عربی دان نہیں ہیں وہ بھی قرآن وحدیث کو سمجھ کر مطالعہ کر سکیں' موجودہ دور میں جامعہ کا موجوہ نصاب اور امتحان وغیرہ اور فارغ ہونے پر سند وغیرہ دینا اور اس طرح کی بے شمار مثالیں ہیں۔

تو ثابت ہوا کہ جونئی چیز اسلام کے کسی اصول سے ٹکرائے یا کسی سنت کو مٹائے وہ بری بدعت ہے اور جو کسی سنت کو نہ مٹائے اور جس سے منع نہ کیا گیا ہو وہ جائز ہے' بلکہ بعض اوقات بدعت واجب بھی ہوتی ہے جیسا کہ ہم نے اپنی کتاب بخاری شریف اور عقائد اہلسنت کے باب نمبر 21 میں وضاحت کے ساتھ بیان کیا ہے۔

Marfat.com

باب نمبر 19: شانِ اولیاء

حدیث نمبر 1: مدینہ کے عالم سے بڑا عالم نہیں ملے گا

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رِوَایَةً یُوْشِكُ اَنْ یَّضْرِبَ النَّاسُ اَكْبَادَ الْاِبِلِ یَطْلُبُوْنَ الْعِلْمَ فَلَا یَجِدُوْنَ اَحَدًا اَعْلَمَ مِنْ عَالِمِ الْمَدِیْنَةِ۔

ترجمہ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:) عنقریب لوگ علم کی تلاش میں سفر کر کے اونٹوں کے جگر پگھلا دیں گے، لیکن انہیں کوئی ایک شخص بھی مدینہ کے عالم سے زیادہ علم والا نہیں ملے گا۔

تخریج:

ترمذی 2/554 کتاب العلم باب ماجاء فی علم المدینہ رقم۔2604

مسند امام احمد 299/2۔ السنن الکبریٰ للنسائی 2877۔ مسند امام حمیدی 1147۔

تشریح:

مدینہ کی ایک روایت کے مطابق اور امام عبدالرزاق کے مطابق اس روایت

Marfat.com

سے مراد امام مالک بن انس رضی اللہ عنہ ہیں۔

اس حدیث مبارک میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علم غیب کی خبر ارشاد فرمائی ہے' اور ساتھ سیدنا امام مالک رضی اللہ عنہ کی شان علمی کا پتا چلا جو کہ بہت بڑے عاشق رسول اور ولی اللہ ہیں۔

حدیث نمبر 2: غبار آلود بالوں والوں کا مقام

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمْ مِنْ اَشْعَثَ اَغْبَرَ ذِیْ طِمْرَيْنِ لَا يُؤْبَهُ لَهُ لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللهِ لَاَبَرَّهُ مِنْهُمُ الْبَرَاءُ بْنُ مَالِكٍ۔

ترجمہ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: غبار آلود بالوں' پریشان حال اور پرانے کپڑوں والے کتنے ہی لوگ ایسے ہیں جن کی طرف توجہ بھی نہیں کی جاتی' لیکن اگر وہ اللہ تعالیٰ کے نام پر قسم اٹھالیں تو اللہ تعالیٰ اسے پوری کر دیتا ہے ان میں ایک براء بن مالک رضی اللہ عنہ بھی ہیں۔

تخریج:

ترمذی 2/705 کتاب المناقب باب مناقب البراء بن مالک رقم۔3789

المستدرک للحاکم 292/2۔

Marfat.com

حدیث نمبر 3: اللہ کے چھپے ہوئے ولیوں کی شان

عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّهٗ خَرَجَ يَوْمًا اِلٰى مَسْجِدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ قَاعِدًا عِنْدَ قَبْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْكِيْ فَقَالَ يٰ مَا يُبْكِيْكَ فَقَالَ يُبْكِيْنِيْ شَيْءٌ سَمِعْتُهٗ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ يَسِيْرَ الرِّيَاءِ شِرْكٌ وَاِنَّ مَنْ عَادٰى لِلّٰهِ وَلِيًّا فَقَدْ بَارَزَ اللّٰهَ بِالْمُحَارَبَةِ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْاَبْرَارَ الْاَتْقِيَاءَ الْاَضْفِيَاءَ الَّذِيْنَ اِذَا غَابُوْا لَمْ يُفْتَقَدُوْا وَاِنْ حَضَرُوْا لَمْ يُدْعَوْا وَلَمْ يُعْرَفُوْا قُلُوْبُهُمْ مَصَابِيْحُ الْهُدٰى يَخْرُجُوْنَ مِنْ كُلِّ غَبْرَاءَ مُظْلِمَةٍ۔

ترجمہ:

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مسجد کی جانب تشریف لے گئے تو وہاں حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روضہ مبارک کے پاس روتے ہوئے دیکھا آپ نے ان سے رونے کا سبب پوچھا؟ تو انہوں نے کہا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک حدیث نے رولا دیا ہے جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنی تھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا ذرا سا دکھاوا بھی شرک ہے جس نے اللہ کے دوست

Marfat.com

سے ذرا بھی دشمنی کی تو اس نے اللہ جل جلالہ سے جنگ کی اللہ تعالیٰ ان نیک متقی لوگوں کو محبوب رکھتا ہے جو چھپے رہتے ہیں اگر وہ غائب ہو جائیں تو کوئی انہیں تلاش نہیں کرتا اگر وہ سامنے آتے ہیں تو کھانے تک کی نہیں پوچھتا نہ انہیں کوئی پہچانتا ہے ان کے دل ہدایت کے چراغ ہیں ایسے لوگ گرد آلود تاریک فتنے سے نکل جائیں گے

تخریج:

ابن ماجہ صفحہ 425 کتاب الفتن باب من ترجی لہ الاسلامۃ من الفتن رقم۔ 3989

تشریح:

حدیث نمبر 3 سے معلوم ہوا کوئی بھی مسئلہ یا پریشانی ہو بارگاہِ محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض کرنا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے ثابت ہے۔

اور ان احادیث سے اولیاء اللہ کی شان معلوم ہوئی کہ اللہ تعالیٰ اپنے ولیوں سے کتنی محبت کرتا ہے کہ جو ان سے ذرا بھی دشمنی لیں ان سے اعلان جنگ کرتا ہے یہ بھی معلوم ہوا کہ اولیاء اللہ کے لیے بہت زیادہ چرچا ہونا یا بہت زیادہ مرید ہونا ضروری نہیں بلکہ اللہ کے بعض ولی اس قدر چھپے ہوتے ہیں کہ اگر موجود نہ ہوں تو تلاش نہیں کیے جاتے' سامنے آئیں تو پوچھا نہیں جاتا' لیکن ان کی شان یہ ہے کہ ان کے دل ہدایت کے چراغ ہیں اور وہ گرد آلود فتنوں سے محفوظ ہوتے ہیں۔

Marfat.com

باب نمبر 20: دم کا جواز

اہلسنت کے نزدیک شرکیہ اور کفریہ کلمات کے علاوہ جیسے قرآن کی آیات' احادیث کی دعائیں' اور بزرگان دین سے منقول دعاؤں سے دم کرنے مین کوئی حرج نہیں کیونکہ قرآن واحادیث اور اللہ جلّ شانہٗ کے مقدس نام میں شفاء ہے۔

جیسا کہ ارشاد فرمایا:

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۔ (پارہ15 بنی اسرائیل 82)

اور ہم قرآن میں اتارتے ہیں وہ چیز جو ایمان والوں کے لیے شفاء اور رحمت ہے

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

عَلَيْكُمْ بِالشِّفَآءَيْنِ اَلْعَسَلِ وَالْقُرْاٰنِ۔

دو شفاء دینے والی چیزیں اپنے اوپر لازم کرلو۔ شہد اور قرآن۔

ابن ماجہ صفحہ 380 کتاب الطب باب العسل رقم۔ 3452

اور دوسرے مقام پر حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ الدَّوَاءِ الْقُرْاٰنُ۔

Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سب سے بہترین دوا قرآن ہے۔

ابن ماجہ صفحہ 384'385 کتاب الطب باب الاستشفاء بالقران رقم۔ 3501

اس سے قبل بخاری کے حوالے سے ''بخاری شریف اور عقائد اہلسنت'' میں اور مسلم کے حوالے سے ''مسلم شریف اور عقائد اہلسنت'' میں احادیث نقل کر چکے ہیں۔ یہاں ہم سنن اربعہ کے حوالے سے دم کے جواز پر احادیث نقل کریں گے۔

حدیث نمبر 1:

دم کے کچھ حصے کی اجازت دی اور کچھ سے منع فرما دیا

عمیر جو کہ ابولحم کے آزاد کردہ غلام ہیں وہ بیان کرتے ہیں کہ میں اپنے آقا کے ساتھ غزوہ خیبر میں شریک ہوا میں نے بتایا کہ غلام ہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کچھ عطا کرنے کا حکم ارشاد فرمایا پھر: عَرَضْتُ عَلَيْهِ رُقْيَةً كُنْتُ أَرْقِي بِهَا الْمَجَانِينَ فَأَمَرَنِي بِطَرْحِ بَعْضِهَا وَحَبْسِ بَعْضِهَا۔ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایک دم پڑھ کر سنایا جس کے ذریعے میں پاگلوں کو دم کیا کرتا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کا کچھ حصہ مجھے دم کرنے کی ہدایت کی اور کچھ ترک کرنے کی ہدایت کی۔

تخریج:

ترمذی 2/417 کتاب السیر باب هل يسهم للعبد رقم۔ 1478

Marfat.com

تشریح:

یقیناً اس غلام کے دم میں کچھ الفاظ غلط ہوں گے جن سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع فرمادیا اور باقی کی اجازت عطا فرمادی۔ اہلسنت کا یہی مؤقف ہے کہ جو الفاظ کفر وشرک پر مبنی ہیں ان کی اجازت نہیں ہے جس دم میں ایسی کوئی چیز نہیں ہے اس کی اجازت ہے۔

حدیث نمبر 2: معوذتین پڑھ کر دم کرنا

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَتَعَوَّذُ مِنَ الْجَانِّ وَعَیْنِ الْاِنْسَانِ حَتّٰی نَزَلَتِ الْمُعَوَّذَتَانِ فَلَمَّا نَزَلَتَا اَخَذَ بِھِمَا وَتَرَكَ مَا سِوَاھُمَا۔

ترجمہ:

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جنوں اور انسانوں کی نظر لگ جانے سے پناہ مانگا کرتے تھے یہاں تک کہ معوذتین نازل ہوئیں جب یہ دونوں نازل ہوئیں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں (پڑھ کر دم کرنا) اختیار کرلیا اور دیگر دعاؤں کو ترک کردیا۔

تخریج:

ترمذی 2/470 کتاب الطب باب ماجاء فی الرقیہ بالمعوذتین رقم۔1984

نسائی 2/217 کتاب الاستعاذہ باب الاستعاذہ من عین الجان رقم۔5509

Marfat.com

ابن ماجہ صفحہ385 کتاب الطب باب من استرقی من العین رقم۔3511

حدیث نمبر 3: اس دم میں کوئی حرج نہیں جس میں شرک نہ ہو

عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كُنَّا نَرْقِيْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَقُلْنَا يَارَسُوْلَ اللهِ كَيْفَ تَرٰى فِيْ ذٰلِكَ فَقَالَ اَعْرِضُوْا عَلَيَّ رُقَاكُمْ لَابَأْسَ بِالرُّقٰى مَالَمْ تَكُنْ شِرْكًا۔

ترجمہ:

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم دورِ جاہلیت میں دم کیا کرتے تھے لہذا ہم عرض گزار ہوئے یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟ فرمایا جو کچھ پڑھ کر دم کیا کرتے تھے وہ میرے سامنے بیان کرو کیونکہ اس دم کا کوئی مضائقہ نہیں جس میں شرک نہ ہو۔

تخریج:

ابو داود 2/186 کتاب الطب باب فی الرقی رقم۔3890

حدیث نمبر 4: تعویز اور دم کا حکم

عثمان بن حکیم رضی اللہ عنہ کی دادی جان زباب بیان کرتی ہیں حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ نے ایک دفعہ نہر میں نہایا' جب نکلا تو اسے بخار ہو گیا' نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں عرض کیا گیا تو فَقَالَ مُرُوْا اَبَا ثَابِتٍ يَتَعَوَّذُ قَالَتْ فَقُلْتُ

Marfat.com

يَاسَيِّدِيْ وَالرُّقٰى صَالِحَةٌ فَقَالَ لَا رُقْيَةَ اِلَّا فِيْ نَفْسٍ اَوْ حُمَةٍ اَوْ لَدْغَةٍ۔

ترجمہ:

(تو نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا) ابوثابت کو تعویز لینے کا حکم دو میں عرض گزار ہوئی اے میرے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا دم سے بھی فائدہ ہو جاتا ہے؟ فرمایا دم کرنا نہیں ہے مگر نظرِ بد' سانپ کے ڈسے' اور بچھو کے کاٹے کا۔

تخریج:

ابو داود 2/186'187 کتاب الطب باب فی الرقی رقم 3892'3893

حدیث نمبر 5: بچوں کے گلے میں تعویز

عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُعَلِّمُهُمْ مِنَ الْفَزَعِ كَلِمَاتٍ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَحْضُرُوْنَ وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو يُعَلِّمُهُنَّ مَنْ عَقَلَ مِنْ بَنِيْهِ وَمَنْ لَمْ يَعْقِلْ كَتَبَهٗ فَاَلْقَهٗ عَلَيْهِ۔

ترجمہ:

عمرو بن شعیب رضی اللہ عنہ کے والد ماجد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ

Marfat.com

ﷺ پریشانی کے وقت کہنے کے لیے یہ کلمات سکھایا کرتے :اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَحْضُرُوْنَ پناہ لیتا ہوں میں اللہ تعالیٰ کے مکمل کلمات کی اس کے غضب سے اور اس کے بندوں کی برائی سے اور شیطانوں کے وسوسوں سے اور اس سے کہ وہ میرے پاس آئیں۔ چنانچہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ یہ دعا اپنے بیٹوں کو سکھایا کرتے جو سمجھ دار ہوتے' اور جو ان سمجھ ہوتے ان کے گلوں میں لکھ کر لٹکا دیا کرتے۔

تخریج:

ابو داود 2/187 کتاب الطب باب کیف الرقی رقم۔ 3897

ترمذی 2/477 کتاب الدعوات باب ماجآء فی عقد التسبیح بالید رقم۔ 3451

مسند امام احمد 2/181۔

تشریح:

ان احادیث سے معلوم ہوا کہ نہ صرف دم کرنے کی از شرع اجازت ہے بلکہ تعویذ لکھ کر باندھنے کی بھی اجازت ہے۔ لوگ نظر بد کو وہم اور دم و تعویز کو دقیانوسی سوچ قرار دیتے ہیں گویا وہ ان احادیث کا انکار کرتے ہیں۔

حدیث نمبر 6: علاج معالجہ جھاڑ پھونک علاج ہے جس کی نفی ہے

عَنِ ابْنِ اَبِیْ خُزَامَةَ عَنْ اَبِیْهِ اَنَّ رَجُلًا اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ

تَمَالَ يَارَسُوْلَ اللهِ اَرَاَيْتَ رُقًى نَسْتَرْقِيهَا وَدَوَاءً نَتَدَاوٰى
قِيْهَا هَلْ تَرُدُّ مِنْ قَدَرِ اللهِ شَيْئًا فَقَالَ هِيَ مِنْ قَدَرِ

، بیان نقل کرتے ہیں: ایک شخص نبی کریم ﷺ کی
آپ ﷺ کا کیا خیال ہے: اگر ہم جھاڑ پھونک
کرتے ہیں یا بچاؤ کا کوئی اور طریقہ اختیار
ٹال سکتی ہے نبی اکرم ﷺ نے ارشاد

سمجھتے ہیں وہ
افرمائی

Marfat.com

باب نمبر 21: اذان سے پہلے درود وسلام

حدیث نمبر 1: حضرت بلال رضی اللہ عنہ اذان سے پہلے دعا کرتے

عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنِ امْرَأَةٍ مِّنْ بَنِي النَّجَّارِ قَالَتْ كَانَ بَيْتِي مِنْ اَطْوَلِ بَيْتٍ كَانَ حَوْلَ الْمَسْجِدِ فَكَانَ بِلَالٌ يُؤَذِّنُ عَلَيْهِ الْفَجْرِ فَيَأْتِي بِسَحَرٍ فَيَجْلِسُ عَلَى الْبَيْتِ يَنْظُرُ اِلَى الْفَجْرِ فَاِذَا رَاٰهُ تَمَطّٰى ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ اِنِّي اَحْمَدُكَ وَاَسْتَعِيْنُكَ عَلٰى قُرَيْشٍ اَنْ يُّقِيْمُوْا دِيْنَكَ قَالَتْ ثُمَّ يُؤَذِّنُ قَالَتْ وَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُهُ كَانَ تَرَكَهَا لَيْلَةً وَّاحِدَةً هٰذِهِ الْكَلِمَاتِ۔

ترجمہ:

حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ بنی نجار کی ایک صحابیہ نے فرمایا: کہ مسجد نبوی کے گرد جتنے گھر تھے ان میں سب سے بلند میرا گھر تھا۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ فجر کی اذان اسی پر کہتے تھے وہ پچھلی رات آکر مکان کی چھت پر بیٹھ جاتے اور فجر طلوع ہونے کا انتظار کرتے رہتے جب اسے دیکھتے تو انگڑائی لیتے اور کہتے:

Marfat.com

اے اللہ میں تیری حمد وثناء بیان کرتا ہوں اور قریش کے مقابلے میں تیری مدد چاہتا ہوں کہ وہ تیرے دین کو قائم کریں وہ فرماتی ہیں کہ پھر اذان کہتے ان کا بیان ہے خدا کی قسم! میرے علم میں ایسی ایک رات بھی نہیں ہے جب کہ انہوں (حضرت بلال رضی اللہ عنہ) نے یہ الفاظ نہ کہے ہوں۔

تخریج:

ابو داود 1/88 کتاب الصلوۃ باب الاذان فوق المنارۃ رقم۔519

السنن الکبرٰی للبیہقی 425/1 کتاب الصلوۃ باب الاذان فی المنارۃ رقم1846۔

تشریح:

اس حدیث مبارکہ سے حضرت بلال کا اذان سے پہلے دعا مانگنا ثابت ہوا اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کرنا ثابت ہوا تو درود شریف بھی بہترین دعا ہے لہذا اس کی کونسی ممانعت ہے۔ روز روشن کی طرح واضح ہوا کہ اذان سے پہلے درود شریف پڑھنا جائز و مستحسن ہے۔

امام قاضی عیاض فرماتے ہیں:

ومن مواطن الصلوۃ عند ذکرہ سماع اسمہ او کتابہ اوعند الاذان نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف بھیجنے کے مقامات میں سے یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذکر کے وقت' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام مبارک سننے کے وقت یا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام مبارک لکھنے کے وقت یا اذان کے وقت۔ (شفا شریف 2/43)

Marfat.com

امام سیدی ابی بکر بالسید البکری لکھتے ہیں:

ای الصلوۃ والسلام علی النبی صلی اللہُ علیہ وسلم قبل الاذان والاقامۃ اذان اور اقامت سے پہلے رسول اللہ ﷺ پر درود وسلام بھیجنا مسنون ومستحب ہے۔ (اعانۃ الطالبین علی فتح المعین 1/223)

غیر مقلدوں کا امام ابن قیم لکھتا ہے؛

الموطن السادس من مواطن الصلوۃ علی النب صلی اللہ علیہ وسلم بعد اجابتہ المؤذن وعند الاقامۃ۔ یعنی حضور اکرم ﷺ پر درود شریف بھیجنے کے مواقع میں چھٹا موقع ہے مؤذن کی اذان سننے کے بعد اور اقامت سے پہلے (جلاء الافہام 308)

زکریا کاندھلوی دیوبندی لکھتا ہے:

جن اوقات میں بھی (درود شریف) پڑھ سکتا ہو پڑھنا مستحب ہے (فضائل درود شریف 67)

لہذا ثابت ہوا کہ اذان کے اول میں درود شریف جائز ومستحب ہے اس میں کسی قسم کی کوئی قباحت نہیں ہے جو لوگ اعتراض کرتے ہیں ان کے دلوں میں سوائے بغض وکینہ کے اور کچھ بھی نہیں ہے۔ اور اذان کے بعد درود وسلام پڑھنے کا خود نبی اکرم نورِ مجسم ﷺ نے حکم ارشاد فرمایا جیسا کہ ہم نے ''مسلم شریف اور عقائد اہلسنت کے باب نمبر 16 پر دلائل نقل کیے ہیں وہاں سے ملاحظہ کیے جاسکتے ہیں۔

Marfat.com

باب نمبر 22: تعظیم محبوب صلی اللہ علیہ وسلم

حدیث نمبر 1: قبلہ کی جانب تھوکنے والا نماز نہ پڑھائے

عَنْ اَبِیْ سَهْلَةَ السَّآئِبِ بْنِ خَلَّادٍ قَالَ اَحْمَدُ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ رَجُلًا اَمَّ قَوْمًا فَبَصَقَ فِی الْقِبْلَةِ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَنْظُرُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حِیْنَ فَرَغَ لَا یُصَلِّیْ لَكُمْ فَاَرَادَ بَعْدَ ذٰلِكَ اَنْ یُّصَلِّیَ لَهُمْ فَمَنَعُوْهُ وَاَخْبَرَهُ بِقَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ نَعَمْ وَحَسِبْتُ اَنَّهٗ قَالَ اِنَّكَ اٰذَیْتَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ۔

ترجمہ:

حضرت ابوسہلۃ السائب بن خلاد رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت احمد رضی اللہ عنہ نے فرمایا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے ہیں۔ ایک آدمی نے کچھ لوگوں کی امامت کی تو قبلہ کی جانب تھوک دیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دیکھ رہے تھے۔

Marfat.com

چنانچہ جب وہ فارغ ہو گیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ یہ تمہیں نماز نہ پڑھایا کرے اس کے بعد اس نے لوگوں کو نماز پڑھانے کا ارادہ کیا تو لوگوں نے منع کر دیا اور اسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی بتایا چنانچہ اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس بات کا ذکر کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہاں اور میرے خیال میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم نے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اذیت پہنچائی ہے۔

تخریج: ابو داود 1/81 کتاب الصلوۃ باب فی کراھیۃ البزاق فی المسجد رقم۔482

تشریح:

جس شخص نے قبلہ کی طرف رخ کر کے تھوکا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امامت سے روک دیا۔ معلوم ہوا کہ ہمارے دین میں ادب کو بنیادی حیثیت حاصل ہے جس میں ادب نہیں وہ امام نہیں بن سکتا۔

جو شخص قبلہ کی طرف تھوکے اس کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امام بننے سے روک دیا' اور جو کعبہ کے کعبہ نبی محترم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں بکواس کرے لوگ ان کے پیچھے کھڑے ہو جاتے ہیں ہم نے تو اپنی نماز پڑھنی ہے مقام غور! وہ لوگ کل بروز قیامت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کیا منہ دکھائیں گے' لہذا ہم پر لازم ہے کہ آج گستاخانِ رسول سے ہر قسم کا قطع تعلق کیا جائے تا کہ کل بروز قیامت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پاک بارگاہ میں سرخرو ہو سکیں۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ایمان کی طرح ایمان

Marfat.com

لانے کا حکم دیا ہے' تو صحابہ کرام ﷺ کا ایمان کیسا تھا اس کا اندازہ درج ذیل حدیث مبارک سے لگایئے۔

حدیث نمبر 2: بڑے آقا ﷺ ہیں پیدا پہلے میں ہوا تھا

حضرت مطلب بن عبداللہ ﷺ اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا بیان نقل کرتے ہیں حضرت عثمان بن غنی نے قباث بن شیم جو بنو یعمر بن لیث سے تعلق رکھتے تھے سے دریافت کیا:

اَاَنْتَ اَکْبَرُ اَمْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَکْبَرُ مِنِّیْ وَاَنَا اَقْدَمُ مِنْہُ فِی الْمِیْلَادِ..

ترجمہ:

آپ بڑے ہو یا اللہ کے رسول ﷺ بڑے ہیں؟ تو انہوں نے جواب دیا اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ مجھ سے بڑے ہیں ویسے میری پیدائش پہلے ہوئی تھی۔۔

تخریج:

ترمذی 2/680 کتاب المناقب باب ماجاء فی میلاد ﷺ رقم۔3552۔ مسند امام احمد 215/4۔

تشریح:

سبحان اللہ کیا ایمان ہے صحابہ کرام ﷺ اور کیسا شاندار عشق رسول ہے صحابہ کرام ﷺ کا۔ کہ یہ کہنا بھی گوارا نہیں کہ میں حضور اکرم ﷺ سے بڑا ہوں۔ کیسا عشق

Marfat.com